مقدماتِ نعمانی

گرانقدر علمی و تحقیقی مقدمات کا مجموعہ

رشحاتِ قلم:

محقق العصر شیخ الحدیث

حضرت مولانا محمد عبد الرشید نعمانی قدس سرہ

ترتیب:

شوکت علی

ایڈمن اسلامک بکس سٹی ویبسائٹ

www.islamicbookscity.com

فہرست

صفحہ	نام	نمبر شمار
4	مقدمہ مسند امام اعظمؒ	1
24	مقدمہ کتاب الآثار	2
49	مقدمہ موطا امام محمدؒ	3
68	مقدمہ مسند حضرت علیؓ	4
96	مقدمہ بلوغ المرام–حیات حافظ ابن حجرؒ	5
110	مقدمہ تفسیر ابن کثیر–حیات ابن کثیرؒ	6
122	مقدمہ سبیل الرشاد	7
147	مقدمہ تذکرہ علمائے ہند	8
154	مقدمہ حالات بزرگانِ دین	9
165	مقدمہ پرویز کے بارے میں علماء کا متفقہ فتویٰ	10
170	مقدمہ شرح الکافیہ فی التصوف	11

181	مقدمہ اصول البزدوی	12
194	مقدمہ الحزب الاعظم	13
202	مقدمہ تبییض الصحیفۃ فی مناقب الامام ابی حنیفۃؒ	14
284	مقدمہ "مقدمہ کتاب التعلیم"	15
371	مقدمہ دراسات اللبیب	16

مقدمہ

موطا مسندِ امام اعظمؒ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُقدّمہ

مسند امام اعظمؒ

از

مولانا محمد عبد الرشید نعمانی

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو علم حدیث میں جو رتبہ حاصل ہے۔ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جس کثرت سے ان کی مسندیں لکھی گئیں کسی کی نہیں لکھی گئیں۔ مسلمانوں میں روایت حدیث کو جو ترقی ہوئی، دنیا میں اس کی نظیر موجود نہیں۔ صحاح، سنن، مستخرجات، جوامع، مسانید، معاجیم، اجزاء، طرق، وغیرہ مختلف عنوانات قائم ہوئے اور ہر عنوان کے تحت اس کثرت سے کتابیں لکھی گئیں کہ ان کا شمار بھی مشکل ہے لیکن خاص کسی ایک ہی شخص کی روایات کو ایک مستقل مجموعہ میں علیحدہ قلمبند کرنے کا رواج زیادہ نہیں ہو سکا۔ محدثین اور حفاظ میں بہت کم ایسے خوش قسمت ہیں کہ جن کی حدیثیں مستقل تصانیف میں جداگانہ مدون کی گئیں۔ جہاں تک ہم کو معلوم ہے۔ صرف امام ابو حنیفہ (رحمہ اللہ) ایک ایسے شخص ہیں جن کی احادیث و روایات کے ساتھ معمول سے زیادہ اعتنا کیا گیا۔ نہایت کثرت سے ان کی مسندیں لکھی گئیں۔ اور ان ائمہ وقت اور حفاظ حدیث نے لکھیں جو خود اس قابل تھے کہ ان کی مسندیں لکھی جاتیں۔ اس خصوصیت میں اگر کوئی شخص امام ابو حنیفہ (رحمہ اللہ) کا ہمسر ہو سکتا ہے تو صرف امام مالک (رحمہ اللہ) ہیں۔

امام ابو حنیفہ (رحمہ اللہ) کی احادیث و روایات کو جن محدثین نے مستقل طور پر علیحدہ تصنیفات میں مدون کیا۔ ان میں سے جن حضرات کے متعلق ہم تحقیق کر سکے حسب ذیل ہیں[1]۔

(۱) حافظ محمد بن مخلد بن حفص دوری

ان کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور عطار کی نسبت سے شہرت ہے دور بغداد کے آخری سرے پر شرقی جانب میں شہر کے بالائی مقام پر ایک محلہ تھا۔ یہ اسی کی طرف منسوب ہیں۔ ۲۳۳ھ میں پیدا ہوئے اور جمادی الآخرہ ۳۳۱ھ میں اٹھانوے (۹۸)

---

[1] واضح رہے کہ یہ سب مسندیں کتاب الآثار کے علاوہ ہیں جو علم حدیث میں امام ابو حنیفہؒ کی مشہور تصنیف ہے۔ اس کتاب کا علم حدیث میں کیا پایہ ہے اور اس کے راوی کس شان کے ائمہ ہیں۔ اور اس کے نسخے کن حضرات سے مروی ہیں ان سب امور پر ہم مقدمہ کتاب الآثار میں تفصیل سے بحث کر چکے ہیں جو ابھی حال میں کتاب الآثار مترجم کے ساتھ محمد سعید اینڈ سنز نے شائع کیا ہے۔

Scanned by CamScanner

سال کی عمر میں وفات پائی۔ فن حدیث کی تحصیل یعقوب دورقی، زبیر بن بکار، حسن بن عرفہ اور امام مسلم بن حجاج وغیرہ سے کی، اور ان سے دارقطنی، ابن عقدہ اور ابن المظفر جیسے اکابر حفاظ نے اس فن کو حاصل کیا۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا تذکرہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے۔ الامام المفید الثقۃ مسند بغداد آگے چل کر لکھتے ہیں :۔

کان معروفاً بالثقۃ والصلاح و الاجتہاد بالطلب۔ | یہ ثقاہت میں، نیکی میں اور طلب حدیث کے لئے جد و جہد کرنے میں مشہور ہیں۔

محدث دارقطنی سے ایک بار ان کے بارے میں سوال ہوا تو فرمانے لگے ثقۃ مامون، تذکرۃ الحفاظ میں ان کے والد کا نام مخلد کی بجائے احمد غلط چھپ گیا ہے۔ اس کی تصحیح کر لی جائے۔ حافظ ابن الجوزی کی المنتظم فی تاریخ الملوک والامم اور یاقوت حموی کی معجم البلدان اور رجال کی دوسری کتابوں میں ان کے والد کا نام مخلد ہی مذکور ہے حافظ ابن مخلد نے امام ابو حنیفہ کی روایات کو ایک مستقل تالیف میں علیحدہ جمع کیا ہے جس کا ذکر محدث خطیب بغدادی کی تاریخ بغداد میں متعدد جگہ آیا ہے۔ چنانچہ محمد بن الحسن بن الوازع ابو داؤد الجمال کے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ :۔

روی عنہ محمد بن مخلد الدوری فی جمعہ حدیث ابی حنیفۃ (تاریخ بغداد ج ۲ ص ۱۸۸ طبع مصر) | ان سے محمد بن مخلد دوری نے اپنی کتاب "جمع حدیث ابی حنیفہ" میں روایت کی ہے۔

(۳) حافظ عصر ابن عقدہ

ابو العباس احمد بن محمد بن سعید الکوفی، عقدہ ان کے والد کا لقب تھا جو ایک نہایت صالح شخص تھے اور نحو کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ حافظ ذہبی نے ان کا تذکرہ ان الفاظ میں شروع کیا ہے ابن عقدۃ حافظ العصر والمحدث البحر پھر ان کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

الیہ المنتہی فی قوۃ الحفظ وکثرۃ الحدیث وصنف وجمع والف فی الابواب والتراجم۔ | قوت حافظہ اور کثرت حدیث کی ان پر انتہا ہو گئی۔ انہوں نے ابواب و تراجم دونوں عنوانوں کے تحت تصنیف و تالیف کی اور حدیثیں جمع کیں۔

حافظ ابن الجوزی، المنتظم میں لکھتے ہیں کہ :۔

"یہ خود اکابر حفاظ میں سے تھے۔ اور ان سے اکابر حفاظ ابو بکر بن الجعابی، عبداللہ بن عدی، طبرانی، ابن المظفر، دارقطنی، اور ابن شاہین نے حدیثیں روایت کی ہیں"

حافظ ابن عقدہ نے ماہ ذی قعدہ ۳۳۲ھ میں وفات پائی۔ ان کا سال ولادت ۲۴۹ھ ہے۔ حافظ بدرالدین محمود عینی شارح بخاری نے اپنی تاریخ کبیر میں لکھا ہے کہ :۔

ان مسند ابی حنیفۃ لابن عقدۃ یحتوی وحدہ علی ما یزید علی الف حدیث۔[1] | صرف ابن عقدہ کی مسند ابی حنیفہ ایک ہزار سے زائد احادیث پر مشتمل ہے۔

---

[1] ملاحظہ ہو تانیب الخطیب علی ما ساقہ فی ترجمۃ ابی حنیفۃ من الاکاذیب از محدث محمد زاہد کوثری، ص ۱۵۶ طبع مصر ۱۳۶۱ھ۔

Scanned by CamScanner

(۳) حافظ ابوالقاسم

عبداللہ بن محمد بن ابی العوام السعدی المتوفی ۳۳۵ھ ۔ یہ فن حدیث میں امام نسائیؒ اور امام طحاوی کے شاگرد ہیں ۔ مصر میں عہدہ قضاء پر فائز رہے امام ابوحنیفہ کے مناقب میں بھی ایک مبسوط کتاب لکھی ۔ یہ مسند ابی حنیفہ بھی اس کتاب کا ایک جزو ہے اس کا قلمی نسخہ دمشق کے کتبخانہ ظاہریہ میں موجود ہے ۔ اور مجلس احیاء المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن نے وہاں سے اس کا عکس بھی حاصل کرلیا ہے ۔ سُنا ہے کہ مجلس مذکور کا ارادہ اس نادر نسخہ کو عام کردینے کا ہے ۔ اس لئے امید ہے کہ جلد یا بدیر یہ کتاب زیورِ طباعت سے آراستہ ہوکر اہل علم کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گی ۔

(۴) حافظ اشنانی

قاضی ابوالحسین عمر بن الحسن بن علی المتوفی ۳۳۹ھ حافظ طلحہ بن محمد ان کے بارے میں فرماتے ہیں ۔ کان من جلۃ اصحاب الحدیث المجودین واحد الحفاظ وقد حدث حدیثا کثیرا وحمل الناس عنہ قدیما وحدیثا ۔ یعنی " یہ بڑے پایہ کے جلیل القدر محدثین اور حفاظ حدیث میں سے تھے ۔ انہوں نے نہایت کثرت سے حدیثیں بیان کیں ۔ اور لوگوں نے قدیما وحدیثا (ہر زمانے میں) ان سے روایتیں کیں " اور حافظ ابوعلی نے جو دارقطنی اور حاکم کے شیخ تھے ان کو ثقہ کہا ہے ۔ انہوں نے امام ابوحنیفہ کی جو مسند لکھی ہے ، محدث خوارزمی نے اس سے جامع المسانید میں حدیثیں نقل کی ہیں ۔

(۵) امام عبداللہ حارثی

المتوفی ۳۴۰ھ ، ان کے متعلق زیادہ تفصیل آگے آئے گی ۔

(۶) حافظ ابن عدی

ابواحمد عبداللہ بن عدی الجرجانی المعروف بابن القطان صاحب کتاب الکامل فی الجرح والتعدیل ۲۷۷ھ میں پیدا ہوئے ۔ اور ۳۶۵ھ میں قضا کی ۔ فن جرح وتعدیل میں ان کا بڑا شہرہ ہے ۔ حدیث میں امام نسائی ، اور ابویعلےٰ موصلی کے شاگرد ہیں ملک معظم عیسےٰ بن ابی بکر ایوبی نے السہم المصیب فی کبد الخطیب میں لکھا ہے کہ حافظ ابن عدی نے اپنی کتاب مسند ابی حنیفہ کے دیباچہ میں امام ممدوح کے مناقب بھی لکھے ہیں[۱] ۔

(۷) حافظ محمد بن المظفر

ابوالحسین البغدادی ، ۲۸۶ھ میں پیدا ہوئے ۔ ۳۰۰ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا ۔ جبکہ ان کی عمر چودہ سال کی تھی ۔ طلب حدیث میں مصر وشام اور جزیرہ وعراق کو پے سپر کیا ۔ امام محمد بن جریر طبری بھی ان کے اساتذہ میں شامل ہیں ۔ دارقطنی ابن شاہین ، برقانی ، اور ابونعیم اصفہانی وغیرہ بڑے بڑے اکابر محدثین نے ان کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا ۔ دارقطنی نے ان سے ہزاروں حدیثیں سُنی ہیں ۔ وہ ان کی بڑی تعظیم کرتے تھے ۔ اور کبھی ان کی موجودگی میں سہارا لے کر نہیں بیٹھے ۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا تذکرہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے الحافظ الامام الثقۃ محدث العراق ۔ آگے چل کر تصریح کی ہے کہ :-

جمع والف وعن مطابق ھذا الفن لم یتخلف ۔ — انہوں نے حدیثیں جمع کیں ، کتابیں تالیف کیں اور اس فن کے اصول سے تجاوز نہیں کیا ۔

---

[۱] تذکرۃ الحفاظ ، ذہبی میں امام نسائی کا ترجمہ دیکھو ۔ [۲] ملاحظہ ہو کتاب مذکور طبع دیو بند ۔ ص ۱۰۵ ۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے تعجیل المنفعہ بزوائد رجال الائمۃ الاربعہ کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ :۔
"انہوں نے جو مسند ابی حنیفہ لکھی ہے، وہ حافظ ابوبکر بن المقری کی مسند ابی حنیفہ کے برابر ہے، جس میں صرف امام ابوحنیفہؒ کی مرفوع حدیثیں درج ہیں۔ اور وہ امام حارثی کی تصنیف سے چھوٹی ہے"۔
حافظ ابن المظفر کا انتقال ۳۷۹ھ میں ہوا ہے ؛

(۸) حافظ طلحہ بن محمد بن جعفر الشاہد ابوالقاسم، ۲۹۱ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۳۸۰ھ میں وفات پائی مشہور محدث ہیں۔ علامہ خوارزمی لکھتے ہیں۔ کان مقدم العدول والثقات الاثبات، حافظ تقی الدین سبکی نے شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام میں ان کی مسند سے ایک حدیث ان الفاظ میں نقل کی ہے۔ وفی مسند الامام ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تصنیف ابی القاسم طلحۃ بن محمد بن جعفر الشاھد العدل حدثنی الخ[1]۔ محدث خوارزمی نے ان کی مسند کے متعلق لکھا ہے کہ وہ حروف معجم پر مرتب ہے ؛

(۹) حافظ ابن المقری ابوبکر محمد بن ابراہیم بن علی الخازن المشہور بابن المقری الاصفہانی، بڑے مشہور مصنف اور اکابر حفاظ میں سے ہیں، فن حدیث میں امام طحاوی کے شاگرد ہیں، اور ان کی مشہور تصنیف شرح معانی الآثار کے ان سے راوی ہیں۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا تذکرہ ان لفظوں سے شروع کیا ہے۔ ابن المقری محدث اصبھان الامام الرحال الحافظ الثقۃ۔ ابونعیم اصفہانی کے ان کے بارے میں یہ الفاظ ہیں محدث کبیر صاحب مسانید سمع مالایحصی کثرۃ (بڑے محدث ہیں اور مسند حدیثوں کے عالم ہیں، اور اتنی کثرت سے حدیث کا سماع کیا ہے کہ جس کا شمار نہیں ہوسکتا) خود ابن المقری کا بیان ہے کہ میں نے چار مرتبہ طلب حدیث میں مشرق ومغرب کو پے سپر کیا ہے۔ ماہ شوال ۳۸۱ھ میں چھیانوے سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کے متعلق لکھا ہے کہ :۔
وقد صنف مسند ابی حنیفۃ۔ انہوں نے امام ابوحنیفہ کی مسند تصنیف کی ہے
اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے تعجیل المنفعہ کے مقدمہ میں بیان کیا ہے کہ "ان کی تصنیف حارثی کی تصنیف سے چھوٹی ہے۔ اور صرف امام ابوحنیفہ کی مرفوع روایات پر مشتمل ہے"۔ حافظ سخاوی نے الاعلان بالتوبیخ لمن ذم التاریخ[2] میں یہ بھی لکھا ہے کہ حافظ زین الدین قاسم بن قطلوبغا نے ابن المقری کی مسند ابی حنیفہ کے رجال کے حالات میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ حافظ قاسم نے اس مسند کی احادیث کو ابواب فقہیہ پر بھی مرتب کیا ہے ؛

(۱۰) حافظ ابن شاہین ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان البغدادی الواعظ المعروف بابن شاہین ۲۹۷ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۳۸۵ھ میں وفات پائی۔ بڑے صاحب تصانیف تھے۔ خود ان کا بیان ہے کہ میں نے تین سو تیس کتابیں لکھی ہیں جن میں تفسیر کبیر کے

[1] ملاحظہ ہو کتاب مذکور ص ۵۵۔ طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن ۱۳۱۵ھ ؛ [2] الاعلان بالتوبیخ ص ۱۱۰ طبع دمشق ؛

ایک ہزار ہند کے تیرہ سو، تاریخ کے ڈیڑھ سو، اور زہد کے سو جزو ہیں۔ حافظ ذہبی نے ان کا تذکرہ ان الفاظ میں شروع کیا ہے۔ ابن شاھین الحافظ المفید المکثر محدث العراق صاحب التصانیف، انہوں نے امام ابوحنیفہ کی جو مسند لکھی ہے، اس کا ذکر محدث کوثری نے تانیب الخطیب[1] میں کیا ہے۔ راقم الحروف نے مولانا ابوالوفا افغانی صدر مجلس احیاء المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن سے اس سلسلہ میں مراجعت کی، تو مولانا ممدوح نے اپنے مکتوب گرامی مورخہ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۷۱ھ میں تحریر فرمایا کہ :-

"مسانید امام کے متعلق میں نے حضرت مولانا کوثری صاحب سے دریافت کیا تو تحریر فرمایا کہ ایک مالکی عالم نے ایک جزء میں خطیب کی ان کتابوں کو جمع کیا ہے، کہ جس وقت ان کا دمشق وارد ہوا تھا، تو ان کے ساتھ تھیں، منجملہ ان کے مسند امام للدارقطنی، ولابن شاہین، وللخطیب ہر سہ کتابیں تھیں، وہ جزء کتب خانہ ظاہریہ دمشق میں موجود ہے۔ اس کا نام ہے تسمیۃ ماورد بہ الخطیب دمشق للمالکی (فہرست جدید ۳۰۹ قسم الفہارس) اس میں مذکور ہے کہ (۴۷۴) کتابیں ان کے ہمراہ تھیں، منجملہ ان کے (۴۶) خود ان کی تصانیف تھیں۔ یہ سب عمدہ کتابیں حدیث و تاریخ کی تھیں"[2]

(۱۱) حافظ دارقطنی

ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بن مہدی البغدادی، مشہور محدث ہیں، ان کی کتاب السنن طبع ہو گئی ہے۔ ۳۰۶ھ میں پیدا ہوئے اور ذی قعدہ ۳۸۵ھ میں وفات پائی۔ دارقطنی نے امام ابوحنیفہ کی جو مسند لکھی ہے اس کے متعلق ابھی آپ پڑھ چکے ہیں کہ محدث خطیب بغدادی کے پاس اس کا نسخہ موجود تھا۔

(۱۲) حافظ ابونعیم اصفہانی

احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق المہرانی الصوفی، بڑے مشہور محدث اور مصنف ہیں۔ ۳۳۶ھ میں پیدا ہوئے صغر سنی ہی میں سارے دنیا کے مشائخ حدیث سے روایت حدیث کی اجازت مل چکی تھی۔ حافظ ذہبی نے لکھا ہے کہ تھیأ لہ من لقی الکبار مالم یتفق لحافظ (بڑے بڑے لوگوں سے جس قدر ان کو

---

[1] ملاحظہ ہو تانیب ص۱۵۶۔ [2] بعد کو مولانا ابوالوفا افغانی مدظلہ نے ۲ ربیع الثانی ۱۳۷۲ھ کو جو مکتوب راقم کے نام ارسال فرمایا، اس میں مولانا کوثری علیہ الرحمہ کے انتقال پُرملال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ :-

"حقیقت میں مولانا کوثری کی وفات سے ہم سب یتیم ہو گئے۔ ایسی ہستیاں قرنوں میں پیدا ہوتی ہیں۔ اگر وہ بیمار نہ ہوتے، اور ان کی کتابیں دریا میں غرق نہ ہو جاتیں تو اتنا لکھتے کہ مطالعہ کرنے والے عاجز ہوتے، اس بیماری ہی میں انہوں نے اتنا لکھا ہے۔

ہاں یاد آیا کہ اخیر تحریر ان کی جو کہ شیخ رضوان کے قلم سے ۷ شوال ۱۳۷۱ھ کو وصول ہوئی اس میں آپ کے ایک استفسار کا جواب مکرر ہے، اور دوسرا سوال ویسا ہی رہ گیا ہے۔ اسے میں یہاں بعینہ نقل کرتا ہوں، الخطیب حیثما انتقل من بغداد الی دمشق حمل معہ کتبا، فہرس لہا (باقی بر ص۱۲)

ملاقات میسر ہوئی، کسی حافظ حدیث کو نہ ہوسکی)۔ ذہبی نے ان کا تذکرہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے۔ ابونعیم الحافظ الکبیر محدث العصر۔ ابونعیم نے محرم ۴۳۰ھ میں وفات پائی۔
حافظ ابونعیم کی مسند ابی حنیفہ کا عکس مجلس احیاء المعارف النعمانیہ نے حاصل کرلیا ہے اور مجلس کا ارادہ اس کو طبع کرا کر شائع کرنے کا ہے۔ مولانا ابوالوفا افغانی مدظلہ اپنے مکتوب گرامی مورخہ ۲ ربیع الثانی ۷۲ھ میں راقم کو لکھتے ہیں کہ:۔

"ابونعیم نے چھوٹی سی مسند امام صاحبؒ کی لکھی مگر بہت عمدہ لکھی، بڑی تحقیق کی، متابعات ذکر کئے، تفرد کو بتایا۔ رواۃ کے اوہام کو بھی بتایا، مگر کتاب کا صرف ایک ہی نسخہ ہے اور وہ عمدہ نسخہ نہیں۔ تروک از سہو ناسخ اور اغلاط کتابت اس میں بہت ہیں۔ کہیں کہیں بیاضات بھی ہیں۔"

(۱۳) حافظ ابن القیسرانی

ابوالفضل محمد بن طاہر بن علی القدسی المعروف بابن القیسرانی ۴۴۸ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ماہ ربیع الاول ۵۰۷ھ کو وفات پائی۔ بہت بڑے حافظ حدیث گزرے ہیں۔ طلب حدیث میں اتنے پھرے کہ دو مرتبہ پیشاب سے خون آنے لگا۔ یہ برہنہ پا بغیر سواری کے سفر کرنے کا نتیجہ تھا۔
حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا بڑا مبسوط ترجمہ لکھا ہے۔ جو ان لفظوں میں شروع ہوتا ہے۔ محمد بن طاہر بن علی الحافظ العالم المکثر الجوال۔ حافظ ابن شیرویہ کے تاریخ ہمدان میں ان کے بارے میں یہ الفاظ ہیں:۔ کان ثقۃ حافظا عالما بالصحیح والسقیم حسن المعرفۃ بالرجال والمتون، کثیر التصانیف، یعنی یہ ثقہ تھے، حافظ حدیث تھے

(بقیہ حاشیہ) احد المالکیۃ من اصحابہ، وھذا الفھرس محفوظ بظاھریۃ دمشق، ومن جملۃ ما حملہ الی دمشق مسند ابی حنیفۃ للدارقطنی، ومسند ابی حنیفۃ لابن شاھین، واما مسند ابی حنیفۃ للخطیب فسبق قلم علی ان احادیث ابی حنیفۃ عند الخطیب فی تاریخہ، والفقیہ والمتفقہ لا تقل عن صغار المسانید واسم الفھرس مسجل فی الفھرس الجدید للظاھریۃ (یعنی خطیب جب بغداد سے دمشق منتقل ہوئے، تو اپنے ساتھ بہت سی کتابیں لائے، جن کی ان کے تلامذہ میں سے ایک مالکی عالم نے فہرست بنائی، یہ فہرست دمشق کے کتبخانہ ظاہریہ میں محفوظ ہے، خطیب جن کتابوں کو دمشق لے کر آئے، ان میں مسند ابی حنیفہ مؤلفہ دارقطنی اور مسند ابی حنیفہ مؤلفہ ابن شاہین بھی تھیں۔ لیکن خطیب کی مسند ابی حنیفہ کا ذکر سبقت قلم کا نتیجہ ہے (یعنی جلدی میں قلم سے نکل گیا جو صحیح نہیں ہے) تاہم خطیب کے یہاں ابوحنیفہؒ کی جو احادیث ان کی تاریخ اور الفقیہ والمتفقہ میں مذکور ہیں، وہ بھی چھوٹی مسندوں سے کم نہیں۔ اور اس فہرست کا نام ظاہریہ کی جدید فہرست میں درج ہے)۔ اس کے قبل جو انہوں نے لکھوایا تھا۔ اس میں خطیب کی مسند کے متعلق سبق قلم کا ذکر نہیں کیا تھا۔"

Scanned by CamScanner

صحیح وغیر صحیح کے عالم تھے، رجال ومتون حدیث کی بڑی معرفت رکھتے تھے۔ کثیر التصانیف تھے انہوں نے اطراف احادیث ابی حنیفہ کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔ اس کتاب کا ذکر انکی مشہور تصنیف الجمع بین رجال الصحیحین کے آخر میں جوان کا مفصل تذکرہ چھپا ہے، اس میں موجود ہے "اطراف" پر جو کتابیں لکھی جاتی ہیں، ان میں متن حدیث کے ابتدائی ٹکڑے کو مع سند کے بیان کرتے ہیں۔ اس لئے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس کتاب میں امام ابو حنیفہ کی مختلف مسانید سے ان کی حدیثوں کے اطراف کو لے کر جمع کر دیا ہے ؎

(۱۴) حافظ ابن خسرو

ابو عبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو البلخی نزیل بغداد، المتوفی ۵۲۲ھ بڑے پایہ کے محدث گزرے ہیں۔ فن حدیث میں حافظ ابن عساکر کو آپ سے تلمذ حاصل ہے۔

حافظ ذہبی میزان الاعتدال میں لکھتے ہیں۔ محدث مکثر۔ حافظ ابن النجار نے تاریخ بغداد پر جو ذیل لکھا ہے اس میں ان کا تذکرہ ان لفظوں سے شروع کیا ہے:۔ ابو عبد اللہ السمسار الحنفی مفید اہل بغداد فی وقتہ سمع الکثیر۔ پھر ان کے شیوخ کی نام بنام تفصیل دے کر لکھتے ہیں۔ وبالغ فی الطلب حتی سمع من طبقۃ دون ھؤلاء وکتب الکثیر من الکتب لنفسہ ولغیرہ، وکان مفید الغرباء وجمع مسند ابی حنیفۃ (اور انہوں نے طلب حدیث میں بڑی کوشش کی حتی کہ ان شیوخ مذکورین سے جو نیچے کا طبقہ تھا، اس سے بھی حدیثیں سنیں، اور بہت سی کتابیں اپنے لئے اور دوسروں کے لئے لکھیں۔ باہر سے آنے والوں کو افادہ علمی فرماتے۔ انہوں نے امام ابو حنیفہ کی مسند بھی تالیف کی) فقاہت میں بھی ممتاز تھے ابن النجار کے ان کے بارے میں یہ الفاظ ہیں۔ فقیہ اہل العراق ببغداد فی وقتہ[۱]

ان کی مسند، امام حارثی اور حافظ ابن المقری کی مسند سے زیادہ ضخیم ہے۔ چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی، تعجیل المنفعۃ کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:۔

وفی کتابہ زیادات علی ما فی کتابی الحارثی وابن المقری۔	ان کی کتاب میں حارثی، اور ابن المقری دونوں کی کتابوں سے زیادہ روایتیں ہیں۔

حافظ شمس الدین ابو المحاسن محمد بن علی حسینی المتوفی ۷۶۵ھ نے صحاح ستہ، موطا، مسند شافعی، مسند احمد اور مسند ابی حنیفہ کے رجال کے حالات میں ایک بڑی مبسوط کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے۔ التذکرہ برجال العشرہ، اس سلسلہ میں حافظ حسینی نے امام ابو حنیفہ کی تمام مسانید میں جس مسند کا انتخاب کیا، وہ حافظ ابن خسرو کی مسند ہے ؎

---

[۱] الجواہر المضیہ اور جامع المسانید میں ان کا تذکرہ دیکھو ؎

[۲] مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن ؎

(۱۵) مسند الدنیا

قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی بن محمد الانصاری الحلبی البزار المعروف بقاضی المرستان۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں شیخ الاسلام ابوالقاسم اسمٰعیل اصفہانی کے تذکرہ میں ۵۳۵ھ کی وفیات کے ذیل میں ان کا ذکر ان ہی لفظوں میں کیا ہے۔ طبقات الحنابلہ میں ان کا مفصل تذکرہ موجود ہے۔ یہ بڑے مشہور محدث تھے ترانوے سال کی عمر تک ان کے حواس میں ذرا تغیر نہیں ہوا تھا۔ سات سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے یاد نہیں کہ میں نے اپنی عمر کی ایک گھڑی بھی لہو ولعب میں گزاری ہو۔ بہت سے علوم کے جامع تھے۔ ان کا سال ولادت ۴۴۲ھ ہے۔ اور چورانوے سال کی عمر میں رجب ۵۳۵ھ میں ان کی وفات ہوئی ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے لسان المیزان میں حافظ ابن خسرو کے تذکرہ میں اس امر کے ماننے سے انکار کیا ہے کہ قاضی صاحب موصوف نے امام ابوحنیفہؒ کی کوئی مسند تالیف کی ہے۔ حالانکہ خود ان کے نامور شاگرد حافظ شمس الدین سخاوی۔ قاضی صاحب موصوف سے ان کی مسند کو بسند ذیل روایت کرتے ہیں :۔

عن التدمری عن المید ومی عن النجیب عن ابن الجوزی عن جامع المسند قاضی المرستان[۱]۔ اور حافظ عبد القادر قرشی نے الجواہر المضیہ میں نصر بن سیار بن صاعد کے تذکرہ میں حافظ سمعانی سے نقل کیا ہے کہ :۔

"میں نے نصر سے امام ابوحنیفہ کی کتاب الاحادیث کا سماع کیا جس کو عبد اللہ بن محمد انصاری نے جمع کیا ہے۔ نصر اس کتاب کی روایت اپنے دادا صاعد سے کرتے ہیں۔ اور صاعد خود قاضی صاحب موصوف سے[۲]"

محدث خوارزمی نے بھی جامع المسانید میں اس کتاب کی متعدد سندیں اپنے سے لے کر قاضی مرستان تک ذکر کی ہیں ؛

(۱۶) حافظ ابن عساکر

ثقۃ الدین ابوالقاسم علی بن الحسن بن ہبۃ اللہ الدمشقی الشافعی نہایت مشہور مصنف اور نامور محدث ہیں ۴۹۹ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۱ رجب ۵۷۱ھ میں وفات پائی۔ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا تذکرہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے۔ ابن عساکر الامام الحافظ الکبیر محدث الشام فخر الائمۃ۔ صاحب التصانیف والکتب۔ تیرہ سو شیوخ سے علم حدیث کی تحصیل کی جن میں اسی سے زیادہ محدث خواتین بھی داخل ہیں۔ حافظ ذہبی نے ان کا تذکرہ نہایت

---

[۱] ملاحظہ ہو تقدمہ نصب الرایہ از محدث کوثری ؛

[۲] الجواہر المضیہ کی اصل عبارت یہ ہے۔ سمعت منہ الترمذی بروایتہ عن القاضی ابی عامر الجراحی عن المحبوبی عنہ، وکتاب الاحادیث التی رواھا ابو حنیفۃ رضی اللہ عنہ جمع عبد اللہ بن محمد الانصاری لجدہ القاضی صاعد بروایتہ عنہ ؛

Scanned by CamScanner

بسط کے ساتھ کیا ہے۔ حافظ ابن عساکر نے امام ابوحنیفہ کی جو مسند تالیف کی ہے، اس کا ذکر محدث کوثری اور ڈاکٹر کرد علی نے کیا ہے[1]۔

(۱۷) محدث عیسی الجعفری المغربی

بر آمد محدثین متاخرین میں سے ہیں سنہ ۱۰۸۰ھ میں رحلت فرمائی۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے انسان العین فی مشائخ الحرمین میں ان کا تذکرہ لکھا ہے، فرماتے ہیں :-

"یکے از علماء متقنین بود، و وے استاذ جمہور اہل حرمین است، و یکے از اوعیہ حدیث"

محدث عیسی باوجودیکہ دورِ آخر کی پیداوار ہیں۔ اور ان کا زمانہ بہت ہی بعد کا ہے تاہم جس شان کی اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی مسند تالیف کی۔ اور جن شروط کا اس میں اہتمام کیا۔ وہ خود شاہ صاحب موصوف ہی کی زبانی سننے کے لائق ہے، فرماتے ہیں :-

"مسندے برائے امام ابوحنیفہ رح تالیف کردہ در آنجا عنعنہ متصلہ ذکر کردہ در حدیث، از انجا بطلان زعم کسانیکہ گویند سلسلہ حدیث امروز متصل نماندہ واضح تر مے گردد" [2]

اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی ایک ایسی مسند تالیف کی ہے، کہ جس میں اپنے سے لیکر امام موصوف تک حدیث کے اتصال سند کو بیان کیا ہے، اور یہاں سے ان لوگوں کے دعوی کا باطل ہونا خوب ظاہر ہوتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ حدیث کا سلسلہ آج کل متصل نہیں رہا ہے۔

یہ ان مشاہیر ائمہ محدثین کا ذکر تھا، کہ جن میں سے ہر ایک نے امام ابوحنیفہ رح کی احادیث کو مستقل تصانیف میں اپنی اسانید کے ساتھ جمع کیا۔ بعد کو قاضی القضاۃ محدث ابوالمؤید محمد بن محمود خوارزمی المتوفی سنہ ۶۵۵ھ[3] نے جامع مسانید الامام الاعظم میں امام ابوحنیفہ کی مسانید کے پندرہ نسخوں کو یکجا جمع کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ جامع مسانید کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ :-

"میں نے شام میں بعض جاہلوں کو یہ کہتے سنا، کہ امام ابوحنیفہ رح کی کوئی مسند نہیں، اور وہ صرف معدودے چند حدیثوں کے راوی ہیں، اس پر مجھ کو حمیت مذہبی کا جوش ہوا، اور میں نے یہ چاہا، کہ امام ممدوح کی ان پندرہ مسانید کو

---

[1] ملاحظہ ہو مقدمہ تبیین کذب المفتری فیما نسب الی الامام الاشعری لابن عساکر، از محدث کوثری و مقدمہ، تاریخ دمشق لابن عساکر از ڈاکٹر کرد علی۔

[2] انسان العین طبع دہلی ص۶۔

[3] حافظ عبدالقادر قرشی نے الجواہر المضیۃ میں، اور مولانا عبدالحی لکھنوی فرنگی محلی نے الفوائد البہیہ میں ان کا تذکرہ لکھا ہے۔

Scanned by CamScanner

جنہیں نامور علماء محدثین نے مرتب کیا ہے، یکجا جمع کردوں۔ یہ مسانید حسب ذیل ہیں:۔

(۱) مسند امام حافظ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی البخاری المعروف بعبداللہ الاستاذ۔

(۲) مسند امام حافظ ابو القاسم طلحہ بن محمد بن جعفر الشاہد۔

(۳) مسند امام حافظ ابو الحسین محمد بن المظفر۔

(۴) مسند امام حافظ ابو نعیم اصفہانی۔

(۵) مسند امام ابو بکر محمد بن عبد الباقی انصاری۔

(۶) مسند حافظ ابو احمد عبداللہ بن عدی جرجانی۔

(۷) مسند امام حسن بن زیاد لؤلؤی۔

(۸) مسند حافظ عمر بن الحسن اشنانی۔

(۹) مسند حافظ ابو بکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی۔

(۱۰) مسند امام حافظ ابو عبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی۔

(۱۱) مسند امام ابو یوسف قاضی جو نسخہ ابی یوسف سے موسوم ہے۔

(۱۲) مسند امام محمد بن الحسن الشیبانی۔ یہ بھی نسخہ محمد سے موسوم ہے۔

(۱۳) مسند امام حماد بن ابی حنیفہ۔

(۱۴) مسند امام محمد جو الآثار سے موسوم ہے۔

(۱۵) مسند امام حافظ ابو القاسم عبداللہ بن ابی العوام السعدی۔"

محدث خوارزمی نے امام حماد، امام ابو یوسف اور امام محمد نے حدیث کے جن مجموعوں کی امام ابو حنیفہؒ سے روایت کی ہے، ان کو بھی مسندی کے نام سے ذکر کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ سب کتاب الآثار کے نسخے ہیں[۱]۔ اسی طرح حافظ ابو بکر کلاعی کی مسند بھی کوئی علیحدہ کتاب نہیں، بلکہ وہی کتاب الآثار کا نسخہ ہے، جس کو وہ اپنے جد محمد بن خالد وہبی المتوفی قبل سنہ ۱۹۰ھ سے روایت کرتے ہیں، چنانچہ خود محدث خوارزمی نے بھی جامع مسانید کے آخری باب میں جہاں ابو بکر کلاعی کا تذکرہ لکھا ہے۔ تصریح کر دی ہے کہ "گو یہ مسند، احمد بن محمد بن خالد بن خلی کی طرف منسوب ہے لیکن اس کے جامع محمد بن خالد وہبی ہیں، جو براہ راست اس کو امام ابو حنیفہؒ سے روایت کرتے ہیں۔ لہذا اس مسند کا انتساب ابو بکر کلاعی کی طرف محض روایت کے لحاظ سے ہے، جمع و تدوین

---

[۱] تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے۔ ہمارا مقالہ کتاب الآثار امام ابو حنیفہؒ جو کتاب الآثار بروایت امام محمد کے اردو ترجمہ کے ساتھ اس کے مقدمہ کے طور پر محمد سعید اینڈ سنز کراچی نے شائع کیا ہے۔

کے لحاظ سے نہیں!! خوارزمی کی جامع مسانید کا ذکر شاہ عبدالعزیز صاحب نے بھی بستان المحدثین میں کیا ہے۔ فرماتے ہیں:۔

"مسند امام اعظمؒ کہ بالفعل مشہور است تالیف قاضی القضاۃ ابو المؤید محمد بن محمود بن محمد الخوارزمی است کہ در سنہ شش صد و ہفتاد و چہار آنرا رائج ساختہ، مسانید امام اعظمؒ کہ علماء سابق پرداختہ بودند دریں مسند جمع کردہ بزعم خود ہیچ چیزے را از مرویات امام اعظمؒ ترک نہ کردہ و قبل از وے ہرچند مسانید بسیار برائے مرویات امام اعظمؒ ساختہ بودند، چنانچہ خود در خطبۂ ایں مسند نام آنہا و مصنفین آنہا و سند خود بآں مصنفین بیان نمودہ، اما بیشتر رائج و مشہور دو مسند بود و تا حال موجود و متداول ست، اول مسند حافظ الحدیث عبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی، دوم مسند حافظ الوقت حسین بن محمد بن خسرو رحمۃ اللہ علیہ، چنانچہ اجازت ایں ہر سہ مسند براقم الحروف نیز از شیوخ خود رسیدہ۔

مسند امام اعظم کہ جو بالفعل مشہور ہے قاضی القضاۃ ابو المؤید محمد بن محمود بن محمد الخوارزمی کی تالیف ہے، جس کو انہوں نے ۶۷۴ھ میں رواج دیا ہے[1]۔ امام اعظم کی جن مسندوں کو اگلے علماء نے تالیف کیا تھا۔ اس مسند میں ان کو جمع کر دیا ہے اور اپنے خیال میں امام اعظم کی مرویات میں سے کوئی چیز نہیں چھوڑی ہے۔ ان سے پہلے بھی اگرچہ بہت سی مسندیں امام اعظمؒ کی مرویات کے سلسلہ میں لکھی گئی ہیں چنانچہ خود خوارزمی نے اس مسند کے دیباچہ میں ان کے نام اور ان کے مصنفین کے نام اور ان کے مصنفین تک اپنی سند کو بیان کیا ہے لیکن ان میں زیادہ تر مشہور اور رائج دو مسندیں رہی ہیں جو تا حال موجود و متداول ہیں۔ اول مسند حافظ الحدیث عبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی۔ دوم مسند حافظ الوقت حسین بن محمد بن خسرو رحمۃ اللہ علیہ، چنانچہ ان تینوں مسندوں کی اجازت راقم الحروف (یعنی شاہ صاحب) کو بھی اپنے اساتذہ سے پہنچی ہے۔

لیکن یہ صحیح نہیں کہ انہوں نے امام ابو حنیفہ کی جملہ مرویات کو اس مسند میں جمع کر دیا ہے، کیونکہ امام ممدوح کی احادیث مرویہ کی تعداد چار ہزار ہے، چنانچہ امام حسن بن زیاد لؤلؤی فرماتے ہیں، کہ:۔

كان ابو حنيفة يروي اربعة

امام ابو حنیفہ چار ہزار حدیثیں روایت

---

[1] یہ صحیح نہیں، کیونکہ محدث خوارزمی کی وفات اس سے انیس[19] سال قبل ۶۵۵ھ میں ہو چکی تھی۔

Scanned by CamScanner

آلاف حدیث ألفین لحماد و ألفین لسائر المشیخة [1]۔

کیا کرتے تھے، دو ہزار حماد سے اور دو ہزار بقیہ شیوخ سے۔

اور خوارزمی کی جامع مسانید میں اس سے آدھی حدیثیں بھی موجود نہیں، بلکہ جیسا کہ مولانا ابوالوفا افغانی نے کتاب الآثار امام ابو یوسف کے مقدمہ میں صراحت کی ہے:-

بل لم یستوعب جمیع آثار المسانید التی قال انه جمعها کما تتبعته وقابلته علی کتاب الآثار للإمام محمد و مسند الحارثی۔

خوارزمی نے ان مسندوں کی سب حدیثوں کو بھی نہیں لیا۔ جن کے جمع کرنے کے متعلق انہوں نے کہا تھا۔ جیسا کہ میں نے کتاب الآثار امام محمد اور مسند حارثی کا تتبع کر کے اور ان سے مقابلہ کر کے پتہ چلایا ہے۔

اور اپنے مکتوب گرامی میں جو راقم کے نام ۲ ربیع الثانی ۱۳۷۱ھ کو لکھا ہے، فرماتے ہیں:

"امام حسن (بن زیاد) کی کتاب الآثار کو تو ابن خسرو نے اپنی مسند میں پورا محفوظ کر لیا ہے۔ اور جامع المسانید نے بھی، جیسے محمد بن خالد وہبی کی کتاب الآثار کو کلاعی نے محفوظ کر لیا ہے اپنی تخریج سے، اور جامع المسانید میں خوارزمی نے آٹھ دس مسندوں کی حفاظت تو کی، مگر افسوس کہ کتاب الآثار للامام ابی یوسف اور مسند ابی نعیم اصفہانی، اور مسند ابن عدی اور مسند حافظ ابن ابی العوام کی حفاظت نہیں کی۔ نہ معلوم اس کے کیا اسباب تھے، سندیں تو سب کی ابتداء میں ذکر کیں، مگر کتاب میں آثار امام ابی یوسف کا تو کہیں بھی حوالہ نہیں، باقی مسانید کا کہیں کہیں برائے نام حوالہ ہے، اکثر جگہ متروک، اس لئے جامع ناقص کتاب ہے، باب المشائخ تو بالکل ناقص ہے، اور اس میں غلطیاں بھی ہیں۔ اگر مسند ابی نعیم کو بالاستیعاب ذکر کرتے، تو آج ہمیں بڑی سہولت اس کی تصحیح میں ہوتی۔"

تاہم خوارزمی کی جامع المسانید میں چونکہ امام ابو حنیفہؒ کی متعدد مسانید کی بیشتر روایتیں موجود ہیں اس لئے متاخرین میں اس کتاب کو بڑی شہرت نصیب ہوئی۔ حافظ زین الدین قاسم بن قطلوبغا حنفی المتوفی ۸۷۹ھ نے اس پر ایک نہایت ضخیم شرح دو جلدوں میں لکھی۔ علامہ سید مرتضیٰ زبیدی نے عقود الجواہر المنیفہ میں حافظ قاسم کی اس شرح سے بڑا فائدہ اٹھایا ہے، حافظ جلال الدین سیوطی شافعی المتوفی ۹۱۱ھ نے بھی اس کی شرح لکھی ہے۔ جس کا نام ہے "التعلیقة المنیفہ علی مسند ابی حنیفہ" متعدد محدثین نے جامع المسانید کا اختصار بھی کیا ہے، چنانچہ

---

[1] مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ موفق بن احمد مکی، ج-۱-ص ۹۶- طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد، دکن۔

Scanned by CamScanner

امام شرف الدین اسماعیل بن عیسیٰ بن دولہ الاوغانی المکی المتوفی سنہ ۸۹۲ھ کے اختصار کا نام ہے۔ اختیار اعتماد المسانید فی اختصار اسماء بعض رجال الاسانید۔ اس کتاب کی ابتداء میں امام ابوحنیفہ کے مناقب بھی بیان کئے ہیں۔ امام ابو البقاء احمد بن ابی الضیاء محمد القرشی المکی نے اس کا جو مختصر لکھا ہے، اس کا نام المستند فی مختصر المسند ہے اس میں مکررات کو اور ان اسانید کو حذف کر دیا ہے کہ جو مصنف کتاب سے لیکر امام ابوحنیفہ تک مذکور تھیں تیسرا مختصر شیخ ابوعبداللہ محمد بن اسمٰعیل بن ابراہیم حنفی نے لکھا ہے۔ کشف الظنون میں اس کے ایک اور اختصار کا بھی ذکر ہے، لیکن اس کے مؤلف کا نام معلوم نہ ہوسکا۔ جامع المسانید میں صحاح ستہ سے جو روایتیں زائد تھیں، ان کو علامہ حافظ الدین محمد بن محمد کردری المعروف بالبزازی المتوفی سنہ ۸۲۷ھ نے زوائد مسند ابی حنیفہ کے نام سے الگ جمع کیا۔ صاحب کشف الظنون نے محدث ابوحفص زین الدین عمر بن احمد الشماع الحلبی الشافعی المتوفی سنہ ۹۳۶ھ کی ایک تصنیف، لقط المرجان من مسند ابی حنیفہ النعمان کا بھی ذکر کیا ہے جو غالباً مسند خوارزمی ہی کا التقاط وملخص ہے، بعد کے دور میں علامہ محدث سید مرتضیٰ زبیدی حنفی المتوفی ۱۲۰۵ھ نے جامع مسانید سے امام اعظمؒ کی ان احادیث احکام کا انتخاب کیا۔ کہ جن کی روایت میں مصنفین صحاح ستہ بھی امام صاحب کے شریک ہیں، یہ بڑے کام کی کتاب ہے۔ جو باریک ٹائپ کی دو جلدوں میں مصر سے طبع ہوکر شائع ہوچکی ہے۔ اس میں مؤلف نے ہر باب میں پہلے امام اعظمؒ کی روایت جس مسند میں وہ مروی ہے۔ اس کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ پھر صحاح ستہ اور دیگر کتب حدیث میں جن الفاظ کے ساتھ وہ روایت آئی ہے، ان کو نقل کیا ہے۔ اس کتاب کا نام ہے۔ عقود الجواہر المنیفة فی ادلة مذہب الامام ابی حنیفة فیما وافق فیہ الائمة الستة او بعضہم۔ اس کی ترتیب ابواب فقہ پر ہے، پہلے اعتقادیات کا بیان ہے اور پھر عملیات کا۔

خوارزمی کی جامع المسانید عرصہ ہوا کہ مطبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن سے دو ضخیم جلدوں میں طبع ہوکر شائع ہوچکی ہے۔ اس میں امام ابوحنیفہؒ کے تقریباً پانچ سو شاگردوں کی وہ روایات درج ہیں جو انہوں نے براہ راست امام ممدوح سے سنی ہیں۔[1]

افسوس ہے کہ جامع مسانید کے علاوہ امام ابوحنیفہ کی اور مسندیں جو اکابر محدثین نے مستقل طور پر مرتب کی تھیں اور جن کا ذکر سابق میں گزر چکا ہے۔ ان میں سے اب تک کوئی کتاب طبع نہ ہوسکی۔ مجلس احیاء المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن میں ان مسانید میں سے حسب ذیل چار مسندوں کے عکوس موجود ہیں:۔

(۱) مسند ابن ابی العوام، (۲) مسند حارثی۔ (۳) مسند ابی نعیم اصفہانی (۴) مسند ابن خسرو۔

---

[1] ملاحظہ ہو جامع المسانید کا باب چہلم۔

مجلس مذکور کا ارادہ ان تمام مسانید کو طبع کرا کر شائع کرنے کا ہے، دعا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ اس کام کو جلد سر انجام فرمائے۔

اس وقت جس کتاب کا ترجمہ "مسند امام اعظم" کے نام سے پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ درحقیقت امام عبداللہ حارثی کی تالیف ہے۔ جس کا اختصار علامہ حصکفی نے کیا ہے، اور ملا عابد سندی نے اس کی ابواب فقہیہ پر ترتیب کی ہے[1]۔

امام حارثی

مشاہیر ائمہ احناف میں سے ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اپنے رسالہ الانتباہ میں ان کو "اصحاب الوجوہ" میں شمار کیا ہے، اور لکھا ہے کہ یہ اپنے زمانہ میں فقہاء حنفیہ کا مرجع تھے۔ "اصحاب الوجوہ" کا درجہ "مجتہد فی المذہب" اور "مجتہد مطلق منتسب" کے درمیان ہے۔ فقہ کی تحصیل آپ نے امام ابوحفص صغیر سے کی تھی۔ اور انہوں نے اپنے والد ماجد امام ابوحفص کبیر سے جو امام محمدؒ کے مشاہیر تلامذہ میں سے ہیں۔ طلب حدیث میں امام حارثی نے خراسان، عراق اور حجاز کو پے سپر کیا تھا، اور بہت سے شیوخ وقت سے اس فن کی تحصیل کی تھی۔ حافظ سمعانی، کتاب الانساب میں لکھتے ہیں۔ رحل الی خراسان والعراق والحجاز وادرك الشيوخ، علم حدیث میں ان کی وسعت نظر اور معرفت فن کا بڑے بڑے محدثین نے اعتراف کیا ہے۔ حافظ خلیلی فرماتے ہیں۔ يعرف بالاستاذ له معرفة بهذا الشان (استاد مشہور ہیں، اور اس فن کی انہیں معرفت حاصل ہے)۔ اور حافظ سمعانی لکھتے ہیں۔ کان شيخا مكثرا من الحديث (بڑے کثیر الحدیث شیخ تھے)۔ فن رجال کے مشہور امام حافظ شمس الدین ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں قاسم بن اصبغ کے ترجمہ میں بضمن وفیات ۳۴۰ھ ان کا ذکر ان شاندار الفاظ میں کیا ہے:-

وفيها مات عالم ما وراء النهر ومحدثه الامام العلامة ابو محمد عبدالله بن محمد بن يعقوب بن الحارث الحارثي البخاري الملقب بالاستاذ جمع مسند ابی حنيفةؒ الامام وله اثنتان وثمانون سنة۔	اور اسی سال میں ماوراء النہر کے عالم اور محدث امام علامہ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن الحارث الحارثی البخاری نے کہ جو "الاستاذ" کے لقب سے ملقب ہیں۔ اور جنہوں نے امام ابو حنیفہ کی مسند کو جمع کیا ہے، بیاسی سال کی عمر میں وفات پائی۔"

حافظ ابن حجر عسقلانی نے تعجیل المنفعہ میں ان کو حافظ حدیث تسلیم کیا ہے۔ بڑے بڑے حفاظ حدیث، جیسے حافظ ابن مندہ، حافظ ابن عقدہ، اور حافظ ابوبکر جعابی فن حدیث میں ان کے شاگرد تھے۔

[1] ملاحظہ ہو مقدمہ کتاب الآثار للامام ابی یوسف از مولانا ابوالوفا افغانی۔

Scanned by CamScanner

حافظ حارثی کی مسند کس شان کی ہے، اس کے متعلق محدث خوارزمی، جامع مسانید میں رقمطراز ہیں :-

ومن طالع مسنده الذی جمعه للامام ابی حنیفة علم تبحره فی علم الحدیث واحاطته بمعرفة الطرق والمتون ٭

"اور جو شخص بھی ان کی اس مسند کا مطالعہ کرے گا، کہ جس میں انہوں نے امام ابوحنیفہ کی مرویات کو جمع کیا ہے، وہ علم حدیث میں ان کے تبحر اور طرق اسانید و متون پر ان کی نظر کی ہمہ گیری کا قائل ہو جائے گا۔"

حافظ ابن حجر عسقلانی نے تعجیل المنفعہ کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ :-

وقد اعتنی الحافظ ابو محمد الحارثی وکان بعد الثلاثمائة بحدیث ابی حنیفة رح فجمعه فی مجلدة ورتبه علی شیوخ ابی حنیفة رح ٭

حافظ ابو محمد حارثی نے جو سنہ ۳۰۰ھ کے بعد تھے امام ابوحنیفہؒ کی احادیث سے اعتنا کیا اور ان کو ایک جلد میں جمع کر دیا۔ انہوں نے ان حدیثوں کی ترتیب امام ابوحنیفہؒ کے شیوخ پر رکھی ہے (یعنی امام صاحبؒ کے ہر شیخ کی جملہ حدیثیں یکجا کر دی ہیں) ٭

امام حارثی کی مسند کا اختصار حسب ذیل حضرات نے کیا ہے، اس اختصار میں امام ابوحنیفہؒ سے لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک جو حدیث کی اسناد تھی، اس کو تو بعینہٖ ذکر کیا گیا ہے لیکن حارثی سے لے کر امام صاحبؒ تک جو اسانید تھیں، ان کو حذف کر دیا ہے :-

(۱) امام علامہ قاضی صدر الدین موسیٰ بن زکریا الحصکفی، ان کی ولادت سنہ ۵۸۰ھ یا سنہ ۵۸۱ھ میں ہوئی ہے۔ اور سنہ وفات سنہ ۶۵۰ھ ہے۔ مشہور محدث تھے۔ قاہرہ اور حلب میں حدیث کا درس دیا۔ حافظ دمیاطی کو فن حدیث میں ان سے تلمذ ہے۔ دمیاطی نے اپنی معجم میں ان کا تذکرہ بھی لکھا ہے۔ حافظ عبدالقادر قرشی بھی بیک واسطہ ان کے شاگرد ہیں۔ ان کا اختصار مسند ابی حنیفہ للحصکفی کے نام سے مشہور ہے۔ محدث ملا علی قاری حنفی المتوفی سنہ ۱۰۱۴ھ نے اسی کی شرح لکھی ہے، جس کا نام ہے "سند الانام فی شرح مسند الامام" مولانا ابوالوفا افغانی مدّ فیوضہٗ اپنے مکتوب گرامی مورخہ ۴/ ذی قعدہ سنہ ۷۵ھ میں راقم کو لکھتے ہیں، کہ :-

"مسند امام للحصکفی، مسند حارثی ہی کا خلاصہ ہے، لیکن چونکہ انہوں نے التزام کیا ہے، کہ امام حماد نے جس حدیث کو امام صاحبؒ سے روایت کیا ہے اس روایت کو ضرور اپنی مسند میں لائیں گے۔ اس لئے ایسی حدیثیں جن کی روایت حارثی نے نہیں کی ہو، ان کو ابن خسرو سے لے لیا ہے اور وہ معدودے چند ہیں۔"

Scanned by CamScanner

(۲) امام علامہ صدر الدین ابو عبداللہ محمد بن عباد الخلاطی الحنفی المتوفی سنہ ۶۵۲ھ، بڑے محدث تھے۔ صحیح مسلم کی شرح لکھی۔ حدیث میں جمال الدین حصیری کے شاگرد ہیں، انہوں نے امام ابوحنیفہ کی مسند کا جو اختصار کیا ہے۔ اس کا نام مقصد المسند ہے، صاحب کشف الظنون نے اس کو جامع المسانید کا اختصار بتایا ہے، جو بظاہر صحیح نہیں، ان کی وفات کے وقت خوارزمی بقید حیات موجود تھے، اس لئے قیاس یہ چاہتا ہے کہ یہ جامع مسانید کا نہیں بلکہ مسند حارثی کا اختصار ہے۔

(۳) قاضی القضاۃ محمد بن احمد بن مسعود القونوی الدمشقی المعروف بابن السراج المتوفی سنہ ۷۷۰ھ بڑے مشہور مصنف ہیں۔ بہت سی کتابیں تالیف کیں۔ الفوائد البہیہ میں ان کا نام محمود بن احمد لکھا ہے۔ ان کا مختصر تیلتیس (۳۳) ابواب پر مشتمل ہے، اور فقہی ترتیب پر اس کا نام المعتمد فی احادیث المسند ہے، بعد کو خود انہوں نے اس کی شرح بھی لکھی۔ جس کا نام المستند فی شرح المعتمد ہے۔

(۴) راقم الحروف کے پاس بھی مسند امام ابوحنیفہؒ کا ایک قلمی نسخہ ہے، جس کو احمد بن ابراہیم نامی ایک عالم نے سنہ ۱۲۴۳ھ میں جمع کیا ہے۔ اس نسخہ کو قاری محمد صدیق افغانی نے مصر کے کتب خانہ "خدیویہ" سے نقل کیا ہے۔ مولانا ابوالوفا افغانی کو راقم الحروف نے جب یہ نسخہ دکھلایا۔ تو مولانا نے فرمایا۔ کہ یہ مسند ابن خسرو اور مسند حارثی کا اختصار ہے، پہلے اس میں ابن خسرو سے حدیثیں نقل کی ہیں۔ اور بعد کو حارثی سے، یہ نسخہ ایک سو بانوے صفحات پر مشتمل ہے۔ اور کاپی پر پنسل سے لکھا ہوا ہے۔

حافظ قاسم قطلوبغا نے امام حارثی کی اصل مسند کو ابواب پر مرتب کر دیا تھا۔ بعد کے دور میں خاتمۃ الحفاظ ملا محمد عابد سندھی المتوفی سنہ ۱۲۵۷ھ نے مسند حصکفی کو بھی جو مسند حارثی کی تلخیص ہے، اور اسی کے تتبع میں معجم شیوخ پر مرتب ہے۔ ابواب فقہیہ پر مرتب کیا یہی کتاب آج کل مسند امام اعظمؒ کے نام سے مشہور و متداول ہے۔ عرصہ ہوا۔ کہ مولانا حبیب الرحمٰن بن مولانا احمد علی سہارنپوری محدث نے اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا تھا۔ اور جا بجا اس میں مختصر تشریحی اضافے بھی تھے۔ یہ ترجمہ سنہ ۱۳۰۸ھ میں چھپا ہے۔ اب خدا کا شکر ہے کہ پھر دوبارہ یہ کتاب مع اردو ترجمہ اور مفصل شرح کے زیور طبع سے آراستہ ہو کر شائع ہو رہی ہے، جو ہمارے اردو داں طبقہ کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ یہ شرح اور ترجمہ ہمارے مخدوم زادے مولانا سعد حسن خاں بن استاذ مرحوم مولانا حیدر حسن خاں[۱] محدث ٹونکی، مہتمم دارالعلوم ندوۃ العلماء کے قلم کا مرہون منت ہے، جو ایک مشہور علمی خانوادہ کے چشم و چراغ ہیں۔ ترجمہ کی خوبی

[۱] راقم الحروف نے علم حدیث کی تحصیل مولانا ہی کی خدمت میں دو سال کے قریب دارالعلوم ندوۃ العلماء میں رہ کر کی ہے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ ورضی عنہ رضی الابرار۔

اور شرح کی افادیت کے لیے مترجم کا نام کافی ضمانت ہے۔

اصل عربی متن پر خود مرتب نے ایک نہایت جامع اور ضخیم شرح تصنیف کی ہے جس کا نام ہے المواہب اللطیفۃ فی الحرم المکی علی مسند ابی حنیفۃ للامام الحصکفی، لامحمد عابد سندی، یہ شرح دو بڑی ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے متعدد قلمی نسخے کتب خانہ پیر وجھنڈو ضلع حیدرآباد سندھ، اور کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن میں راقم الحروف کی نظر سے گزرے ہیں۔ بلا مبالغہ کہا جاسکتا ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی کی فتح الباری شرح صحیح بخاری کے بعد شروح حدیث میں اس شان کی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ متابعات و شواہد، تخریج احادیث ایضاح مشکل، رفع مرسل، وصل منقطع، بیان خلافیات غرضکہ ہر موضوع پر اتنا ذخیرہ اس میں موجود ہے کہ باید و شاید، ان کے بعد مولانا محمد حسن سنبھلی محدث المتوفی ۱۳۰۵ھ نے اس پر ایک نہایت جامع اور مبسوط شرح تصنیف کی جو ۱۳۰۹ھ میں اصح المطابع لکھنؤ سے طبع ہوکر شائع ہوچکی ہے۔ محدث سنبھلی کی شرح اپنی جامعیت و افادیت کے لحاظ سے اپنے مشہور معاصر فاضل لکھنوی مولانا محمد عبدالحی فرنگی محل کی شرح موطا امام محمد سے جس کا نام التعلیق الممجد علی موطا الامام محمد ہے، بدرجہا بڑھی ہوئی ہے۔

اسلام میں مسند ابی حنیفہ کا علمی مقام

محدث محمد بن جعفر کتانی مالکی الرسالۃ المستطرفہ لبیان مشہور کتب السنۃ المشرفہ میں جو کتب حدیث کے حالات میں ان کی ایک بے مثل تصنیف ہے۔ صحاح ستہ، مسند ابی حنیفہ، موطا مالک، مسند شافعی اور مسند احمد کا تفصیلی ذکر کرنے کے بعد یوں رقمطراز ہیں:۔

فھذہ کتب الائمۃ الاربعۃ	یہ ائمہ اربعہ کی کتابیں ہیں، اور ان کو پہلے
وباضافتھا الی الستۃ الاولی	کی چھ کتابوں کے ساتھ ملانے سے وہ
تکمل الکتب العشرۃ التی ھی	دس کتابیں پوری ہوجاتی ہیں کہ جو اسلام
اصول الاسلام وعلیھا مدار	کی بنیادی کتابیں ہیں، اور جن پر دین کا
الدین (ص ۱۶۔ طبع بیروت ۱۳۳۲ھ)	دار و مدار ہے۔

اور حافظ ابو عبداللہ محمد بن علی بن حمزہ حسینی دمشقی، التذکرہ برجال العشرہ کے مقدمہ میں (جو ان دسوں کتابوں کے رجال کے حالات میں ایک مبسوط کتاب ہے اور جس سے حافظ ابن حجر عسقلانی نے تعجیل المنفعہ بزوائد رجال الائمۃ الاربعہ مرتب کی ہے جو ائمہ اربعہ کی مذکورہ تصانیف کے رجال کے حالات میں ان کی مشہور تصنیف ہے) فرماتے ہیں:۔

مسند الشافعی موضوع لادلتہ	مسند امام شافعی ان ادلہ پر مشتمل ہے کہ جو
علی ماصح عندہ من مرویاتہ	امام ممدوح کی مرویات ہیں ان کے نزدیک
وکذالک مسند ابی حنیفۃ	صحیح ہیں۔ اور یہی حال مسند امام ابوحنیفہ کا ہے

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے بھی قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین میں مسند ابی حنیفہ کو حنفیوں کی امہات کتب میں شمار کیا ہے[1] اور تصریح کی ہے کہ:-

مسند ابی حنیفہ و آثار امام محمد بنائے فقہ حنفیہ است[2]	فقہ حنفی کی بنا مسند ابی حنیفہ اور آثار امام محمد پر ہے

حافظ حسینی کی تصریح ابھی آپ کی نظر سے گزری، جس میں انہوں نے اس امر کا صاف اعتراف کیا ہے کہ مسند امام شافعی کی طرح امام ابو حنیفہ کی مسند بھی امام ممدوح کے ان ادلہ پر مشتمل ہے جو امام کی مرویات میں ان کے نزدیک صحیح تھے۔ یہ حسینی حنفی نہیں، شافعی ہیں، اور ان کا شمار معمولی محدثین میں نہیں بلکہ حفاظ وقت و ناقدین فن میں ہے[3]۔ اب ایک دوسرے عارف وقت علامہ دہر شافعی المذہب امام کی رائے مسانید امام ابو حنیفہ رح کی نسبت ملاحظہ فرمائیے، جن کا نام نامی عبدالوہاب شعرانی ہے۔ وہ اپنی مشہور کتاب المیزان الکبریٰ میں فرماتے ہیں:-

وقد من اللہ تعالیٰ علیّ بمطالعۃ مسانید الامام ابی حنیفۃ رح الثلاثۃ من نسخۃ صحیحۃ علیہا خطوط الحفاظ آخرہم الحافظ الدمیاطی، فرأیتہ لا یروی حدیثا الا عن خیار التابعین العدول الثقات الذین ہم من خیر القرون بشہادۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کالاسود وعلقمۃ وعطاء ومجاہد ومکحول والحسن البصری واضرابہم رضی اللہ عنہم اجمعین فکل الرواۃ الذین ہم بینہ وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عدول	مجھ پر اللہ تعالیٰ نے بڑا احسان فرمایا کہ امام ابو حنیفہ رح کی تین مسندوں کا ان کے صحیح نسخوں سے مطالعہ کرنے کی توفیق ملی، ان نسخوں پر حفاظ حدیث کے قلم کی تحریریں تھیں، جن میں آخری شخص حافظ دمیاطی ہیں۔ مطالعہ پر میں نے دیکھا، کہ امام ممدوح صرف ان تابعین کرام سے حدیثیں روایت کرتے ہیں، کہ جو اپنے وقت کے برگزیدہ ترین، عادل اور ثقہ حضرات تھے، اور جو حدیث نبوی کی تصریح کے مطابق خیر القرون کے لوگ تھے، جیسے کہ اسود، علقمہ، عطا، مجاہد، مکحول اور حسن بصری جیسے حضرات ہیں، رضی اللہ عنہم اجمعین۔ سو تمام وہ رواۃ جو امام ابو حنیفہ رح اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مابین ہیں، سب کے سب عادل،

[1] ملاحظہ ہو کتاب مذکور ص ۱۸۵ مطبوعہ مجتبائی دہلی [2] ایضاً ص ۱۷۱ [3] ان کی جلالت شان معلوم کرنی ہو، تو حافظ ابن فہد، اور حافظ سیوطی نے طبقات الحفاظ ذہبی پر جو ذیل لکھے ہیں، ان میں ان کا تذکرہ دیکھو۔ یہ ذیول، دمشق سے چھپ کر شائع ہو چکے ہیں۔

Scanned by CamScanner

ثقات اعلام اخیار لیس فیھم	ثقہ، نیک نام اور برگزیدہ ہیں، ان میں
کذاب ولا متھم بکذب، و	کوئی شخص ایسا نہیں کہ جو کذاب ہو، یا
ناھیک یا اخی بعدالۃ من	اس پر کذب کی تہمت لگائی گئی ہو، اور
ارتضاھم الامام ابوحنیفۃ	میرے بھائی ان کی عدالت کے لئے تمہیں
رضی اللہ عنہ لان یأخذ	یہ کافی ہے کہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ
عنھم احکام دینہ مع	نے باوجود شدت ورع و احتیاط اور
شدۃ تورعہ وتحرزہ و	امت محمدیہ کا خاص خیال رکھنے کے
شفقتہ علی الامۃ	ان حضرات کو اس غرض کے لئے منتخب
المحمدیہ ۔ (ج۔۱ص ۶۲	فرمایا ہے، کہ ان سے اپنے دینی احکام کو
طبع مصر۔ سنہ ۱۳۴۳ھ)	حاصل کریں۔"

اس کے بعد آگے چل کر پھر لکھتے ہیں کہ :۔

کل حدیث وجدناہ فی مسانید	امام اعظمؒ کی تینوں مسندوں میں ہم نے
الامام الثلاث ثم فھو صحیح (ج۔۱ص ۶۵)	جو بھی حدیث پائی، وہ صحیح ہے۔"

یہ بھی واضح رہے کہ اس بحث سے پہلے امام شعرانی یہ تصریح کر چکے ہیں، کہ :۔

انی لما اجیب عن الامام ابی	"میں امام ابوحنیفہ وغیرہ کے متعلق محض
حنیفۃ وغیرہ بالصدر و	وسعت صدر اور حسن ظن کی بنا پر
احسان الظن کما یفعل	کوئی جواب دہی نہیں کروں گا، جیسا کہ
ذلک غیری وانما اجیب	میرے علاوہ دوسرے لوگ کرتے ہیں، بلکہ
عنہ بعد التتبع والفحص ۔	جو کچھ جواب دوں گا، وہ تتبع اور تلاش
(ج۔۱۔ص ۶۳) ۔	کے بعد دوں گا۔"

امام شعرانی کے اس بیان سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مسانید امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں انہوں نے جس رائے کا اظہار کیا ہے، وہ پوری تحقیق اور جانچ پڑتال کے بعد کیا ہے۔ واللہ اعلم ۔

Scanned by CamScanner

مقدمہ

کتاب الآثار

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

كتاب الآثار

تأليف

الإمام الأعظم أبي حنيفة النعمان بن ثابت الكوفي رضي الله عنه المتوفى سنة ۱۵۰ھ

رواية

الإمام الرباني أبي عبد الله محمد بن الحسن الشيباني المتوفى سنة ۱۸۹ھ رحمة الله عن المؤلف

مقدمه وحواشي

لعلامة العصر المحدث الجليل الفقيه النبيل محمد عبد الرشيد النعماني مدظله

ويليه

التعليق المختار على كتاب الآثار

للمحقق المحدث الفقيه الشيخ قيام الدين عبد الباري الأنصاري فرنگی محلی اللكنوي المتوفى سنة

ويليه

الإيثار بمعرفة رواة الآثار

للحافظ أحمد بن علي المعروف بابن حجر العسقلاني المتوفى سنة ۸۵۲ھ

الناشر

د/ محمد عبد الرحمن غضنفر

موسسه

الرحيم اکیڈمی

۱-۱/۷ علم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد کراچی ۱۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدّمہ کتاب الآثار

از مولانا محمد عبدالرشید نعمانی مدظلہ

کسی کتاب کی اہمیت اور عظمتِ شان کا اندازہ لگانے کے لئے حسب ذیل امور پر نظر ڈالنا ضروری ہے :

(۱) مصنف کا فضل وکمال ۔

(۲) صحت کا التزام ۔

(۳) حسن ترتیب اور موضوع سے متعلق تمام اہم مباحث کا استیعاب ۔

(۴) قبولیتِ عام اور شہرت ۔

ہمارا دعویٰ ہے کہ ان تمام اوصاف کے لحاظ سے "کتاب الآثار" فقہ یعنی علم سنن و احکام کی جملہ تصانیف سے فائق ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے

مصنف کا فضل وکمال | اس سلسلہ میں سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ کتاب الآثار کے سوا آج ہمارے پاس سنن کی کوئی کتاب ایسی موجود نہیں کہ جس کے مصنف کو تابعیت کا شرف حاصل ہو اور یہ وہ فضیلت ہے جس میں امام ابوحنیفہؒ اس عہد کے تمام نامور ائمہ میں ممتاز ہیں چنانچہ علامہ ابن حجر مکیؒ شارحِ مشکوٰۃ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کے فتاویٰ سے ناقل ہیں :

انہ ادرک جماعۃ من الصحابۃ کانوا بالکوفۃ بعد مولدہ بھا سنۃ ثمانین فھو من طبقۃ التابعین

امام ابوحنیفہؒ نے صحابہ کی ایک جماعت کو پایا جو کوفہ میں تھے جبکہ ۸۰ھ میں وہاں پیدا ہوئے، لہٰذا وہ تابعین کے طبقہ میں ہیں ....

ولم یثبت ذلك لاحد من ائمة الامصار المعاصرین له کالاوزاعی بالشام والحمادین بالبصرة والثوری بالکوفة ومالك بالمدینة المشرفة واللیث بن سعد بمصر

اور یہ بات ان کے معاصر ائمہ امصار میں سے کسی کی نسبت جیسے کہ اوزاعی کی نسبت جو شام میں تھے اور حماد بن سلمہ اور حماد بن زید کی نسبت جو بصرہ میں تھے اور سفیان ثوریؒ کی نسبت جو کوفہ میں تھے اور مالک کی نسبت جو مدینہ شریف میں تھے اور لیث بن سعد کی نسبت جو مصر میں تھے، ثابت نہیں ہوئی۔

(الخیرات الحسان فصل سادس۔ از علامہ ابن حجر مکی)

امام ممدوح کی جلالتِ قدر کے لئے اس سے زیادہ کیا درکار ہے کہ وہ امت میں امام اعظم کے لقب سے مشہور ہیں اور ان کے اجتہادی مسائل پر اسلامی دنیا کی دو تہائی آبادی بارہ سو برس سے برابر عمل کرتی چلی آرہی ہے، تمام اکابر ائمہ آپ کے فضل و کمال کے معترف ہیں۔ ابن مبارک کا بیان ہے کہ میں امام مالکؒ کی خدمت میں حاضر تھا۔ ایک بزرگ آئے اور جب وہ اُٹھ کر چلے گئے تو امام موصوف نے فرمایا جانتے ہو یہ کون تھے؟ حاضرین نے عرض کیا نہیں (اور میں ان کو پہچان چکا تھا) فرمانے لگے:

هٰذا ابو حنیفة النعمان لو قال هذه الاسطوانة من ذهب لخرجت کما قال لقد وفق له الفقه حتی ما علیه فیه کثیر مؤنة[1]

یہ ابو حنیفہ نعمان ہیں جو اگر یہ کہہ دیں کہ یہ ستون سونے کا ہے تو ویسا ہی نکل آئے۔ ان کو فقہ میں ایسی توفیق دی گئی ہے کہ اس فن میں انہیں ذرا مشقت نہیں ہوتی

امام شافعیؒ فرماتے ہیں الناس عیال علی ابی حنیفة فی الفقه[2] (لوگ فقہ میں ابو حنیفہؒ کے محتاج ہیں) ابو بکر مروزیؒ کہتے ہیں میں نے امام احمد بن حنبلؒ کو یہ فرماتے سُنا

لم یصح عندنا ان ابا حنیفة قال القرآن مخلوق۔

ہمارے نزدیک یہ بات ثابت نہیں کہ ابو حنیفہؒ نے قرآن کو مخلوق کہا ہے۔

میں نے عرض کیا کہ "الحمد للہ" اے ابو عبد اللہ (یہ امام احمد کی کنیت ہے) ان کا تو علم

---

[1] "مناقب ابی حنیفہؒ" از محدث صیمری۔ اس کتاب کا قلمی نسخہ کتب خانہ مجلس علمی کراچی میں موجود ہے

[2] "مناقب ابی حنیفہؒ" از حافظ ذہبی ص ۱۹ طبع مصر

میں بڑا مقام ہے فرمانے لگے

سبحان اللہ ھو من العلم والورع والزھد وایثار الدار الآخرۃ بمحل لایدرکہ احد[1]	سبحان اللہ وہ تو علم، ورع، زہد اور عالم آخرت کو اختیار کرنے میں اس مقام پر فائز ہیں کہ جہاں احمد کی بھی رسائی نہیں۔

امام سفیان بن عیینہ شہادت دیتے کہ ما مقلت عینی مثل ابی حنیفۃ[2] (میری آنکھوں نے ابو حنیفہؒ کی مثل نہیں دیکھا) وہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ العلماء ابن عباس فی زمانہ والشعبی فی زمانہ وابو حنیفۃ فی زمانہ[3] (علماء تو یہ تھے ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنے زمانہ میں، شعبیؒ اپنے زمانہ میں اور ابو حنیفہؒ اپنے زمانہ میں) عبد الرحمن بن مہدی جو فن رجال کے مشہور امام ہیں فرماتے ہیں:

کنت نقالاً للحدیث فرایتُ سفیان الثوری امیر المؤمنین فی العلماء وسفیان بن عیینۃ امیر العلماء وشعبۃ عیار الحدیث وعبد اللہ بن المبارک صراف الحدیث ویحیی بن سعید قاضی العلماء وابو حنیفۃ قاضی قضاۃ العلماء ومن قال لک سوی ھذا فارمہ فی کناسۃ بنی سلیم[4]	میں حدیث کا بڑا ناقل تھا سو میں نے دیکھا کہ سفیان ثوری تو علماء میں امیر المؤمنین ہیں اور سفیان بن عیینہ امیر العلماء اور شعبہ حدیث کی کسوٹی ہیں اور عبد اللہ بن مبارک اس کے صراف اور یحیی بن سعید قاضی العلماء ہیں اور ابو حنیفہ قاضی قضاۃ العلماء۔ اور جو شخص تمہیں اس کے سوا کچھ اور بتائے تو اس کی بات کو بنی سلیم کے گھورے پر پھینک دو۔

شیخ الاسلام یزید بن ہارون کا قول ہے

کان ابو حنیفۃ تقیاً نقیاً زاھداً	امام ابو حنیفہ متقی، پاکیزہ صفات، زاہد

---

[1] "مناقب ابی حنیفہ" از ذہبی ص۲۷۔ [2] ایضاً ص۱۹۔ [3] مناقب صیمری۔ [4] مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ مکی جلد ۲ ص۴۵ طبع دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن

عالماً صدوق اللسان احفظ اھل زمانہ سمعتُ کل من ادرکتہ من اھل زمانہ انہ ما رؤی افقہ منہ[1]	عالم، زبان کے سچے اور اپنے اہل زمانہ میں سب سے بڑے حافظِ حدیث تھے۔ میں نے ان کے معاصرین میں سے جتنے لوگوں کو پایا سب کو یہی کہتے سنا کہ ان سے زیادہ فقیہ نہیں دیکھا گیا

یہ بھی انہی کا بیان ہے کہ لم أر اعقل ولا افضل ولا أورع من ابی حنیفۃ[2]
(میں نے ابوحنیفہ سے زیادہ عاقل، ان سے افضل اور ان سے زیادہ پاکباز نہیں دیکھا)

امام الجرح والتعدیل یحیی بن سعید القطان فرماتے ہیں کہ

انہ واللہ لأعلم ھذہ الامّۃ بما جاء عن اللہ و رسولہ[3]	واللہ ابوحنیفہ اس امت میں خدا اور اس کے رسول سے جو کچھ وارد ہوا ہے اس کے سب سے بڑے عالم ہیں۔

سید الحفاظ یحیی بن معین سے ایک بار ان کے شاگرد احمد بن محمد البغدادی نے ابوحنیفہ کے متعلق ان کی رائے دریافت کی۔ فرمانے لگے عدل ثقۃ ماظنّك بمن عدّلہ ابن المبارك ووکیع[4] (سراپا عدالت ہیں، ثقہ ہیں۔ ایسے شخص کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے جس کی ابن مبارک اور وکیع نے توثیق کی ہے)۔

امام عبداللہ بن مبارک کہا کرتے تھے لولا ان اللہ تدارکنی بابی حنیفۃ وسفیان لکنتُ بدعیًا[5] (اگر اللہ تعالیٰ نے ابوحنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ کے ذریعہ میرا تدارک نہ کیا ہوتا تو میں بدعتی ہوتا)

شیخ الاسلام ابوعبدالرحمٰن مقری، امام ابوحنیفہ سے حدیث روایت کرتے تو ان

---

[1] مناقب صیمری۔ [2] مناقب ذہبی ص۲۶۔ [3] مقدمہ کتاب التعلیم از مسعود بن شیبہ سندی بحوالہ تاریخ امام طحاوی، اس کتاب کا قلمی نسخہ مجلس علمی کراچی کے کتبخانہ میں موجود ہے۔

[4] مناقب الامام الاعظم از علامہ کردری ج ۱ ص۹۱ طبع دائرۃ المعارف۔

[5] مناقب ابی حنیفہؒ از حافظ ذہبی ص۱۸

ان الفاظ میں کیا کرتے حدثنا ابو حنیفۃ شاہ مرداں[۱]۔ ائمہ اعلام کی ان شہادتوں سے جو صحیح ترین ماخذ سے منقول ہیں آپ ابو حنیفہ کی جلالت علمی کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ امت محمدیہ میں ان کا مقام کیا ہے، امام اہل بلخ خلف بن ایوب نے بالکل صحیح کہا ہے کہ

صار العلم من اللہ تعالیٰ الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ثم صار الی اصحابہ ثم صار الی التابعین ثم صار الی ابی حنیفۃ واصحابہ فمن شاء فلیرض ومن شاء فلیسخط[۲]۔	اللہ تعالیٰ سے علم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا آپ کے بعد آپ کے صحابہ کو۔ صحابہ کے بعد تابعین کو۔ پھر تابعین سے امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب کو ملا۔ اس پر چاہے کوئی خوش ہو یا ناراض۔

صحت کا التزام | پہلے اس پر غور کیجئے کہ علم حدیث میں امام ابو حنیفہ کا کیا پایہ ہے شمس الائمہ سرخسیؒ فرماتے ہیں کان اعلم اھل عصرہ بالحدیث[۳]۔ وہ اپنے معاصرین میں حدیث کے سب سے بڑے عالم تھے۔ شیخ الاسلام یزید بن ہارون المتوفی ۲۰۶ھ (جن کے بارے میں علی بن المدینی کہا کرتے تھے کہ میں نے ان سے بڑھ کر حافظ حدیث نہیں دیکھا) اور سید الحفاظ یحییٰ بن سعید القطان المتوفی ۱۹۸ھ (جن کے بارے میں ابن المدینی کا قول ہے کہ ان سے بڑھ کر رجال کا عالم میری نظر سے نہیں گزرا) کی تصریحات اس سلسلہ میں ابھی آپ کی نظر سے گزریں، پھر اس امر کو نظر میں رکھئے کہ امام ابو حنیفہؒ کی نظر انتخاب نے چالیس ہزار[۴] احادیث کے

---

[۱] مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ ج ۲ ص ۳۲۔ [۲] تاریخ بغداد از محدث خطیب بغدادی، ترجمہ امام ابو حنیفہ [۳] اصول الفقہ از امام سرخسی جلد ۱ ص ۳۵۰ طبع مصر ۱۳۷۲ھ [۴] یہ چالیس ہزار متون احادیث کی تعداد نہیں اسانید کی ہے اور اس تعداد میں صحابہ کرام کے اقوال اور تابعین کے فتاویٰ بھی داخل ہیں کیونکہ سلف کی اصطلاح میں ان سب کے لئے حدیث اور اثر کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔ امام ابو حنیفہ کے زمانہ میں احادیث کے طرق واسانید کی تعداد چالیس پچاس ہزار سے متجاوز نہ تھی بعد کو بخاری و مسلم کے عہد میں یہی تعداد لاکھوں تک جا پہنچی، کیونکہ جب ایک شیخ نے کسی حدیث کو مثلاً دس شاگردوں سے بیان کیا تو اب محدثین کی اصطلاح کے مطابق اس حدیث کی دس اسنادیں اور دس طریقے ہوگئے۔ چنانچہ اگر آپ "کتاب الآثار" اور "موطا" کی احادیث کی تخریج بقیہ کتب احادیث سے کرنے بیٹھیں تو ایک ایک روایت کے دسیوں بیسیوں بلکہ سینکڑوں طریقے اور اسنادیں مل جائیں گی۔

مجموعہ سے چن کر اس کتاب کو مرتب کیا ہے، چنانچہ صدر الائمہ موفق بن احمد مکی، امام الائمہ بحر بن محمد زرنجری المتوفی ۵۱۲ھ کے حوالے سے جو بڑے پایہ کے محدث گزرے ہیں ناقل ہیں

وانتخب ابوحنیفة رحمه الله الآثار من اربعین الف حدیث[1]	امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے "کتاب الآثار" کا انتخاب چالیس ہزار احادیث سے کیا ہے۔

حافظ ابونعیم اصفہانی نے مسند ابی حنیفہ میں بہ سندِ متصل یحییٰ بن نصر بن حاجب کی زبانی نقل کیا ہے کہ

دخلتُ علی ابی حنیفة فی بیت مملوء کتباً فقلتُ ما هذه قال هذه احادیث کلها وما حدّثت به الا الیسیر الذی ینتفع به[2]	میں ابوحنیفہ کے یہاں ایسے مکان میں داخل ہوا کہ جو کتابوں سے بھرا ہوا تھا میں نے دریافت کیا کہ یہ کیا کتابیں ہیں فرمایا یہ سب حدیثیں ہیں اور میں نے ان میں سے صرف تھوڑی سی حدیثیں بیان کی ہیں جن سے انتفاع ہو۔

پھر یہ دیکھئے کہ بڑے بڑے محدثین نے امام ابوحنیفہ کی اس احتیاط کا کن لفظوں میں اعتراف کیا ہے۔ حافظ ابو محمد عبداللہ حارثی بسندِ متصل وکیع سے جو حدیث کے بہت بڑے امام ہیں، نقل کرتے ہیں کہ

اخبرنا القاسم بن عباد سمعتُ یوسف الصفار یقول سمعتُ وکیعاً یقول لقد وجد الورع عن ابی حنیفة فی الحدیث مالم یوجد عن غیره[3]	جیسی احتیاط امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے حدیث میں پائی گئی، کسی دوسرے سے نہیں پائی گئی۔

اسی طرح علی بن جعد جوہری سے جو حدیث کے بہت بڑے حافظ اور امام بخاری و ابوداؤد کے شیخ ہیں نقل کیا ہے کہ

قال القاسم بن عباد فی حدیثه قال	امام ابوحنیفہ (رحمہ اللہ) جب حدیث بیان

---

[1] "مناقب الامام الاعظم" جلد ۱ ص ۹۵ - [2] "عقود الجواهر المنیفة" جلد ۱ ص ۲۳ طبع مصر۔
[3] "مناقب صدر الائمہ" جلد ۱ ص ۱۹۷

علی بن الجعد ابوحنیفۃ اذا جاء بالحدیث جاء بہ مثل الدر[۱]۔ — کرتے ہیں تو موتی کی طرح آبدار ہوتی ہیں۔

اور امام یحییٰ بن معین جن پر فنِ جرح و تعدیل کا دار و مدار ہے فرماتے ہیں

کان ابوحنیفۃ ثقۃ لایحدث بالحدیث الابما یحفظہ ولایحدث بما لایحفظ[۲] — ابوحنیفہ ثقہ ہیں جو حدیث ان کو یاد ہوتی ہے وہی بیان کرتے ہیں اور جو حفظ نہیں ہوتی اس کو بیان نہیں کرتے

امام عبداللہ بن مبارک جن کی جلالتِ شان پر سارے محدثین کا اتفاق ہے، انہوں نے امام ابوحنیفہ کی مدح میں جو اشعار کہے ہیں ان میں "کتاب الآثار" کا ذکر اس طرح کیا ہے ؎

روی اٰثارہ فاجاب فیھا ۔۔۔ کطیران الصقور من المنیفۃ

انہوں نے آثار کو روایت کیا تو اس عمر سے رواں ہوئے جیسے بلندی سے شکاری پرندے اڑتے ہیں۔

فلم یک بالعراق لہ نظیر ۔۔۔ ولا بالمشرقین ولا بکوفۃ[۳]

سو نہ تو عراق میں ان کی نظیر تھی، نہ مشرق و مغرب میں اور نہ کوفہ میں

اسی طرح امام اہل سمرقند ابومقاتل سمرقندی اپنی ایک نظم میں جو انہوں نے امام ممدوح کی منقبت میں کہی ہے فرماتے ہیں ؎

روی الاٰثار عن نُبُلٍ ثقاتٍ ۔۔۔ غِزارالعلم مشیخۃ حصیفۃ[۴]

انہوں نے الآثار کو ان نبلاء ثقات سے روایت کیا ہے جو بڑے وسیع العلم اور پکے مشائخ تھے۔

اب خود سوچ لیجئے کہ "کتاب الآثار" کی روایات صحت کے کس اعلیٰ معیار پر ہیں۔

حسنِ ترتیب و استیعابِ مباحث | تاریخ و رجال کی کتابوں میں علم حدیث کے متعلق صحابہ و تابعین کے بہت سے نوشتوں اور صحیفوں[۵] کا ذکر ملتا ہے جو اس کثرت سے تھے کہ محدث ابونعیم

---

[۱] جامع مسانید الامام الاعظم از محدث خوارزمی ج ۲ ص ۳۰۸ طبع دائرۃ المعارف۔ [۲] "تاریخ بغداد" تہذیب التہذیب از حافظ ابن حجر اور طبقات الحفاظ امام سیوطی میں امام ابوحنیفہ کا ترجمہ دیکھو، سیوطی کی طبقات الحفاظ کا قلمی نسخہ مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن کے کتب خانہ میں ہماری نظر سے گزرا ہے۔

[۳] مناقب صدر الائمہ جلد ۲ ص ۱۹۰ [۴] مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ جلد ۲ ص ۱۹۱۔ [۵] ان صحیفوں میں سے مشہور تابعی ہمام بن منبہ کا صحیفہ جو ۵۸ھ سے پہلے کی تالیف ہے اردو ترجمہ کے ساتھ گزشتہ سال ہی حیدرآباد دکن سے شائع ہوا ہے۔

اصفہانی کی روایت کے مطابق امام ابو حنیفہ کا مکان ان سے بھرا ہوا تھا۔ اور اگرچہ اس میں شک نہیں کہ کوفہ میں علم حدیث کا جس قدر تحریری سرمایہ تھا وہ سب امام ممدوح نے اپنے پاس جمع کر لیا تھا۔ تاہم نہیں کہا جاسکتا کہ دوسرے بلادِ اسلامیہ میں اور کس قدر ذخیرہ موجود ہوگا لیکن اس کثرت کے باوجود ابھی تک حدیثِ نبوی کے جتنے صحیفے اور مجموعے لکھے گئے تھے ان کی ترتیب فنی نہ تھی بلکہ ان کے جامعین نے کیف ما اتفق جس قدر حدیثیں ان کو یاد تھیں انہیں قلم بند کر لیا تھا۔ تمام امت میں امام ابوحنیفہؒ کو اس بارے میں شرفِ اولیت حاصل ہے کہ انہوں نے علم شریعت کو باقاعدہ ابواب پر مرتب فرمایا اور اس خوبی و خوش اسلوبی سے مرتب فرمایا کہ آج تک سنن و احکام کی تمام کتابیں انہی کی فقہی ترتیب کے مطابق مدوّن و مرتب ہوتی چلی آ رہی ہیں۔ سب سے پہلے امام مالکؒ نے موطا کی ترتیب میں امام ابوحنیفہؒ کا تتبع کیا اور بعد کو تمام ائمہ نے اسی طریقہ کو اختیار کر لیا۔ حسن قبول اسی کا نام ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ

این سعادت بزورِ بازو نیست   تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

علامہ سیوطیؒ تحریر فرماتے ہیں

من مناقب ابی حنیفۃ التی انفرد بھا انہ اول من دوّن علم الشریعۃ و رتّبہ ابوابا ثم تبعہ مالك بن انس فی ترتیب المؤطا ولم یسبق اباحنیفۃ احد

تبییض الصحیفۃ فی مناقب ابی حنیفۃ[1]

امام ابو حنیفہ کے ان خصوصی مناقب میں سے جن میں وہ منفرد ہیں ایک یہ بھی ہے کہ آپ ہی وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے علم شریعت کو مدوّن کیا اور اس کی ابواب پر ترتیب کی۔ پھر امام مالک بن انس نے موطا کی ترتیب میں انہی کی پیروی کی اور اس امر میں امام ابوحنیفہؒ پر کسی کو اولیت حاصل نہیں ہے۔

امام ابوبکر عتیق بن داؤد یمانی رحمہ اللہ نے جن کا شمار متقدمین فقہاء میں ہے اس سلسلے میں اس امر کی طرف بھی توجہ دلائی ہے کہ

فاذا کان اللہ تعالیٰ قد ضمن لنبیّہ صلی اللہ علیہ وسلم حفظ الشریعۃ وکان ابوحنیفۃ

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی شریعت کے متعلق حفاظت کا ذمہ لیا ہے اور امام ابوحنیفہؒ

---

[1] طبع دائرۃ المعارف۔ ص ۳۶

اول من دوّنها فیبعد ان یکون	پہلے شخص ہیں جنھوں نے اس کو مدوّن فرمایا
اللہ تعالیٰ قد ضمنہا ثم یکون اول من	تو اب یہ بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ تو اس کی حفاظت
دوّنہا علی خطأ[۱]	کی ضمانت لیں اور پھر اس کا پہلا مدوّن ہی غلط
	تدوین کر دے ۔

قبولیتِ عام اور شہرت قبول عام اور شہرتِ دوام کا یہ حال ہے کہ امتِ مرحومہ کا سوادِ اعظم جس کی تعداد کا اندازہ دو ثلث اہل اسلام کیا جاتا ہے فقہ میں جس مذہب کا پیرو ہے وہ مذہب حنفی ہے۔ اور اس مذہب کے مسائلِ فقہ کی بنا اسی کتاب الآثار کی احادیث و روایات پر ہے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" میں "کتاب الآثار" کو حنفیوں کی امہات کتب میں شمار کیا ہے[۲] اور تصریح کی ہے کہ "مسند ابی حنیفہ و آثار محمد مبنائے فقہ حنفیہ است[۳]" (فقہ حنفی کی بنا "مسند ابی حنیفہ" و "آثار محمد" پر ہے)

امام ابوحنیفہ کی تصانیف سے امام مالک کے استفادہ کا ذکر کتبِ تاریخ میں بصراحت مذکور ہے۔ قاضی ابوالعباس محمد بن عبد اللہ ابن ابی العوام اپنی کتاب "اخبار ابی حنیفہ" میں بسند ناقل ہیں۔

حدثنی یوسف بن احمد المکی	امام شافعی فرماتے ہیں کہ عبدالعزیز دراوردی
ثنا محمد بن حازم الفقیہ ثنا محمد	کا بیان ہے کہ امام مالک بن انس، امام
بن علی الصائغ بمکۃ ثنا ابراھیم	ابوحنیفہ کی تصانیف کا مطالعہ کرتے اور ان سے
بن محمد عن الشافعی عن عبدالعزیز	نفع اندوز ہوتے تھے

الدراوردی قال کان مالک بن انس ینظر فی کتب ابی حنیفۃ وینتفع بہا[۴]

---

[۱] مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ ج ۲ ص ۱۳۷ [۲] کتاب مذکور ص ۱۸۵ طبع مجتبائی دہلی
[۳] ایضاً ص ۱۷۱ ۔ [۴] تعلیقات الانتقاء فی فضائل الثلاثۃ الفقہاء از محدث کوثری ص ۱۴
طبع مصر

خود امام شافعیؒ نے تصریح کی ہے کہ

من لم ینظر فی کتب ابی حنیفة لم یتبحر فی الفقه [1]

جو شخص امام ابو حنیفہ کی تصانیف کو نہیں دیکھے گا فقہ میں متبحر نہیں ہوگا۔

ابو مسلم مستملی نے ایک بار شیخ الاسلام یزید بن ہارون سے بغداد میں سوال کیا کہ

یا ابا خالد ما تقول فی ابی حنیفة والنظر فی کتبه

اے ابو خالد ابو حنیفہ اور ان کی تصانیف کے مطالعہ کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں

شیخ الاسلام نے جواب دیا

انظروا فیها ان کنتم تریدون ان تفقهوا [2]

اگر تم فقیہ بننا چاہتے ہو تو ان کا مطالعہ کیا کرو

ایک اور موقع پر جب یزید بن ہارون حدیث کا درس دے رہے تھے طلباء کو خطاب کر کے کہنے لگے

همتکم السماع والجمع لو کان همتکم العلم لطلبتم تفسیر الحدیث ومعانیه ونظرتم فی کتب ابی حنیفة واقاویله فیفسر لکم الحدیث [3]

تمہارا تو مقصد بس حدیث کا سننا اور جمع کر لینا ہے اگر علم تم لوگوں کا مقصد ہوتا تو حدیث کی تفسیر اور اس کے معانی کی تلاش رکھتے اور ابو حنیفہ کی تصانیف اور ان کے اقوال میں غور کرتے تب حدیث کی تشریح تم پر کھلتی۔

اور حافظ عبد اللہ بن داؤد خریبی

من اراد ان یخرج من ذل العمی والجهل ویجد لذة الفقه فلینظر فی کتب ابی حنیفة [4]

جو شخص چاہتا ہے کہ نابینائی اور جہالت کی ذلت سے نکلے اور فقہ کی لذت سے آشنا ہو اس کو چاہیئے کہ ابو حنیفہؒ کی کتابیں دیکھے۔

---

[1] "مناقب ابی حنیفہ" از صیمری۔ [2] "تاریخ بغداد" از خطیب۔

[3] "مناقب صدر الائمہ" ج ۲ ص ۴۸

[4] مناقب صیمری

حافظ ابو یعلیٰ خلیلی نے "کتاب الارشاد" میں امام مزنی کے ترجمہ میں جو امام شافعی کے اجل تلامذہ میں شمار کئے جاتے ہیں لکھا ہے کہ امام طحاوی، مزنی کے بھانجے تھے، ایک بار محمد بن احمد شروطی نے ان سے دریافت کیا کہ

لم خالفت خالك واخترت مذهب ابی حنیفة	آپ نے اپنے ماموں کے خلاف ابو حنیفہ کا مذہب کیوں اختیار کیا۔

امام طحاوی نے فرمایا

لانی کنت اری خالی یدیم النظر فی کتب ابی حنیفة فلذلك انتقلت الیه	اس لئے کہ میں اپنے ماموں کو دیکھا کرتا تھا کہ وہ ہمیشہ ابو حنیفہ کی کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے لہذا میں نے بھی انہیں کے مذہب کو اختیار کرلیا

(تاریخ ابن خلکان، ترجمہ امام طحاوی)

یہ تھیں ائمہ فقہ و حدیث کی تصریحات اور یہ تھا ان کا طرزِ عمل امام ابو حنیفہ کی تصانیف کے بارے میں۔ اب ذرا اس پر بھی نظر ڈالئے کہ کتاب الآثار کی تصنیف نے اس فن کی تدوین پر کیا اثر ڈالا۔ روایات کی تبویب اور حسنِ ترتیب کے سلسلے میں امام ابو حنیفہ نے جو طریقہ اختیار کیا تھا بعد کے تمام مؤلفین نے اسی کو قائم رکھا۔ مؤطا کی ترتیب اسی کو سامنے رکھ کر کی گئی۔ اسی طرح روایات کے انتخاب اور ان کی صحت کے بارے میں امام ابو حنیفہ نے جو معیار قائم کیا تھا بعد کے اربابِ صحاح نے باوجود اختلافِ ذوق کے اس کا پورا پورا خیال رکھا۔ روایت سے احتجاج کے باب میں امام ابو حنیفہ نے اپنا طرزِ عمل یہ بتلایا ہے

انی آخذ بکتاب الله اذا وجدته وما لم اجده فیه اخذت بسنة رسول الله صلی الله علیه وسلم والآثار الصحاح عنه التی	میں مسئلہ کو جب "کتاب اللہ" میں پاتا ہوں تو وہاں سے لیتا ہوں اور جو وہاں نہ ملے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت اور آپ کی ان صحیح احادیث سے لیتا ہوں کہ جو ثقات کے

فشت فی ایدی الثقات[۱] - ہاتھوں شائع ہو چکی ہیں ۔

اور امام سفیان ثوری نے آپ کے اس طرز عمل کی شہادت ان الفاظ میں دی ہے

یاخذ بما صح عندہ من الاحادیث التی کان یحملھا الثقات و بالآخر من فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم[۲]	جو حدیثیں ان کے نزدیک صحیح ہوتی ہیں اور جن کو ثقات روایت کرتے چلے آتے ہیں اور جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری فعل ہوتا ہے، اسی سے لیتے ہیں ۔

"کتاب الآثار" میں امام ابوحنیفہ نے ان ہی "آثار صحاح" کو جن کی اشاعت ثقات کے ہاتھوں عمل میں آئی ہے جمع کر دیا ہے ۔ امام ممدوح نے اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری افعال و ہدایات کو مبناء اول اور آثار صحابہ و تابعین کو مبناء ثانی قرار دیا ہے ۔
غور کیجئے بعینہ یہی طرز امام صاحب کے تتبع میں امام مالک نے موطا میں اختیار فرمایا ہے جو بقول شاہ عبد العزیز محدث دھلوی "اصل و ام صحیحین است"۔ اس اعتبار سے کتاب الآثار "صحیحین کی ام الام" ہوئی ۔ شاہ صاحب موصوف نے "عجالہ نافعہ" میں یہ بھی لکھا ہے

صحیح بخاری و صحیح مسلم ہر چند در بسط و کثرت احادیث دہ چند موطا باشند لیکن طریق روایت احادیث و تمیز رجال و راہ اعتبار و استنباط از موطا آموختہ اند ۔[۳]	صحیح بخاری اور صحیح مسلم ہر چند کہ بسط و کثرت احادیث کے اعتبار سے موطا سے دس گنی ہیں لیکن روایت حدیث کا طریقہ رجال کی تمیز اور اعتبار و استنباط کا ڈھنگ موطا ہی سے سیکھا ہے ۔

ادھر فقہاء محدثین کا یہ عالم ہے کہ انہوں نے ترتیب مضامین تو درکنار اپنی تصنیفات کے نام تک تجویز کرنے میں اس کی ہم آہنگی کی، چنانچہ امام ثلجی نے اپنی کتاب کا نام "تصحیح الآثار" اور امام طحاوی نے "معانی الآثار" اور "مشکل الآثار" اور امام طبری نے "تہذیب الآثار" رکھا ۔
بہر حال یہ ایک حقیقت ہے کہ "کتاب الآثار" سے پہلے حدیث کی کوئی کتاب ابواب

---

[۱] مناقب صیمری ۔ [۲] الانتقاء فی فضائل الائمۃ الثلاثۃ الفقہاء از حافظ ابن عبد البر ص۱۴۲ طبع مصر
[۳] عجالہ نافعہ ص۵ طبع مجتبائی دہلی ۔

پر مرتب نہ تھی۔ "کتاب الآثار" تصنیف ہوئی تو حدیث کی تبویب کا رواج ہوا۔ اور چونکہ اس میں تبویب کے ساتھ ساتھ صحیح روایات کے درج کرنے کا التزام تھا اس لئے بعد کو ابواب پر تصنیف کے لئے یہ ضروری سمجھا گیا کہ جہاں تک ہوسکے صحیح تر روایات درج کتاب کی جائیں۔ چنانچہ حافظ سیوطی "تدریب الراوی" میں لکھتے ہیں

ان المصنف علی الابواب انما یورد اصح ما فیه لیصلح للاحتجاج[1] — ابواب پر تصنیف کرنے والا اس مضمون کی صحیح تر روایت کو لاتا ہے جو استدلال کے لائق ہو۔

اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حسنِ ترتیب، جودتِ تالیف، صحتِ روایات اور ان کے انتخاب کے بارے میں کتاب الآثار نے بعد کی تصنیفات پر کتنا عمدہ اثر ڈالا ہے۔

کتاب الآثار کے نسخے

مؤطا، صحیح بخاری، سنن نسائی، سنن ابی داؤد اور دیگر کتبِ حدیث کی طرح "کتاب الآثار" کے بھی متعدد نسخے ہیں جن میں روایات کی تعداد کے لحاظ سے بھی فرق ہے اور ابواب کی تقدیم و تاخیر کے لحاظ سے بھی۔ چنانچہ بعض نسخوں میں بہت سی روایات ایسی ملتی ہیں جو دوسرے نسخوں میں نہیں پائی جاتیں۔ اسی طرح کسی نسخے میں کوئی روایت کہیں مذکور ہے اور کسی میں کہیں، اس قسم کا اختلاف کتبِ مذکورہ میں بھی پایا جاتا ہے اور ایسا ہونا لازمی تھا۔ کیونکہ امام ابوحنیفہ کے تمام شاگردوں نے "کتاب الآثار" کو ایک ہی وقت میں امام موصوف سے حاصل نہیں کیا تھا۔ بلکہ مختلف شاگردوں نے مختلف اوقات میں اس کا سماع کیا تھا۔ اس زمانے دستور تھا کہ استاد اپنے حفظ سے احادیث کا املا کراتا اور شاگرد اس کو لکھ لیا کرتے۔ اس اختلافِ اشخاص اور اختلافِ اوقات کی بنا پر ناگزیر تھا کہ روایات کی تعداد اور ابواب کی تقدیم و تاخیر میں کسی قدر اختلاف ضرور ہو۔ علاوہ ازیں نظرِ ثانی کے وقت اکثر اس میں اضافہ ہوتا رہتا تھا۔ چنانچہ امام عبداللہ بن مبارک جو امام ابوحنیفہ کے مشہور شاگرد ہیں فرماتے ہیں

كتبتُ كتب ابی حنیفة غیر مرّة كان یقع فیها زیادات فاكتبها[2]۔ — میں نے امام ابوحنیفہ کی تصانیف کو کئی بار نقل کیا کیونکہ ان میں اضافے ہوتے رہتے تھے اور مجھے انہیں لکھنا پڑتا۔

---

[1] "تدریب الراوی" ص ۵۶ طبع مصر۔ [2] مناقب صدر الائمہ ج ۲ ص ۱۶۸

محدثین نے کتاب الآثار کے جن نسخوں کا خاص طور پر ذکر کیا ہے وہ حسب ذیل ہیں

(۱) کتاب الآثار بروایت امام زفر بن الهذیل المتوفی سنہ ۱۵۸ھ

ان کے نسخہ کا ذکر حافظ امیر بن ماکولا المتوفی ۴۷۵ھ نے اپنی مشہور کتاب "الاکمال فی رفع الارتیاب[۱] عن المؤتلف والمختلف من الاسماء والکنی والانساب" کے باب الحصینی والجصینی میں کیا ہے۔ چنانچہ محدث احمد بن بکر جصینی کے ترجمہ میں لکھتے ہیں

احمد بن بکر بن سیف ابوبکر الجصینی ثقة یمیل میل اهل النظر روی عن ابی وهب عن زفر بن الهذیل عن ابی حنیفة "کتاب الآثار"	احمد بن بکر بن سیف ابوبکر جصینی ثقہ ہیں۔ اہل نظر یعنی فقہاء حنفیہ کی طرف میلان رکھتے ہیں اور امام ابوحنیفہؒ سے کتاب الآثار کو بواسطہ امام زفر بن الہذیل ان کے شاگرد ابو وہب سے روایت کرتے ہیں۔

امام زفر کے اس نسخہ کا ذکر حافظ ابوسعد سمعانی شافعی نے کتاب الانساب[۲] میں اور حافظ عبدالقادر قرشی حنفی نے "الجواہر المضیہ فی طبقات الحنفیہ[۳]" میں بھی کیا ہے۔

واضح رہے کہ امام زفرؒ سے کتاب الآثار کی روایت ان کے تین شاگردوں نے کی ہے۔ ایک یہی ابو وہب محمد بن مزاحم مروزی۔ دوسرے شداد بن حکیم بلخی جن کے نسخے سے "جامع مسانید الامام الاعظم للخوارزمی" میں "مسند حافظ ابن خسرو بلخی" وغیرہ کے حوالہ سے بکثرت روایتیں منقول ہیں اور تیسرے حکم بن ایوب، پہلے دو نسخوں کا ذکر محدث حاکم نیشاپوری نے بھی اپنی مشہور کتاب "معرفۃ علوم الحدیث" میں بایں الفاظ کیا ہے:

نسخة لزفر بن الهذیل الجعفی تفرّد بها عنه شداد بن حکیم البلخی ونسخة ایضًا لزفر بن الهذیل الجعفی تفرّد بها ابو وهب محمد بن مزاحم المروزی عنه[۴]	زفر بن ہذیل جعفی کا ایک نسخہ ہے جس کو ان سے صرف شداد بن حکیم بلخی روایت کرتے ہیں اور زفر ہی کا ایک نسخہ اور ہے جس کو ان سے صرف ابو وہب محمد بن مزاحم مروزی روایت کرتے ہیں

---

[۱] اس کتاب کے قلمی نسخے کتب خانہ ریاست ٹونک اور کتب خانہ حیدرآباد دکن میں ہماری نظر سے گزرے ہیں
[۲] ملاحظہ ہو کتاب الانساب نسبت الجصینی یہ کتاب لیڈن (ہالینڈ یورپ) میں چھپی ہے۔
[۳] الجواہر المضیہ میں احمد بن بکر کا تذکرہ دیکھو۔ [۴] معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۶۴ طبع دار الکتب المصریہ

امام زفر کے تیسرے نسخے کا ذکر حافظ ابو الشیخ بن حبان نے اپنی کتاب "طبقات المحدثین باصبہان والواردین علیہا" میں احمد بن رستہ کے ترجمہ میں کیا ہے۔ چنانچہ ان کی عبارت درج ذیل ہے[1]

احمد بن رستہ بن بنت محمد المغیرۃ کان عندہ "السنن" عن محمد عن الحکم بن ایوب عن زفر عن ابی حنیفۃ	احمد بن رستہ جو محمد بن المغیرہ کے نواسے ہیں ان کے پاس "سنن" تھی جس کو وہ اپنے نانا محمد سے وہ حکم بن ایوب سے وہ زفر سے اور وہ اس کو امام ابو حنیفہ سے روایت کرتے تھے

حافظ ابو الشیخ نے یہاں "کتاب الآثار" کو السنن کے نام سے ذکر کیا ہے اور چونکہ وہ اس کتاب میں ہر راوی کے ترجمہ میں اس کی روایت سے ایک دو حدیثیں بھی ذکر کرتے ہیں اس لئے اپنے معمول کے مطابق اس نسخہ سے بھی دو حدیثیں درج کی ہیں۔ اسی طرح حافظ ابو نعیم اصفہانی نے بھی "تاریخ اصبہان" میں اس نسخہ کی روایتیں نقل کی ہیں[2]۔ امام طبرانی کی "المعجم الصغیر"[3] میں بھی اس نسخہ کی ایک روایت موجود ہے۔

(۲) کتاب الآثار بروایت امام ابو یوسف المتوفی ۱۸۲ھ

اس نسخہ کا ذکر حافظ عبد القادر قرشی نے "الجواہر المضیہ فی طبقات الحنفیہ" میں کیا ہے چنانچہ امام یوسف بن ابی یوسف کے ترجمہ میں رقمطراز ہیں

روی "کتاب الآثار" عن ابیہ عن ابی حنیفۃ وھو مجلد ضخم۔	یہ اپنے والد کی سند سے امام ابو حنیفہ سے "کتاب الآثار" کی روایت کرتے ہیں جو ایک ضخیم جلد میں ہے۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا ابو الوفا افغانی صدر "مجلس احیاء المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن" کو کہ انہوں نے بڑی تلاش اور کوشش سے اس نسخہ کو فراہم کرکے تصحیح و تحشیہ

---

[1] اس کتاب کا قلمی نسخہ کتبخانۂ آصفیہ حیدرآباد دکن میں ہماری نظر سے گزرا ہے۔ [2] یہ کتاب اب یورپ میں طبع ہو چکی ہے۔ میں نے اس کا قلمی نسخہ کتب خانۂ آصفیہ میں دیکھا ہے [3] ملاحظہ ہو ص ۳۳ طبع انصاری دہلی

کے اہتمام کے ساتھ نہایت عمدہ کاغذ پر ۱۳۵۵ھ میں مصر سے طبع کرا کر شائع کیا۔

امام ابویوسف سے بھی "کتاب الآثار" کے اس نسخہ کو دو شخص روایت کرتے ہیں ایک یہی ان کے صاحبزادے امام یوسف مذکور اور دوسرے عمرو بن ابی عمرو، محدث خوارزمی نے عمرو کی روایت کو "جامع المسانید" میں نسخہ ابی یوسف سے موسوم کیا ہے اور اس کتاب کے باب ثانی میں اس نسخہ کی اسناد بھی امام ابویوسف تک نقل کر دی ہے۔

(۳) کتاب الآثار بروایت امام محمد بن حسن شیبانی المتوفی ۱۸۹ھ

ان کا نسخہ "کتاب الآثار" کے تمام نسخوں میں متداول ترین، مشہور ترین اور مقبول ترین ہے اور اسی کے بارے میں حافظ ابن حجر عسقلانی نے "تعجیل المنفعۃ بزوائد الائمۃ الاربعہ" کے مقدمہ میں یہ لکھا ہے کہ

والموجود من حدیث ابی حنیفۃ انما ھو کتاب الآثار التی رواھا محمد بن الحسن عنہ۔	حدیث میں امام ابوحنیفہ کی جو مستقل کتاب موجود ہے وہ "کتاب الآثار" ہے جس کو امام محمد بن حسن نے ان سے روایت کیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس نسخے میں جن راویوں سے حدیثیں مروی ہیں ان کے حالات میں دو اہم کتابیں لکھی ہیں پہلی تصنیف جو مستقل طور پر رجال "کتاب الآثار" سے متعلق ہے، اس کا نام "الایثار بمعرفۃ رواۃ الآثار" ہے۔ اس کتاب کا قلمی نسخہ میرے پاس بھی موجود ہے، دوسری کتاب یہی "تعجیل المنفعۃ" ہے جس میں حافظ صاحب موصوف نے صرف ان رواۃ حدیث کا تذکرہ لکھا ہے کہ جن سے ائمہ اربعہ امام اعظم، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل نے اپنی اپنی تصانیف میں حدیثیں نقل کی ہیں۔ مگر صحاح ستہ میں ان کے سلسلہ سے کوئی حدیث مروی نہیں ہے۔ چنانچہ اسی ذیل میں انہوں نے "تعجیل المنفعہ" میں "کتاب الآثار" امام محمد کے زوائد رجال کو بھی جمع کر دیا ہے۔ محدث سخاوی نے "الاعلان[۱] بالتوبیخ لمن ذم التاریخ" میں لکھا ہے کہ حافظ زین الدین قاسم بن قطلوبغا المتوفی ۸۷۹ھ نے بھی "رجال کتاب الآثار"

---

[۱] کتاب مذکور ص ۱۱۱ طبع دمشق ۱۳۴۹ھ

امام محمد پر ایک مستقل کتاب تصنیف کی ہے۔ ملا کاتب چلپی نے کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" میں "کتاب الآثار" امام محمد پر امام طحاوی کی شرح کا بھی ذکر کیا ہے اور شمس الائمہ سرخسی نے بھی مبسوط میں "کتاب الآثار" کے متعلق خود امام محمد کی شرح کا حوالہ دیا ہے[1]۔
اور علامہ تقی الدین احمد بن علی مقریزی نے "العقود فی تاریخ العہود"[2] میں حافظ قاسم بن قطلوبغا کی تصنیفات میں ان کی ایک کتاب التعلیق علی کتاب الآثار" کا بھی ذکر کیا ہے جو رجال "کتاب الآثار" کے علاوہ ہے۔ اسی طرح علامہ مرادی نے بھی "سلک الدرر فی اعیان القرن الثانی عشر" میں شیخ ابو الفضل نور الدین علی بن مراد موصلی عمری شافعی المتوفی سنہ ۱۱۴۷ھ کے ترجمہ میں ان کی "شرح کتاب الآثار" امام محمد کا ذکر کیا ہے، خود ہم نے اس کے رجال پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے اور اس نسخہ کی احادیث کو مسانید صحابہ پر مرتب کیا ہے۔ حال میں مولانا مفتی مہدی حسن شاہجہاں پوری نے بھی اس پر دو ضخیم جلدوں میں ایک مبسوط و محققانہ شرح لکھی ہے جس کے بارے میں مولانا ابو الوفا افغانی نے شرحاً حسناً لم یر مثلہ[3] (ایسی عمدہ شرح کہ جس کی نظیر دیکھنے میں نہیں آئی) کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

امام محمد سے بھی اس نسخہ کو ان کے متعدد شاگردوں نے روایت کیا ہے۔ مطبوعہ نسخہ امام ابو حفص کبیر اور امام ابو سلیمان جوزجانی کا روایت کردہ ہے۔ ان دونوں بزرگوں کے علاوہ امام ممدوح کے ایک اور شاگرد عمرو بن ابی عمرو بھی ان سے اس کتاب کی روایت کرتے ہیں۔ اور محدث خوارزمی نے "جامع المسانید" میں اسی نسخہ کو امام محمد سے موسوم کیا ہے۔ غالباً اس نسخہ میں فتاوی تابعین کو ذکر نہیں کیا گیا بلکہ صرف احادیث ہی درج ہیں اور شاید اسی بنا پر اس کو مسند ابی حنیفہ کہا جاتا ہے۔

---

[1] ملاحظہ ہو مبسوط سرخسی جلد ۱ ص ۸ طبع مصر سنہ ۱۳۲۴ھ اس کی اصل عبارت یہ ہے
فقد ذکر محمد رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرح الآثار لہ الخ۔ [2] الضوء اللامع فی اعیان القرن التاسع للسخاوی میں حافظ قاسم کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔ [3] مقدمہ "کتاب الآثار" امام ابو یوسف۔ از مولانا افغانی دامت برکاتہم

امام ابوحفص کبیر اور امام ابوسلمان جوزجانی چونکہ فقہ حنفی کے ارکان نقل ہیں اس لئے "کتاب الآثار" کے تمام نسخوں میں ان ہی حضرات کی روایت کو زیادہ فروغ ہوا۔ کاتب الحروف بھی "کتاب الآثار" امام محمد کو امام ابوحفص کبیر ہی کے طریق سے روایت کرتا ہے۔ جس کی سند درج ذیل ہے۔

اجازنی الشیخ الفقیہ العالم المحدّث مولانا ابوالوفا الافغانی ادامہ اللہ بالعز والکرامۃ قال اجازنی الشیخ عبد القادر بن الشیخ محمد الحواری الزبیری المدنی مدیر مکتبۃ شیخ الاسلام عارف حکمت بمدینۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی شہر اللہ المحرم ۱۳۷۲ھ عن الشیخ علی ظاہر الوتری عن الشیخ عبد الغنی الدہلوی عن الشیخ محمد عابد السندی عن عمہ الشیخ محمد حسین بن محمد مراد الانصاری قال اجازنی الشیخ عبد الخالق بن علی المزجاجی قال قرأتُ علی الشیخ محمد بن علاء الدین المزجاجی عن الشیخ احمد بن محمد النخلی عن الشیخ محمد بن علاء الدین البابلی عن ابی النجا سالم بن محمد السنہوری عن النجم محمد بن احمد بن علی الغیطی عن شیخ الاسلام زکریا الانصاری عن الحافظ احمد بن علی بن حجر العسقلانی انا بہا ابو عبد اللہ الجریری محمد بن علی بن صلاح انا القوام امیر کاتب بن امیر عمر بن غازی الاتقانی انا البرہان احمد بن اسعد بن محمد البخاری والحسام حسین بن علی السغناقی قالا انا فخر الحرمین حافظ الدین محمد بن محمد بن نصر البخاری انا الامام محمد بن عبد الستار الکردری انا عمر بن عبد الکریم الورسکی انا عبد الرحمٰن بن محمد الکرمانی انا ابوبکر بن الحسین الارسابندی انا ابو عبد اللہ الزوزنی انا ابو زید الدبوسی انا ابو جعفر الاستروشنی و ابو علی الحسین بن خضر النسفی انا ابوبکر محمد بن الفضل انا ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی انا ابو عبد اللہ محمد بن ابی حفص الکبیر انا ابی انا الامام محمد بن الحسن الشیبانی

(۴) کتاب الآثار بروایتِ امام حسن بن زیاد لؤلؤی المتوفی ۲۰۴ھ

اس نسخہ کا ذکر حافظ ابن حجر عسقلانی نے "لسان المیزان" میں کیا ہے۔ چنانچہ محدث محمد بن ابراہیم جبیش بغوی کے تذکرہ میں لکھتے ہیں :

محمد بن ابراهيم بن جبيش البغوى روى عن محمد بن شجاع الثلجي عن الحسن بن زياد عن ابي حنيفة "كتاب الآثار"[۱]

محمد بن ابراہیم بن جبیش بغوی، محمد بن شجاع ثلجی سے وہ امام حسن بن زیاد سے اور وہ امام ابوحنیفہؒ سے "کتاب الآثار" کو روایت کرتے ہیں۔

حافظ ابن قیمؒ کی "اعلام الموقعین" کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ نسخہ ان کے بھی پیش نظر تھا۔ چنانچہ انہوں نے اس نسخہ سے حسب ذیل حدیث نقل کی ہے۔

قال الحسن بن زياد اللؤلؤى ثنا ابو حنيفة قال كنا عند محارب بن دثار وكان متكئا فاستوى جالسا ثم قال سمعت ابن عمر يقول سمعت رسول الله

---

[۱] واضح رہے کہ لسان المیزان کے مطبوعہ نسخہ میں یہ عبارت اس طرح مذکور ہے :

محمد بن ابراهيم بن حسن البغوى روى عن محمد بن نجيح البلخى عن الحسن بن زياد عن محمد بن الحسن عن ابي حنيفة "كتاب الآثار"

لیکن طباعت کے اندر اسماء میں سخت تصحیف ہوگئی ہے۔ جبیش البغوی کی بجائے حسن البغوی غلط چھپ گیا۔ اسی طرح شجاع الثلجی کی جگہ نجیح البلخی محض غلط ہے اور عن الحسن بن زیاد عن ابی حنیفۃ کے درمیان عن محمد بن الحسن کا اضافہ اگر اصل منقول عنہ میں بھی موجود ہے تو یقیناً غلط ہے بہر حال مطبع کے مصححین نے یہاں تصحیح کا اہتمام بالکل نہیں کیا۔ قلمی نوشتوں کے پڑھنے میں اسماء کی غلطی تو بالکل معمولی بات ہے۔ اور حافظ ابن حجر عسقلانی کے متعلق تو مشہور ہے کہ وہ نہایت بدخط تھے خود ہم نے حافظ صاحب کے قلم کا لکھا ہوا "اتحاف المہرہ" کا نسخہ دیکھا ہے فی الواقع ان کے نوشتہ کا صحیح پڑھ لینا ہر شخص کا کام نہیں ہے۔ محمد بن ابراہیم بن جبیش بغوی اور امام محمد بن شجاع ثلجی دونوں بڑے مشہور و معروف محدث گزرے ہیں۔ حافظ خطیب بغدادی نے ان دو حضرات کا مفصل تذکرہ تاریخ بغداد میں لکھا ہے اور چونکہ یہ دونوں حنفی ہیں اس لئے وہ اپنی عادت کے مطابق ان دونوں کے خلاف تعصب کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکے۔

صلی اللہ علیہ وسلم لیاتین علی الناس یوم تشیب فیہ الولدان وتضع الحوامل مافی بطونہا[1] ۔ الحدیث

محدث علی بن عبدالمحسن دوالیبی حنبلی نے اپنے "ثبت" میں اس نسخہ سے ساٹھ حدیثیں نقل کی ہیں جن کو محدث ناقد شیخ محمد زاھد کوثری حنفی نے اپنی مشہور تصنیف "الامتاع بسیرۃ الامامین الحسن بن زیاد وصاحبہ محمد بن شجاع" میں بتمام وکمال نقل کردیا ہے ۔

محدث خوارزمی نے "جامع مسانید" میں اس نسخہ کو "مسند ابی حنیفہ للحسن بن زیاد" سے موسوم کیا ہے اور کتاب مذکور کے باب ثانی میں اس نسخہ کی اسناد بھی امام لؤلؤی تک نقل کردی ہے ۔ خوارزمی کی طرح دیگر محدثین بھی اس کو "مسند ابی حنیفہ" ہی کے نام سے روایت کرتے ہیں ۔ خود حافظ ابن حجر عسقلانی کی مرویات میں بھی یہ نسخہ موجود تھا ۔ اس نسخہ کی اسانید واجازات کو محدث علی بن عبدالمحسن الدوالیبی الحنبلی نے اپنے "ثبت" میں اور حافظ ابن طولون حنفی نے "الفہرست الاوسط" میں اور حافظ محمد بن یوسف دمشقی شافعی مصنف "سیرۃ شامیہ" نے "عقود الجمان" میں اور محدث ایوب خلوتی حنفی نے اپنے "ثبت" میں اور خاتمۃ الحفاظ ملا محمد عابد سندھی نے "حصر الشارد فی اسانید الشیخ محمد عابد" میں تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے ۔ اور علامہ محدث محمد زاہد کوثری نے ان سب کو "الامتاع" میں نقل کردیا ہے ۔ جو ۱۳۶۸ھ میں مصر میں چھپ کر شائع ہوچکی ہے ۔

ان حضرات کے علاوہ خود حضرت امام کے صاحبزادے الامام بن الامام حماد بن ابی حنیفہ المتوفی ۱۷۰ھ اور مشہور محدث محمد بن خالد الوہبی المتوفی قبل ۱۹۰ھ کی روایت سے بھی "کتاب الآثار" کے نسخے مروی ہیں ۔ چنانچہ "جامع مسانید" میں محدث خوارزمی نے ان دونوں نسخوں سے حدیثوں کی روایت کی ہے ۔ اور کتاب مذکور کے باب ثانی میں

---

[1] اعلام الموقعین جلد ۱ ص ۲۴۳ طبع اشرف المطابع دہلی ۔

اپنی اسناد بھی ان دونوں حضرات تک نقل کر دی ہے۔ خوارزمی نے ان دونوں نسخوں کا ذکر بھی "مسند ابی حنیفہ" ہی کے نام سے کیا ہے

یہ ملحوظ خاطر رہے کہ چونکہ محدث خوارزمی نے ان نسخوں کو "مسند" کہا ہے اس لئے بعد کے اکثر مصنفین بھی ان کو مسند ہی کے نام سے ذکر کرنے لگے۔ متقدمین کا دستور ہے کہ وہ ایک کتاب کو متعدد ناموں سے ذکر کر دیا کرتے ہیں مثلاً دارمی کی تصنیف کو "مسند دارمی" بھی کہتے ہیں اور "سنن دارمی" بھی۔ ترمذی کی کتاب کو سنن بھی کہتے ہیں اور جامع بھی اسی طرح "کتاب الآثار" کے ان نسخوں کو کبھی علماء نے "مسند" کے نام سے ذکر کیا ہے اور کبھی "سنن" کے نام سے اور کبھی "کتاب الآثار" کے نام سے اور کبھی صرف نسخہ ہی لکھ دیا ہے۔ لیکن امام ابو حنیفہ کے مجموعہ حدیث کا اصل نام جس کو خود امام ممدوح نے مرتب فرمایا تھا "کتاب الآثار" ہی ہے۔ ملک العلماء امام علاء الدین کاشانی نے بھی "بدائع الصنائع" میں اس کا ذکر "آثار ابی حنیفہ" ہی کے نام سے کیا ہے[1]

شیخ محمد سعید سنبل نے لکھا ہے کہ چونکہ "کتاب الآثار" امام محمد میں تابعین سے زیادہ روایتیں منقول ہیں۔ اس بنا پر خود انہوں نے اس کا نام "الآثار" رکھا ہے[2]۔ لیکن شیخ صاحب کو شاید یہ معلوم نہیں کہ تابعی کے قول کو "اثر" سے تعبیر کرنا متاخرین کی اصطلاح ہے متقدمین کے یہاں اثر کا اطلاق موقوف مرفوع سب پر ہوتا تھا۔ خود امام محمد نے بھی "کتاب الآثار" اور "موطا" میں اس لفظ کو اس کے عام معنی ہی میں استعمال کیا ہے۔ ہاں اس کتاب کے جن نسخوں کو علماء نے "مسند" سے موسوم کیا ہے وہ اسی بنا پر کیا ہے کہ ان نسخوں میں مرفوع حدیثیں زیادہ ہیں۔ اور چونکہ کتاب الآثار کا موضوع احادیث احکام یعنی سنن ہیں اس بنا پر بعض محدثین نے اس نام سے بھی اس کا ذکر کر دیا ہے،

---

[1] بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع جلد ۱ صفحہ ۲۲۰ طبع مصر۔
[2] اوائل شیخ محمد سعید سنبل صفحہ ۸ طبع احمدی دہلی۔

مذکورہ بالا چھ حضرات کے علاوہ جن کے ذریعہ سے "کتاب الآثار" کا سلسلہ امت میں باقی رہا کتبِ تاریخ میں اور جن محدثین کے متعلق یہ پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے امام ابوحنیفہ سے اس کتاب کا سماع کیا ہے وہ یہ ہیں :

۱- **امام عبد اللہ بن المبارك** - جن کی تصریح سابق میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ "میں نے ابوحنیفہ کی کتابوں کو کئی دفعہ لکھا ہے اور محدث خطیب بغدادی نے "تاریخِ بغداد" میں حمیدی شیخ بخاری کی زبانی نقل کیا ہے۔

سمعتُ عبد اللہ بن المبارك يقول كتبت عن ابي حنيفة اربعمائة حديث	میں نے عبداللہ بن مبارک کو یہ کہتے سنا کہ امام ابوحنیفہ سے میں نے چارسو حدیثیں لکھی ہیں۔

۲- **امام حفص بن غیاث** - ان سے حافظ عارثی نے بسند نقل کیا ہے کہ

سمعتُ من ابی حنیفة كتبه وآثاره[1]	میں نے امام ابوحنیفہ سے ان کی کتابوں کو اور ان کے آثار کو سُنا ہے۔

۳- **شیخ الاسلام عبد اللہ بن یزید مقری** - ان کے بارے میں علامہ کردری لکھتے ہیں

سمع من الامام تسعمائة حديث[2]	انہوں نے امام ابوحنیفہ سے نوسو حدیثیں سنی ہیں۔

۴- **امام وکیع بن الجراح** - ان کے متعلق حافظ ابن عبدالبرؒ جامع بیان العلم میں سید الحفاظ یحییٰ بن معین سے ناقل ہیں کہ

ما رأيتُ احداً اقدمه على وكيع وكان يفتي برأي ابي حنيفة وكان يحفظ حديثه كله وكان قد سمع من ابي حنيفة حديثاً كثيراً[3]	میں نے کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھا کہ جسے وکیع پر مقدم کروں اور وہ ابوحنیفہ کے قول پر فتوی دیتے تھے اور ان کی حدیثیں ساری انہیں حفظ تھیں اور انہوں نے امام ابوحنیفہ سے بہت حدیثیں سنی تھیں۔

---

[1] ملاحظہ ہو "مناقب الامام الاعظم" از صدر الائمہ جلد ۲ ص ۴۰۔ [2] "مناقب الامام الاعظم" از امام کردری جلد ۲ ص ۲۳۱
[3] جامع بیان العلم جلد ۲ ص ۱۴۹ طبع مصر۔

۵۔ حماد بن زید۔ یہی حافظ ابن عبد البر الانتقاء فی فضائل الائمۃ الثلاثۃ الفقہاء میں رقمطراز ہیں

وروی حماد بن زید عن ابی حنیفۃ احادیث کثیرۃ[۱]	حماد بن زید نے امام ابو حنیفہ سے بہت سی حدیثیں روایت کی ہیں

۶۔ خالد الواسطی۔ ان کے بارے میں بھی ابن عبد البر نے الانتقاء میں یہی تصریح کی ہے

وروی عنہ خالد الواسطی احادیث کثیرۃ[۲] (واضح رہے کہ حافظ ابن عبد البر کے نزدیک احادیث کثیرہ کی تعداد کم از کم اتنی ہے جتنی کہ مؤطا کی روایات ہیں۔ کیونکہ انہوں نے امام محمد کے تذکرہ میں بھی یہی الفاظ لکھے ہیں کتب عن مالک کثیرا من حدیثہ[۳] حالانکہ امام محمد نے امام مالک سے پوری مؤطا کا سماع کیا ہے)

۷۔ اسد بن عمرو۔ محدث صیمری نے ابو نعیم فضل بن دکین سے بسند ان کے متعلق تصریح نقل کی ہے

اول من کتب کتب ابی حنیفۃ اسد بن عمرو[۴]	اسد بن عمرو پہلے شخص ہیں جنہوں نے امام ابو حنیفہ کی کتابوں کو لکھا ہے

یہ وہ تیرہ ارکان نقل ہیں کہ جن میں سے ہر ایک علم فقہ وحدیث کا آفتاب و ماہتاب ہے۔ یاد رہے بجز مؤطا امام مالک کے اور کسی کتاب کے راوی اس قدر جلالت علمی کے حامل نہیں ہیں یہ بھی خیال رہے کہ یہ صرف ان لوگوں کا ذکر ہے جنہوں نے امام ابو حنیفہ سے اس کتاب کو سنا ہے ورنہ امام ممدوح سے روایت حدیث کا سلسلہ تو اتنا وسیع ہے کہ بقول حافظ ذہبی

روی عنہ من المحدثین والفقہاء عدۃ لا یحصون[۵]	ان سے محدثین اور فقہاء کی اتنی بڑی تعداد نے حدیثیں روایت کی ہیں جن کا شمار نہیں ہو سکتا

واللہ اعلم وعلمہ اتم

---

[۱] الانتقاء ص۱۳۰ طبع مصر۔ [۲] ایضاً ص۱۳۶

[۳] یعنی انہوں نے امام مالک سے ان کی بہت سی حدیثیں لکھی ہیں (الانتقاء ص۱۷۴)

[۴] "الجواہر المضیۃ" ترجمہ اسد بن عمرو

[۵] "مناقب ابی حنیفہ" از حافظ ذہبی ص۱۱

مقدمہ

مؤطا امام محمدؒ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

رسول اللہ جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز آجاؤ

موطا امام محمدؒ

مترجم اردو

ایک ہزار سے زائد احادیث نبویؐ کا گراں بہا و بے نظیر مجموعہ

جسکو

حضرت امام مالکؒ نے دس ہزار احادیث نبویؐ سے منتخب فرمایا تھا

بروایت :- حضرت امام محمدؒ رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و فوائد :- خواجہ عبد الوحید صاحب

ناشران

محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب

قرآن محل، مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقدمہ موطا امام محمدؒ

از

جناب مولانا محمد عبد الرشید صاحب نعمانی

فقہ واحکام کی کتابوں میں جو اہمیت موطا کو حاصل ہے محتاج بیان نہیں، حافظ ذہبی فرماتے ہیں۔

ان للموطا لوقعا فی النفوس ومهابة فی القلوب لا یوازیها شیء ۱؎

بلاشبہ موطا کی دلوں میں جو وقعت ہے اور قلوب میں جو ہیبت ہے اس کا کوئی چیز مقابلہ نہیں کر سکتی۔

تاہم ارباب نظر کا اس میں اختلاف ہے کہ موطا کا صحیح مقام کیا ہے حضرت امام شافعی کی رائے حسب ذیل ہے۔

ما علی ظهر الارض کتاب بعد کتاب اللہ اصح من کتاب مالک ۲؎

روئے زمین پر کتاب اللہ کے بعد کوئی کتاب مالک کی کتاب سے صحیح تر نہیں ہے۔

اور حافظ ابو زرعہ رازی المتوفی ۲۶۴ھ جو فن جرح وتعدیل کے مشہور امام ہیں یہ فرماتے ہیں۔

لو حلف رجل بالطلاق علی احادیث مالک فی الموطا انها صحاح لم یحنث ۳؎

اگر کوئی شخص حلف اٹھا کر یوں کہے کہ موطا میں امام مالک کی جو حدیثیں ہیں وہ صحیح نہ ہوں تو میری بیوی کو طلاق ہے تو ایسی صورت میں طلاق واقع نہ ہو۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی بستان المحدثین میں امام ابو زرعہ کے اس قول کو نقل کر کے لکھتے ہیں۔

وایں وثوق واعتماد بر کتب دیگر نیست ۴؎

اور یہ وثوق واعتماد دوسری کتابوں پر نہیں ہے

بعد کے علماء میں حافظ مغرب علامہ یوسف ابن عبد البر قرطبی مالکی المتوفی ۴۶۳ھ کی یہ تصریح ہے۔

الموطا لا مثیل له ولا کتاب فوقه بعد کتاب اللہ فهو جلل ۵؎

کتاب اللہ کے بعد نہ موطا کے مثل کوئی کتاب ہے اور نہ اس سے بڑھ کر۔

ایک دوسرے مالکی عالم حافظ ابوبکر ابن العربی المتوفی ۵۴۳ھ یہ لکھتے ہیں

ان کتاب الجعفی هو الاصل الثانی فی هذا الباب والموطا هو الاصل واللباب وعلیهما

جعفی (امام بخاری) کی کتاب اس فن میں اصل ثانی ہے اور موطا اصل اول اور مغز ہے اور ان ہی دونوں پر سب نے بنا

۱؎ مقدمہ التعلیق الممجد علی موطا الامام محمد از مولانا محمد عبد الحی لکھنوی فرنگی محلی، بحوالہ سیر النبلاء از امام ذہبی ۲؎ مقدمہ تنویر الحوالک شرح موطا از سیوطی، ۳؎ تزیین الممالک بمناقب الامام مالک از سیوطی ص ۴۴ طبع خیریہ مصر ۱۳۲۵ھ ۴؎ بستان المحدثین ص ۸ طبع سعدی لاہور ۵؎ مقدمہ التقصی فی مسند حدیث الموطا ومرسلہ از حافظ ابن عبد البر ۱۲

بنام الجیع کالقشیری والترمذی [۱] — رکھی ہے جیسے کہ قشیری (امام مسلم) اور ترمذی ہیں۔

ہمارے دیار کے متاخرین محدثین میں شاہ ولی اللہ اور ان کے فرزند اکبر شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے بھی اسی خیال کا اظہار کیا ہے چنانچہ شاہ عبدالعزیز، عجالہ نافعہ میں لکھتے ہیں۔

مؤطا گویا اصل و ام صحیحین است...... و صحیح بخاری و صحیح مسلم ہر چند در بسط و کثرت احادیث دہ چند مؤطا باشد لیکن طریق روایت احادیث و تمیز رجال و راہ اعتبار و استنباط از مؤطا آموختہ اند۔

موطا گویا صحیحین کی اصل اور جڑ ہے...... اور صحیح بخاری و صحیح مسلم اگرچہ بسط و کثرت احادیث کے لحاظ سے مؤطا سے دس گنی ہیں لیکن روایت حدیث کا طریقہ رجال کی تمیز اور اعتبار و استنباط کا ڈھنگ انہوں نے مؤطا ہی سے سیکھا ہے

لیکن محدثین شوافع کے نزدیک مؤطا کا درجہ صحیحین سے بڑھ کر تو کیا صحیحین کے برابر بھی نہیں رہی امام شافعی کی مذکورہ بالا تصریح تو اس کے متعلق شیخ ابن صلاح، مقدمہ علوم الحدیث میں لکھتے ہیں۔

واما ما رویناہ عن الشافعی رضی اللہ عنہ من انہ قال ما اعلم فی الارض کتابا فی العلم اکثر صوابا من کتاب مالک و منہم من رواہ بغیر ھذا اللفظ فانما قال ذلک قبل وجود کتابی البخاری ومسلم

اور امام شافعی رضی اللہ عنہ سے جو یہ روایت ہم تک پہنچی ہے کہ انہوں نے یوں فرمایا کہ میں نہیں جانتا کہ روئے زمین پر کوئی کتاب اس علم میں مالک کی کتاب سے صحت میں زیادہ ہے اور بعض لوگوں نے اس کو امام شافعی سے دوسرے الفاظ میں بھی نقل کیا ہے سو امام ممدوح کا یہ فرمانا بخاری و مسلم کی کتابوں کے وجود میں آنے سے پہلے کا ہے۔

اور حافظ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری کے مقدمہ میں رقمطراز ہیں۔

ان الشافعی اطلق علی الموطا افضلیۃ الصحۃ بالنسبۃ الی الجوامع الموجودۃ فی زمنہ کجامع سفیان الثوری ومصنف حماد بن سلمۃ وغیرہ [۲]

امام شافعی نے مؤطا کو جو صحت کے اعتبار سے افضل بتایا ہے وہ ان جوامع کے لحاظ سے ہے کہ جو ان کے زمانہ میں موجود تھیں جیسے کہ جامع سفیان ثوری اور مصنف حماد بن سلمہ وغیرہ

اس بنا پر ان حضرات کے خیال میں مؤطا کو کتب حدیث میں جو فوقیت حاصل ہے وہ صحاح کے اعتبار سے نہیں بلکہ مسانید و جوامع کے اعتبار سے ہے چنانچہ حافظ سیوطی، تدریب الراوی میں لکھتے ہیں۔

صرح الخطیب وغیرہ بان الموطا مقدم علی کل کتاب من الجوامع والمسانید۔

خطیب بغدادی وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ مؤطا جوامع و مسانید میں سے ہر ایک کتاب پر مقدم ہے۔

اور اس تصریح کی بنا پر مؤطا کا جو درجہ ہے وہ بقول حافظ سیوطی

فعلی ھذا ھو بعد صحیح الحاکم [۳] — صحیح حاکم کے بعد ہے۔

---

[۱] مقدمہ عارضۃ الاحوذی شرح ترمذی از حافظ ابن العربی [۲] جوامع سے مراد یہاں اہل علم کی وہ کتابیں ہیں جو مسند و موقوف ہر قسم کی روایات کی جامع ہوں [۳] تدریب الراوی ص ۲۱ طبع مصر ۱۳۰۷ھ یہ خیال رہے کہ تدریب میں طباعت کی غلطی سے یہاں بعد کی بجائے بعض چھپ گیا ہے۔

اب متاخرین میں یہ بحث ہے کہ صحاح ستہ میں صحیحین، سنن نسائی، سنن ابی داؤد اور جامع ترمذی کے علاوہ چھٹی کتاب موطا کو شمار کیا جائے یا سنن ابن ماجہ کو علامہ ابن الاثیر جزری شافعی المتوفی ۶۰۶ھ نے جامع الاصول من احادیث الرسول میں محدث رزین[1] بن معاویہ عبدری مالکی المتوفی ۵۳۵ھ مصنف التجرید للصحاح والسنن کی اتباع میں چھٹی کتاب موطا ہی کو قرار دیا ہے لیکن اکثر متاخرین کے نزدیک صحاح ستہ کی آخری کتاب موطا کی بجائے "سنن ابن ماجہ" ہی ہے چنانچہ محدث ابوالحسن سندی، شرح سنن ابن ماجہ کے مقدمہ میں لکھتے ہیں۔

غالب المتاخرین علی انه سادس الستة

اکثر متاخرین اس طرف ہیں کہ صحاح ستہ کی چھٹی کتاب سنن ابن ماجہ ہے۔

بہرحال صحاح ستہ میں اس کا شمار ہو یا نہ ہو اتنا ان حضرات کو بھی تسلیم ہے کہ موطا حدیث کی ان مہتم بالشان کتابوں میں سے ہے کہ جس کی طرف اعتنا کرنا ضروری ہے چنانچہ شیخ ابن صلاح نے مقدمہ علوم الحدیث میں معرفۃ آداب طالب الحدیث کے ذیل میں جن کتابوں کیطرف خصوصیت کے ساتھ اعتنا کرنے کی ہدایت کی ہے ان میں ایک موطا بھی ہے شیخ موصوف کی عبارت اس سلسلہ میں حسب ذیل ہے۔

ولتقدم العناية بالصحيحين ثم بسنن ابی داؤد وسنن النسائی وكتاب الترمذی ضبطا لمشكلها وفهما لخفی معانيها، ولا يخدعن عن كتاب السنن الكبير للبيهقی فانا لا نعلم مثله فی بابه ثم بسائر ما تمس حاجة صاحب الحديث اليه من كتب المسانيد كمسند احمد ومن كتب الجوامع المصنفة فی الاحكام المشتملة على المسانيد وغيرها، فموطا مالك هو المقدم منها۔

اور سب سے پہلے صحیحین سے اعتنا کرنا چاہیئے پھر سنن ابی داؤد، سنن نسائی اور کتاب ترمذی سے بایں طور کہ ان کے مشکل الفاظ کو ضبط کرلے اور ان کے مخفی مطالب کو سمجھ لے اور بیہقی کی سنن کبیر سے غفلت نہ برتنا چاہیئے کیونکہ اپنے موضوع پر اس کی نظیر ہمارے علم میں نہیں ہے پھر ان ساری کتابوں کے ساتھ اعتنا چاہیئے جن کی محدث کو ضرورت پڑتی ہے مسانید ہوں جیسے کہ مسند امام احمد ہے کتب جوامع ہوں کہ جو احکام کے متعلق تصنیف کی گئی ہیں اور مسند و غیر مسند دونوں روایات پر مشتمل ہوتی ہیں ان میں امام مالک کی موطا سب سے مقدم ہے

شیخ ابن صلاح چونکہ پکے شافعی ہیں اس لئے انہوں نے مسند امام احمد بن حنبل اور موطا امام مالک سے بھی پہلے بیہقی کی سنن کبیر کیطرف توجہ دلائی ہے۔

اور محدث ابن حزم ظاہری المتوفی ۴۵۶ھ جو ارباب ظاہر کے امام ہیں انہوں نے تو موطا کا درجہ بہت ہی موخر کر دیا ہے چنانچہ مراتب الدیانہ میں ان لوگوں کی تردید کرتے ہوئے جو موطا کو اس فن کی اجل مصنفات میں شمار کرتے ہیں یوں رقمطراز ہیں۔

---

[1] جامع الاصول اور مشکوۃ وغیرہ میں جو رواہ رزین کے الفاظ آتے ہیں اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ بھی بخاری و مسلم کیطرح اپنی اسناد سے کچھ حدیثیں نقل کرتے ہیں بلکہ جیسا کہ محدث امیر یمانی نے توضیح الافکار (ج ۱ ص ۸۲، ۸۳) میں لکھا ہے یہ موطا کے مختلف نسخوں کی روایتیں ہیں۔

بلکہ سب کتابوں میں تعظیم کی سب سے زیادہ مستحق صحیح بخاری، صحیح مسلم، صحیح سعید بن السکن، منتقی ابن جارود، اور منتقی قاسم بن اصبغ ہیں، پھر ان کتابوں کے بعد کتاب ابی داؤد، کتاب نسائی مصنف قاسم بن اصبغ، مصنف ابی جعفر طحاوی (معروف بشرح معانی الآثار) مسند بزار مسند ابوبکر بن ابی شیبہ، مسند عثمان بن ابی شیبہ، مسند احمد بن حنبل، مسند اسحاق بن راہویہ مسند طیالسی، مسند حسن بن سفیان، مسند ابن سنجر، مسند عبداللہ بن محمد المسندی، مسند یعقوب بن شیبہ، مسند علی بن المدینی، مسند ابن ابی عزرہ اور اسی قسم کی وہ کتابیں ہیں کہ جو صرف کلام نبوی کے لئے مختص ہیں پھر وہ کتابیں کہ جن میں کلام نبوی کے ساتھ ساتھ اور لوگوں (صحابہ وتابعین وغیرہ) کا کلام بھی موجود ہے اور ان میں وہ کتابیں زیادہ بلند پایہ ہیں صحیح رو ائتیں درج ہیں جیسے کہ مصنف عبدالرزاق، مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ، مصنف بقی بن مخلد، کتاب محمد بن نصر مروزی، ابن المنذر کی کتاب الاکبر، اور کتاب الاصغر، پھر مصنف حماد بن سلمہ، موطا مالک بن انس۔ موطا ابن ابی ذیب، موطا ابن وہب، مصنف وکیع، مصنف محمد بن یوسف فریابی، مصنف سعید بن منصور شمائل احمد، فقہ ابی عبید اور فقہ ابن ثور ہیں ۔[۱]

حافظ شمس الدین ذہبی سیر النبلاء میں ابن حزم کی اس رائے کو نقل کر کے لکھتے ہیں۔

قلت ما انصف ابن حزم بل رتبة الموطا ان یذکر تلو الصحیحین مع سنن ابی داؤد والنسائی۔

میں کہتا ہوں ابن حزم نے انصاف سے کام نہیں لیا، بلکہ موطا کا رتبہ تو یہ تھا کہ اس کو صحیحین کے بعد سنن ابی داؤد اور سنن نسائی کے ساتھ ذکر کیا جاتا۔

حافظ ذہبی کے اس بیان کی روشنی میں موطا کے بارے میں خطیب بغدادی اور شیخ ابن صلاح نے جو طرز عمل اختیار کیا ہے اس پر بھی رائے قائم کی جا سکتی ہے، اصل بات یہ ہے کہ موطا میں چونکہ مرسل منقطع اور بلاغات بھی ہیں اس لئے وہ لوگ جو حدیث مرسل کو حجت نہیں سمجھتے موطا کو صحیح ماننے کے لئے تیار نہیں چنانچہ حافظ زین الدین عراقی شافعی المتوفی ۸۰۶ھ التقیید والایضاح میں لکھتے ہیں۔

ان مالکا رحمه الله لم یفرد الصحیح بل ادخل فیه المرسل والمنقطع والبلاغات ومن بلاغاته احادیث لا تعرف کما ذکره ابن عبد البر فلم یفرد الصحیح اذا (ص ۱۳ طبع حلب ۱۳۵۰ھ)

امام مالک رحمہ اللہ نے صرف صحیح حدیثوں کو الگ نہیں کیا بلکہ اس میں مرسل، منقطع اور بلاغات کو بھی داخل کر دیا ہے اور ان کی بلاغات میں بعض ایسی حدیثیں بھی ہیں کہ جن کا پتہ نہیں چلتا جیسا کہ حافظ ابن عبدالبر نے بیان کیا ہے لہذا ایسی صورت میں انہوں نے صرف صحیح حدیثوں کو علیحدہ نہیں کیا ہے

---

[۱] ملاحظہ ہو تدریب الراوی ص ۳۳، مقدمہ التعلیق الممجد بحوالہ سیر النبلاء از امام ذہبی، تذکرۃ الحفاظ ذہبی، ترجمہ ابن حزم۔ [۲] مرسل وہ روایت ہے جسکو تابعی خود آنحضرت صلعم سے روایت کرے اور بیچ کے صحابی وغیرہ کا نام ذکر نہ کرے اور منقطع وہ روایت ہے جس کی سند میں بیچ کے کسی راوی کا ذکر رہ جائے، "بلاغ" وہ روایت ہے جس کی مؤلف سند ذکر نہ کرے بلکہ یوں کہے کہ یہ روایت مجھ کو پہنچی ہے۔

لیکن امام حافظ مغلطائی حنفی المتوفی سنہ ۷۶۲ھ پہلے ہی لکھ چکے ہیں کہ۔

لا فرق بين الموطا والبخاري في ذلك لوجوده ايضًا في البخاري من التعاليق ونحوها [1]

اس بارے میں مؤطا اور بخاری میں کوئی فرق نہیں کیونکہ یہ چیزیں تو بخاری میں بھی ہیں چنانچہ اس میں تعلیقات[2] اور اسی قسم کی چیزیں موجود ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے امام مغلطائی کے اس بیان پر یہ نکتہ سنجی کی ہے کہ

كتاب مالك صحيح عنده وعند من يقلده على ما اقتضاه نظره من الاحتجاج بالمرسل والمنقطع وغيرهما لا على الشرط الذي استقر عليه العمل في حد الصحة والفرق بين ما فيه من المنقطع وبين ما في البخاري ان الذي في الموطا هو كذلك مسموع لمالك غالبًا وهو حجة عنده والذي في البخاري قد حذف اسناده عمدًا لاغراض قررت في التعاليق [3]

امام مالک کی کتاب خود ان کے نزدیک اور انکے مقلدین کے نزدیک صحیح ہے کیونکہ انکی نظر مرسل اور منقطع وغیرہ سے احتجاج کی مقتضی ہے اور صحت کی تعریف میں جس شرط پر کہ عمل قرار پایا ہے اس کے مطابق صحیح نہیں ہے اور مؤطا اور بخاری دونوں کی منقطع روایات میں فرق یہ ہے کہ مؤطا میں جو روایتیں ہیں وہ اکثر امام مالک کی اسی طرح سنی ہوئی ہیں اور بخاری میں جو روایتیں ہیں ان کی اسناد بالارادہ ان وجوہ کی بنا پر جنکی میں نے تعلیقات کے باب میں تقریر کی ہے حذف کر دی گئی ہے۔

حافظ صاحب کی اس نکتہ سنجی پر محدث صالح فلانی نے الفیہ سیوطی کے "حواشی" میں لکھا ہے کہ

وفيما قاله الحافظ من الفرق بين بلاغات الموطا ومعلقات البخاري نظر فلو امعن النظر في الموطا كما امعن النظر في البخاري لعلم انه لا فرق بينهما وما ذكره من ان مالكا سمعها كذلك غير مسلم لانه يذكر بلاغًا في رواية يحيى مثلا ومرسلا في رواية غيره عن مالك موصولا مسندًا وما ذكر من كون مراسيل الموطا حجة

اور حافظ ابن حجر نے بلاغات مؤطا اور تعلیقات بخاری میں جو فرق بیان کیا ہے وہ محل نظر ہے اگر حافظ صاحب مؤطا کا بھی اسی طرح گہری نظر سے مطالعہ کرتے جس طرح کہ انہوں نے صحیح بخاری کا کیا ہے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ واقعی ان دونوں کتابوں میں کچھ فرق نہیں ہے اور یہ جو وہ فرماتے ہیں کہ امام مالک نے ان روایات کا اسی شکل میں سماع کیا ہے مسلم نہیں کیونکہ مؤطا کی ایک حدیث مثلاً یحییٰ کی روایت میں اگر بلاغاً یا مرسلاً مذکور ہوتی ہے تو دوسرے لوگ اسی حدیث کو امام مالک سے موصولاً و مسنداً بھی روایت

[1] تزیین الممالک از سیوطی ص ۲۷، [2] تعلیق کے معنی ہیں روایت کے ابتدائی حصہ کو معلق چھوڑ دینا یعنی شروع کے ایک یا ایک سے زائد راویوں کو حذف کر دینا یا اسناد کو سرے سے ذکر نہ کرنا۔

[3] تزیین الممالک ص ۴۰۔

Scanned by CamScanner

عند مالك دون غيرهم مردود بأنها حجة عند الشافعي وأهل الحديث لاعتضادها كلها بمسند كما ذكره ابن عبد البر والسيوطي وغيرهما وما ذكره العراقي من أن من بلاغات مالا يعرف مردود بأن ابن عبد البر ذكر جميع بلاغاته ومراسيله ومنقطعاته كلها موصولة بطرق صحاح إلا أربعة وقد وصل ابن الصلاح الأربعة بتأليف مستقل وهو عندي وعليه خطه فظهر بهذا أن لا فرق بين الموطا والبخاري ؎

کرتے ہیں اور جو حافظ صاحب نے کہا ہے کہ موطا کے مراسیل امام مالک کے نزدیک حجت ہیں اور دوں کے نزدیک نہیں سو قابل رد ہے اس لئے کہ یہ مراسیل امام شافعی اور محدثین کے نزدیک بھی حجت ہیں کیونکہ ان سب کی تائید مسند احادیث میں موجود ہے جیسا کہ ابن عبد البر اور سیوطی وغیرہ نے ذکر کیا ہے اور عراقی نے جو یہ بیان کیا ہے کہ موطا کے بعض بلاغات ایسے ہیں کہ جن کا پتہ نہیں چلتا سو یہ اس لئے قابل رد ہے کہ ابن عبد البر نے بجز چار روایتوں کے موطا کے جملہ بلاغات مراسیل اور منقطعات کو باسانید صحیحہ موصولا ذکر کیا ہے اور ان بقیہ چار کے اتصال پر بھی ابن صلاح نے ایک مستقل تالیف کی ہے جو میرے موجود ہے اور اس پر خود ان کے قلم کی تحریر بھی ہے لہذا اس سے ظاہر ہوا کہ موطا اور بخاری میں کچھ فرق نہیں ہے

لطف یہ کہ موطا کے متعلق خود حافظ صاحب کا بیان ہے کہ

صنف الامام مالك الموطأ وتوخى فيه القوي من حديث أهل الحجاز ومزجه بأقوال الصحابة وفتاوى التابعين ومن بعدهم۔ (مقدمہ فتح الباری)

امام مالک نے موطا تصنیف کی اور حدیث اہل حجاز میں سے قوی روایت کو تلاش کرکے اس کے ساتھ صحابہ کے اقوال اور تابعین اور علماء مابعد کے فتاوے کو بھی درج کیا۔

لیکن صرف اتنی سی بات پر کہ ان قوی روایتوں کی سند بیان کرنے کا امام مالک نے ہر جگہ التزام نہیں کیا ہے اور کچھ روایات کو مرسلاً اور منقطعاً اور بلاغاً بھی ذکر کیا ہے حافظ صاحب کو موطا کی صحت میں شبہ پڑ گیا حالانکہ حقیقت میں جب روائتیں قوی ہیں تو پھر اسناد کے ذکر کرنے یا نہ کرنے سے ان کی قوت وصحت پر کیا اثر پڑ سکتا ہے اسی لئے محققین کے نزدیک صحت کے لحاظ سے موطا میں اور صحیح بخاری میں کچھ فرق نہیں ہے بلکہ نظر غور دیکھا جائے تو حسب ذیل وجوہ سے موطا کو صحیحین پر فوقیت حاصل ہے

(۱) جلالت علمی کے لحاظ سے ارباب صحاح ستہ میں سے کوئی شخص امام مالک کا ہمسر نہیں۔

(۲) امام مالک سے ان کی موطا کے روایت کرنے والے جس پایہ کے ائمہ ہیں تمام صحاح ستہ کے رواۃ میں ایک بھی اس پایہ کا نہیں یہ صحیح ہے کہ امام بخاری کے شاگرد فربری کی روایت کے مطابق ان سے صحیح بخاری

؎ الرسالۃ المستطرفہ لبیان مشہور کتب السنۃ المشرفہ از محمد بن جعفر کتانی ص۵ طبع بیروت ۱۳۲۲ھ

بلکہ نوّے ہزار آدمیوں نے سماع کیا ہے لیکن اگر عوام و خواص کا فرق کوئی قابل لحاظ چیز ہے تو ظاہر ہے کہ نوّے ہزار عام انسانوں کی بھیڑ ان ائمہ کے مقابلہ میں کیا حیثیت رکھتی ہے کہ جن میں سے ہر ایک آسمان علم کا آفتاب و مہتاب تھا۔

(۳) مؤطا کی تصنیف خیر القرون کے آخری دور میں ہوئی ہے جب کہ کبار تبع تابعین کا ایک گروہ کثیر موجود تھا اور خود تبع تابعین نے جن میں ہمارے امام محمد بھی شامل ہیں[1] ان کا امام مالک سے سماع کیا ہے، اور مصنفین صحاح ستہ میں سے ایک کو بھی تبع تابعیت کا شرف حاصل نہیں ان کے شاگردوں کا تو کیا ذکر ہے

(۴) امام مالک وہ اسی طرح امام ابو حنیفہ کے نزدیک راوی کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ جس روایت کو بیان کرے وہ اسے زبانی یاد ہو لیکن امام بخاری و مسلم کے نزدیک زبانی یاد رکھنا ضروری نہیں[2]

(۵) امام مالک کسی بدعتی سے خواہ وہ کیسا ہی پاکباز اور راستباز ہو حدیث لینے کے روادار نہیں برخلاف اس کے صحیحین میں مبتدعین کی روایات بشرطیکہ وہ ثقہ اور صادق اللہجہ ہوں بکثرت موجود ہیں۔

ہمارے خیال میں اتنی بحث مؤطا کے اصلی مقام کو سمجھنے کے لئے کافی ہے۔

سبب تالیف

محدث قاضی عیاض نے مدارک میں حافظ ابو مصعب زہری سے جو امام مالک کے شاگرد خاص اور ان کی مؤطا کے آخری رواۃ میں سے ہیں نقل کیا ہے کہ خلیفہ منصور عباسی نے امام مالک سے فرمائش کی تھی کہ ضع کتابا للناس احملہم علیہ۔ (آپ لوگوں کے لئے ایک ایسی کتاب لکھ دیجئے کہ جس پر عمل کے لئے میں انکو آمادہ کروں) امام مالک نے اس سلسلہ میں کچھ کہنا چاہا تو منصور نے پھر باصرار کہا کہ ضعہ فما احد الیوم اعلم منک (آپ تصنیف فرمائیں کہ آج آپ سے بڑھ کر کوئی اور عالم نہیں) آخر امام ممدوح نے مؤطا کی تصنیف شروع کی لیکن ابھی اس کی تکمیل سے فراغت نہ ہوئی تھی کہ منصور نے داعی اجل کو لبیک کہا[3] منصور کی وفات ۶ ذی حجہ ۱۵۸ھ کو ہوئی اور اس کی جگہ اس کا بیٹا محمد المہدی مسند خلافت پر متمکن ہوا، اور اسی کی خلافت کے ابتدائی زمانے میں مؤطا کی تصنیف پایۂ تکمیل کو پہنچی۔

مؤطا کی تدوین میں امام ابو حنیفہ کا تتبع

مؤطا کی تصنیف سے پہلے مدینہ منورہ کے مشہور فقیہ عبد العزیز بن ماجشون المتوفی ۱۶۴ھ نے بھی جو امام مالک کے معاصر تھے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی تھی جس میں اہل مدینہ کے متفق علیہ مسائل کا ذکر تھا لیکن اس میں حدیثیں نہ تھیں

---

[1] چنانچہ محدث حاکم نیشاپوری معرفۃ علوم الحدیث میں زیر عنوان معرفۃ اتباع التابعین قمطراز ہیں۔

ومحمد بن الحسن الشیبانی ممن روی الموطا عن مالک وقد ادرک الجماعۃ من التابعین (ص۴۷ طبع مصر)

اور امام محمد بن حسن شیبانی ان لوگوں سے ہیں کہ جنہوں نے امام مالک سے مؤطا کو روایت کیا ہے اور تابعین کی ایک جماعت کو پایا ہے۔

[2] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تدریب الراوی ص۱۵۱ [3] ص۱۲۰، ۱۱۹ ایضاً ص۱۵۳ [4] تزئین الممالک سیوطی ص۴۳۔

اس لئے امام مالک کو یہ کتاب چنداں پسند نہ آئی اور آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا کہ انہوں نے کام تو اچھا کیا لیکن اگر میں لکھتا تو پہلے حدیثیں لاتا اور پھر ان کے متعلقہ مسائل کو بیان کرتا[۱]، بعد کو جب امام مالک نے موطا کی تصنیف کا ارادہ کیا تو یہ وہ زمانہ ہے کہ جب امام ابوحنیفہ کی تصانیف ملک میں عام ہو چکی تھیں امام مالک بھی ان کا مطالعہ کرتے اور ان سے فائدہ اٹھاتے تھے[۲]، امام ابوحنیفہ کو تمام مجتہدین میں اس بارے میں شرف اولیت حاصل ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے علم شریعت کو باقاعدہ طور پر ابواب پر مرتب فرمایا ہے اور بعد کو آنے والی تمام نسلوں نے اپنی تصانیف کی بنیاد ان ہی کی ترتیب پر رکھی ہے اور اسی لئے امام شافعی کا مشہور مقولہ ہے الناس عیال علی ابی حنیفۃ فی الفقہ (لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے بال بچے ہیں) امام ابوحنیفہ کی تصانیف میں ان کی ایک مشہور تصنیف کتاب الآثار بھی ہے جس میں امام ممدوح نے احادیث احکام کو فقہی ترتیب پر مدون فرمایا ہے یہ کتاب حسن انتخاب، خوبی ترتیب، جودت اسانید، قوت روایات اور تلقی سلف کے اعتبار سے اپنی نظیر آپ ہے اس لئے امام مالک نے موطا کی ترتیب میں امام ابوحنیفہ کا ہی تتبع اختیار کیا چنانچہ حافظ سیوطی کا بیان ہے کہ

من مناقب ابی حنیفۃ التی انفرد بھا انہ اول من دون علم الشریعۃ ورتبہ ابوابا ثم تبعہ مالک بن انس فی ترتیب الموطا ولم یسبق اباحنیفۃ احد[۳]

امام ابوحنیفہ کے ان خصوصی مناقب میں سے جن میں وہ متفرد ہیں ایک یہ بھی ہے کہ وہی پہلے شخص ہیں جنہوں نے علم شریعت کو مدون کیا اور اس کی ابواب پر ترتیب کی پھر امام مالک بن انس نے موطا کی ترتیب میں ان ہی کی پیروی کی اور اس امر میں امام ابوحنیفہ پر کسی کو سبقت حاصل نہیں ہے۔

وجہ تسمیہ امام مالک جب موطا کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو انہوں نے اس کتاب کو مدینہ منورہ کے ستر فقہا کے سامنے رکھا امام ممدوح کا بیان ہے کہ فکلھم واطانی علیہ (سب نے اس کتاب کے سلسلہ میں میری موافقت کی) لہذا میں نے اس کا نام ہی موطا رکھدیا یعنی وہ کتاب جسکو ہموار کیا گیا اور جس کی تنقیح کی گئی۔

موضوع کتاب موطا کا موضوع فقہی احکام ہیں اس لئے محدثین کی اصطلاح میں اس کو "کتاب السنن" کہنا چاہیئے لیکن چونکہ اس میں مسند اور غیر مسند ہر قسم کی روایتیں ہیں اس لئے شیخ

---

[۱] مقدمہ تنویر الحوالک از سیوطی، [۲] چنانچہ قاضی ابو العباس محمد بن عبد اللہ بن ابی العوام اخبار ابی حنیفہ واصحابہ میں بسند متصل امام شافعی کی زبانی حافظ عبد العزیز دراوردی سے ناقل ہیں کہ کان مالک بن انس ینظر فی کتب ابی حنیفۃ وینتفع بھا امام مالک بن انس، امام ابوحنیفہ کی تصانیف کا مطالعہ کرتے اور ان سے فائدہ اٹھاتے تھے ملاحظہ ہو اقوام المسالک فی بحث روایۃ مالک عن ابی حنیفہ وروایۃ ابی حنیفہ عن مالک از محدث کوثری

[۳] تبییض الصحیفہ فی مناقب الامام ابی حنیفہ از سیوطی ص ۳۰ طبع دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن ۱۲

ابن صلاح وغیرہ نے اس کو "جوامع" میں شمار کیا ہے۔ امام مالک نے موطا میں کتاب الآثار کی طرح احادیث صحاح کو بنائے اول اور آثار صحابہ وفتاوے تابعین کو بنائے ثانی قرار دیا ہے

موطا کے نسخے

اس زمانہ میں تالیف کا طریقہ یہ نہ تھا جو بعد کے دور میں پیدا ہوا کہ مصنف اپنی کتاب کو مرتب کر کے یکبارگی لوگوں کے حوالہ کر دیتا ہے بلکہ اس عہد میں سماع کا طریقہ مروج تھا اور مصنف یادداشت کی غرض سے تاکہ سنانے میں غلطی نہ واقع ہو ایک نوشتہ مرتب کر لیتا اور لوگوں کو لکھوا دیا کرتا تھا اسی لئے بسا اوقات نظر ثانی کے وقت کتاب کی ترتیب بدل جاتی ابواب میں تقدیم وتاخیر یا روایات میں وقف وارسال اور رفع واتصال کا فرق ہو جاتا یا بعض ابواب میں کمی بیشی ہو جاتی، غرض اس دور کی کتابوں میں جو نسخوں کا اختلاف ہے اس کی اصل وجہ یہ ہے موطا کو امام مالک سے بہت سے لوگوں نے مختلف زمانوں میں حاصل کیا ہے اس لئے اس کے نسخوں میں اس اختلاف کا ہونا لازمی ہے۔

امام مالک سے جن لوگوں نے موطا کی روایت کی ہے ان کی مجموعی تعداد حسب تصریح حافظ ابن ناصر الدین دمشقی اناسی ہے چنانچہ حافظ موصوف نے اپنی کتاب اتحاف السالک برواۃ الموطا عن الامام مالک میں ان سب کو نام بنام بقید نسب شمار کرایا ہے[1] پھر ان میں سے جن حضرات کے نسخوں کی روائتیں بعد تک جاری رہیں وہ چوبیس بزرگ ہیں جن کی احادیث وروایت کا سلسلہ محدثین کے "اثبات" میں ملتا ہے اور شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے بستان المحدثین میں ان میں سے سولہ نسخوں کی تفصیل بھی دی ہے محدث رزین عبدری نے اپنی کتاب التجرید للصحاح والسنن میں حافظ ابن شاہین اور دارقطنی نے اختلاف نسخ الموطا کے نام سے جو کتابیں لکھی ہیں ان سے موطا کے تمام مختلف نسخوں کی روایتوں کو نقل کر دیا ہے اور یہی وہ روائتیں ہیں جو تیسیر الوصول اور مشکوٰۃ المصابیح میں رزین کے حوالے درج ہیں یہ سب روائتیں صحیح ہیں اور موطا کے مختلف نسخوں میں مذکور ہیں[2] لیکن عرصہ ہوا کہ ان میں اکثر نسخے ناپید ہو چکے البتہ موطا روایت عبد اللہ بن وہب کا قلمی نسخہ استنبول کے کتب خانہ فیض اللہ اور کتب خانہ ولی الدین میں اور موطا بروایت سوید بن سعید اور موطا بروایت ابو مصعب زہری ان دونوں کتابوں کے قلمی نسخے دمشق کے کتب خانہ ظاہریہ میں آج تک محفوظ ہیں اور ان سب نسخوں میں متداول ترین اور مشہور ترین یہ دو نسخے ہیں (۱) موطا بروایت امام محمدؒ (۲) موطا بروایت یحییٰ بن یحییٰ مصمودی لیثی چنانچہ محدث ناقد شیخ محمد زاہد کوثری اپنے مقالات میں رقمطراز ہیں،

واشہر روایات فی ھذا العصر روایۃ محمد بن الحسن بین المشارقۃ وروایۃ یحییٰ اللیثی بین المغاربۃ

اس دور میں موطا کی مشہور ترین روایت اہل مشرق میں امام محمد بن حسن کی روایت ہے اور اہل مغرب میں یحییٰ لیثی کی راوئے روایت کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں

---

[1] ملاحظہ ہو تزیین الممالک ص ۵۲ و ۵۳، [2] ملاحظہ ہو توضیح الافکار لمعانی تنقیح الانظار از محدث امیر یمانی ج ۱ ص ۸۲، ۸۳ طبع مصر ۱۳۶۶ھ۔

فالاولی تمتاز بسبب ما ضمنه اهل العراق من احادیث اهل الحجاز المدونة فی الموطأ مما لم یأخذوا به لادلة اخری ساقها محمد فی موطئه وهی فاتحة للمقارنة بین آراء اهل المدینة وآراء اهل العراق وبین ادلة الفریقین والثانیة تمتاز عن نسخ الموطأ کلها باحتوائها علی آراء مالک البالغة نحو ثلاث آلاف مسئلہ فی ابواب الفقہ وهاتان الروایتان فی غایة الکثرة فی خزانات العالم شرقاً وغرباً ؎

اہل عراق نے مؤطا میں مدونہ جن احادیث اہل حجاز کو لیا ہے اور جن کو دوسرے دلائل کی بناء پر جو امام محمدؒ اپنی مؤطا میں لائے ہیں نہیں لیا ہے ان کا بیان ہے اور یہ چیز ان لوگوں کے لئے نہایت مفید ہے کہ جو اہل مدینہ اور اہل عراق کے اجتہادی مسائل اور فریقین کے دلائل کا باہم موازنہ کرنا چاہتے ہیں اور دوسری روایت مؤطا کے تمام روایتوں میں اس حیثیت سے ممتاز ہے کہ وہ تین ہزار کے قریب امام مالک کے ان اجتہادی مسائل پر مشتمل ہے جن کا تعلق فقہ کے مختلف ابواب سے ہے اور یہ دونوں روائتیں دنیا کے کتب خانوں میں شرقاً غرباً نہایت کثرت سے موجود ہیں۔

موطا امام محمد

واقعہ یہ ہے کہ امام مالک کے زمانہ تک مدینہ منورہ خود دار العلم تھا اس لئے امام ممدوح نے طلب علم کے لئے کبھی دوسرے شہروں کا سفر نہیں کیا جس طرح کہ ان کے معاصرین میں امام مسعر بن کدام کوفی المتوفی ۱۵۵ھ نے طلب حدیث کے لئے کبھی کوفہ سے باہر قدم نہیں نکالا؎ کیونکہ وہ بھی اس زمانے میں حدیث و روایت کا مخزن تھا اور گو اس وقت تمام بلاد اسلامیہ میں ارباب فتویٰ اور اہل روایت موجود تھے تاہم مدینہ اور کوفہ کو فقہ و اجتہاد میں مرکزیت حاصل تھی چنانچہ حافظ ابن عبد البر جامع بیان العلم میں بسند متصل امام عبد اللہ بن وہب کی زبانی جو امام مالک کے مخصوص تلامذہ میں سے شمار کئے جاتے ہیں ناقل ہیں کہ ایک بار کسی نے امام مالک سے ایک مسئلہ دریافت کیا انہوں نے اس مسئلہ کا جواب دیا اس پر سائل کی زبان سے نقل گیا کہ اہل شام تو اس مسئلہ میں آپ کے مخالف ہیں اور اس کو اسطرح بیان کرتے ہیں امام مالک نے فرمایا۔

متی کان هذا الشان بالشام انما هذا الشان وقف علی اهل المدینة والکوفة ؎

اہل شام کی یہ شان کب سے ہوگی یہ شان تو صرف اہل مدینہ اور اہل کوفہ کی ہے۔

اسی لئے بنیادی طور پر فقہ و اجتہاد کے مکتب خیال در اصل دو ہی خیال کئے جاتے ہیں ایک عراقی دوسرے حجازی، امام اعظم ابو حنیفہ کوفی پہلے مکتب خیال کے ترجمان ہیں اور امام دار الہجرۃ مالک بن انس مدنی دوسرے کے، پہلے مکتب خیال کا سلسلہ حضرت علی اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے چلتا ہے جو مدینہ سے

؎ مقالات الکوثری ص ۹۷، ۸۰ طبع مصر ۱۳۷۲ھ، ؎ چنانچہ حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کے ترجمہ میں امام یحییٰ بن معین سے نقل کیا ہے کہ لم یرحل مسعر فی حدیث قط (مسعر نے کبھی ایک حدیث کے لئے بھی سفر نہیں کیا) ؎ جامع بیان العلم ج ۲ ص ۱۵۸ طبع منیریہ مصر ۱۲

کوفہ منتقل ہو گئے تھے اور وہیں ان کے علم کی عام اشاعت ہوئی امام مالک نے چونکہ طلب حدیث کے لئے سفر نہیں کیا اس لئے اس سلسلہ کے بزرگوں سے ان کو بہت کم اخذ واستفادہ کا موقع ملا یہی وجہ ہے کہ موطا میں مدنی شیوخ کے علاوہ اور لوگوں کی روایتیں برائے نام ہیں خلیفہ ہارون الرشید نے ایک مرتبہ امام ممدوح سے اس کا شکوہ بھی کیا تھا کہ آپ کی کتابوں میں حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایتیں ہماری نظر سے نہیں گزریں امام مالک نے فرمایا۔

لم یکونا ببلدی ولم القہما[1]

یہ دونوں بزرگ ہمارے شہر میں نہ تھے اور نہ ان کے لوگوں سے میری ملاقات ہوسکی

یہ واضح رہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایتیں موطا میں ان دونوں حضرات کی روایات سے کم ہیں جس کی وجہ یہ ہے جو امام ممدوح نے حضرت علی کی روایات کے متعلق بیان فرمائی ہے ہاں الجواہر المضیہ میں عبداللہ بن ادریس اودی کوفی کے ترجمہ میں جو امام ابوحنیفہ کے تلامذہ میں سے ہیں حافظ عبدالقادر قرشی کی یہ تصریح ہم کو ملتی ہے کہ۔

وقد قیل ان جمیع ما یرویہ مالک فی الموطا فیما بلغنی عن علی فیرسلہا انہ سمعہا من ابن ادریس۔

بیان کیا جاتا ہے کہ وہ تمام روایات جن کو امام مالک موطا میں بلغنی عن علی کہہ کر مرسلاً روایت کرتے ہیں وہ سب انہوں نے ابن ادریس سے سنی ہیں۔

اور قاضی عیاض کی تصریح کے مطابق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی جتنی بلاغات موطا میں ہیں وہ بھی انہی سے سنی ہوئی ہیں[2] غرض یہ وجہ ہے کہ موطا میں اہل عراق کی روایتیں درج نہ ہوسکیں لیکن امام محمد نے اپنی روایت میں اس کمی کو پورا کر دیا ہے وہ اپنے نسخے میں بالالتزام ہر روایت کے متعلق اپنا اور اپنے استاذ امام ابوحنیفہ کا مسلک بیان کرتے ہیں اور جہاں اختلافی مسائل آتے ہیں وہاں اہل عراق کے دلائل بہ تفصیل ذکر کرتے ہیں اسی لئے ان کے نسخے میں امام مالک کے علاوہ اور بھی بہت سے شیوخ سے حدیثیں منقول ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب موطا امام مالک کی بجائے موطائے امام محمد کے نام سے مشہور ہے چنانچہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شرح سفر السعادت میں لکھتے ہیں۔

واز موطائے امام محمد نیز احادیث آوردہ شد و آن حکم موطائے مالک دارد کہ کل او است چہ امام محمد، موطا از امام مالک شنیدہ و آنچہ متعلق بمذہب حنفیہ است جدا نوشتہ، موطائے امام محمد کہ گویند ایں است[3]

اور موطائے امام محمد سے بھی اس کتاب میں حدیثیں لائی گئی ہیں اور یہ موطائے امام محمد ہی کا حکم رکھتی ہے کیونکہ یہ تمام تر وہی کتاب ہے بایں طور کہ امام محمد نے موطا کو امام مالک سے سنا اور جو کچھ حنفی مذہب سے متعلق تھا اس کو جدا لکھا، موطائے امام محمد جس کو کہتے ہیں یہ ہے۔

[1] تزیین الممالک از سیوطی [2] خاتمہ اسعاف المبطا برجال الموطا از سیوطی [3] شرح سفر السعادت ص مطبوعہ نول کشور لکھنؤ ۱۲

Scanned by CamScanner

اس کتاب کی تالیف میں امام محمد نے جو طریقہ اختیار کیا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے

(۱) ترجمۃ الباب کے متصل سب سے پہلے امام مالک کی روایت درج کرتے ہیں پھر وبهٰذا نأخذ (اور اسی کو ہم لیتے ہیں) کہہ کر کبھی اس روایت کے قابل عمل ہونے کی مزید تفصیل دیتے ہیں اور کبھی صرف انہی الفاظ پر اکتفا کرتے ہیں یہ الفاظ جیسا کہ فقہاء نے تصریح کی ہے اس روایت کے مفتیٰ بہ ہونے پر دلالت کرتے ہیں اور در صورت اختلاف دوسرے شیوخ کی حدیثیں پیش کر کے اس روایت پر عمل نہ کرنے کے وجوہ بتلاتے ہیں۔

(۲) اپنے شیوخ سے حدیثیں روایت کرتے وقت امام محمد ہمیشہ اخبرنا کا صیغہ استعمال کرتے ہیں سمعت اور حدثنا وغیرہ نہیں کہتے یہ متقدمین کا طریقہ ہے ان کے یہاں قرأت اور سماع دونوں کے لئے یہ الفاظ مستعمل تھے لیکن متاخرین میں عام طور پر قرأت کے لئے اخبرنا اور سماع کے لئے سمعت اور حدثنا کے الفاظ رائج ہیں۔

(۳) ہر مسئلہ میں امام ابو حنیفہ کا قول بالالتزام ذکر کرتے ہیں اور جہاں ضرورت محسوس کرتے ہیں امام ابو حنیفہ کے قول کے بعد یہ بھی تصریح کر دیتے ہیں کہ والعامۃ من فقہائنا۔ (یعنی ہمارے عام فقہا کا بھی یہی قول ہے) یہاں فقہاء سے مراد "فقہاء عراق" اور عامہ سے مراد ان کی اکثریت ہے اور کبھی اس سلسلہ میں صرف ابراہیم نخعی کا مذہب بیان کرنے پر اکتفا کرتے ہیں جن کی حیثیت اہل عراق میں وہی ہے جو سعید بن المسیب کی اہل حجاز میں اور کبھی مناسب سمجھتے ہیں تو امام ابو حنیفہ کے قول کے ساتھ امام مالک وغیرہ کا قول بھی نقل کر دیتے ہیں۔

(۴) کہیں کہیں امام محمد نے اس کتاب میں کسی مسئلہ کے متعلق ھذا جمیل یا ھذا احسن وغیرہ کے الفاظ استعمال کئے ہیں اس سے مراد استحباب نہیں بلکہ صرف عدم وجوب ہے عام اس سے کہ وہ سنت موکدہ ہو یا غیر مؤکدہ اسی طرح لا باس سے اس کتاب میں صرف نفس جواز مراد ہے کراہت تنزیہی نہیں، چنانچہ تراویح کی بحث میں امام محمد نے یہی الفاظ استعمال کئے ہیں حالانکہ وہ سنت مؤکدہ ہے اسی طرح ینبغی کا استعمال بھی امام ممدوح نے واجب اور سنت مؤکدہ دونوں کے لئے کیا ہے بہر حال ناظرین کو غلط فہمی نہ ہونی چاہیئے متاخرین کی اصطلاح میں ان الفاظ کے جو معانی آتے ہیں امام محمد نے ان معانی میں ان الفاظ کو استعمال نہیں کیا ہے اسی طرح لفظ اثر کا استعمال بھی قدماء کے یہاں مرفوع، موقوف مقطوع ہر روایت کے لئے عام ہے یاد رہے کہ امام محمد نے بھی اس کے عام معنی ہی میں اسکو رکھا ہے لیکن متاخرین میں بعض لوگ حدیث مرفوع کے لئے "اثر" کا لفظ استعمال نہیں کرتے ہیں۔

تعداد مرویات

اس کتاب میں کل ایک ہزار ایک سو اسی (۱۱۸۰) روائتیں ہیں اس تعداد میں مرفوع موقوف مسند غیر مسند وغیرہ جملہ مرویات داخل ہیں منجملہ ان کے امام مالک کی ایک ہزار پانچ (۱۰۰۵) اور بقیہ شیوخ کی ایک سو پچھتر ہیں جن میں سے امام ابو حنیفہ سے تیرہ (۱۳) اور امام ابو یوسف سے چار روائتیں منقول ہیں۔

Scanned by CamScanner

موطا امام محمد میں کوئی موضوع حدیث نہیں ہے

یہ واضح رہے کہ اس کتاب میں کوئی موضوع حدیث نہیں ہے البتہ حافظ ابن حزم ظاہری نے اپنی کتاب مراتب الدیانہ میں تصریح کی ہے کہ

فیہ نیف وسبعون حدیثا قد ترک مالک نفسہ العمل بہا وفیہ احادیث ضعیفۃ وہاہا جمہور العلماء[۱]

موطا میں ستر سے اوپر ایسی حدیثیں ہیں جن پر خود امام مالک نے عمل نہیں کیا ہے اور اس میں ضعیف احادیث بھی ہیں جن کو جمہور علماء نے کمزور بتلایا ہے۔

لیکن یہ روایتیں چونکہ دوسری کتابوں میں طرق صحیحہ سے مروی ہیں اس لئے انکا ضعف کچھ مضر نہیں رہا کسی حدیث پر مجتہد کا عمل نہ کرنا اس کی مختلف وجہیں ہو سکتی ہیں مثلاً یہ کہ وہ حدیث منسوخ ہو یا ماوّل ہو یا دوسری روایات قویہ کے مقابلہ میں مرجوح ہو امام ابوحنیفہ نے موطا کی جن روایات پر عمل نہیں کیا ہے ان کی تعداد بھی کم و بیش اسی کے قریب قریب ہے جس کے وجوہ اس کتاب میں خود آپ کی نظر سے گزریں گے۔

یہ واضح رہے کہ موطا امام محمد کے مطبوعہ نسخے میں باب صلوٰۃ القاعد میں جو یہ روایت مذکور ہے قال محمد حدثنا بشر حدثنا احمد اخبرنا اسرائیل بن یونس بن ابی اسحق السبیعی عن جابر بن یزید الجعفی عن عامر الشعبی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤمن الناس احد بعدی جالسا اس روایت میں احمد اور اسرائیل کے درمیان محمد کا لفظ رہ گیا ہے اصل سند یوں ہے قال محمد حدثنا بشر حدثنا احمد حدثنا محمد اخبرنا اسرائیل الخ چنانچہ موطا امام محمد کا جو قلمی نسخہ دار الکتب المصریہ میں نمبر ۴۲۰ پر محفوظ ہے اس میں اسجگہ امام محمد کا اضافہ موجود ہے اور یہ محمد جو ابتدا سند میں مذکور ہیں یہ ابوعلی صواف ہیں جو اس نسخہ کے راوی ہیں یہ چوتھی صدی کے آدمی ہیں اور انکے شیخ بشر بن موسے اسدی مشہور حافظ حدیث ہیں حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کا مفصل ترجمہ لکھا ہے اور بشر کے شیخ احمد یہ وہی احمد بن مہران نسوی ہیں جو امام محمد کے شاگرد اور ان سے موطا کے راوی ہیں یہ سارا سلسلہ سند ابھی "موطا امام محمد کا حسن قبول" کے زیر عنوان آنے والا ہے اسی طرح باب القراءۃ فی الصلوٰۃ خلف الامام میں جو یہ روایت درج ہے قال محمد حدثنا الشیخ ابوعلی قال حدثنا محمود بن محمد المروزی قال حدثنا سہل بن العباس الترمذی قال اخبرنا اسمٰعیل بن علیۃ عن ایوب عن ابی الزبیر عن جابر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ اس میں بھی قال محمد سے امام محمد مراد نہیں بلکہ ابوعلی صواف کا شاگرد مراد ہے یہ حدیث تاریخ بغداد (ج ۱۳ ص ۹۴) میں موجود ہے یہ روایت دراصل شیخ ابوعلی صواف کے مرتبہ نسخہ کے حاشیہ کی ہے جسکو کسی کاتب نے غلطی سے اصل متن میں درج کر دیا ہے موطا امام محمد کا قلمی نسخہ جو دار الکتب میں نمبر ۴۲۹ پر موجود ہے اور محدث امیر کاتب الاتقانی کے نسخہ سے منقول ہے اس میں یہ حدیث اسی طرح حاشیہ پر درج ہے[۲]

موطا امام محمد کا موطا یحییٰ سے موازنہ

موطا کو امام مالک سے اگرچہ بڑے بڑے فقہاء و محدثین نے روایت کیا ہے جن میں امام شافعی، عبدالرحمٰن بن مہدی، معن بن عیسےٰ، عبداللہ بن یوسف تنیسی، یحییٰ بن یحییٰ نیشاپوری عبداللہ بن مسلمہ قعنبی اور قتیبہ بن سعید خاص طور پر قابل ذکر ہیں لیکن آج دنیائے علوم میں ان میں سے کسی ایک کے نسخہ کا پتہ نہیں ملتا بجز دو کے جن حضرات کی روایت کو شہرت اور قبول عام حاصل ہے وہ صرف یہ دو بزرگ

---

[۱] مقدمہ تنویر الحوالک ۔ [۲] ملاحظہ ہو بلوغ الامانی فی سیرۃ الامام محمد بن الحسن الشیبانی ص ۶۶ طبع مصر ۱۳۵۵ھ۔

ہیں ایک امام محمد دوسرے فقیہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی مالکی المتوفی سنہ ۲۳۴ھ اور آج موطا امام مالک کے نام سے جس کتاب کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے وہ یہی یحییٰ کی روایت ہے لیکن امام محمد کی روایت کو فقیہ یحییٰ کی روایت پر حسب ذیل وجوہ سے ترجیح حاصل ہے

(۱) جلالت شان اور فقاہت کے لحاظ سے موطا کے تمام رواۃ میں امام محمد کا کوئی ہمسر نہیں۔

(۲) امام محمد نہ صرف محدث بلکہ حسب تصریح دارقطنی حفاظ حدیث میں محسوب ہیں اور فقیہ یحییٰ اگرچہ ثقہ اور عاقل تھے لیکن اس فن کے مرد میدان نہ تھے چنانچہ انکے متعلق خود مالکی مذہب کے مشہور عالم حافظ ابن عبد البر کی یہ تصریح ہے کہ ولم یکن له بصر بالحدیث[۱] (ان کو علم حدیث میں بصیرت نہ تھی)

(۳) موطا کی روایت میں یحییٰ سے متعدد جگہ غلطیاں بھی ہو گئی ہیں چنانچہ محدث عبد الباقی زرقانی مالکی انکے ترجمہ میں لکھتے ہیں فقیہ قلیل الحدیث له اوهام[۲] (یہ فقیہ اور ثقہ ہیں قلیل الحدیث تھے اور روایات حدیث میں ان سے کچھ اوہام بھی ہو گئے ہیں) برخلاف اس کے امام محمد کے متعلق حافظ ذہبی نے میزان الاعتدال میں تصریح کی ہے کہ وکان من بحور العلم والفقه قویا فی مایروی عن مالك (علم وفقہ کے سمندروں میں سے تھے اور جو امام مالک سے روایت کرتے ہیں اس میں قوی ہیں)

(۴) امام محمد طبقہ کے اعتبار سے یحییٰ سے اعلیٰ ہیں کیونکہ وہ حسب تصریح محدث حاکم نیشاپوری اتباع تابعین میں سے ہیں اور انہوں نے تابعین کرام کی ایک جماعت سے فیض اٹھایا ہے فقیہ یحییٰ لیثی کو یہ شرف حاصل نہیں۔

(۵) فقیہ یحییٰ کو امام مالک سے پوری موطا کے پڑھنے کا موقع نہ مل سکا کیونکہ یہ جس سال امام مالک کی خدمت میں حاضر ہوئے اسی سال امام ممدوحؒ کا انتقال ہو گیا اسی لئے یحییٰ کے نسخے میں تمام روایتیں عن مالك سے شروع ہوتی ہیں لیکن باب خروج المعتکف للعید فقہا الاعتکاف اور ماجاء فی لیلة القدر میں حدثنی زیاد عن مالك ہے یعنی یہ ابواب انہوں نے مالک سے نہیں بلکہ انکے شاگرد زیاد سے پڑھے ہیں لیکن امام محمد نے پوری موطا کو بھی امام مالک سے سنا ہے۔

(۶) امام محمد نے امام مالک کی خدمت میں مسلسل تین سال گزارے ہیں اور امام یحییٰ کو جیسا کہ ابھی آپکی نظر سے گزرا امام محمد کی نسبت آستانہ امامت پر حاضری کا بہت کم موقع ملا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ طویل الصحبت کی روایت کو قلیل الملازمت کی روایت پر ترجیح ہے

(۷) امام مالک کے یہاں درس کا عام طریقہ یہ تھا کہ شاگرد پڑھتے اور وہ خود سنتے تھے لیکن امام محمد کو اس بارہ خاص میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ انہوں نے امام مالک کی حدیثیں خود انکی زبان سے سنی ہیں چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی تعجیل المنفعہ بزوائد رجال الائمۃ الاربعۃ میں امام محمد کے ترجمہ میں لکھتے ہیں کہ

قال محمد بن عبد الله بن عبد الحکم سمعت الشافعی یقول قال لی محمد بن الحسن اقمت علی باب مالك ثلاث سنین وکذا سمعت من لفظه اکثر من سبعمائة حدیث[۳] انتهی وکان مالك لا یحدث من لفظه الا قلیلا

محمد بن عبد اللہ بن عبد الحکم کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعی کو یہ فرماتے سنا کہ مجھ سے امام محمد بن حسن نے فرمایا کہ میں تین سال تک امام مالک کے آستانہ پہ مقیم رہا ہوں اور میں نے خود ان کی زبان مبارک سے سات سو سے زیادہ حدیثیں سنی ہیں (حافظ ابن حجر کہتے ہیں) کہ امام مالک اپنی زبان سے حدیثیں کم بیان کرتے تھے

---

[۱] الانتقاء فی فضائل الثلاثۃ الائمۃ الفقہاء از ابن عبد البر [۲] ملاحظہ ہو مقدمہ التعلیق الممجد از فاضل لکھنوی [۳] تعجیل المنفعہ میں وکذا کا لفظ طباعت کی غلطی سے رہ گیا ہے لیکن دوسری کتابوں میں اس روایت کے اندر یہ الفاظ موجود ہیں ملاحظہ ہو لسان المیزان و تاریخ بغداد، الانتقاء ۱۲

فلولا طول اقامة محمد عنده وتمكنه منه ما حصل له عنه هذا، وهو احد رواة الموطأ عنه وقد جمع حديثه عن مالك وأورد فيه ما يخالفه وهو الموطأ المسموع من طريقه ۔

اسلئے اگر امام محمد کا انکے پاس طویل قیام نہ ہوتا اور انہیں اس کا بخوبی موقع نہ ملتا تو یہ بات انہیں حاصل نہیں ہوسکتی تھیں امام محمد بھی موطا کے ایک راوی ہیں انہوں نے امام مالک کی حدیثوں کو جمع کرکے جو روایتیں انکے خلاف تھیں انکو بھی بیان کیا ہے اور یہی وہ موطا ہے جس کا سماع ان کے طریقہ سے ہے ۔

(۴) یحییٰ کی روایت میں بہت سے ابواب حدیثوں سے خالی ہیں اور انہیں صرف امام مالک کے اجتہادی مسائل کا تذکرہ ہے لیکن موطا امام محمد کا کوئی باب ایسا نہیں کہ جس میں کوئی حدیث یا اثر موجود نہ ہو ۔

(۵) قعنبی یحییٰ کا نسخہ صرف امام مالک کی روایات تک محدود ہے اور امام محمد کی موطا میں امام مالک کے علاوہ دوسرے شیوخ کی حدیثیں بھی درج ہیں ۔

(۶) امام محمد کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے نسخہ میں موطا کی تمام احادیث کے معمول بہ ہونے یا نہ ہونے کو بتادیا ہے اور اختلافی مسائل میں طرفین کے دلائل کا نہایت خوبی سے موازنہ کیا ہے بقیہ نسخوں میں یہ بات نہیں ہے چنانچہ محدث کوثری فرماتے ہیں

ان عمل محمد في الموطا يعد عملا جليلا جدا أعني من يعني باحاديث الاحكام، على ان احاديث الحجاز كانت مشتركة بين علماء الامصار معلومة لهم مروية عندهم بكثرة حجهم وزياراتهم و لا يفوتهم شئ منها في الغالب انما المهم معرفة ما اذا كانوا اخذوا بتلك الاحاديث ام تركوها لادلة اخرى وقام محمد في موطئه بتعريف ذلك بحيث يبين مواطن الاخذ كما يبين مواضع الترك بادلته [1]

جن لوگوں کو احادیث احکام کے ساتھ اعتنا ہے انکے نزدیک موطا میں امام محمد کا یہ کارنامہ نہایت شاندار کارنامہ شمار کیا جاتا ہے علاوہ ازیں حجاز کی حدیثیں بلاد اسلامیہ کے علما میں مشترک و سانکے علم میں تھیں اور انکے یہاں بھی انکی روایت جاری تھی جسکی وجہ حج و زیارت کے سلسلہ میں کثرت سے علما کی آمد و رفت تھی بدیں وجہ حجاز کی کوئی روایت اکثر انسے چھوٹتی نہ تھی اور اہم انکے لئے صرف اس بات کا جاننا تھا کہ وہ ان حدیثوں کو لیتے ہیں یا دوسرے دلائل کی بنا پر انکو چھوڑ دیتے ہیں چنانچہ امام محمد نے اپنی موطا میں یہی کام انجام دیا ہے کہ ان تمام مقامات کو بتادیا ہے کہ جہاں ان ایات کو لیا ہے اور جہاں دوسرے دلائل کی بنا پر انکو چھوڑ دیا گیا ہے

موطا امام محمد کا حسن قبول

امام مالک کی وفات کے بعد جب کوفہ میں امام محمد موطا کا درس دیتے تھے تو حاضرین کی کثرت کا یہ عالم ہوتا تھا کہ ان کے یہاں آنیکے راستے بند ہوجاتے تھے موطا کی عراق میں ایسی مقبولیت ہوئی کہ سعدون مالکی نے کہا تھا ۔

وممايه اهل الحجاز تفاخروا ۔ الن الموطا في العراق محبب [2]

(اور منجملہ ان باتوں کے جن پر اہل حجاز کو فخر ہے ایک یہ بھی ہے کہ موطا عراق میں محبوب ہے)

موطائے امام محمد کی روایت کا سلسلہ اندلس سے لیکر خراسان و ماوراء النہر تک جاری تھا چنانچہ اندلس کے مشہور عالم حافظ ابوالولید باجی مالکی المتوفی ۴۷۴ھ اپنی شرح موطا میں رقمطراز ہیں کہ

اتنی عنه محمد بن الحسن الموطا وهو مسند ... امام ابن الحسن نے امام مالک سے موطا کی تحصیل کی ہے اور یہ

---

[1] بلوغ الامانی فی سیرۃ الامام محمد بن الحسن الشیبانی صفحہ [2] ایضاً ۱۲ نقلاً عن معالم الایمان ج ۲ ۔ ۲ حافظ سیوطی نے مقدمہ تنویر الحوالک میں سعدون کا قصیدہ نقل کیا ہے جو کہ موطا کی تعریف میں ہے یہ شعر اسی قصیدہ کا ہے ۔ ۱۲

اخبرنا به عن ابی ذر عبد بن احمد[۱] اس کو (حافظ) ابو ذر عبد بن احمد سے روایت کرتا ہوں۔

اور خراسان و ماوراء النہر کے مشہور امام شیخ الاسلام علی بن ابی بکر مرغینانی مصنف ہدایہ المتوفی ۵۹۳ھ موطا امام محمد کو اس سند سے روایت کرتے ہیں عن الامام نجم الدین عمر النسفی الحنفی شارح البخاری عن الامام الحسن بن محمد بن منصور الحارثی عن ابی الفضل احمد بن خیرون عن ابی طاہر عبد الغفار المؤدب عن ابی علی الصواف عن ابی علی بشر بن موسیٰ عن ابی جعفر احمد بن محمد بن مہران عن محمد بن الحسن الامام[۲]

محدثین میں موطا امام محمد کو علو اسناد کے ساتھ روایت نہ کرنا اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا ہے چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے الدرر الکامنہ میں محدث امیر کاتب اتقانی صاحب غایۃ البیان شرح ہدایہ پر یہ ریمارک کیا ہے کہ

حدث بالموطا بروایۃ محمد باسناد نازل جداً

انہوں نے موطا بروایت امام محمد کو نہایت ہی نازل اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

محدث ملا علی قاری المتوفی ۱۰۱۴ھ مفتی مکہ علامہ ابراہیم بیری زادہ المتوفی ۱۰۹۹ھ شیخ عثمان کماخی فاضل لکھنوی مولانا محمد عبد الحی فرنگی محلی المتوفی ۱۳۰۴ھ نے موطا امام محمد پر شرحیں لکھی ہیں محدث ملا علی قاری کی شرح کا نام فتح المغطا بشرح الموطا ہے اسکے قلمی نسخے ہند و پاک کے متعدد کتبخانوں میں ہماری نظر سے گزرے ہیں علامہ بیری زادہ کی شرح نہایت مبسوط ہے دو جلدوں میں تقریباً ایک ہزار صفحات پر ہے اسکا عکسی فوٹو استنبول سے حاصل کیا گیا ہے مجلس احیاء المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن میں موجود ہے اور فاضل لکھنوی کی شرح جسکا نام التعلیق الممجد علی موطا الامام محمد ہے نہایت مشہور و متداول ہے اور بارہا طبع ہو چکی ہے اور موطا امام محمد میں جن لوگوں سے حدیثیں مروی ہیں ان کے حالات میں حافظ قاسم بن قطلوبغا حنفی المتوفی ۸۷۹ھ نے ایک مستقل کتاب علیحدہ تصنیف فرمائی ہے۔

امام محمدؒ

نام محمد، ابو عبد اللہ کنیت، سلسلہ نسب یہ ہے محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی، بعض علماء کا خیال ہے کہ شیبانی ان کی نسلی نسبت ہے لیکن اکثر علما کی رائے یہ ہے کہ نسبت ولاء ہے انکا خاندان جزیرہ کا تھا ان کے والد وطن چھوڑ کر شامی فوج میں داخل ہو گئے تھے اور حرستا نامی گاؤں میں جو دمشق کے مضافات میں تھا بود و باش اختیار کر لی تھی یہاں حق تعالیٰ نے انکو بڑی ثروت عطا فرمائی پھر بنو امیہ کے آخری دور میں عراق منتقل ہو گئے امام محمد کی ولادت ۱۳۱ھ میں واسط میں ہوئی جو عراق کا مشہور شہر ہے پھر انکے والد یہاں سے انکو لیکر کوفہ چلے آئے اور یہیں انکی نشو و نما ہوئی امام محمد کا بیان ہے کہ

خلف ابی ثلاثین الف درهم فانفقت خمسة عشر الفا على النحو والشعر وخمسة عشر الفا على الحديث والفقه[۳]

میرے والد بزرگوار نے تیس ہزار درہم چھوڑے تھے میں نے پندرہ ہزار تو نحو اور شعر پر خرچ کئے اور پندرہ ہزار حدیث و فقہ پر

بڑے بڑے فقہاء و محدثین سے علم کی تحصیل کی حافظ ابن حجر تعجیل المنفعہ میں لکھتے ہیں

ولازم ابا حنيفة وحمل عنه الفقه والحديث وسمع ايضا سفيان الثوري وقيس بن الربيع ومسعر وغيرهما

امام ابو حنیفہ کی ملازمت اختیار کی اور انسے فقہ و حدیث کی تحصیل کی نیز سفیان ثوری، قیس بن الربیع، عمر بن ذر اور مسعر وغیرہ

[۱] شرح موطا از بابی ج ۱ ص ۳ طبع مصر [۲] یہ پوری سند الجواہر المضیہ میں امام احمد حارثی کے ترجمہ میں مذکور ہے حارثی کے شاگرد عمر نسفی مفتی الثقلین ہیں اور عمر نسفی کی جملہ مرویات و مسموعات کی اجازت صاحب ہدایہ کو حاصل ہو گئی ہے سنا ہیں جتنے کم واسطے ہونگے اتنی وہ عالی ہو گی اور جتنے زیادہ ہونگے اسی قدر نازل ہو گی [۳] مناقب ابی حنیفہ و صاحبیہ از ذہبی ص ۵۲ طبع مصر ۱۲

Scanned by CamScanner

ومسعر وغيرهم وسمع بالشام من الاوزاعي وغيرهم — سے حدیث سنی اور شام میں اوزاعی وغیرہ سے حدیث کی سماعت
وبالمدينة عن مالك وغيره (ترجمہ امام محمد) — کی اور مدینہ میں امام مالک وغیرہ سے

امام ابوحنیفہ کی وفات کے بعد فقہ کی تکمیل امام ابویوسف کی خدمت میں رہ کر کی حافظ ذہبی کے الفاظ ہیں۔
ثم لازم ابا يوسف من بعده حتى برع في الفقه [1] — امام ابوحنیفہ کے بعد امام ابویوسف کی ملازمت میں رہے یہاں تک فقہ میں کمال پیدا کیا
حافظ ابن حجر عسقلانی نے الایثار بمعرفۃ رواۃ الآثار میں تصریح کی ہے کہ کان من افراد الدهر في الذكاء (ذکاوت میں یگانۂ روزگار تھے)، مورخ ابن تغری بردی نے النجوم الزاہرہ میں ان کے متعلق یہ الفاظ ہیں وكان اماما فقيها محدثا مجتهدا ذكيا [3]، حافظ ذہبی لکھتے ہیں۔
انتهت اليه رياسة الفقه بالعراق بعد ابي يوسف — امام ابویوسف کے بعد فقہ کی ریاست عراق میں ان پر ختم ہوئی
وتفقه به ائمة وكان من اذكياء العالم [4] — اماموں نے ان سے فقہ کی تحصیل کی اور یہ اذکیائے عالم میں سے تھے

ان ائمہ میں امام شافعی، امام ابوحفص کبیر بخاری، ابوعبید قاسم بن سلام، ہشام بن عبیداللہ رازی، ابوسلیمان جوزجانی اور عیسیٰ بن ابان خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

علم حدیث میں امام محمد کا جو پایہ ہے اس کا اندازہ اس سے لگائیں کہ محدث دارقطنی نے باوجود اس قدر عصبیت کے جو انکو ائمہ احناف سے ہے انکے بارے میں اقرار کیا ہے کہ من الثقات الحفاظ یعنی یہ محدث ثقات میں سے ہیں جن کا شمار حفاظ حدیث میں ہے اور حافظ علی بن مدینی نے جو نقد رجال کے امام ہیں انکو صدوق (بڑا سچا) بتایا ہے اور حافظ ذہبی نے مناقب ابی حنیفہ وصاحبیہ میں تصریح کی ہے کہ
واما الشافعي رحمه الله فاحتج بمحمد بن الحسن في الحديث [5] — امام شافعی رحمہ اللہ نے محمد بن حسن سے حدیث میں حجت پکڑی ہے
اور محدث حاکم نیشاپوری نے المستدرک علی الصحیحین میں امام شافعی کی سند سے انکی یہ حدیث نقل کر کے حدثنا ابو العباس محمد بن يعقوب عود أعلينا ثنا الربيع بن سليمان ثنا الشافعي انا محمد بن الحسن عن ابي يوسف عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر رضي الله عنهما ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الولاء لحمة كلحمة النسب لا يباع ولا يوهب [6] تصریح کی ہے کہ هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه (یہ حدیث صحیح الاسناد ہے حالانکہ بخاری ومسلم نے اسکی تخریج نہیں کی ہے) اس پر حافظ ذہبی تلخیص المستدرک میں لکھتے ہیں کہ صحیح قلت والعبد وس (یہ صحیح ہے کہ میں کہتا ہوں کہ دوسرے کے نسور سے صحیح ہے) اور حافظ ابن حجر نے تعجیل المنفعہ میں لکھا ہے کہ وکان الشافعی یعظمه فی العلم وکذا احمد (امام شافعی اور اسی طرح امام احمد علم میں انکو بڑا سمجھتے تھے) امام محمد کا معمول تھا کہ دس پارے یومیہ قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتے تھے بکر جمی کا بیان ہے کہ محمد بن سماعہ اور عیسیٰ بن ابان نے نماز پڑھنا ان ہی سے سیکھا تھا۔ سنہ ۱۸۹ھ میں خلیفہ ہارون الرشید کے ساتھ رے گئے اور وہیں انتقال کیا اسی دن کسائی نے وفات پائی ہارون الرشید کو سخت صدمہ ہوا اور نہایت تاسف سے کہا آج ہم نے فقہ اور نحو دونوں کو دفن کر دیا رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ وغفر له مغفرة جامعة

[1] الیضاً صفحہ [2] اس کتاب کا قلمی نسخہ میرے پاس موجود ہے [3] النجوم الزاہرۃ ج ۲ ص ۱۳۱ طبع مصر [5] تخریج ہدایہ از حافظ زیلعی ج ۱ ص ۴۲۷، ۴۰۹ طبع مصر [6] الایثار بمعرفۃ رواۃ الآثار [5] مناقب ابی حنیفہ وصاحبیہ ص ۵۹ [6] مستدرک حاکم کتاب الفرائض ج ۴ ص ۳۴۱ طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن ۱۲

Scanned by CamScanner

مقدمہ

مسند حضرت علیؓ

المو سوم بہ

حضرت علیؓ اور علومِ نبوی

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

وما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا

حضرت علی رضی اللہ عنہ

مسند علی کرم اللہ وجہہ

مع اردو ترجمہ

حضرت اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ
سے مروی متفق علیہ احادیث نبوی کا مجموعہ

مشکوٰۃ المصابیح و صحاح ستہ سے ماخوذ

مؤلفہ

[illegible]

مقدمہ

شیخ الحدیث جناب مولانا عبدالرشید نعمانی

محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب قرآن محل کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

حضرت علیؓ اور علومِ نبویؐ

از

جناب مولانا محمد عبدالرشید نعمانی

حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالی وجہہ جو آنحضرت صلے اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ وسلم کے ابن عم، آپ کے داماد، سابقین الاولین میں ممتاز، سب سے پہلے اسلام لانے والے، عشرہ مبشرہ کے بزم نشیں، خلافتِ راشدہ کے چوتھے رکن، ان کے فضائل وکمالات کو کوئی کیا بیان کرے۔

بقول حافظ ابن حجر عسقلانی

مات فی رمضان سنة اربعین وھو یومئذ افضل الاحیاء من بنی آدم بالارض باجماع اھل السنة۔ (تقریب التہذیب)

رمضان سنہ ۴۰ھ ہجری میں جب اس خاکدانِ عالم کو آپ نے خیر باد کہا تو باجماعِ اہلِ سنت روئے زمین پر جتنے بھی انسان بقیدِ حیات تھے اُن سب سے آپ افضل تھے۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالی نے کیا خوب فرمایا ہے کہ

اِنَّ الْخِلَافَةَ لَمْ تُزَیِّنْ عَلِیًّا بَلْ عَلِیٌّ زَیَّنَھَا۔

خلافت نے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو زینت نہیں بخشی بلکہ حضرت علیؓ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کو زینت بخشی [1]

اور اسی بنا پر امام ممدوح کی تصریح ہے کہ

من لم یربع بعلیٍ فی الخلافۃ فھو اضل من حمار اھلہ [2] — جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلیفہ چہارم نہ مانے وہ اپنے گھر کے گدھے سے بھی زیادہ بے وقوف ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنی گرانقدر تصنیف "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" میں حضرت مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے فضائل کا ایک مختصر سا جائزہ لیا ہے جو ہدیہ ناظرین ہے۔ فرماتے ہیں:

علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل بہت ہیں اور ان کے مناقب بے شمار۔

۱۔ وہ پہلے ہاشمی ہیں جو ایک ہاشمی خاتون کے بطن سے پیدا ہوئے۔

۲۔ اُن کی ولادت خانۂ کعبہ میں ہوئی۔ یہ ایسی فضیلت ہے جو اُن سے پہلے صرف ایک صاحب کو نصیب ہوئی تھی۔ اور یہ صاحب جیسا کہ "مُستدرک حاکم" میں مذکور ہے، حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

۳۔ انھوں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آغوشِ تربیت میں نشو و نما پائی۔

۴۔ ایک قول کے مطابق یہی پہلے شخص ہیں جو سب سے پہلے ایمان لائے۔ دوسرے قول کے مطابق پہلے مسلمان حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

---

[1] حافظ خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں اس کو امام احمد سے بسند روایت کیا ہے۔
(ملاحظہ ہو "تاریخ بغداد" ج۔ ۱ ص ۱۳۵۔ طبع مصر)

[2] "منہاج السنۃ" از حافظ ابن تیمیہ۔ ج۔ ۱، ص ۱۴۴ طبع مصر ۱۳۲۱ھ

۵۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ عنہ کے خویش (داماد) تھے اور آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد کا سلسلہ ان ہی کے صلب سے باقی رہا۔

۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے موقع پر بستر نبوی پر جا کر یہی سوئے تاکہ لوگ یہ گمان نہ کریں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جا چکے ہیں۔

۷۔ (مدینہ نبوی میں) عقد مواخات کے وقت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مواخات (یعنی آپ کے بھائی بننے) کا شرف حاصل ہوا۔

۸۔ غزوۂ بدر میں قریش کے پہلوانوں نے جب مبارزت طلب کی تو حضرت علی مرتضیٰ حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہی ان کے مقابلہ میں میدان جنگ میں اُترے اور غالب رہے اور پھر اس بشارت سے سرفراز ہوئے کہ "روز قیامت جب (مومنین کی) کفار سے مخاصمت شروع ہوگی تو سب سے پہلے حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان دونوں بزرگوں کے ساتھ حق تعالیٰ کے حضور میں کھڑے ہوں گے۔"

۹۔ غزوۂ اُحد میں ان چند بزرگوں میں سے یہ بھی تھے جو معرکے میں ثابت قدم رہے اور اس جنگ میں نمایاں سعی آپ سے ظاہر ہوئی۔

۱۰۔ غزوۂ خندق میں عمرو بن عبدود کو جو قریش کا مشہور پہلوان تھا جہنم رسید کیا۔

۱۱۔ غزوۂ خیبر میں آشوب چشم کی وجہ سے جو اس وقت آپ کو لاحق تھا اولاً شرکت کا موقع نہ مل سکا لیکن بعد کو توفیق الٰہی نے دستگیری کی اور باوجود آشوب چشم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے آشوب چشم سے شفا پائی اور قلعۂ خیبر آپ ہی کے ہاتھ پر فتح ہوا، اور اس موقع پر ایسی

فضیلت تامہ آپ کے نصیب میں آئی کہ زبانِ رسالت سے یہ کلمات آپ کے حق میں صادر ہوئے

سابعث غداً رجلاً یحب اللّٰہ ورسولہ ویحبہ اللّٰہ ورسولہٗ	میں کل ہی ایسے شخص کو اس مہم پر بھیجوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت رکھتے ہیں۔

۱۲۔ غزوات نبوی میں بہت سے مواقع پر عساکرِ نبوی کے علم بردار آپ ہی تھے۔

۱۳۔ ۹ھ ہجری میں آیۂ برات کی تبلیغ کا شرف آپ ہی کے حصہ میں آیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ فرماتے ہوئے کہ

لا یبلغہ الا انا او رجل منی	اس کی تبلیغ یا تو میں کر سکتا ہوں یا میرے خاندان کا کوئی فرد۔

اس حکم کی تبلیغ کی ذمہ داری آپ ہی کے سپرد کی۔

۱۴۔ غزوۂ تبوک میں مدینہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین ہوئے اور اس باب میں

انت منی بمنزلۃ ھارون من موسٰی	جو منزلت ہارون کی موسٰیؑ کے یہاں تھی وہی تمہاری میرے یہاں ہے کی فضیلتِ عظمٰی آپ کو نصیب ہوئی۔

۱۵۔ ہجرت کے آخری سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی حکومت پر آپ کو متعین فرمایا اور وہاں کا قلعہ آپ کے ہاتھوں فتح ہوا۔

۱۶۔ اور جب مالِ غنیمت کے خمس میں سے ایک لونڈی آپ کے حصہ میں آئی اور اس کے بارے میں لوگوں میں قیل وقال شروع ہو گئی تو آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے پاس غیرت کی بنا پر لوگوں کو اُن کی ایذا رسانی سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا

هو منی و انا منه (تم نے علی کو کیا سمجھا ہے) وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں۔

۱۷۔ اور "غدیر خم" کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ میں فرمایا:

من کنت مولاہ فعلی مولاہ میں جس کا دوست ہوں علی اس کے دوست ہیں۔

۱۸۔ اور مباہلہ کے وقت جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل بیت کو اپنے ہمراہ لے کر تشریف فرما ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ساتھ تھے۔

۱۹۔ اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب یہ دعا فرمائی

اللهم هؤلاء اهل بیتی اے اللہ یہ لوگ (علی، فاطمہ، حسنین) میرے
فطهرهم تطهیرا اہل بیت ہیں تو ان کو خوب پاک کر دے

تو حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان حضرات میں نہ صرف شامل بلکہ ان سب کے بڑے تھے۔

۲۰۔ اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان کے حق میں ارشاد ہے:

لا یحب علیاً منافق علی سے نہ کوئی منافق محبت رکھ سکتا ہے
ولا یبغضه مومن اور نہ کوئی مومن بغض رکھ سکتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا اس بنا پر تھا کہ آپ امرِ حق پر علی الدوام اور امرِ الٰہی کی بجا آوری میں شدت کے ساتھ سرگرم تھے۔

۲۱- اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حکم دیا کہ مسجد نبوی کے سب دروازے، جو لوگوں نے اپنی نجی آمد و رفت کے لئے کھول رکھے ہیں بند کر دیئے جائیں تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دروازے کو اس حکم سے مستثنیٰ کر دیا۔ کیونکہ ان کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہمسائیگی کا شرف حاصل تھا اور آپ کو ان کا قرب مطلوب تھا۔

ان اکیس فضائل کو بیان کرنے کے بعد شاہ صاحب ممدوح کے الفاظ ہیں:

این بود شرح قیام او بیک جناح نبوت کہ افشائے اسلام است، ونصرت او در جناح دیگر از جناحین خلافت نبوت کہ افشائے علم است آثار جمیلہ از وے ظاہر شدند۔

اشاعت اسلام جو نبوت کا ایک بازو ہے اس کے برپا کرنے میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جو مساعی تھیں یہ ان کی شرح ہے اور خلافت نبوت کے دو بازوؤں میں سے دوسرے بازو کی نصرت یعنی اشاعت علم کے سلسلے میں جو آپ سے آثار جمیلہ ظاہر ہوئے (اُن کی تفصیل یہ ہے)۔

۱- تعلیم قرآن۔ چنانچہ تاحال آپ کی روایت باقی ہے اور قرّاءِ سبعہ میں سے بعض حضرات اس قرآن مجید کو آپ سے روایت کرتے ہیں۔

۲- حدیث نبوی کی روایت کے اعتبار سے آپ کا شمار مکثرین میں ہے یعنی ان اصحاب میں جن سے بکثرت احادیث نبویہ مروی ہیں۔

۳- فقہ۔ آپ کے عہد خلافت میں آپ کے ہاتھوں بکثرت مسائل کے فیصلے ظاہر ہوئے۔ اور امت میں محفوظ رہے۔

۴۔ خود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کے علم کی گواہی دی اور فرمایا کہ انا مدینۃ الحکمۃ وعلیؓ بابھا "میں حکمت کا شہر ہوں اور علی اُس کا دروازہ ہیں"۔

۵۔ اور مسائل قضا میں ان کے تفوق کو بھی بتایا، چنانچہ ارشاد ہے: اقضاکم علیؓ "تم میں سب سے بڑے قاضی (مسائل کا فیصلہ کرنے والے) علیؓ ہیں"۔

۶۔ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس امر سے پناہ مانگا کرتے تھے کہ کوئی سخت الجھا ہوا مسئلہ اُن کے سامنے ایسے وقت پیش آئے کہ جب حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود نہ ہوں۔

۷۔ خود حضرت علیؓ فرمایا کرتے تھے کہ

سلونی عن کتاب اللّٰہ فواللّٰہ ما من اٰیۃٍ الا وانا اعلمُ اَبلیلٍ نزلت ام بنھارام فی سھلٍ او فی جبل	مجھ سے کتاب اللہ کے بارے میں پوچھ لیا کرو، بخدا کوئی ایسی آیت نہیں جس کے بارے میں مجھے علم نہ ہو کہ وہ رات میں اُتری تھی یا دن میں اور وہ وادی میں اُتری تھی یا پہاڑ پر۔

۸۔ حکمت۔ اور ذہن کا جلدی سے (مسئلہ کی حقیقت کی طرف) منتقل ہو جانا جو حکمت کے شعبوں میں سے ایک عظیم شعبہ ہے اس کا بھرپور حصّہ آپ کو ملا تھا چنانچہ حساب کے دقیق مسائل نیز مسئلہ کے ماخذ پر کتاب وسنّت اور قواعد مقررہ وسلّمہ کی روشنی میں متنبّہ کرنے کے بے شمار واقعات آپ سے منقول ہیں۔

۹۔ اور زہد اور بیت المال کے تصرّف میں غایت احتیاط۔ کھانے پینے

پہننے میں سادگی اور بیت المال کی تقسیم میں اپنی قرابت کا پاس و لحاظ نہ کرنا۔ ان امور میں بڑے بلند مقام پر فائز تھے۔

یہ اور اس قسم کے اور بہت سے مناقب جمیلہ آپ میں موجود تھے۔[1]

یہ بھی واضح رہے کہ "قرۃ العینین" میں شاہ صاحب ممدوح علیہ الرحمۃ کے پیش نظر اختصار ہے لیکن انھوں نے اپنی دوسری بے نظیر تصنیف ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء کی جلد دوم میں مناقب مرتضوی پر نہایت مبسوط بحث کی ہے۔ جس کی خوبی اس کے دیکھنے ہی سے معلوم ہو سکتی ہے۔ یہ بحث بڑی تقطیع کے پورے چوبیس صفحات پر صفحہ ۲۵۱ سے لیکر ۲۷۴ تک پھیلی ہوئی ہے۔

حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی علمی خدمات کے سلسلہ میں شاہ صاحب نے "ازالۃ الخفاء" میں جو کچھ ارقام فرمایا ہے اس کا نہایت ہی مختصر سا تعارف درج ذیل ہے۔ فرماتے ہیں:

۱۔ وتنصیب او از احیاء علوم دینیہ آنست کہ جمع او کرد قرآن را بحضور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۲۷۳)	۱۔ دینی علوم کے احیاء کے سلسلے میں ان کا حصہ یہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ کی حیات مبارکہ ہی میں آپ نے قرآن کریم حفظ کر لیا تھا۔

چنانچہ تابعین کی ایک جماعت نے آپ سے قرآن مجید کو روایت کیا ہے اور اس روایت کا سلسلہ تا حال باقی ہے۔ امام عاصم جن کے شاگرد امام حفص کی قراءت آج تمام دنیا میں متداول ہے اور ہم اہل ہند و پاک بھی اسی قراءت میں قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں، اس کا سلسلۂ اسناد بھی حضرت مرتضیٰؓ حضرت

[1] ملاحظہ ہو "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" از ص ۱۳۸ تا ۱۴۰۔ طبع مجتبائی۔ دہلی ۱۳۱۰ھ

عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت زید بن ثابتؓ پر منتہی ہوتا ہے۔ اسی طرح قراء سبعہ میں امام حمزہ کی قرأت کی سند بھی حضرت ذی النورینؓ و حضرت علی مرتضیٰ پر ختم ہوتی ہے۔ اور ان حضرات صحابہ نے خود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قرآن مجید اخذ کیا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ قرآن جو آج ہم پڑھتے ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اسی طرح بعینہ لوگوں کے سینوں میں جمع اور محفوظ تھا۔[1]

وے رضی اللہ عنہ از حفاظ حدیث است و از مکثرین صحابہ است۔ در بادی النظر قریب شش صد حدیث در کتب معتبرہ از احادیث مرفوعہ وے رضی اللہ عنہ مذکور است اوی لحقیقت مرفوعات او از ہزار بیشتر میتواں یافت (ص ۲۷۳)	اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حدیث کے حفاظ اور مکثرین صحابہ میں سے تھے۔ بادی النظر میں تو چھ سو احادیث مرفوعہ کے قریب معتبر کتابوں میں آپ سے منقول ہیں لیکن درحقیقت آپ کی مرفوع احادیث ایک ہزار سے زیادہ مل سکتی ہے۔

آپ کی مرویات کی ایک اہم خصوصیت جس کی طرف شاہ ولی اللہ صاحب نے توجہ دلائی یہ بھی ہے کہ:

و بعض ابواب حدیث کہ پیش از وے روایت نکردہ بودند فاتح اوّل آں باب است (ص ۲۷۳)	اور حدیث کے وہ بعض ابواب جن کی آپ سے پہلے روایت نہیں کی گئی۔ اس باب کے بیان کرنے کی ابتداء آپ ہی سے ہوئی۔

چنانچہ اس سلسلے میں شاہ صاحب ممدوح نے خاص طور پر جن احادیث کی

---

[1] معلوم ہوا جو لوگ قرآن کی تحریف یا اس میں کمی بیشی کے قائل ہیں وہ مسلمان نہیں۔ نعمانی

نشاندہی کی وہ یہ ہیں :

۱۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلیۂ منورہ اور اوقاتِ شب و روز کے گزران کی کیفیت جو شمائلِ ترمذی میں مذکور ہے

۲۔ نمازِ مناجات جو نورانیتِ باطن میں بغایت مؤثر ہے اور "جامع ترمذی" میں مروی ہے۔

۳۔ نوافلِ یومیہ ضحیٰ، صلوٰۃ الزوال وغیرہ جو تصوف کا خاص باب ہے اس کی روایت "مسند احمد" میں موجود ہے۔

واز مسائلِ فتاویٰ و احکام بسیارے نقل کردہ شد۔ خصوصاً در کتبِ امام شافعی او رمصنف عبدالرزاق و در مصنف ابی بکر بن ابی شیبہ حصّہ وافرہ مذکور است (ص ۲۷)	آپ سے مسائل فتاویٰ و احکام بہت منقول ہوئے خصوصاً امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی تصانیف میں، نیز مصنف عبدالرزاق اور مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ میں ان کا بڑا حصّہ مذکور ہے۔ ؎
۴۔ و در بحث توحید و صفاتِ زبانے داشت فصیح و آں مبحث در خطب وے رضی اللہ عنہ یافتہ می شود، و از میان صحابہ	توحید و صفات الٰہی کے بارے میں آپ کی زبان فیض ترجمان پر فصاحت کے دریا جاری تھے یہ مضمون آپ کے خطبات میں پایا جاتا ہے۔ صحابہؓ

؎ بندہ ناکارہ کہتا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور ان کے اصحاب کی تصانیف میں امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جتنی روایتیں کی ہیں ان سے بھی زیادہ روایات مذکور ہیں۔

کبار وے کرم اللہ وجہہ بآں
زبان متفرد است گویا در
باب توحید و صفات از فن
کلام متکلم اوّل او است و
وے در آں مقامات از اصل
سنت سنیّہ انبیاء بیروں نہ
رفتہ (ص ۴۷۲)

کبار میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ
وجہہ اس بحث میں اپنے زور بیان
میں منفرد ہیں۔ گویا فن کلام میں جو توحید
وصفات کا باب ہے اس کے پہلے متکلم
امت میں آپ ہی ہیں اور ان مقامات
کے بیان میں انبیاء کی اصل سنت سنیّہ
سے آپ نے قدم باہر نہیں رکھا ہے۔

۵۔ در باب تصوّف بحرے بود
بغایت وسیع ...... قال
الجنید رحمہ اللہ شیخنا
فی الاصول والبلاء علی
المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
(ص ۴۷۲)

اور علم تصوّف کا تو آپ ایک نہایت
وسیع سمندر تھے ...... حضرت
جنید رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ
اُصول اور بلاء میں تو ہمارے شیخ
علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ہی ہیں۔"

۔ ورسم فصاحت و بلاغت در
خطب آوردۂ اوست خلفائے
سابق بآں مشغول نمی شدند۔

خطبات میں فصاحت و بلاغت کا
طریقہ آپ ہی کا جاری کردہ ہے خلفائے
سابق اس میں مشغول نہ ہوئے۔

۔ باز در زمان شیخین مشیر در
مسائل دینیہ و وزیر در تدابیر
ملکیۂ ایشاں بود و ایشاں
در تعظیم و توقیر او دور دور
رفتہ و مناقب و فضائل

پھر حضرت شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما
کے عہد میں دینی مسائل کے مشیر اور
ملکی تدابیر میں ان کے وزیر رہے اور
یہ حضرات بھی ان کی تعظیم و توقیر بہت
ہی زیادہ کرتے تھے اور ان کے مناقب

او رضی اللہ عنہ واضح ساختہ اند (ص ۲۷۴)

وفضائل خوب کھول کر بیان کرتے تھے۔

اور شاہ صاحب نے "قرۃ العینین" میں یہ بھی فرمایا ہے کہ:

اعتماد بر فتاوی عبداللہ بن مسعود در غالب حال و بر قضایائے مرتضیٰ در بعض احوال بآں شرط کہ اصحاب عبداللہ بن مسعود روایت کردہ باشند و اثبات نمودہ وبعد ازاں بر تحقیقات ابراہیم نخعی وشعبی وتخریجات ایشاں اصل مذہب ابی حنیفہ است کہ بسبب آں صورت خاص مذہب او پیدا شد۔ (ص ۱۷۶)

اکثر حالات میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فتاویٰ پر اور بعض حالات میں حضرت مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فیصلوں پر اعتماد کرنا بشرطیکہ ان کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تلامذہ نے نقل کیا اور ثابت رکھا ہو[1]۔ بعد ازاں ابراہیم نخعی وشعبی کی تحقیقات وتخریجات کو سامنے رکھنا یہ امام ابو حنیفہ کے مذہب کا اصول ہے جس کی بنا پر ان کے مذہب کی ایک خاص شکل پیدا ہو گئی۔

---

[1] اس شرط کو ملحوظ رکھنے کی وجہ خود شاہ ولی اللہ صاحب نے یہ بتائی ہے کہ:

اصحاب عبداللہ بن مسعودؓ ثقات وفقہاء اند و رواۃ حضرت مرتضیٰ لشکریان مستور الحال۔ وحدیث مرتضیٰ بدرجہ صحت نرسیدہ است الا آنچہ اصحاب عبداللہ بن مسعود روایت کردہ اند (قرۃ العینین ص ۱۷)

کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب ثقات اور فقہاء ہیں۔ اور حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرنے والے ان کے لشکر کے وہ لوگ ہیں جن کا حال ظاہر نہیں۔ چنانچہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہی حدیث صحت کے درجہ کو پہنچتی ہے کہ جس کو ان سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب روایت کرتے ہیں۔

اس سے اندازہ لگایئے کہ مذہب حنفی پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد سب سے زیادہ جس کا اثر ہے وہ حضرت مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ہیں۔

واضح رہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تمام فقہی مسائل مستقل کتاب کی صورت میں علیحدہ بھی مدوّن کر دیے گئے ہیں۔ چنانچہ شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی اپنے فتاویٰ میں رقمطراز ہیں:

لالکائی از محدثین اہل سنت مذہب علی مرتضیٰ را در فقہیات از کتاب الطہارۃ تا کتاب القضاء بہ ترتیب جمع کردہ کتابے مستقل در فقہ ساختہ است۔ ہر کسے کہ خواہد بطرف آں کتاب رجوع کند[1]

محدثین اہل سنت میں سے لالکائی نے مسائل فقہ میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذہب کو کتاب الطہارت سے لیکر کتاب القضاء تک جمع کر کے ایک مستقل کتاب فقہ کی تیار کر دی ہے۔ چنانچہ جو شخص چاہے اس کتاب کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔

حافظ شمس الدین الذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں محدث لالکائی کا ترجمہ لکھا ہے جو ان الفاظ میں شروع ہوتا ہے۔ اللالکائی الامام ابوالقاسم ھبۃ اللہ بن الحسین بن منصور الطبری الرازی الحافظ الفقیہ الشافعی محدث بغداد۔ انھوں نے بہت سے محدثین سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ فقہ کی تعلیم ابو حامد اسفرائینی سے پائی تھی۔ محدّث خطیب بغدادی حدیث میں ان کے شاگرد تھے۔ رمضان ۴۱۸ھ ہجری میں وفات پائی۔ ان کی تصانیف میں اس کتاب کے علاوہ جس کا ذکر شاہ عبدالعزیز صاحب نے کیا ہے ایک کتاب السنہ ہے دوسری رجال صحیحین پر اُن کی ایک تالیف ہے۔

---

[1] فتاویٰ عزیزی۔ ج۔ ۱۔ ص ۸۰۔ مطبع مجتبائی ۱۳۴۱ھ

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی احادیث مرویہ کو جیسا کہ شاہ
ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے لکھا۔ حدیث کی معتبر کتابوں میں علماء
محدثین نے جمع کر دیا ہے۔ کتب حدیث کا ایک مستقل عنوان ہے "مسند"
اس نام سے حدیث کی جتنی کتابیں جمع کی گئی ہیں ان میں ہر صحابی کے نام
کے تحت اس صحابی کے تمام مرویات کو بلا لحاظ مضمون یکجا ذکر کر دیا جاتا ہے۔
مسانید اسلام میں بکثرت مرتب ہوئیں۔ سیکڑوں ہزاروں کتابیں اسی
عنوان کے تحت لکھی گئیں مگر ان میں سب سے مبسوط کتاب امام شیخ الاسلام
ابو عبد الرحمٰن بقی بن مخلد القرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ المتوفی ۲۷۶ھ کی "مسند کبیر"
ہے۔ حافظ ابن حزم اندلسی کا بیان ہے کہ اس مسند میں تیرہ سو سے زائد
صحابہ کی مرویات درج ہیں اور پھر ہر صحابی کی حدیث ابواب فقہیہ پر بھی
مرتب ہیں۔ اس اعتبار سے یہ کتاب "مسند" بھی ہے اور "مصنف" بھی۔
اس خوبی کی حامل کسی اور مصنف کی کتاب نہیں[1]۔ شیخ الاسلام بقی بن مخلد
علم حدیث میں بخاری و مسلم کے ہمسر تھے۔ امام ابن حزم نے تصریح کی ہے کہ

کان بقی ذا خاصة من احمد بن حنبل وجاريا في مضمار البخاري و مسلم والنسائي[2]	بقی کو امام احمد بن حنبل کی خدمت میں بڑا اختصاص حاصل تھا، یہ بخاری مسلم نے اور نسائی کے ہم عناں ہیں۔

---

[1] ملاحظہ ہو کشف الظنون "زیر عنوان "مسند امام بقی بن مخلد" خاکسار کہتا ہے کہ اسی صفت کی حامل شیخ الاسلام بقی بن مخلد کے معاصر امام ابن جریر طبری کی تہذیب الآثار بھی ہے لیکن افسوس ہے کہ یہ کتاب مصنف کی زندگی میں تمام نہ ہو سکی شیخ الاسلام بقی کی مسند تو آج دنیا میں ناپید ہے لیکن امام ابن جریر طبری کی کتاب کے کئی حصے زیور طبع سے آراستہ ہو کر شائع ہو چکے ہیں۔

[2] ملاحظہ ہو تذکرۃ الحفاظ از امام ذہبی ترجمہ بقی بن مخلد۔

حافظ ذہبی نے لکھا ہے کہ دو سو اسّی سے زاید شیوخ حدیث سے انھوں نے علم حدیث اخذ کیا اور طلب حدیث میں مشرق و مغرب کو پے سپر کیا تھا۔ حافظ ذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں ان الفاظ میں ان کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے "وکان اماماً علماً قدوۃً مجتہداً، لایقلد احداً ثقۃً حجۃً صالحاً عابداً متہجداً اواہاً، عدیم النظیر فی زمانہ"۔ متاخرین محدثین جو عام طور پر کسی صحابی کی مرویات کی تعداد بیان کیا کرتے ہیں وہ اسی کی مسند کی مرویہ احادیث کی تعداد ہوتی ہے۔

حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویہ احادیث مرفوعہ کی تعداد شاہ ولی اللہ صاحب نے چھ سو کے قریب بتلائی ہے۔ حافظ ابن جوزی کی کتاب "تلقیح فہوم اہل الاثر فی عیون التاریخ والسیر" کا جو نسخہ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اور جس کو سید محمد یوسف ٹونکی نے اپنی تصحیح و اہتمام سے جید برقی پریس دہلی میں طبع کرا کر شائع کیا ہے اس میں اس "قریب" کی تعیین پانچسو چھتیس ۵۳۶ کی ہے۔ چنانچہ "اصحاب المئین" کے زیر عنوان اس کی عبارت یہ ہے:

علی بن ابی طالب خمس مائۃ حدیث وستۃ وثلاثون، وقال ابونعیم الاصفہانی اسند اربع مائۃ ونیفا من المتون سوی الطرق وقال البرقی الذی حفظنا عنہ نحو مائتی حدیث (ص ۱۸۳)	علی ابن ابی طالب کی پانچسو چھتیس ۵۳۶ روایات ہیں اور حافظ ابونعیم اصفہانی نے کہا ہے کہ چار سو سے زاید متونِ حدیث ان سے مروی ہیں طرق و اسانید کا اس میں شمار نہیں اور حافظ برقی کہتے ہیں کہ جو حدیثیں ہمارے پاس ان کی محفوظ ہیں وہ دو سو کے قریب ہیں۔

حافظ ابن جوزی نے تعداد حدیث کا سارا باب اسی مسند بقی بن مخلد سے

نقل کیا ہے البتہ اس سلسلہ میں وہ مزید اضافہ حافظ ابوبکر برقی کی تاریخ اور حافظ ابونعیم اصفہانی کی کتاب سے کرتے جاتے ہیں جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویہ احادیث کی تعداد بیان کرتے ہوئے بھی انھوں نے کیا ہے۔

ہماری تحقیق کے مطابق "تلقیح" میں "ستۃ و ثلاثون" کے الفاظ غلطی سے طبع ہوگئے ہیں۔ اصل میں "ستۃ و ثمانون" ہیں۔ یہ خدا ہی کو معلوم ہے کہ اصل مخطوطہ منقول عنہا میں بھی یہ غلطی تھی یا مطبوعہ نسخہ ہی میں واقع ہوئی ہے۔ حافظ ابن حزم کے پیش نظر بھی "مسند بقی" ہی تھی اور انھوں نے بھی ایک مستقل رسالہ اس موضوع پر قلمبند کیا ہے۔ جو اُن کی کتاب "جوامع السیرۃ" کے ساتھ آخر میں طبع ہوگیا ہے۔ اس میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی مرویات کی تعداد ۵۸۶ ہی مرقوم ہے اور یہی تعداد انھوں نے اپنی دوسری کتاب "الفصل فی الملل و الاھواء و النحل" میں لکھی ہے۔ چنانچہ ان کی عبارت حسب ذیل ہے:

ولم یروعن علی الاخمس مائۃ وستۃ وثمانون حدیثا مسندۃ یصح منہا نحو خمسین وقد عاش بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ازید من ثلاثین سنۃ وکثر لقاء الناس ایاہ وحاجتہم الی ما عندہ لذھاب جمھور الصحابۃ رضی اللہ عنھم وکثر سماع اھل الآفاق عنہ مرۃ بصفین و اعواماً

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پانچسو چھیاسی مسند حدیثیں مروی ہیں جن میں پچاس کے قریب صحیح ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد تیس سال سے زیادہ زندہ رہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی بڑی جماعت کے گزر جانے کے سبب لوگ کثرت سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے پاس جو علم تھا اس کی ان کو ضرورت پڑی چنانچہ کثرت سے اہل آفاق نے آپ سے حدیثیں

بالكوفة ومرةً بالبصرة والمدينة (ج ۴۔ ص ۱۳۷)	سنیں کبھی صفین میں اور کئی برس کوفہ میں اور کبھی بصرہ اور مدینہ میں۔

حافظ ابن حزم نے جو تعداد بیان کی ہے یہی تعداد امام سیوطی کی تاریخ الخلفاء اور علامہ خزرجی کی کتاب "خلاصۃ تذہیب تہذیب الکمال" میں مرقوم ہے۔ خزرجی نے یہ بھی لکھا ہے کہ ان میں بیس حدیثیں "متفق علیہ" ہیں یعنی امام بخاری و مسلم دونوں نے ان کو روایت کیا ہے اور نو حدیثوں کی روایت صرف بخاری نے کی ہے اور پندرہ کی صرف مسلم نے۔ غالباً اسی نقطۂ نظر سے ابن حزم نے صحیح احادیث کی تعداد پچاس کے قریب لکھی ہے۔ لیکن یاد رہے کہ یہ تعداد "صحیح لذاتہ" کی ہے جو محدثین کے نزدیک صحیح کی سب سے عالی قسم شمار کی جاتی ہے ورنہ ثبوت کے لحاظ سے حدیث کی چار قسمیں ہیں (۱) صحیح لذاتہ (۲) صحیح لغیرہ (۳) حسن لذاتہ (۴) حسن لغیرہ۔ یہ چاروں قسمیں بالاتفاق مقبول ہیں اور حجت مانی جاتی ہیں۔

پھر یہ بھی واضح رہے کہ یہ تعداد ان احادیث کی ہے جو "مسند بقی بن مخلد" میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہیں۔ ان کی جملہ مرویات کی یہ تعداد نہیں۔ بعض لوگوں کو اس سلسلہ میں یہ غلط فہمی ہو جاتی ہے کہ "مسند بقی" میں ہر صحابی کی مرویات کی جو تعداد مذکور ہے اس سے زیادہ اس صحابی سے اور کچھ مروی نہیں۔ یہ محض غلط ہے۔ حافظ ابن جوزی "تلقیح" میں لکھتے ہیں:

وقد كان ابو عبد الرحمٰن بقي بن مخلد جمع في مسنده حديثاً كثيراً عن جمهور الصحابة فعد منه بعض رواية الاحاديث التي يرويها	ابو عبد الرحمٰن بقی بن مخلد نے اپنی مسند میں جمہور صحابہ کی حدیثیں جمع کی ہیں چنانچہ اسی بنا پر ہر صحابی نے جو حدیثیں روایت کی ہیں ان میں بعض کی تعداد اسی کتاب کو پیش نظر رکھتے ہوئے بیان کر دی گئی ہے

كل صحابي فتوهم بعض المتأخرين ان الصحابي لا يروي سوى ذلك وليس كما توهم وانما هو قدر ما وقع الى المصنف (ص ۱۸۰)

اس سے بعض متاخرین اس وہم میں مبتلا ہو گئے ہیں کہ یہ صحابی بس اتنی ہی حدیثیں روایت کرتے ہیں حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں جیسا کہ ان کو وہم ہوا ہے بلکہ یہ تو روایت کی اس مقدار کا بیان ہے جو مصنف کو پہنچی ہے۔

مسند بقی تو آجکل ناپید ہے لیکن جو مسانید طبع ہو کر شائع ہو چکی ہیں وہ یہ ہیں:۔

۱۔ مسند امام ابو داؤد سلیمان بن داؤد طیالسی المتوفی ۲۰۴ھ جس کا شمار اسلام کے قدیم ترین مسانید میں ہے بلکہ بعض حضرات اس باب میں سب سے پہلی تصنیف انھیں کی مسند کو خیال کرتے ہیں۔ یہ مسند دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن سے ۱۳۲۱ھ میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے۔ اس میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویات صفحہ ۱۵ سے صفحہ ۲۶ تک درج ہیں مگر درمیان میں کچھ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثیں بھی آ گئی ہیں۔ آج کل اس کتاب کی مسند علی کی احادیث پر فرزند عزیز محمد عبد الشہید سلمہ اللہ تعالیٰ امام سخاوی کی ترتیب مسند طیالسی کے ایک قلمی نسخے کی مدد سے جس کا ایک حصہ ان کو دستیاب ہو گیا ہے کام کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جلد ان کو اس کی تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

۲۔ مسند امام عبد اللہ بن زبیر حمیدی المتوفی ۲۱۹ھ یہ کتاب دو جلدوں میں مجلس علمی کراچی نے شائع کی ہے اور اس کی تصحیح و تحشیہ کا کام مولانا حبیب الرحمن صاحب محدث اعظمی نے انجام دیا ہے۔ مگر اس مسند میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہت ہی کم روایتیں مذکور ہیں جن کی کل تعداد ۲۳ ہے۔

۴۔ مسند امام احمد بن حنبل المتوفی ۲۴۱ھ۔ جو اس وقت موجودہ تمام مسانید میں سب سے زیادہ ضخیم ہے اور باریک ٹائپ پر چھ ضخیم جلدوں میں پہلے مصر اور پھر بیروت سے شائع ہو چکی ہے۔ اس "مسند" میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی روایات ص ۷۵ سے ۱۶۰ پر ختم ہوتی ہیں۔

"صحاح ستہ" میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی روایات کی تعداد تین سو بائیس ۳۲۲ ہے جن کو ان سے ایک سو تریپن صحابہ و تابعین نے نقل کیا ہے۔ ان سب احادیث کی فہرست حافظ جمال الدین مزی نے اپنی گرانقدر تصنیف "تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف" میں راویوں کے اسماء کو حروف تہجی پر مرتب کر کے پیش کر دی ہے اور ہر حدیث کے بارے میں نشاندہی کر دی ہے کہ صحاح ستہ کے کس باب میں کس راوی کی سند سے وہ مروی ہے۔

ان کے علاوہ حدیث کی بکثرت قلمی اور مطبوعہ کتابیں ہیں جن میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بکثرت روایتیں پائی جاتی ہیں اور عین ممکن ہے کہ ان کتابوں میں بعض وہ حدیثیں بھی موجود ہوں جو "مسند بقی" میں نہیں ہیں۔

"صحاح ستہ" کی بزم کے رکن رکین امام احمد بن شعیب نسائی المتوفی ۳۰۳ھ جو امام بقی کی طرح امام بخاری و امام مسلم کے ہم پایہ ہیں بلکہ بعض محققین حفاظ حدیث تو ان کو امام مسلم پر بھی فوقیت دیتے ہیں۔ انھوں نے مستقل طور پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثوں کو جمع کرنے پر توجہ دی اور ان کو ایک علیحدہ کتاب میں مدوّن کر دیا جس کا نام ہے "مسند امیر المؤمنین علی بن ابی طالب"۔

اسی دور کے ایک اور بزرگ حافظ علامہ ابو یوسف یعقوب بن شیبہ سدوسی بصری نزیل بغداد المتوفی ۲۶۲ھ ہجری ہیں۔ جو شیخ الاسلام بقی بن مخلد امام محمد بن جریر طبری اور امام نسائی سب سے عمر اور طبقے میں بڑے تھے انھوں

نے بھی حدیث میں ایک بہت مسند لکھی تھی جس کا تعارف حافظ ذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں ان الفاظ میں کرایا ہے

ما صنف مسند احسن منه ولکنه ما اتمه

اس سے بہتر مسند تصنیف نہیں ہوئی لیکن وہ اس کو مکمل نہ کر سکے

اور اپنی دوسری مشہور تصنیف "سیر اعلام النبلاء" میں اس "مسند" کا ذکر ان لفظوں میں کرتے ہیں

المسند الکبیر العدیم النظیر المعلل الذی تم من مسانیدہ نحو من ثلاثین مجلدا، ولو کمل لجاء فی مائة مجلدا (ج-۱۲ ص ۴۷۶)

مسند کبیر عدیم النظیر معلل جس کی مسانید میں سے صرف تیس جلدوں کے قریب مکمل ہو سکیں۔ ورنہ اگر یہ کتاب پایہ تکمیل کو پہنچ جاتی تو سو جلدوں میں آتی۔

"معلل" کا مطلب یہ ہے کہ احادیث کی اسانید کے ساتھ ان کے علل پر بھی تفصیل سے کلام کیا جائے۔ محدثین نے تصریح کی ہے کہ کوئی معلل کتاب پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتی کیونکہ اس کے ختم ہونے سے پہلے مصنف کی عمر ختم ہو جاتی ہے۔ یعقوب بن شیبہ بڑے پایہ کے محدث تھے۔ حافظ ذہبی نے لکھا ہے وکان من کبار علماء الحدیث۔ حق تعالیٰ نے ان کو دولت علم کے ساتھ دولت دنیوی سے بھی نوازا تھا۔ چنانچہ "مسند" کی تبییض پر دس ہزار اشرفیاں صرف کیں ان کی حویلی میں چالیس لحاف ان مبیضہ نویسوں کے لئے تیار رکھے رہتے تھے جو اس خدمت کو انجام دینے کے لئے رات ان کے یہاں ہی بسر کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ اس مسند کی "مسند ابی ہریرۃ" کا حصہ جو مصر میں لوگوں کی نظر سے گزرا وہ دو سو جزء پر مشتمل تھا۔ اس کے علاوہ مسند یعقوب کے جو اجزاء مبیضہ ہو کر منظر عام پر آگئے۔ وہ مسانید عشرہ

مبشرہ ، مسند ابن مسعود ، مسند عمار ، مسند عباس اور بعض موالی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مسانید ہیں۔ ان میں صرف علی کرّم اللہ وجہہ کی مسند پانچ جلدوں پر مشتمل تھی۔[1]

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدیث نبوی کی روایت میں جن احتیاطوں کو مدنظر رکھتے تھے۔ امام ذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں ان کو خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں :-

۱- وکان اماماً عالماً متحریاً فی الاخذ بحیث انہ لیستحلف من یحدثہ بالحدیث

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام تھے عالم تھے۔ اخذ حدیث (یعنی روایت قبول کرنے میں) احتیاط برتتے تھے چنانچہ جو شخص بھی آپکے سامنے کوئی حدیث بیان کرتا تو پہلے اس سے قسم لیتے تھے

البتہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت اس اصول سے مستثنیٰ تھی کہ آپ ان کی روایت بغیر حلف لئے بھی قبول فرما لیتے تھے۔

۲- عن علی قال حدثوا الناس بما یعرفون ودعوا ما ینکرون اتحبون ان یکذب اللہ ورسولہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، لوگوں کو وہ حدیثیں بیان کرو جو جانی پہچانی ہوں اور وہ نہ بیان کرو جن سے وہ بدکیں۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول کو جھٹلایا جائے۔

حضرت ممدوح کے اس قول کو نقل کرنے کے بعد امام ذہبی نے یہ افادہ فرمایا ہے :-

فقد زجر الامام علی رضی اللہ عنہ عن روایۃ المنکر وحث علی التحدیث بالمشہور وھذا اصل کبیر فی الکف

(اب دیکھیے) بلاشبہ امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منکر (اوپری) روایات کے بیان کرنے سے سختی سے روک دیا اور مشہور روایت کے بیان کرنے کی ترغیب

---

[1] ان ساری تفصیلات کے لئے "تذکرۃ الحفاظ" امام ذہبی میں ان کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

من بث الاشیاء الواھیۃ والمنکرۃ من الاحادیث فی الفضائل والعقائد والرقائق ولاسبیل الی معرفۃ ھذا من ھٰذا الامعان فی معرفۃ الرجال۔	دلائل اور یہ فضائل، عقائد و مواعظ کے بارے میں واہی اور منکر روایات کے بیان کرنے سے رک جانے کا بڑا کارآمد اصول ہے اور منکر کی غیر منکر سے شناخت جب تک فن رجال میں گہری نظر نہ ہو نہیں ہو سکتی۔

۴۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان چند صحابہ میں شامل ہیں جن کو عہدِ رسالت میں حدیث نبوی کی کتابت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ چنانچہ حافظ ذہبی نے نقل کیا ہے:۔

عن علی قال ما کتبنا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا القرآن وما فی ھٰذہ الصحیفۃ۔	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ علیہ وسلم سے سوائے قرآن کریم کے اور جو کچھ اس صحیفہ میں ہے (جو تمہارے سامنے ہے) اور کچھ نہیں لکھا۔

اس صحیفہ کا ذکر حدیث کی کتابوں میں موجود ہے۔ یہ حدیثیں چند فقہی احکام سے متعلق تھیں۔ حافظ ذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب بہت ہیں اور میں نے ایک مستقل کتاب آپ کے لئے فضائل اور مناقب پر لکھی ہے جو ایک پوری جلد میں ہے اور اس کا نام ہے "فتح المطالب فی مناقب علی ابن ابی طالب"۔

احادیث نبویہ کے مطالب و معانی کے سلسلہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد بھی آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے:

اذا حدثتم عن رسول اللہ	جب تمہارے سامنے آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم حدیثاً فظنوا بہ الذی ھو اھناہ والذی ھو اھدٰی والذی ھو اتقٰی (مسند احمد بن حنبل ج ۱ ص ۱۳۰)	صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کی جائے تو وہ معنی لو جو سب سے زیادہ عمدہ، سب سے زیادہ قرینِ ہدایت اور سب سے زیادہ تقویٰ کو بتاتے ہوں۔

محدثین نے اختلافِ روایت کے تحت ترجیح کے بہت سے اصول بیان کئے ہیں، چنانچہ حافظ ابوبکر حازمی نے اپنی مشہور کتاب "الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الآثار" میں پچاس کے قریب وجوہ ترجیحات ذکر کی ہیں۔ یہ کتاب مصر اور ہندوستان دونوں جگہ طبع ہو چکی ہے۔ اس میں پچاسواں ضابطہ یہ بتایا ہے کہ جب کسی ایسے مسئلے میں دو مختلف حدیثیں وارد ہوں کہ جن کا تعلق قضاء سے ہو تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت کردہ حدیث کو ترجیح دی جائے گی۔

اہل سنت میں مذہب حنفی کو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خصوصی نسبت ہے۔ یہ مذہب آپ کے انفاس قدسیہ کی خصوصی برکات کا حامل ہے۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے جدِ امجد ایک بار اپنے صغیر السن صاحبزادہ جناب ثابت علیہ الرحمہ کو جو امام صاحب کے والد ماجد ہیں لے کر خدمت مرتضوی میں حاضر ہوئے تو حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اُن کے اور اُن کی اولاد کے حق میں برکت کی خصوصی دعا فرمائی تھی چنانچہ یہ اسی دعا کی برکت کا اثر ہے کہ فقہ حنفی کو چار دانگ عالم میں غلبہ نصیب ہوا اور آج بھی اسلامی دنیا کی غالب اکثریت اسی مذہب کی پیرو ہے۔ فقہ مرتضوی کا اصل ترجمان مذہب حنفی ہی ہے۔ دور کیوں جایئے۔ نماز کے مشہور مسائل؛

آہستہ سے آمین کہنا۔ رکوع میں جاتے ہوئے اور اس سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہ کرنا۔ زیر ناف ہاتھ باندھنا، گاؤں میں نماز جمعہ وعیدین کا نہ پڑھنا' تراویح کی بیس رکعت۔ ان تمام مسائل میں فقہ حنفی میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ہی کے فتاویٰ پر عمل ہے۔

صحیح مسلم کے مقدمہ میں مغیرہ بن مقسم ضبی علیہ الرحمہ سے جو کوفہ کے مشہور فقہا و محدثین میں ہیں اور امام حنیفہ رح کے استاد بھی۔ مروی ہے کہ

لم یکن یصدق علی علیٍّ" فی الحدیث الا من اصحاب عبد اللہ بن مسعود

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویات میں صرف وہی روایت درست سمجھی جاتی تھی جس کو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ کے تلامذہ ان سے نقل کرتے تھے۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اسی مسند علمی کے صدر نشین ہیں جس کا سلسلہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب سے عہد بعہد آپ تک منتہی ہوا۔ اسی لئے مذہب حنفی میں حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جو علم منتقل ہوا وہ بالکل صحیح طریقہ پر منتقل ہوا پھر مذہب حنفی میں جس کثرت سے اولیا ہوئے ہیں دوسرے مذاہب میں نہیں ہوئے۔ تمام اولیاء اللہ کے سلاسل حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی پر جاکر ختم ہوتے ہیں۔

امام حافظ شمس الدین ذہبی نے جو علم تاریخ اور اسماء الرجال کے ایک عنصر خیال کئے جاتے ہیں۔ اپنی مشہور بے نظیر کتاب "سیر اعلام النبلاء" میں تصریح کی ہے کہ

فافقہ اھل الکوفۃ علی اہل کوفہ کے سب سے بڑے فقیہ علی اور

وابن مسعود، وافقه	اور ابن مسعود ہیں، اور ان دونوں کے اصحاب
اصحابھا علقمہ، وافقہ	میں سب سے بڑے فقیہ علقمہ ہیں اور علقمہ
اصحابہ ابراھیم، وافقہ	کے اصحاب میں سب سے بڑے فقیہ ابراہیم
اصحاب ابراھیم حماد	نخعی ہیں اور ابراہیم کے اصحاب سب سے
ابوحنیفہ، وافقہ اصحابہ	بڑے فقیہ حماد ہیں اور حماد کے اصحاب میں
ابو یوسف وانتشر اصحاب	سب سے بڑے فقیہ ابوحنیفہ ہیں اور
ابی یوسف فی الآفاق،	ابوحنیفہ کے اصحاب میں سب سے بڑے
وافقھم محمد، وافقہ	فقیہ ابو یوسف ہیں۔ پھر ابو یوسف کے
اصحاب محمد ابوعبداللہ	اصحاب آفاق عالم میں پھیل گئے۔ اور ان
الشافعی رحمھم اللہ تعالیٰ	میں سب سے بڑے فقیہ محمد ہیں۔ اور
(ج۔ ۵ ص ۲۳۶)	محمد کے اصحاب میں سب سے بڑے
	ابوعبداللہ شافعی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ان سب
	پر رحمتیں نازل ہوں۔

ہمارے محترم دوست سید جمیل احمد نقوی صاحب کی یہ بڑی سعادت ہے کہ حق تعالیٰ نے اُن کو یہ توفیق بخشی کہ حضرت مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی جتنی روایت کردہ احادیث، حدیث کی مشہور و متداول کتاب "مشکوۃ المصابیح" میں موجود ہیں ان سب کو انھوں نے ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ یہ کام علماء کے کرنے کا تھا۔ سید صاحب عالم نہیں مگر توفیق حق ہے جس کو ارزانی ہو جائے۔ سچ ہے ؎

داد اُو را قابلیت شرط نیست
بلکہ شرط قابلیت دادِ اوست

دُعا ہے کہ حق تعالیٰ ان کی اس خدمت کو قبول فرما کر اس پر اجر جزیل

عطا فرمائے۔ آمین۔

والحمد للہ اوّلاً و اٰخراً وصلی اللہ تعالیٰ

علی سیدنا محمد وعلیٰ الہ وصحبہ وسلم

محمد عبدالرشید نعمانی

۱۰ ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ

مقدمہ

بلوغ المرام

الموسوم بہ

حیات حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حیاتِ حافظ ابن حجر عسقلانی[1]

مولانا محمد عبد الرشید نعمانی

نام و نسب

احمد نام، ابو الفضل کنیت، شہاب الدین لقب اور ابن حجر عرف ہے۔ شجرۂ نسب یہ ہے ۔ احمد بن علی بن محمد بن محمد بن علی بن احمد الکنانی العسقلانی المصری ثم القاہری الشافعی، الضوء اللامع اور شذرات الذہب میں یہی مذکور ہے، لیکن حافظ ابن فہد نے لحظ الالحاظ میں اور علامہ سیوطی نے ذیل طبقات الحفاظ میں اس طرح بیان کیا ہے۔ احمد بن علی بن محمد بن محمد بن علی محمود بن احمد بن احمد۔

حجر حسب تصریح سخاوی آپ کے آباء و اجداد میں سے کسی کا لقب ہے، لہٰذا آپ بنو کنانہ میں سے ہیں جو عرب کا مشہور قبیلہ ہے آپ کے بزرگ اصل میں عسقلان کے رہنے والے تھے جو فلسطین کے اطراف میں ساحل سمندر پر شام کا مشہور شہر ہے۔ اس نسبت سے آپ عسقلانی مشہور ہیں، ورنہ آپ کی ولادت مصر میں ہوئی، یہیں نشو و نما پائی زندگی کی بہار دیکھی اور آخر یہیں سپرد خاک کئے گئے۔

---

[1] اس تذکرہ کے مرتب کرتے وقت حسب ذیل کتابیں ہمارے پیشِ نظر تھیں:- (۱) لحظ الالحاظ بذیل تذکرۃ الحفاظ از حافظ ابو الفضل تقی الدین بن فہد مکی شافعی علوی المتوفی سنہ ۸۷۱ھ مطبوعہ مطبع توفیق دمشق سنہ ۱۳۴۷ھ اس کتاب میں حافظ صاحب کا تذکرہ سب سے زیادہ تفصیل سے لکھا ہے، ابن فہد حافظ صاحب کے شاگرد بھی تھے (۲) الضوء اللامع لاہل القرن التاسع از حافظ ابو الخیر شمس الدین محمد بن عبد الرحمن سخاوی المتوفی سنہ ۹۰۲ھ مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۵۴ھ، سخاوی حافظ صاحب کے تلمیذ خاص ہیں (۳) التبر المسبوک فی ذیل السلوک یہ بھی سخاوی ہی کی تصنیف ہے، یہ کتاب سنہ ۱۸۹۶ء میں مصر کے مطبع بولاق میں چھپی تھی، فتح الباری کا جو نسخہ اسی مطبع میں سنہ ۱۳۰۰ھ میں طبع ہوا ہے اسکی ابتداء میں بھی۔ التبر المسبوک سے حافظ صاحب کا پورا ترجمہ منقول ہے اور اس وقت وہی ہمارے پیش نظر ہے (۴) ذیل طبقات الحفاظ از حافظ جلال الدین سیوطی المتوفی سنہ ۹۱۱ھ مطبوعہ مطبع توفیق دمشق سنہ ۱۳۴۷ھ (۵) کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون از ملا کاتب چلپی المتوفی سنہ ۱۰۶۷ھ مطبوعہ قسطنطنیہ سنہ ۱۳۶۰ھ (۶) شذرات الذہب فی اخبار من ذہب از مورخ عبد الحیی بن العماد حنبلی المتوفی سنہ ۱۰۸۹ء مطابق مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۵۱ھ (۷) اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء والمحدثین از نواب صدیق حسن خاں قنوجی المتوفی سنہ ۱۳۰۷ھ مطبوعہ مطبع نظامی سنہ ۱۲۸۸ھ (۸) نزہیب التاج اللجینی فی ترجمہ البدر العینی از محدث ناقد شیخ محمد زاہد کوثری المتوفی سنہ ۱۳۷۱ھ یہ کتاب ہماری نظر سے نہیں گزری مگر اس کا خلاصہ جو عمدۃ القاری فی شرح البخاری مطبوعہ مطبع منیریہ مصر کے اول میں "ترجمۃ صاحب عمدۃ القاری" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ وہ اس وقت ہمارے پیشِ نظر ہے۔ (۹) التعلیق علی الذیول، یہ علامہ کوثری کے وہ حواشی ہیں جو انہوں نے ابن فہد اور سیوطی کے ذیل پر لکھے ہیں۔ اور انہی کے ساتھ طبع ہوئے ہیں۔

ولادت

آپ کی ولادت سنہ ۷۷۳ھ میں شعبان کی بائیسویں[1] یا تئیسویں تاریخ کو ہوئی۔

سن رشد تعلیم و تربیت شیوخ و اساتذہ

ابھی آپ کی عمر چار برس ہی کی تھی کہ رجب سنہ ۷۷۷ھ میں پدر بزرگوار کا سایہ سر سے اُٹھ گیا اور آپ یتیم ہوگئے

آپ کے والد کے اوصیاء میں سے ایک صاحب تھے زکی الدین خروبی انہوں نے اس یتیمی کی حالت میں آپ کو اپنی آغوش تربیت میں لیا اور بڑے ہونے تک انہی کے زیر کفالت رہے جب پورے پانچ برس کے ہو لئے تو مکتب میں داخل کئے گئے، نو برس کی عمر میں صدر الدین سفطی شارح مختصر تبریزی کے پاس قرآن پاک حفظ کر لیا۔ قرآن پاک کے علاوہ درسی کتابوں میں سے حسب ذیل کتابیں بھی آپ نے زبانی یاد کی تھیں۔ حدیث میں عمدۃ الاحکام مؤلفہ حافظ عبد الغنی مقدسی المتوفی سنہ ۶۶۵ھ، فقہ شافعیہ میں الحاوی الصغیر مؤلفہ شیخ نجم الدین عبد الغفار بن عبد الکریم قزوینی المتوفی سنہ ۶۶۵ھ، اصول فقہ میں مختصر ابن الحاجب المتوفی سنہ ۶۴۶ھ، اصول حدیث میں الفیہ عراقی المتوفی سنہ ۸۰۶ھ اور نحو میں ملحۃ الاعراب مؤلفہ ابو محمد قاسم بن علی الحریری المتوفی سنہ ۵۱۶ھ۔ سخاوی نے ان پانچوں کتابوں کے نام لیکر وغیرھا بھی لکھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ کتابوں کے علاوہ اور بھی کچھ یاد کیا تھا۔

سنہ ۷۸۴ھ کے آخر میں جب کہ آپ گیارہ سال کے تھے اپنے وصی کی معیت میں حج بیت اللہ کے لئے گئے اور ایک سال تک جوار حرم ہی میں مقیم رہے، مکہ معظمہ کے زمانہ قیام میں شیخ عفیف الدین عبد اللہ بن محمد النشاوری سے صحیح بخاری کا سماع کیا، فن حدیث میں یہ آپ کے پہلے استاذ ہیں جن سے آپ نے حدیث شروع کی تھی، اسی زمانہ میں حافظ ابو حامد محمد بن ظہیرہ المتوفی سنہ ۸۱۷ھ سے عمدۃ الاحکام خوب بحث کے ساتھ پڑھی اور اسی سال یعنی سنہ ۷۸۵ھ میں مسجد حرام میں نماز تراویح میں قرآن پاک سنایا سنہ ۷۸۶ھ میں مصر لوٹے اور عبد الرحیم بن رزین سے صحیح بخاری کا سماع کیا پھر سنہ ۷۹۰ھ کے بعد مصر ہی میں وہاں کے مقامی شیوخ اور باہر کے آنے والے محدثین کی ایک بڑی جماعت سے جن کی اسناد عالی تھی۔ حدیث کا بہت کچھ سماع کیا، ان حضرات اساتذہ میں ابن ابی المجد برہان شامی، عبد الرحمٰن بن شیخہ، حلاوی، سویداوی، مریم بنت اذرعی، خاص طور پر قابل ذکر ہیں، زاں بعد سنہ ۸۰۲ھ میں آپ نے دمشق کا سفر کیا اور وہاں آپ کو بعض وہ اساتذہ ملے جو قاسم بن عساکر اور حجار کے شاگرد تھے اور جن کو تقی الدین سلیمان بن حمزہ اور اسی طبقہ کے دیگر محدثین سے اجازت حاصل تھی۔

آپ نے کئی حج کئے، در طلب حدیث میں بہت سے شہروں کا سفر کیا، حافظ ابن فہد نے اس سلسلہ میں حسب ذیل مقامات کے نام لکھے ہیں، حرمین، اسکندریہ، بیت المقدس، الخلیل، نابلس، رملہ، غزہ، بلاد یمن وغیرہ، مورخ ابن العماد نے آپ نے جہاں جہاں اس فن کی تحصیل کی ہے وہاں کے مشہور اساتذہ کے نام بھی گنائے ہیں جو درج ذیل ہیں:-

قاہرہ - سراج الدین بلقینی، حافظ ابن الملقن، حافظ زین الدین عراقی (حافظ ابن حجر نے ان حضرات سے فقہ کی تعلیم بھی پائی تھی)، برہان الدین ابناسی، نور الدین ہیثمی وغیرہ۔

---

[1] الضوء اللامع اور شذرات میں ۲۲ شعبان مذکور ہے اور لحظ الالحاظ اور اتحاف النبلاء میں ۲۳ شعبان لکھا ہے۔

سریاقوس: (قاہرہ کے اطراف میں ایک چھوٹا سا شہر تھا) صدر الدین الشیطی

غزہ: احمد بن محمد خلیلی

رملہ: احمد بن محمد الایکی

الخلیل: صالح بن خلیل بن سالم

بیت المقدس: شمس الدین القلقشندی، بدر الدین بن مکی، محمد المنبجی، محمد بن عمر بن موسٰی۔

دمشق: بدر الدین بن قوام بالسی، فاطمہ بنت المنجا تنوخیہ، فاطمہ بنت عبد الہادی، عائشہ بنت عبد الہادی وغیرہ

منیٰ: زین الدین ابوبکر بن الحسین۔

تذکرات میں آپ کے سلسلہ سفر میں یمن کا بھی ذکر ہے لیکن وہاں کے کسی شیخ کا نام نہیں لکھا، حافظ سخاوی نے لکھا ہے کہ جوان ہونے کے بعد آپ نے حسب ذیل علماء سے مندرجہ ذیل علوم کی تحصیل کی تھی۔

شمس الدین بن القطان: ان کو بھی آپ کے والد وصی کر گئے تھے، فقہ، عربیت اور حساب وغیرہ کی تعلیم کے سلسلہ میں ایک مدت تک آپ نے ان کی ملازمت اختیار کی، حاوی کا بیشتر حصہ بھی ان ہی سے پڑھا تھا۔

نور الدین ادمی: ان سے بھی مدت تک فقہ و عربیت کی تحصیل کرتے رہے۔

سراج الدین بلقینی: مدت تک ان کی خدمت میں رہے اور ان کے فقہ کے اسباق میں حاضر ہوتے رہے۔ حسب ذیل کتابیں ان کے پاس پڑھیں (۱) الروضۃ فی فروع الشافعیہ از علامہ نووی المتوفی ۶۷۶ھ (۲) خود بلقینی نے اس کتاب پر جو حواشی لکھے تھے وہ (۳) مختصر مزنی، اس کی قرارت شمس الدین برماوی کرتے تھے اور یہ سنتے تھے، درس و افتاء کی اجازت بھی سب سے پہلے حافظ صاحب کو ان ہی نے دی تھی۔

برہان الدین ابناسی: ان سے فقہ کی تعلیم حاصل کی اور منہاج وغیرہ کو خوب بحث سے پڑھا، چونکہ موصوف کو آپ کے والد بزرگوار سے خصوصی تعلق تھا اس لئے بڑے عرصہ تک ان کی خدمت میں حاضر رہے۔

سراج الدین ابن الملقن: انہوں نے منہاج پر جو شرح لکھی اس کا اکثر حصہ انہی سے پڑھا۔

عز الدین بن جماعہ: جن علوم کا یہ درس دیتے تھے ایک زمانہ تک ان کی تحصیل کے سلسلہ میں ان کی خدمت میں حاضر رہے اور حسب ذیل کتابیں ان سے پڑھیں (۱) شرح المنہاج الاصلی (۲) جمع الجوامع (۳) شرح جمع الجوامع از عز الدین مذکور (۴) مختصر ابن الحاجب (۵) شرح مختصر ابن الحاجب از عضد الدین ایجی، اس کا نصف اول (۶) مطول۔

علماء مذکورین کے علاوہ ہمام الدین خوارزمی، قنبر عجمی کے درسوں میں حاضر رہے اور بدر الدین بن صبندی، ابن الصاحب، شہاب الدین احمد بن عبد اللہ بوصیری اور جمال الدین ماردانی موقت وحاسب سے مختلف علوم وفنون کی تحصیل کی۔ مجد الدین فیروزآبادی صاحب قاموس سے علم لغت حاصل کیا، عماری اور محب الدین بن ہشام سے عربیت سیکھی، بدر الدین بشتکی سے ادب وعروض وغیرہ کی تعلیم پائی، ابوعلی زفتاوی اور نور الدین بدراصی سے کتابت کو سیکھا۔ تنوخی سے فن قراءات اخذ کیا اور المفلحون تک ان کے پاس سبعہ کی قرارت

کی تجوید اس سے پہلے دیگر حضرات کے پاس حاصل کر چکے تھے۔ حافظ سخاوی ان اساتذہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"ان میں سے ہر ایک اپنے علم میں متبحر تھا اور جس فن میں اس کی شہرت تھی اس پایہ کا تھا کہ دوسرا اس کو نہیں پا سکتا تھا، چنانچہ تنوخی معرفت قراءات اور اس کی عالی اسناد میں اور عراقی علوم حدیث اور اسکے متعلقات میں اور ہیثمی حفظ متون اور استحضار میں اور بلقینی وسعت حفظ اور کثرت اطلاع میں اور ابن الملقن کثرت تصانیف میں اور مجد فیروز آبادی حفظ اللغت اور اس کی معلومات میں اور غماری علم عربیت اور اسکے متعلقات میں اور اسی طرح محب الدین بن ہشام کہ وہ بھی کثرت ذکاوت کے باعث اس فن پر بڑی قدرت رکھتے تھے ابن غماری حفظ میں بڑھے ہوئے تھے اور عزالدین بن جماعہ بہت سے علوم میں تفنن کی بنا پر (کیونکہ وہ کہا کرتے تھے کہ میں پندرہ علوم ایسے پڑھاتا ہوں کہ علماء زمانہ ان کے نام تک سے واقف نہیں) ایسے ہی تھے"

حافظ صاحب نے سارے فنون نہایت محنت سے پڑھے تھے اور ان میں وہ کمال بہم پہنچایا تھا کہ باید و شاید، سخاوی لکھتے ہیں:۔

وجد فی الفنون حتی بلغ الغایۃ۔ آپ نے فنون میں پوری کوشش کی اور نہایت اعلےٰ درجہ پر پہنچے۔

پھر حق تعالیٰ شانہ نے آپ کے دل میں علم حدیث کی محبت ڈالی اور آپ بالکلیہ اس کی طرف متوجہ ہو گئے یوں تو بقول سخاوی آپ نے ۷۹۳ھ ہی میں طلب حدیث شروع کر دی تھی لیکن پوری توجہ اس کی طرف آپ نے ۷۹۶ھ میں کی اور اس کثرت سے اس فن کی کتابوں کا سماع کیا اور اتنے کثیر مشائخ سے اس علم کو اخذ کیا کہ ان کا شمار مشکل ہے۔ ابن فہد لکھتے ہیں:۔

ومسموعاتہ ومشائخہ کثیرۃ جدا لا توصف ولا تدخل تحت الحصر	ان کی مسموعات اور ان کے مشائخ کی تعداد بہت ہی زیادہ ہے جو بیان سے باہر ہے اور شمار میں نہیں آ سکتی۔

سخاوی کا بیان ہے:۔

واکثر جداً من المسموع والشیوخ فسمع العالی والنازل واخذ عن الشیوخ والاقران فمن دونھم	انھوں نے مسموع اور شیوخ کی بہت ہی کثرت کی چنانچہ عالی بھی سُنا اور نازل بھی، اساتذہ سے بھی اخذ کیا اور معاصرین سے بھی بلکہ ان سے نیچے کے طبقے سے بھی

ان ہی معاصرین میں ایک قابل ذکر ہستی شیخ الاسلام حافظ بدر الدین محمود عینی شارح بخاری المتوفی ۸۵۵ھ کی ہے کہ جو حافظ ابن حجر سے عمر میں بارہ سال بڑے تھے اور آپ کی وفات کے تین سال بعد تک زندہ رہے۔ حافظ عینی میں اور آپ میں معاصرانہ چشمک بھی تھی لیکن اس کے باوجود حافظ ابن حجر نے آپ سے بہت کچھ اخذ فیض کیا ہے۔ صحیح مسلم کی دو حدیثیں اور مسند احمد کی ایک حدیث آپ سے سنی ہے اور اپنی تصنیف البلدانیات میں حافظ عینی سے ان حدیثوں کی روایت بھی کی ہے۔ حافظ ابن حجر نے المجمع المؤسس للمعجم المفہرس کے طبقہ ثالثہ میں اپنے اساتذہ کے ضمن میں حافظ عینی کا مختصر سا تذکرہ بھی لکھا ہے

بلاشبہ حافظ صاحب نے علم حدیث میں بے شمار اساتذہ سے کسب فیض کیا تھا لیکن خصوصی

طور پر جس نے اس فن میں ان کی تربیت کی وہ حافظ زین الدین عراقی ہیں (جن کو اس فن کا ملکہ حافظ ابن الترکمانی حنفی مصنف الجوہر النقی کی زیر تربیت حاصل ہوا تھا) سخاوی لکھتے ہیں:۔

فعکف علی الزین العراقی وتخرج بہ و انتفع بملازمتہ

پھر آپ زین الدین عراقی کے آستانہ پر فروکش ہوئے ان سے ہی اس فن کی تربیت پائی اور ان ہی کی ملازمت سے نفع اٹھایا۔

حافظ عراقی سے آپ نے اس فن کی (حسب تصریح سخاوی والکثیر من الکتب الکبار والاجزاء الصغار) چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں پڑھیں اور خود ان کی تصانیف میں سے بھی حسب ذیل کتابیں خوب سمجھ کر اور نہایت تحقیق کے ساتھ ان سے پڑھی تھیں (۱) الفیہ (۲) شرح الفیہ (۳) نکت علی ابن الصلاح، اس کے علاوہ ان کی امالی کا بھی ایک بڑا حصہ ان سے حاصل کیا تھا بعض امالی میں ان کے مستملی بھی ہوتے تھے۔ حافظ عراقی ہی نے سب سے پہلے آپ کو حدیث پڑھانے کی اجازت دی تھی۔

حافظہ اور ذکاوت

قوتِ حافظہ اور ذکاوت خدا دادتھی، ابن فہد نے لکھا ہے کہ آپ نے لکھا ہے کہ آپ نے پوری سورۃ مریم ایک دن میں یاد کی تھی، حاوی صغیر کا پورا صفحہ دو دفعہ کے پڑھنے سے یاد ہوجاتا تھا۔ پہلی دفعہ استاذ سے صحیح کر کے پڑھتے دوبارہ خود پڑھتے اور تیسری دفعہ زبانی سنا دیتے۔

ذکاوت ایام طالب علمی ہی میں عیاں تھی۔ حافظ ابن فہد لکھتے ہیں:۔

وکان احسن اللہ تعالیٰ الیہ فی حال طلبہ مفیدا فی ذی مستفید

اللہ ان کا بھلا کرے کہ یہ عہد طالب علمی ہی میں مفید بصورت مستفید تھے۔

علم و فضل

حافظ صاحب کو مختلف علوم وفنون میں کمال حاصل تھا، سب سے پہلے ادب و تاریخ پر توجہ کی تھی اس کے بارے میں ابن فہد کی شہادت ہے ففاق فی فنونہما ادب و تاریخ دونوں کے فنون میں آپ فائق تھے، فقہ اور عربیت کے متعلق ابن العماد کے الفاظ ہیں وبرع فی الفقہ والعربیۃ آپ فقہ اور عربیت میں ممتاز تھے۔ شعر وسخن کا فطری ذوق تھا۔ بچپن سے شاعری خمیر میں پڑی تھی بڑے عمدہ شعر کہتے تھے، ابن العماد کا بیان ہے۔

وتولع بالنظم وقال الشعر الکثیر الملیح الی الغایۃ

شاعری کے دلدادہ تھے۔ بہت شعر کہے جو انتہا درجہ کے نمکین تھے۔

ابن العماد نے آپ کے اوصاف کمال میں خصوصیت کے ساتھ یہ الفاظ لکھے ہیں راویۃ للشعر شعر بہت روایت کرتے تھے، ابن فہد آپ کی شاعری کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

وقال الشعر الحسن الذی ہو ارق من النسیم وطارح الادباء

ایسے عمدہ شعر کہے کہ جو نسیم سحر سے بھی زیادہ دلآویز ہیں، اور ادیبوں سے دنگل رہا۔

نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ابن فہد نے آپ کے قصیدہ کا ایک مطلع نقل کیا ہے

مازلت فی سفن الھوی تجری بی ٭ لا فانتی عقلی ولا تجریبی ٭٭ میں محبت کے سفینوں میں برابر بہتا ہی رہا ٭ نہ میری عقل نے مجھے کچھ کام دیا نہ تجربے نے

Scanned by CamScanner

ابن العماد نے آپ کے دیوان سے یہ دو شعر نقل کئے ہیں:۔

احببتُ وَقّادًا کنجمٍ طالعٍ ❊ اَنزلتُہٗ برضا الغرام فوادی

(میں نے اس سے محبت کی ہے جو نکلنے والے تارے کی طرح دمکتا ہے اور فرط شوق میں چاہت سے اس کو اپنے دل میں اتارا ہے)

وَ اَنا الشِّھابُ فلا تُعانِدْ عاذِلِیْ ❊ اِنْ مِلتُ نَحوَ الکوکبِ الوَقّادِ

(اور میں شہاب[1] ہوں اس لئے اگر کوکب درخشاں پر مائل ہو گیا تو اس بات سے میرے ناصح کو عناد نہ ہونا چاہئے)

اور حدیث میں تو حافظ صاحب کا جو پایہ ہے محتاج بیان نہیں، حافظ سیوطی لکھتے ہیں:۔

وبرع فی الحدیث وتقدم فی جمیع فنونہ (حدیث میں ممتاز ہوئے اور اسکے سارے فنون میں مقدم رہے)

اس میں شک نہیں کہ علم حدیث حافظ صاحب کا خاص فن تھا اور انھوں نے اپنی زندگی کا بہت بڑا حصہ اسی مبارک مشغلہ کی نذر کیا تھا جس کی بدولت آج بھی وہ حافظ حدیث کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ پہلے شاعر ہیں بعد کو محدث اور تیسرے نمبر پر فقیہہ علامہ ابن العماد نے آپ کے بارے میں یہ بالکل صحیح نقل کیا ہے کہ

کان شاعرا طبعا محدثا صناعۃ فقیھا تکلفا

آپ طبعاً شاعر تھے فن کے اعتبار سے محدث اور فقیہہ بہ تکلف

وجہ ظاہر ہے شعر کا سلیقہ فطری تھا، حدیث کو بحیثیت فن حاصل کیا تھا اور فقہ میں محنت کرنی پڑی تھی۔

اجلہ علماء کا اعتراف

حافظ سخاوی الضوء اللامع میں لکھتے ہیں کہ:۔

"آپ کے حفظ، ثقاہت، امانت، معرفت تامہ، خوبی ذہن، فرط ذکا اور مختلف فنون میں وسعت نظر کی شہادت فرمائی دی ہے۔ آپ کے استاد عراقی نے اپنے تمام تلامذہ میں آپ کو حدیث کا سب سے بڑا عالم فرمایا تھا۔ تقی الدین فاسی اور برہان الدین حلبی دونوں کی متفقہ شہادت ہے کہ ما رأینا مثلہ (ہم نے ان جیسا نہ دیکھا)۔ ایک بار فاضل تغری برمش فقیہ نے خود آپ سے دریافت کیا تھا أرأیت مثل نفسك (آپ نے بھی اپنا مثل کبھی دیکھا) فرمایا اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے فَلَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ (اپنے آپ کی بڑائیاں مت جتلاؤ)"

حافظ ابن فہد نے لحظ الالحاظ میں آپ کا تذکرہ ان شاندار الفاظ میں شروع کیا ہے ابن حجر ...... العسقلانی المصری الشافعی الامام العلامۃ الحافظ فرید الوقت مفخر الزمان بقیۃ الحفاظ علم الائمۃ الاعلام عمدۃ المحققین

[1] سابق میں گزر چکا کہ حافظ صاحب کا لقب شہاب الدین ہے۔

خاتمۃ الحفاظ المبرزین والقضاۃ المشہورین ابوالفضل شہاب الدین اور حافظ سیوطی نے ذیل تذکرۃ الحفاظ میں اس طرح ابتدا کی ہے ابن حجر شیخ الاسلام و امام الحفاظ فی زمانہ و حافظ الدیار المصریۃ بل حافظ الدنیا مطلقا قاضی القضاۃ اور مورخ ابن العماد کے یہ الفاظ ہیں شیخ الاسلام علم الاعلام امیر المومنین فی الحدیث حافظ العصر۔

زُود خوانی و زُود نویسی

حافظ صاحب کو تیز پڑھنے کی اس درجہ مشق تھی کہ حیرت ہوتی ہے ایک دفعہ صحیح بخاری کو دس نشستوں میں (جو صرف ظہر سے عصر تک ہوتی تھیں) ختم کر ڈالا، اسی طرح صحیح مسلم کو ڈھائی دن میں پانچ نشستوں میں تمام کیا۔ امام نسائی کی سنن کبریٰ کو بھی دس ہی نشستوں میں ختم کیا، ہر نشست چار ساعت کی ہوتی تھی، سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک دفعہ اپنے شام کے سفر میں طبرانی کی المعجم الصغیر (جس میں ڈیڑھ ہزار کے قریب حدیثیں مع اسناد کے مروی ہیں) کو صرف ایک مجلس میں مابین ظہر و عصر سُنا دیا، دمشق میں ان کا دو ماہ دس دن قیام رہا تھا اس اثنا میں اپنے ضروری مشاغل میں مصروفیت اور علمی فوائد نقل کرنے کے علاوہ سو جلدوں کے قریب کتب احادیث کی اہل شام کے لئے قرارت کی تھی۔

اس میں شک نہیں کہ اس قدر تیز پڑھنا جہاں قابل تعریف ہے وہاں اس میں ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ اس تیزی میں پورے طور پر ضبط الفاظ مشکل ہوتا ہے اور اکثر گڑبڑ ہو جاتی ہے۔ حافظ ابن حجر کی تصانیف میں جو اوہام ہیں غالبًا اس کا سبب یہی ان کی زود خوانی ہے چنانچہ سخاوی نے اپنی تصنیفات میں ان کی بہت سی غلطیاں بیان کی ہیں اسی طرح سبط ابن حجر نے النجوم الزاہرۃ فی قضاۃ القاہرۃ میں اپنے جد کی مشہور تصنیف رفع الاصر عن قضاۃ مصر پر خوب تنقید کی ہے اور جابجا اس کی اغلاط کو واضح کیا ہے بلکہ حافظ صاحب کے نامور شاگرد و محدث برہان الدین بقاعی نے تو عنوان الزمان میں آپ کے متعلق یہاں تک لکھ دیا ہے کہ:-

انہ یغلط و یلج فی غلطہ (غلطی کرتے ہیں اور پھر اس پر مُصر بھی رہتے ہیں)

حافظ صاحب جس طرح زود خواں تھے اسی طرح زود نویس بھی تھے مگر نہایت بدخط تھے اور اس پر طرہ یہ کہ شیوہ خط یکساں نہ تھا جس کی وجہ سے ان کے خط کا پہچاننا اور پڑھنا سخت دشوار تھا اور پھر مبیضہ تک میں اتنی کانٹ چھانٹ چلتی تھی کہ مسودہ بن کے رہ جاتا تھا۔ حافظ صاحب کے خط کا عکس علامہ راغب طباخ حلبی نے اپنے مطبع علمیہ میں مقدمہ ابن الصلاح مع التقیید والایضاح للعراقی کا جو نسخہ طبع کیا ہے اسکے شروع میں دے دیا ہے۔

عہدۂ قضاء

ابتداء میں الملک المؤید نے مملکت شام کا عہدہ قضاء آپ کو پیش کیا اور بار بار اسکے قبول کرنے کی خواہش ظاہر کی لیکن آپ نے باصرار تمام اس پیش کش کو رد

کر دیا۔ مگر محرم ۸۲۷ھ میں الملک الاشرف برسبائی نے جب قاہرہ اور اسکے مضافات کا منصب قضا آپ کو تفویض کیا تو آپ نے پوری ذمہ داری اور دیانت کے ساتھ اس منصب کو نبھایا۔ قاہرہ میں آپ کی مدت قضاء حسب تصریح سخاوی اکیس ۲۱ سال ہے مگر اس درمیان میں اس کثرت سے آپ کا عزل ونصب ہوتا رہا کہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔ بعد کو خود حافظ صاحب کو بھی جیسا کہ سخاوی نے لکھا ہے اس عہدۂ قضاء کے قبول کرنے پر سخت ندامت تھی۔

درس وافتاء حافظ صاحب کی زندگی کا بیشتر حصہ علم دین خصوصاً حدیث شریف کی خدمت اس کی نشر واشاعت، درس وتدریس اور تصنیف وافتاء میں بسر ہوا۔ قاہرہ کے بڑے بڑے مدارس میں مدت تک آپ نے تفسیر حدیث اور فقہ کی تعلیم دی ہے چنانچہ حسینیہ اور منصوریہ میں تفسیر پڑھائی، بیبرسیہ، جمالیہ، حسینیہ، زینبیہ، شیخونیہ، جامع طولون اور قبہ منصوریہ میں حدیث کا درس دیا، خروبیہ، بدریہ، شریفیہ فخریہ، صالحیہ نجمیہ، صلاحیہ اور مویدیہ میں فقہ کی تعلیم دی، بیبرسیہ کے پرنسپل اور شیخ بھی رہے۔ دار العدل میں افتاء کا کام آپ کے سپرد تھا جامع ازہر اور اس کے بعد جامع عمرو بن العاص میں خطیب رہے، محمودیہ میں خازن کتب بھی تھے، ان تمام مصروفیتوں کے باوجود ایک ہزار سے زیادہ مجالس میں اپنے حفظ سے امالی (لکچرس) بھی لکھوائے۔

حلیہ صبیح تھے۔ قد میانہ سے کم تھا۔ سر بڑا تھا سپید ریش اور نحیف الجسم تھے، گفتار نہایت فصیح اور آواز میں درد تھا۔

اخلاق وعادات پاکیزہ اخلاق، شیریں گفتار، متواضع اور حلیم تھے، دوستوں سے مدارات اور حسن سلوک سے پیش آتے تھے۔

زہد وعبادت کھانے پینے اور پہننے میں پوری طرح احتیاط برتتے تھے کثرت سے روزے رکھتے اور خوب عبادت کرتے تھے، تہجد کا بھی اہتمام تھا۔

آپ کا قلم حجاج کی تلوار تھا یہ بات عجیب ہے کہ حافظ صاحب کی گفتار میں جس درجہ شیرینی تھی اسی قدر آپ کا قلم زہر فشاں تھا، چنانچہ ملا کاتب چلپی (کشف الظنون میں الجواہر والدرر فی ترجمہ شیخ الاسلام ابن حجر پر تبصرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔

کان قلم ابن حجر سیئاً فی مثالب الناس ولسانه حسنا ولیته عکس لیبقی الحسن

ابن حجر کا قلم لوگوں کے معائب بیان کرنے میں خراب تھا اور زبان اچھی تھی، کاش معاملہ الٹا ہوتا کہ اچھی چیز باقی رہتی

چونکہ بچپن سے شعر وشاعری کا مشغلہ تھا اس لئے مدح وہجا میں شاعروں کی سی بے اعتدالی بات بات پر خردہ گیری اور نکتہ چینی اکثر طبیعت میں داخل تھی یہی وجہ ہے کہ جب وہ اپنے معاصرین یا مشائخ میں سے کسی کا تذکرہ لکھنے کے لئے ہاتھ میں قلم اٹھاتے ہیں تو ان کے اکرام کا لحاظ کئے بغیر جو جی چاہتا ہے لکھتے چلے جاتے ہیں۔ چنانچہ محدث برہان الدین بقاعی نے عنوان الزمان بتراجم الشیوخ والاعیان میں اپنے استاذ کے اس طرز عمل کا حسب ذیل الفاظ میں نہایت سخت شکوہ کیا ہے:۔

ان فيه من سيئ الخصال انه لا يعامل احداً ابما يستحقه من الاكرام في نفس الامر

ان میں ایک بری عادت یہ ہے کہ وہ کسی کے ساتھ اس اکرام کا معاملہ نہیں کرتے جس کا وہ حقیقت میں مستحق ہوتا ہے۔

خصوصاً حنفی علماء کے تراجم میں تو ان کا قلم سفاکی میں حجاج کی تلوار سے کم نہیں ہوتا، مشاہیر ائمہ احناف میں سے باستثناء امام ابوحنیفہؒ شاید ہی کوئی بچا ہو جو آپ کی سنان قلم سے گھائل نہ ہوا ہو۔ ذرا لسان المیزان (جو فن رجال میں حافظ صاحب کی مشہور تصنیف ہے) ہاتھ میں اٹھا لیجئے۔ اور امام ابو یوسف امام زفر امام محمد امام حسن بن زیاد اور امام طحاوی وغیرہ کا تذکرہ دیکھئے کہ ان جیسے ائمہ کے بارے میں بھی انھوں نے کیا کیا اٹھا رکھی ہے، حافظ عصر مولانا انور شاہ کشمیری نے آپ کے بارے میں بالکل صحیح فرمایا ہے کہ

بقي الحافظ ابن حجر وهو ضار الحنفية بما استطاع حتى انه جمع مثالب الطحاوي والطعون فيه مع ان اباجعفر امام عظيم لم يبلغ الى احد من ائمة الحديث خبره الا حضر عنده بمصر وجلس في حلقة اصحابه وتلمذ عليه (فیض الباری ج ۱ ص ۱۷۰)

باقی رہے حافظ ابن حجر تو ان سے جہاں تک بن سکا حنفیہ کو ضرر ہی پہنچایا حتیٰ کہ انھوں نے امام طحاوی کے بھی مثالب و مطاعن جمع کر دیے حالانکہ امام ابوجعفر طحاوی بہت بڑے امام ہیں جن کی یہ شان تھی کہ ائمہ حدیث میں سے جس کو بھی ان کی خبر ملی ان کی خدمت میں مصر حاضر ہوا اور ان کے حلقۂ تلامذہ میں بیٹھ کر ان کے سامنے زانوئے شاگردی تہ کیا۔

حافظ صاحب کی دوسری کتاب الدرر الکامنہ فی اعیان القرن الثامنہ ہے جس میں آپ نے آٹھویں صدی کے علماء کا تذکرہ لکھا ہے یہ کتاب اب چھپ گئی ہے۔ حافظ صاحب کا جب انتقال ہوا تو یہ کتاب مسودہ کی صورت میں تھی۔ حافظ سخاوی نے اس کی تبییض کی تو باوجودیکہ سخاوی حافظ صاحب کے مایۂ ناز شاگرد ہیں اور ساتھ ہی ساتھ استاد کے حد درجہ عقیدت کیش بھی تاہم ان کو بھی اپنے استاد کے اس طرز عمل پر جا بجا تنبیہ کرنی پڑی چنانچہ شیخ حسین بن علی بن الحجاج العنفاقی الحنفی کے تذکرہ میں لکھتے ہیں:-

اهمله شيخنا على عادته في الحنفية مع تقدمه في العلم (الدرر الکامنہ ج ۲ ص ۶)

ہمارے شیخ نے جیسا کہ ان کی حنفیہ کے بارے میں عام عادت ہے باوجود ان کے تقدم علمی کے ان کا تذکرہ ہی مہمل رکھا۔

اسی طرح علامہ جمال الدین عبداللہ بن محمد بن احمد حسینی نیشاپوری حنفی کے تذکرہ میں حافظ صاحب کی ابناء الغمر سے ان کے کچھ حالات نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:-

ثم نكت عليه على عادته في تغليب التنكيت على الحنفية فقال كان يتشيع (الدرر الکامنہ ج ۲ ص ۲۸۸)

پھر ہمارے شیخ نے اپنی اسی عادت کے مطابق کہ وہ اکثر حنفیہ پر نکتہ چینی کیا کرتے ہیں ان پر بھی نکتہ چینی کی اور کہہ دیا کہ ان میں تشیع تھا

اور قاضی القضاۃ علامہ محب الدین محمد بن الشحنہ اپنی شرح ہدایہ کے مقدمہ میں حافظ صاحب کے متعلق لکھتے ہیں:-

وكان كثير التنكيت في تاريخه على مشائخه

ابن حجر اپنی تاریخ میں اپنے مشائخ، احباب واصحاب پر بہت

واجابه واصحابه لا سيما الحنفية فانه يطلعهم من زلاتهم وتقائصهم التي لا يعرى عنها غالب الناس ما يقدر عليه ويغفل ذكر محاسنهم وفضائلهم الا ما الجأته الضرورة اليه فهو سالك في حقهم ما سلكه الذهبي في حقهم وحق الشافعية حتى قال السبكي انه لا ينبغي ان يوخذ من كلامه ترجمة شافعي ولا حنفي، وكذا لا ينبغي ان يوخذ من كلام ابن حجر ترجمة حنفي متقدم ولا متاخر اهـ

سخت گیر ہیں خصوصاً حنفیہ کے بارے میں تو ان کا طرز عمل یہ ہے کہ جہاں تک ہوسکتا ہے ان کی ان لغزشوں اور کمزوریوں کو کہ جن سے عام طور پر لوگ خالی نہیں ہوتے ظاہر کرکے رہتے ہیں اور جب تک کسی ضرورت سے مجبور نہ ہوں ان کے محاسن اور فضائل کے ذکر سے غفلت برتتے ہیں، حنفیہ کے بارے میں ان کا سلوک وہی ہے جو حنفیہ اور شافعیہ کے بارے میں ذہبی کا ہے یہاں تک کہ سبکی کو کہنا پڑا کہ کسی شافعی اور حنفی کا تذکرہ ذہبی کے کلام سے نہیں لینا چاہئے۔ پس اسی طرح ابن حجر کے کلام سے بھی کسی حنفی کا تذکرہ نہیں لینا چاہئے۔ خواہ وہ متقدمین میں سے ہو یا متاخرین میں سے۔

یہ بھی واضح رہے کہ پہلے حافظ صاحب کو حنفی مذہب سے اس کے اصول وفروع کے مطابق ہونے کی وجہ سے اس درجہ عقیدت تھی کہ اپنے حنفی ہونے کی تمنا کیا کرتے تھے لیکن بعد کو ایک خواب کے دیکھ لینے سے یہ ساری عقیدت مخالفت میں تبدیل ہو کر رہ گئی۔ یہ سارا قصہ خود حافظ صاحب ہی کی زبان سے سننے کے لائق ہے جس کو انھوں نے اپنی مشہور کتاب المجمع المؤسس للمعجم المفہرس میں ابن البرہان ظاہری کے تذکرہ میں تفصیل سے حوالہ قلم کیا ہے فرماتے ہیں:-

"میں نے ابن البرہان کو ان کے مرنے کے بعد خواب میں دیکھا، پوچھا تم تو مرچکے کہنے لگے ہاں، میں نے دریافت کیا حق تعالے کا تمہارے ساتھ کیا معاملہ رہا۔ اس پر ان کی حالت متغیر ہوگئی اور مجھے خیال ہوا کہ یہ چلے بے بعد کو جب انہیں افاقہ ہوا تو کہنے لگے اب تو ہم بخیریت ہیں مگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تم پر عتاب فرماتے ہیں میں نے پوچھا کس لئے کہنے لگے اس لئے کہ تم حنفیہ کی طرف مائل ہو۔ بیدار ہوا تو سخت متعجب تھا کیونکہ میں بہت سے حنفیہ سے یہ کہہ چکا تھا کہ انی لاودد لو کنت علے مذھبکم (بلاشبہ میری یہ خواہش ہے کہ کاش میں تمہارے مذہب پر ہوتا) اور جب لوگوں نے دریافت کیا کہ یہ کیوں تو میں نے ان سے کہا تھا لکون الفروع مبنية على الاصول (اس لئے کہ اس مذہب کے فروع اصول پر مبنی ہیں) اب میں نے اپنی اس حرکت پر اللہ تعالے سے استغفار کیا۔"

یہ ابن البرہان مشہور ظاہری ہیں پہلے شافعی تھے پھر سعید نحوی کی صحبت سے ظاہری مذہب کی طرف مائل ہوئے اور ابن حزم کے مسلک کو اختیار کیا بعد کو ابن تیمیہ کی کتابیں نظر سے گزریں تو ان کے ایسے معتقد ہوئے کہ کسی کو ان سے بڑھ کر عالم نہیں مانتے تھے طبیعت میں حوصلہ موجود تھا، سلطنت کا خواب دیکھنے لگے لیکن چونکہ صاحب منصب و مال نہ تھے کنبہ قبیلہ بھی موجود نہ تھا مجبور تھے آخر اسی مقصد

Scanned by CamScanner

کے لئے ممالک اسلامیہ کا دورہ کیا اور شام و خراسان کے بہت سے لوگ ان کے دام فریب میں آگئے مگر جلد ہی حمص میں مع اپنی جماعت کے گرفتار کر لئے گئے اور پھر پا بزنجیر ان کو مصر لایا گیا اور الملک الظاہر برقوق نے ان کو اپنے سامنے کھڑا کر کے بہت ڈانٹا اور ان کے سب ساتھیوں کو کوڑوں سے پٹوایا پھر انھیں مدت دراز کے لئے قیدخانہ میں ڈال دیا بعد کو ۷۹۱ھ میں رہا ہوئے اور پھر کبھی سر نہ اٹھایا آخر ۸۰۰ھ میں اسی حالت خمول میں انتقال کیا۔ تاریخ میں ان کا یہ فتنہ "فتنہ ابن البرہان ظاہری" کے عنوان سے مشہور ہے۔

تعجب ہوتا ہے کہ حافظ صاحب نے بایں ہمہ علم و فضل و وسعت نظر محض ابن البرہان جیسے شخص کو خواب میں دیکھ لینے اور اسکے ایک بات کہہ دینے سے مسائل علمیہ میں قطعی فیصلہ کس طرح کر لیا فسبحان قاسم العقول

وفات ذی قعدہ ۸۵۲ھ میں اسہال لاحق ہوا خون بھی تھوکتے جاتے تھے بیماری کا سلسلہ ایک ماہ سے زائد ممتد رہا آخر ذی الحجہ کی اٹھائیسویں تاریخ کو سنیچر کی رات میں نماز عشاء کے بعد اس دار فانی سے عالم جاودانی کو رحلت کی۔ انتقال اپنے ہی گھر میں ہوا جو مدرسہ منکوتمریہ کے قریب اندرون باب[1] القنطرہ واقع تھا، سنیچر کے دن نماز ظہر سے ذرا پہلے قاہرہ کے باہر رمیلہ کے مصلی[2] المومنین میں آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی، جنازہ میں بڑا ہجوم تھا، خلیفۂ وقت المستکفی باللہ عباسی اور الملک الظاہر سلطان جقمق مع ارکین و عمائد سلطنت حاضر تھے امرا و اکابر کا یہ حال تھا کہ کاندھا دینے کے لئے جنازہ پر ٹوٹے پڑتے۔ آخر سلطان نے خلیفہ کو آگے کیا اور امیر المومنین نے آپ کی نماز جنازہ ادا کی، ابن طولون کا بیان ہے کہ شیخ علم الدین بلقینی نے خلیفہ کی اجازت سے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی، اسکے بعد آپ کی نعش کو اٹھا کر قرافہ صغری میں لائے اور جامع دیلمی کے بالمقابل بنو الخروبی کے قبرستان میں اس علم کے شہاب ثاقب کو سپرد خاک کیا گیا، رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ وغفرلہ مغفرۃ جامعۃ۔

وفات سے چند روز پہلے قاضی القضاۃ سعد الدین بن الدیری حنفی عیادت کے لئے تشریف لائے حافظ صاحب کی مزاج پرسی کی تو آپ نے جواب میں امام ابو القاسم زمخشری حنفی کے قصیدہ کے چار شعر آپ کو سنائے:۔

قَرُبَ الرَّحِيلُ إِلَى دِيَارِ الْآخِرَةْ — فَاجْعَلْ إِلٰهِي خَيْرَ عُمْرِي آخِرَهْ

دیار آخرت کا سفر قریب ہے — سو اے میرے اللہ میری عمر کا آخری وقت سب سے اچھا کر دے

وَارْحَمْ مَبِيتِي فِي الْقُبُورِ وَوَحْدَتِي — وَارْحَمْ عِظَامِي حِينَ تَبْقَى نَاخِرَهْ

قبرستان میں میری فرودگاہ شب پر رحم کر۔ میری تنہائی پر رحم کر — میری ہڈیوں پر رحم کر جبکہ وہ بوسیدگی سے ریزہ ریزہ ہو کر باقی رہ جائینگی

فَأَنَا الْمِسْكِينُ الَّذِي أَيَّامُهُ — وَلَّتْ بِأَوْزَارٍ غَدَتْ مُتَوَاتِرَهْ

سو میں وہ بیچارہ مسکین ہوں کہ جس کے ایام زندگی متواتر گناہوں میں کٹتے چلے گئے

[1] باب القنطرہ قاہرہ کا مشہور دروازہ ہے [2] یہ وہ مقام تھا جہاں نماز جنازہ ادا کی جاتی تھی۔

فَلَئِنْ رَحِمْتَ فَاَنْتَ اَكْرَمُ رَاحِمٍ ۞ فَبِحَارُ جُوْدِكَ يَااِلٰهِيْ زَاخِرَه

اب اگر تو نے رحم فرمایا تو تُو ہر رحم کرنے والے سے کریم تو ہے اور تیری بخشش کے سمندر تو اے میرے اللہ امنڈتے ہی رہتے ہیں

آپ کی وفات پر بڑے بڑے ادبا وفضلا نے نہایت دردناک مرثیے لکھے ہیں مشہور ادیب شہاب الدین ابو الطیب احمد بن محمد معروف بہ حجازی انصاری نے بھی آپ کا بڑا لمبا مرثیہ لکھا ہے جس میں اشعار بالا کی تضمین کردی ہے، اس کا مطلع یہ ہے:-

كل البرية للمنية صائرة ۞ وقفولها شيئًا فشيئًا سائرة

یہ پورا مرثیہ حافظ ابن فہد نے اپنی کتاب لحظ الالحاظ میں نقل کر دیا ہے۔

تصانیف

آپ کی تصانیف کی تعداد ڈیڑھ سو سے متجاوز ہے، یہ اگرچہ بیشتر حدیث رجال اور تاریخ سے متعلق ہیں لیکن ان میں بہت سی تصانیف ایسی بھی ہیں کہ ان میں ادب، فقہ اصول اور کلام کے مباحث بھی آگئے ہیں، یہ بات بھی غور طلب ہے کہ آپ نے اپنی حدیث اور رجال کی کتابوں میں حنفی حفاظِ حدیث بالخصوص حافظ مغلطائی حنفی اور حافظ جمال الدین زیلعی حنفی کی تصانیف سے بہت زیادہ استفادہ کیا ہے اور غنیمت ہے کہ اس کا حافظ صاحب کو خود بھی اعتراف ہے[۱]، بلکہ الدرایہ فی تخریج احادیث الہدایہ اور الکاف الشاف فی تخریج احادیث الکشاف تو تمام تر امام زیلعی کی تخریج ہدایہ اور تخریج کشاف ہی کی تلخیص ہیں، حافظ صاحب کی تصانیف کے بارے میں بجائے اس کے کہ کسی دوسرے شخص سے اس بارے میں کچھ نقل کیا جائے خود ان کی ہی رائے پیش کرنا مناسب ہے کہ ؎

تصنیف را مصنف نیکو کند بیان۔ حافظ سخاوی کا بیان ہے۔

سمعته يقول لست راضيا عن شئ من تصانيفي لاني عملتها في ابتداء الامر ثم لم يتهيألي من تحريرها سوى شرح البخاري ومقدمته والمشتبه والتهذيب ولسان الميزان بل رايته في مواضع اثنى على شرح البخاري والتعليق والنخبة ثم قال واما سائر المجموعات فهي كثيرة العدد واهية العدد ضعيفة القوى ظامئة الروى

میں نے ان کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اپنی تصانیف میں بجز شرح بخاری[۱] مقدمہ شرح بخاری[۲] مشتبہ النسبہ[۳]، تہذیب التہذیب[۴] اور لسان المیزان[۵] کے اور کسی چیز سے خوش نہیں کیونکہ میں نے ان کو ابتدائی حالت میں مرتب کیا تھا اور پھر ان کو لکھنے کا موقع نہیں ملا بلکہ میں نے حافظ صاحب کو دیکھا کہ آپ نے متعدد مقامات پر شرح بخاری[۱]، تعلیق التعلیق اور نخبۃ الفکر کی تعریف کی ہے۔ پھر حافظ صاحب نے فرمایا کہ باقی سب مجموعے گنتی میں تو زیادہ ہیں مگر مواد کے اعتبار سے بیکار ہیں۔ قوتوں کے لحاظ سے کمزور اور سیراب کو تشنہ کر دینے والے ہیں۔

حافظ صاحب کی یہ سب کتابیں بجز المشتبہ اور تعلیق کے زیور طبع سے آراستہ ہوکر شائع ہو چکی ہیں۔ تصانیف مذکورہ کے علاوہ بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام بھی حافظ صاحب کی تصانیف میں نہایت مقبول و متداول کتاب ہے جس پر حسب ذیل شرحیں لکھی جاچکی ہیں:-

[۱] اس کے لئے حافظ صاحب کی حسب ذیل کتابوں کے مقدمات ملاحظہ ہوں۔ تہذیب التہذیب، التلخیص الحبیر، الدرایہ، الکاف الشاف

۱۔ البدر التمام شرح بلوغ المرام از قاضی شرف الدین حسین بن محمد مغربی صنعانی، یہ نہایت مبسوط شرح ہے، علامہ امیر یمانی کی شرح اسی کی تلخیص ہے۔

۲۔ سبل السلام شرح بلوغ المرام از علامہ سید محمد بن اسمٰعیل امیر یمانی المتوفی ۱۱۸۲ھ یہ شرح مصر میں متعدد بار طبع ہو چکی ہے۔

۳۔ شرح بلوغ المرام از خاتمۃ الحفاظ علامہ محمد عابد سندھی حنفی المتوفی ۱۲۵۷ھ یہ شرح تمام نہ ہو سکی۔

۴۔ مسک الختام شرح بلوغ المرام از سرخیل جماعت اہل حدیث نواب صدیق حسن خان المتوفی ۱۳۰۷ھ یہ فارسی زبان میں ہے اس میں حافظ صاحب کی التلخیص الجبیر اور سبل السلام کے مضامین کو اختصار کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔ مکرر طبع ہو چکی ہے۔

۵۔ فتح العلام بشرح بلوغ المرام از مولوی نور الحسن بن نواب صدیق حسن خان، یہ کتاب تمام تر امیر یمانی کی سبل السلام کا سرقہ ہے چنانچہ مصر میں سبل السلام کے ناشرین نے اس کا شکوہ کیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی کی سوانح حیات پر ان کے شاگرد رشید حافظ شمس الدین سخاوی کے قلم سے ایک بڑی جامع اور مبسوط کتاب نکلی ہے، جس کا نام الجوھر والدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر، یہ کتاب حسب تصریح سخاوی ایک ضخیم جلد یا دو جلدوں کے قریب ہے۔

مقدمہ

تفسیر ابنِ کثیر

الموسوم بہ

حیات عماد الدین ابنِ کثیرؒ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

برسبیل تذکرہ .... ادارہ ۱

تفسیر قرآن .... خواجہ محمد عبدالحی فاروقی ۲

یوسف علیہ السلام .... محمد احمد ۹

جواہر حدیث .... ادارہ ۱۵

مشاہیر صحابہؓ .... ادارہ ۱۷

علم حدیث .... مولانا محمد اشفاق الرحمٰن کاندھلوی ۱۹

غزل .... نظر خورجوی ۲۵

علمائے سلف .... محمد حبیب الرحمٰن خان شروانی ۲۶

دور حاضر .... عالم اکبرآبادی ۳۱

حیات امام حافظ ابن کثیر .... مولانا محمد عبدالرشید نعمانی ۳۲

نجمہ .... معراج محمد بارق ۴۲

ماہ نومبر ۱۹۵۳ء قیمت فی پرچہ چھ ۶ آنے

مقام اشاعت آرام باغ کراچی پاکستان

حیاتِ امام حافظ عماد الدین ابنِ کثیرؒ

(مولانا عبدالرشید نعمانی)

نام ونسب

اسمٰعیل نام، ابو الفدا کنیت، عماد الدین لقب اور ابن کثیر عُرف ہے۔ سلسلۂ نسب یہ ہے:

اسمٰعیل بن عمر بن کثیر بن ضَوْ بن دَرْع القیسیؒ[^1] البصروی[^2] ثم الدمشقی۔

آپ ایک معزز اور علمی خاندان کے چشم وچراغ تھے۔ آپ کے والد شیخ ابو حفص شہاب الدین عمر اپنی بستی کے خطیب تھے، اور آپ کے بڑے بھائی شیخ عبدالوہاب ایک ممتاز عالم اور فقیہ تھے۔

[^*]: ہم نے اِس تذکرہ کے مرتب کرنے میں حسب ذیل کتابوں سے مدد لی ہے:
(۱) "اختصار علوم الحدیث" از حافظ ابن کثیر مطبوعہ مطبع ماجدیہ مکہ مکرمہ ۱۳۵۳ھ اس پر شیخ محمد بن عبدالرزاق حمزہ کے حواشی اور تعلیقات ہیں اور شروع میں ان ہی کے قلم سے ایک مقدمہ بھی ہے۔ جس میں "حیاۃ الامام ابن کثیر" کے عنوان سے پانچ صفحات میں امام موصوف کا تذکرہ لکھا ہے۔ (۲) "تذکرۃ الحفاظ" از حافظ شمس الدین ذہبی المتوفی ۷۴۸ھ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن۔ (۳) "ذیل تذکرۃ الحفاظ" از حافظ ابو المحاسن حسینی دمشقی المتوفی ۷۶۵ھ مطبوعہ دمشق۔ (۴) "الجواہر المضیۃ فی طبقات الحنفیہ" از عبدالقادر قرشی حنفی المتوفی ۷۷۵ھ مطبوعہ دائرۃ المعارف ۱۳۳۲ھ (۵) "الدرر الکامنۃ فی اعیان المائۃ الثامنۃ" از حافظ ابن حجر عسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ۔ (۶) "لحظ الالحاظ بذیل طبقات الحفاظ" از حافظ تقی الدین بن فہد المتوفی ۸۷۱ھ (۷) "ذیل طبقات الحفاظ" از حافظ سیوطی المتوفی ۹۱۱ھ مطبوعہ دمشق۔ (۸) "کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" از علامہ حاجی خلیفہ المتوفی ۱۰۶۷ھ مطبوعہ استنبول ۱۳۶۰ھ (۹) "شذرات الذہب فی اخبار من ذہب" از علامہ ابن العماد حنبلی المتوفی ۱۰۸۹ھ مطبوعہ مصر ۱۳۵۱ھ (۱۰) "البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع" از قاضی محمد بن علی شوکانی المتوفی ۱۲۵۰ھ مطبوعہ مصر ۱۳۴۸ھ (۱۱) "ابجد العلوم" از نواب صدیق حسن خاں قنوجی المتوفی ۱۳۰۷ھ مطبوعہ مطبع صدیقی بھوپال ۱۲۹۵ھ (۱۲) "تعلیقات بر ذیول تذکرۃ الحفاظ" از علامہ محدث زاہد کوثری المتوفی ۱۳۷۱ھ۔

[^1]: حافظ ابو المحاسن کے ذیل میں یہ لفظ ذال کے ساتھ چھپا ہوا ہے۔ اور شذرات الذہب میں زاء کے ساتھ۔

[^2]: حافظ ابن حجر کی درر کامنہ اور حافظ سیوطی کے ذیل میں القیسی ہی مذکور ہے۔ لیکن حافظ ابن فہد کے ذیل میں بہ سلسلۂ وفیات جہاں حافظ ابن کثیرؒ کے دونوں صاحبزادوں، زین الدین عبدالرحمٰن اور بدر الدین محمد کی وفات کا ذکر آیا ہے۔ دونوں جگہ القرشی لکھا ہے۔ اور نواب صدیق حسن خاں کی ابجد العلوم میں، اور محمد بن عبدالرزاق حمزہ کے مقدمہ میں بھی یہی مرقوم ہے۔

ولادت وتعلیم وتربیت

آپ کی ولادت ۷۰۰ھ[1] یا ۷۰۱ھ میں بمقام مجدل ہوئی، جو ملک شام کے مشہور شہر بصریٰ کے اطراف میں ایک قریہ ہے، اس وقت آپ کے والد یہاں کے خطیب تھے۔ ابھی آپ تیسرے یا چوتھے برس میں ہی تھے کہ والد بزرگوار نے ۷۰۳ھ میں وفات پائی اور نہایت ہی کم سنی میں آپ کو یتیمی کا داغ اُٹھانا پڑا، باپ کا سایہ سر سے اُٹھا تو بڑے بھائی نے اپنی آغوشِ تربیت میں لے لیا۔ والد کی وفات کے تین سال بعد یعنی ۷۰۶ھ میں آپ اپنے برادر بزرگوار کے ساتھ دمشق چلے آئے اور پھر یہیں آپ کی نشو ونما ہوئی۔ ابتدا میں اپنے بڑے بھائی سے فقہ کی تعلیم پائی۔ بعد کو شیخ برہان الدین ابراہیم بن عبد الرحمٰن فزاری معروف بابن فرکاح شارح تنبیہ المتوفی ۷۲۹ھ اور شیخ کمال الدین بن قاضی شہبہ سے اِس فن کی تکمیل کی۔ اس زمانے میں دستور تھا، کہ طالب علم جس فن کو حاصل کرتا، اس فن کی کوئی مختصر کتاب زبانی یاد کر لیتا۔ چنانچہ آپ نے بھی فقہ میں "التنبیہ فی فروع الشافعیہ" مصنفہ شیخ ابو اسحاق شیرازی المتوفی ۴۷۶ھ کو حفظ کر کے ۷۱۸ھ میں سُنا دیا، اور اصولِ فقہ میں علامہ ابن حاجب مالکی المتوفی ۶۴۶ھ کی مختصر کو زبانی یاد کیا۔ اصول کی کتابیں آپ نے علامہ شمس الدین، محمود بن عبد الرحمٰن اصفہانی، شارح مختصر ابن حاجب المتوفی ۷۴۹ھ سے پڑھی تھیں۔

فنِ حدیث کی تکمیل آپ نے اس عہد کے مشہور اساتذۂ فن سے کی تھی۔ علامہ سیوطی، ذیل تذکرۃ الحفاظ میں لکھتے ہیں:

سمع الحجّار والطبقة یعنی حجّار[2] اور اس طبقہ کے علمائے آپ نے سماعِ حدیث کیا۔

حجّار کے ہم طبقہ وہ علماء جن سے آپ نے علمِ حدیث حاصل کیا!

---

[1] حافظ سیوطی نے ذیل تذکرۃ الحفاظ میں اور علامہ ابن العماد نے شذرات الذہب میں سنہ ولادت ۷۰۰ ہجری لکھا ہے اور حافظ ابو المحاسن حسینی نے ذیل تذکرۃ الحفاظ میں اور قاضی شوکانی نے البدر الطالع میں ۷۰۱ھ بتایا ہے۔ اور حافظ ابن حجر نے الدرر الکامنہ میں ۷۰۰ھ یا اس کے کچھ بعد بیان کیا ہے۔ اور حافظ ذہبی تذکرۃ الحفاظ کے خاتمہ میں لکھتے ہیں۔ یہ ۷۰۰ھ کے بعد یا اسی سنہ میں پیدا ہوئے ہیں۔

[2] حجّار اس عہد کے بڑے نامور محدث گزرے ہیں "مُسند الدنیا" (دنیا کو اسناد بتانے والے) اور "رُحلۃ الآفاق" (جس کی طرف آفاق سے سفر کیا جائے) کہلاتے تھے، ان کا درس ساری دنیا میں مشہور تھا۔ دور دراز ممالک سے لوگ سفر کر کے آتے اور اُن سے حدیث کی سند لے کر واپس ہوتے تھے۔ ان کی کنیت ابو العباس، لقب شہاب الدین اور نام احمد ہے۔ حجّار اور ابن الشحنہ عرف ہیں۔ سلسلۂ نسب یہ ہے احمد بن ابی طالب بن ابی النعم نعمۃ بن حسن بن علی بن بیان الدیر مقرنی ثم الصالحی، حنفی المذہب تھے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے الدرر الکامنہ میں اور حافظ شمس الدین ابن طولون نے الغرف العلیہ فی ذیل الجواہر المضیہ میں آپ کا بڑا مبسوط تذکرہ لکھا ہے۔ آپ کے شیوخ اور مرویات بہت زیادہ ہیں۔ حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ، آپ نے اِس قدر طویل عمر پائی کہ دادا سے لے کر پوتوں تک کو درس دیا۔ چنانچہ دمشق وغیرہ میں ستر بار سے زیادہ صرف بخاری کا درس دیا۔ اور اپنا وہ اعزاز و اکرام دیکھا کہ جس سے زیادہ ہو نہیں سکتا۔ حفّاظِ حدیث چُن چُن کر آپ سے حدیثیں سُنتے، اور دُور دُور سے سفر کر کے آتے اور اژدحام کئے رہتے تھے۔ وفات سے ایک دن پہلے محب الدین ابن المحب نے آپ سے صحیح بخاری شروع کی، دوسرے دن ظہر تک سلسلۂ درس جاری رہا۔ عین ظہر کے قریب ۲۵ صفر ۷۳۰ھ کو آپ نے انتقال فرمایا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

اور جن کا ذکر خصوصیت سے آپ کے تذکرہ میں علماء نے کیا ہے، وہ حسب ذیل ہیں:

(۱) عیسیٰ بن المطعم (۲) بہاؤ الدین قاسم بن عساکر، المتوفی ۷۲۳ھ (۳) عفیف الدین اسحاق بن یحییٰ الآمدی المتوفی ۷۲۵ھ (۴) محمد بن زراد (۵) بدر الدین محمد بن ابراہیم معروف بابن سویدی المتوفی ۷۱۱ھ (۶) ابن الرضی (۷) حافظ مزی (۸) حافظ ابن تیمیہ (۹) حافظ ذہبی (۱۰) عماد الدین محمد بن الشیرازی، المتوفی ۷۴۹ھ

لیکن اِن تمام حضرات میں سب سے زیادہ جس سے آپ کو استفادہ کا موقع ملا وہ محدّث شام حافظ جمال الدین یوسف بن عبد الرحمٰن مزی شافعی مصنف تہذیب الکمال المتوفی ۷۴۲ھ ہیں۔ حافظ مزی نے خصوصی تعلق کی بنا پر اپنی صاحبزادی کا آپ سے نکاح کر دیا تھا۔ اِس رشتہ نے اس تعلق کو اور زیادہ استوار کر دیا۔ سعادت مند شاگرد نے اپنے محترم اُستاد کی شفقت سے پورا پورا فائدہ اُٹھایا۔ مدّتِ مدید تک حاضر خدمت رہے اور ان کی اکثر تصانیف کا جس میں تہذیب الکمال بھی داخل ہے خود اُن سے سماع کیا اور اِس فن کی پوری تکمیل اُن ہی کی خدمت میں رہ کر کی۔ چنانچہ سیوطی لکھتے ہیں و تخرج بالمزی ولازمہ وبرع۔ اسی طرح حافظ ابن تیمیہ المتوفی ۷۲۸ھ سے بھی آپ نے بہت کچھ علم حاصل کیا تھا اور عرصہ تک اُن کی صحبت میں رہے تھے۔

حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ مصر سے آپ کو دبوسی۔ وانی[۵۱] ختنی[۵۲] وغیرہ نے حدیث کی اجازت دی تھی۔

منزلتِ علمی

امام ابن کثیر کو علمِ حدیث کے علاوہ فقہ، تفسیر، تاریخ اور عربیت میں بھی کمال حاصل تھا چنانچہ علّامہ ابن العماد حنبلی، ابن حبیب سے ناقل ہیں:

انتھت الیہ ریاسۃ العلم فی التاریخ والحدیث والتفسیر

"ان پر تاریخ، حدیث اور تفسیر میں ریاست علمی ختم ہو گئی" اور مشہور مورّخ علامہ ابو المحاسن جمال الدین یوسف ابن تغری بردی حنفی المتوفی الصافی، المستوفی بعد الوافی میں لکھتے ہیں:

وکان لہ اطلاع عظیم فی الحدیث والتفسیر والفقہ والعربیۃ "حدیث، تفسیر، فقہ اور عربیت میں ان کو بڑی معلومات تھیں" اور حافظ ابو المحاسن حسینی فرماتے ہیں:

وبرع فی الفقہ والتفسیر والنحو وامعن النظر فی الرّجال والعلل "فقہ، تفسیر اور نحو میں ماہر تھے۔ اور رجال وعلل حدیث میں بڑی گہری نظر پیدا کی تھی"

خاص طور پر علمِ حدیث میں تو اُن کا یہ پایہ ہے کہ حفاظِ حدیث میں شمار کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ حافظ ابو المحاسن حسینی اور علّامہ

---

۵۱ غالباً حافظ امین الدین محمد بن ابراہیم وانی حنفی المتوفی ۷۳۵ھ مراد ہیں۔ حافظ سیوطی نے ذیل تذکرۃ الحفاظ میں ان کا ترجمہ لکھا ہے۔ اور اُن کو حفاظِ حدیث میں شمار کیا ہے۔ حافظ عبد القادر قرشی بھی حدیث میں ان کے شاگرد ہیں۔ چنانچہ انھوں نے طبقات الحنفیہ میں اُن کا ذکر کیا ہے اور اُن کو "الامام المحدث" کے لقب سے یاد کیا ہے۔

۵۲ یہ مصر کے نامور محدث بدر الدین یوسف بن عمر ختنی حنفی ہیں "مسند البلاد المصریہ" کہلاتے تھے، علوم اسناد میں منفرد تھے، ۷۳۱ھ میں ۸۹ سال کی عمر میں وفات پائی۔ امام تقی الدین سبکی۔ احمد دمیاطی اور حافظ عبد القادر قرشی کے فن حدیث میں اُستاد ہیں۔ حافظ قرشی نے الجواہر المضیہ میں ان کا تذکرہ لکھا ہے۔

سیوطی نے تذکرۃ الحفاظ پر جو ذیل لکھے ہیں، اُس میں ان کا تذکرہ لکھا ہے۔ اور خود امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ کے خاتمہ میں جہاں اپنے ممتاز شیوخ حدیث اور رفقاء درس کا تعارف کرایا ہے، ان کا بھی ذکر کیا ہے۔

شعر وسخن کا بھی ذوق تھا، لیکن آپ کی نظم متوسط درجہ کی ہوتی تھی۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو:

تمر بنا الایام تترٰی و انما
نساق الی الآجال والعین تنظر

"دن پیاپے گزرتے جاتے ہیں اور ہم آنکھوں دیکھے موت کی طرف ہنکائے چلے جا رہے ہیں......"

فلا عائد ذاک الشباب الذی مضی
ولا زائل ھذا المشیب المکدر

"سو اب نہ تو وہ گزری ہوئی جوانی لوٹ کر آ سکتی ہے اور نہ یہ کدورت بھرا بڑھاپا زائل ہونے والا ہے۔"

تیسرے مصرعہ میں اگر ذاک الشباب کی بجائے صفو الشباب ہوتا تو بڑا بلیغ ہوتا۔

علماء کا آپ کی خدمت میں خراج تحسین

حافظ زین الدین عراقی المتوفی ۸۰۶ھ سے کسی نے پوچھا تھا کہ مغلطائی، ابن کثیر، ابن رافع اور حسینی اِن چاروں معاصرین میں کون سب سے بڑا ہے؟ حافظ عراقی نے جواب دیا ان میں سب سے زیادہ وسیع الاطلاع اور انساب کے عالم تو مغلطائی ہیں اور سب سے زیادہ متون و تواریخ کے حافظ ابن کثیر ہیں اور سب زیادہ طلب حدیث میں تھکنے والے اور مؤتلف و مختلف کے عالم ابن رافع ہیں اور سب سے شیوخ معاصرین سے باخبر اور تخریج کے واقف حسینی ہیں۔

اور حافظ ذہبی نے المعجم المختص میں ابن کثیر کا ذکر ان الفاظ سے شروع کیا ہے الامام المفتی المحدث البارع فقیہ متفنن ومحدث متقن مفسر اور تذکرۃ الحفاظ کے خاتمہ میں ان القاب کے ساتھ یاد کرتے ہیں الفقیہ المفتی المحدث ذی الفضائل اور اس کے بعد لکھتے ہیں:

ولہ عنایۃ بالرجال والمتون والفقہ خرّج و ناظر وصنّف وفسّر وتقدم۔

"ان کو رجال، متون حدیث اور فقہ کے ساتھ اعتنا رہا انھوں نے احادیث کی تخریج کی، مناظرہ کیا، تصنیف کی، تفسیر لکھی اور آگے بڑھ گئے۔"

اور حافظ حسینی کے ان کے بارے میں یہ الفاظ ہیں:

"الشیخ الامام العالم الحافظ المفید البارع" الخ

اور حافظ سیوطی فرماتے ہیں: الامام المحدث ذو الفضائل

اور علامہ ابن العماد لکھتے ہیں الحافظ الکبیر۔ اور حافظ ابن حجیؒ المتوفی ۸۱۶ھ جو آپ کے نامور شاگرد ہیں یہ رائے ظاہر کرتے ہیں:

"حفظ من ادرکنا لمتون الاحادیث واعرفھم بجرحھا ورجالھا وصحیحھا وسقیمھا وکان اقرانہ وشیوخہ یعترفون لہ بذٰلک وما اعرف انی اجتمعت بہ علی کثرۃ ترددی الیہ الا واستفدت منہ"

"ہم نے جن لوگوں کو پایا ان سب میں وہ متون احادیث کے سب سے بڑے حافظ اور جرح اور رجال اور صحیح اور ضعیف کے سب سے زیادہ پہچاننے والے تھے اور اس بارے میں اُن کے معاصرین اور

---

۱ مشہور حفاظ حدیث میں ہیں۔ حنفی تھے۔ حافظ ابن فہد اور حافظ سیوطی نے اپنے اپنے ذیل میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ سنہ ۷۶۲ھ میں وفات پائی۔

اساتذہ بھی ان کے معترف تھے اور مجھے یاد نہیں کہ باوجود میرے کثرت سے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کے کبھی ایسا اتفاق ہوا ہو کہ میں آپ سے ملا ہوں اور استفادہ نہ کر سکا ہوں۔"

اور حافظ ابن ناصر الدمشقی الرد الوافر میں ان کا تذکرہ اس طرح شروع کرتے ہیں الشیخ الامام العلامۃ الحافظ عماد الدین ثقۃ المحدثین عمدۃ المورخین علم المفسرین۔

اور حافظ ابن حجر عسقلانی (جن کے متعلق کشف الظنون نے لکھا ہے کہ "ان کا قلم لوگوں کے اظہار معائب میں بُرا تھا اور زبان اچھی تھی۔ کاش معاملہ اُلٹا ہوتا کہ خوبی باقی رہتی"[۱]) اُن کو بھی امام ابن کثیر کے متعلق اتنا تسلیم ہے کہ واشتغل بالحدیث مطالعۃ فی متونہ ورجالہ "حدیث کے متون اور رجال کے مطالعہ میں مشغول رہتے" تاہم اپنی عادت کے مطابق یہ ریمارک کر گئے ہیں

ولم یکن علی طریق المحدثین فی تحصیل العوالی و تمیز العالی من النازل ونحو ذلک من فنونہم وانما ہو من محدثی الفقہاء "یہ عالی اسانید کی تحصیل اور عالی و نازل کی تمیز اور اسی قسم کے دیگر فنون میں جو محدثین کے خاص فن ہیں، محدثین کی طرح نہ تھے، بلکہ یہ تو فقہاء کے محدث تھے"

لیکن حافظ سیوطی نے اس کا بڑا اچھا جواب دیا ہے، وہ فرماتے ہیں:

قلت العمدۃ فی علم الحدیث معرفۃ صحیح الحدیث وسقیمہ وعللہ واختلاف طرقہ ورجالہ جرحاً وتعدیلاً واما العالی والنازل ونحو ذلک فہو من الفضلات لا من الاصول المہمۃ "میں کہتا ہوں اصل چیز علم حدیث میں صحیح اور سقیم کی پہچان اور علل اور اختلاف طرق کا علم اور رجال کی جرح و تعدیل سے واقفیت ہے۔ رہا عالی و نازل[۲] وغیرہ سو یہ زوائد میں داخل ہیں، نہ کہ اصول مہمہ میں۔"

اور علامہ محدث زاہد الکوثری لکھتے ہیں:

"اگرچہ حافظ ابن کثیر پر متون حدیث کے حفظ کرنے کا زیادہ غلبہ تھا۔ لیکن ان کی حیثیت اتنی گری ہوئی بالکل نہ تھی کہ وہ طبقات رواۃ اور ان کے احوال کی معرفت کے اعتبار سے عالی و نازل کی بھی تمیز نہ کر سکتے ہوں، بلکہ یہ بات تو ایسے شخص پر بھی مخفی نہیں رہ سکتی جو علم رجال میں اُن سے بدرجہا کمتر ہو اور بھلا یہ کس طرح ہو سکتا تھا جب کہ وہ ایک طویل مدت تک مزّی کی خدمت میں برابر حاضر رہے اور التکمیل کے جمع کرنے پر لگے رہے اور حافظ ابن حجر کی اندرونی باتیں ان لوگوں کے تذکرہ میں کھل جاتی ہیں، جو فضل و کمال میں مشہور ہیں۔"

---

[۱] اصل عبارت یہ ہے کان قلمہ ابن حجر سیئاً فی مثالب الناس ولسانہ حسناً ولیتہ عکس لیبقی المحسن (ضمن الجواہر والدرر)

[۲] جس سند میں وسائط کم ہوں وہ عالی ہے اور جس میں زیادہ ہوں وہ نازل ہے۔ فقہاء کا اصل کام ہے مسائل کا استنباط، اس لئے اُن کی نظر زیادہ تر متن حدیث پر ہوتی ہے، اور وہ یہ دیکھتے ہیں کہ اس سے مسئلہ کیا نکلا؟ سند سے انھیں صرف اتنی بحث ہوتی ہے کہ اس میں جتنے لوگوں کے نام لئے جا رہے ہیں، بس وہ معتبر اور قابل قبول ہوں۔ باقی رہی یہ بات کہ اس میں واسطے زیادہ ہیں یا کم؟ یہ چیز ان کی نظر میں چنداں اہم نہیں لیکن ارباب روایت میں اس کی اتنی زیادہ اہمیت ہے کہ اُن کے نزدیک صرف ایک واسطے کو کم کرنے کے لئے بھی سفر مستحسن ہے +

مورخین نے حافظ ابن کثیر کے حافظہ اور فہم کی خاص طور پر تعریف [کی] ہے۔ ابن العماد لکھتے ہیں کان کثیر الاستحضار قلیل النسیان [جی]ید الفہم۔

درس و افتا، ذکر الٰہی، شگفتہ مزاجی

حافظ ابن کثیر کی تمام عمر درس و افتا اور تصنیف و تالیف میں [ب]سر ہوئی۔ حافظ ذہبی کی وفات کے بعد مدرسہ "ام صالح" اور [مد]رسہ "تنکزیہ" (جو اس زمانہ میں علمِ حدیث کے مشہور مدرسے تھے) [میں] آپ شیخ الحدیث کے عہدے پر فائز رہے، بڑے ذاکر شاغل تھے [چن]انچہ ابن حبیب نے آپ کے متعلق لکھا ہے امام ذی التسبیح [و]التہلیل۔ طبیعت بڑی شگفتہ پائی تھی۔ لطیفہ گو اور بذلہ سنج [تھ]ے۔ حافظ ابن حجر نے آپ کے اوصاف میں حسن الفاکہۃ کے الفاظ [اس]تعمال کئے ہیں یعنی بڑا پُر لطف مزاح کیا کرتے تھے۔ غالباً اسی قسم [کا] یہ واقعہ بھی ہے کہ جب حافظ زین الدین عراقی جو فنِ حدیث[1] میں [اما]م حافظ علاء الدین ابن الترکمانی حنفی مصنف الجواہر النقی فی الرد [عل]ی البیہقی کے تلمیذِ خاص اور ان ہی کے ساختہ پرداختہ تھے۔ شیخ [ال]اسلام تقی الدین سبکی کے درس میں حاضر ہوئے تو شیخ الاسلام نے [اپ]نے درس میں بڑی عظمت کے ساتھ ان کا ذکر کیا اور بڑے اہتمام [س]ے اُن کا تعارف کرایا اور اُن کی معرفت و اتقان کی بہت تعریف کی، [اس] پر حافظ ابن کثیر بولے کہ مجھے تو ان سے یہ بھی بعید معلوم ہوتا ہے [ک]ہ یہ ماء مشمس (وہ پانی جو دھوپ میں گرم ہو گیا ہو) سے وضو کے [با]رے میں جو حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ہے اسی کو نکال سکیں۔

علامہ ابن تیمیہ سے خصوصی تعلق

اخیر میں یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ حافظ ابن کثیر کو اپنے اُستاد علامہ ابن تیمیہ سے خصوصی تعلق تھا، جس نے آپ کی علمی زندگی پر گہرا اثر ڈالا تھا اور اسی کا نتیجہ ہے کہ آپ بعض ان مسائل میں بھی ابن تیمیہ سے متاثر تھے، جن میں وہ جمہور سلف سے متفرد ہیں، چنانچہ ابن قاضی شہبہ اپنے طبقات میں لکھتے ہیں۔

کانت لہ خصوصیۃ بابن تیمیۃ ومناضلۃ عنہ واتباع لہ فی کثیر من ارائہ وکان یفتی برائہ فی مسئلۃ الطلاق وامتحن بسبب ذلک واوذی۔ "اُن کو ابن تیمیہ کے ساتھ خصوصی تعلق تھا اور ان کی طرف سے لڑا کرتے تھے اور بہت سی آراء میں اُن کی اتباع کرتے تھے، چنانچہ طلاق کے مسئلہ میں[2] بھی ان ہی کی رائے پر فتوے دیتے تھے، جس کے نتیجے میں آزمائش میں پڑے اور ستائے گئے۔"

وفات

اخیر عمر میں بینائی جاتی رہی تھی، جمعرات کے دن شعبان کی چھبیس ۲۶ تاریخ ۷۷۴ھ میں وفات پائی (رحمۃ اللہ علیہ) اور مقبرہ صوفیہ میں اپنے محبوب اُستاذ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے پہلو میں دفن کئے گئے، آپ کے کسی شاگرد نے آپ کی وفات پر بڑا دردانگیز مرثیہ لکھا ہے، جس کے دو شعر یہ ہیں:

لفقدک طلاب العلوم تاسفوا — وجادوا بدمع لا یبید غزیر
ولو مزجوا ماء المدامع بالدما — لکان قلیلا فیک یا ابن کثیر

---

[1] حافظ ابن فہد، ذیل تذکرۃ الحفاظ میں حافظ عراقی کے ترجمے میں لکھتے ہیں اخذ علم الحدیث عن شیخ علاء الدین ابن الترکانی [و]بہ تخرج وانتفع۔ ۱۲

[2] شیخ ابن تیمیہ کی رائے میں اگر تین طلاقیں ایک ہی ساتھ دی جائیں، تو وہ ایک ہی طلاق شمار ہو گی۔ ۱۲

"شائقینِ علوم تمہارے اُٹھ جانے پر متاسف ہیں اور اس کثرت سے آنسو بہا رہے ہیں کہ تھمنے ہی کو نہیں آتے، اور اگر وہ آنسوؤں کے ساتھ خون بھی ملا دیتے، تب بھی اے ابن کثیر تمہارے لئے یہ تھوڑا تھا"

پس ماندگان میں دو صاحبزادے بڑے نامور ہوئے ہیں ایک زین الدین عبدالرحمٰن، جن کی وفات ۷۹۲ھ میں ہوئی اور دوسرے بدرالدین ابوالبقاء محمد، یہ بڑے پایہ کے محدث گزرے ہیں انھوں نے ۸۰۳ھ میں بمقام رملہ وفات پائی ہے، ان دونوں کا ذکر حافظ ابن فہد نے اپنے ذیل میں بسلسلۂ وفیات کیا ہے۔

تصنیفات

آپ نے تفسیر، حدیث، سیرت اور تاریخ میں بڑی بلند پایہ تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ یہ آپ کے اخلاص کا ثمرہ اور حسنِ نیت کی برکت تھی کہ بارگاہِ ایزدی سے اُن کو قبولِ عام اور شہرتِ دوام کی مسند عطا ہوئی۔ مورخین نے آپ کی تصانیف کی افادیت اور اُن کی قبولیت کا ذکر خاص طور سے کیا ہے۔ ذہبی لکھتے ہیں:

"وله تصانيف مفيدة" ابن حجر کہتے ہیں:

"سادت تصانيفه في البلاد في حياته وانتفع الناس بها بعد وفاته" (ان کی زندگی ہی میں ان کی تصانیف شہر شہر جا پہنچیں، اور ان کی وفات کے بعد لوگ اُن سے نفع اندوز ہوتے رہے)

اور شوکانی لکھتے ہیں:

"وقد انتفع الناس بتصانيفه لا سيما التفسير" (لوگوں نے ان کی تصانیف خصوصاً تفسیر سے نفع اُٹھایا)۔

آپ کی جن تصانیف پر ہمیں اطلاع مل سکی وہ حسب ذیل ہیں:

۱۔ تفسیر القرآن الکریم۔ جس کے متعلق حافظ سیوطی تصریح کرتے ہیں کہ لم یولف علی نمطہ مثلہ (اس طرز پر دوسری تفسیر نہیں لکھی گئی)۔

اور محدث کوثری فرماتے ہیں:

ھو من افید کتب التفسیر بالروایة (یہ تفسیر بالروایة میں سب سے زیادہ مفید کتاب ہے)۔

اور قاضی شوکانی لکھتے ہیں:

وقد جمع فیه فاوعی، ونقل المذاهب والاخبار والآثار وتکلم باحسن کلام وانفسه (اس میں جمع کیا اور خوب محفوظ کر دیا، مذاہب نقل کئے، حدیثیں لکھیں، آثار در کئے اور بہت ہی عمدہ اور نہایت نفیس کلام فرمایا)۔

مصنف اس کتاب میں سب سے پہلے تفسیر القرآن بالقرآن ک اصول پر ایک آیت کی تفسیر اسی مضمون کی دوسری آیات کی ر میں کرتے ہیں۔ پھر محدثین کی مشہور کتابوں سے اس کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں ان کو نقل کرکے ان کی اسانید و رجال پر سیر حاصل بحث کرتے ہیں۔ اور اس کے بعد آثارِ صحابہ و تابعین کو لاتے ہیں۔ حافظ ابن کثیر کا یہ سب سے بڑا علمی کارنامہ ہے کہ انھوں نے تفسیر اور تاریخ سے اسرائیلیات کو بہت کچھ چھانٹ کر علیحدہ کر دیا ہے، اور سچ یہ ہے کہ اس اہم کام کے لئے ان جیسے بالغ نظر محدث ہی کی ضرورت تھی، یہ اتنا بڑا کام ہے کہ اگر ان کی علمی خدمات میں صرف یہی ایک خدمت ہوتی، تب بھی وہ ان کے فخر کے لئے کافی تھی، الحمد للہ! یہ کتاب متداول ہے اور بارہا طبع ہو چکی ہے۔

۲۔ البدایہ والنہایہ۔ فنِ تاریخ میں ان کی بیش تصنیف ہے اور مصر سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے، اس میں بدء

سے لے کر احوالِ آخرت تک درج ہیں، پہلے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اُمم ماضیہ کا ذکر ہے، پھر سیرتِ نبویہ کا بیان ہے اور اس کے بعد خلافتِ راشدہ سے لے کر اپنے عہد تک کی مفصل تاریخ لکھی ہے، پھر اشراط الساعۃ اور احوالِ آخرت کا بیان ہے۔ اِس تاریخ میں بھی امام موصوف نے غرائب مناکیر اور اسرائیلیات کو چھانٹ دیا ہے۔

صاحبِ کشف الظنون لکھتے ہیں:

اعتمد فی نقلہ علی النص من الکتاب والسنۃ فی وقائع الالوف السالفۃ ومیز بین الصحیح والسقیم والخبر الاسرائیلی وغیرہ۔

(گزشتہ ہزارہا سال کے وقائع میں کتاب وسنت کی تصریح پر اعتماد کیا ہے، اور صحیح، ضعیف اور اسرائیلی روایات وغیرہ کو جدا کر دیا ہے)۔

مؤرخ ابن تغری بردی اس تاریخ کے متعلق لکھتے ہیں:

ہو فی غایۃ الجودۃ (یہ نہایت ہی خوب ہے)۔

امام علامہ حافظ بدر الدین محمود عینی حنفی، شارح بخاری نے اپنی تاریخ میں زیادہ تر اسی کتاب پر اعتماد کیا ہے اور حافظ ابن حجر نے اس کا اختصار بھی کیا ہے۔ کشف الظنون میں ہے کہ محمود بن محمد بن دلشاد نے "البدایہ والنہایہ" کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا تھا۔ اس تاریخ میں واقعات اور وفیات دونوں درج ہیں۔ سیرت نبویہ کا حصہ خاص طور پر سب سے بہتر ہے، مگر بے شمار مشاہیر علماء کا تذکرہ درج کتاب ہونے سے رہ گیا ہے اس میں مصنف کی وفات سے ۲ سال قبل تک کے حالات آ گئے ہیں۔

۳۔ التکمیل فی معرفۃ الثقات والضعفاء والمجاہیل

صاحبِ کشف الظنون نے اس کتاب کا نام التکملۃ فی اسماء الثقات والضعفا لکھا ہے۔ لیکن خود مصنف نے "البدایہ والنہایہ" اور "اختصار علوم الحدیث" میں یہی نام لکھا ہے۔ یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، فنِ رجال میں ہے اور حسب تصریح حافظ حسینی پانچ جلدوں میں ہے۔ اس میں مُصنّف نے حافظ مزی کی "تہذیب الکمال" اور حافظ ذہبی کی "میزان الاعتدال" کو جمع کر دیا ہے اور جابجا اپنی طرف سے اُس میں مفید اضافے بھی کئے ہیں۔ خود مصنف کی رائے اِس کتاب کے بارے میں یہ ہے:

وہو انفع شئ للفقیہ البارع وکذالک للمحدث

(یہ ان چیزوں میں ہے کہ جو ماہر فقیہ اور اسی طرح ایک محدث کے لئے بہت زیادہ نفع بخش ہے)۔

۴۔ الہدیٰ والسنن فی احادیث المسانید والسنن!

یہی کتاب ہے جو "جامع المسانید" کے نام سے مشہور ہے۔ مصنّف نے اس میں مسند امام احمد بن حنبل، مسند بزار، مسند ابی یعلےٰ، مسند ابن ابی شیبہ اور صحاح ستّہ کی روایات کو جمع کر کے اُن کو ابواب پر مرتّب کر دیا ہے۔

محدث کوثری لکھتے ہیں: ہو من انفع کتبہ (یہ اُن کی تصانیف میں سب سے زیادہ نفع بخش ہے) اِس کتاب کا

قلمی نسخہ "دار الکتب المصریہ" میں موجود ہے۔

۵۔ طبقات الشافعیہ

اس کتاب میں فقہاءِ شافعیہ کا تذکرہ ہے۔ اس کا قلمی نسخہ شیخ محمد بن عبد الرزاق حمزہ نے شیخ حسین باسلامہ کے پاس دیکھا ہے جو مکہ معظمہ میں مجلسِ شوریٰ کے رکن تھے۔

۶۔ مناقب الشافعیؒ

یہ رسالہ امام شافعی کے حالات میں ہے۔ مصنف نے اس کا ذکر "البدایہ والنہایہ" میں امام شافعی کے تذکرہ میں کیا ہے اس کا قلمی نسخہ بھی طبقات الشافعیہ کے ساتھ مجلد ہے۔

صاحب کشف الظنون نے اس رسالہ کا نام "الواضح النفیس فی مناقب الامام ابن ادریس" لکھا ہے۔

۷۔ تخریج احادیث ادلۃ التنبیہ۔

۸۔ تخریج احادیث مختصر ابن الحاجب

التنبیہ اور مختصر یہ دونوں کتابیں وہی ہیں جن کو مصنف نے عہدِ طالب علمی میں حفظ کیا تھا۔ ان دونوں کتابوں میں کتب حدیث سے تخریج بھی لکھی ہے۔

۹۔ شرح صحیح بخاری

اس کی تصنیف بھی شروع کی تھی، مگر ناتمام رہ گئی، کشف الظنون میں ہے کہ صرف ابتدائی ٹکڑے کی شرح ہے۔ مصنف نے اس کا ذکر "اختصار علوم الحدیث" میں کیا ہے۔

۱۰۔ الاحکام الکبیر

یہ کتاب بہت بڑے پیمانہ پر احادیثِ احکام میں لکھنی شروع کی تھی۔ مگر "کتاب الحج" تک لکھ سکے، تمام نہ کر سکے مصنف نے "اختصار علوم الحدیث" میں اس کتاب کا بھی ذکر کیا ہے۔

۱۱۔ اختصار علوم الحدیث

نواب صدیق حسن خان نے "منہج الوصول فی اصطلاح احادیث الرسول" میں اس کا نام "الباعث الحثیث علی معرفۃ علوم الحدیث" لکھا ہے۔ یہ علامہ ابن صلاح المتوفی ۶۴۳ھ کی مشہور کتاب "علوم الحدیث" معروف بہ "مقدمہ ابن اصلاح" جو اصول حدیث میں ہے، اختصار ہے۔ مصنف نے اس میں جابجا مفید اضافے کئے ہیں۔ حافظ ابن حجر عسقلانی اس کے متعلق لکھتے ہیں:

ولہ فیہ فوائد (اس کتاب میں حافظ ابن کثیر کے بہت سے افادات ہیں)

۱۲۔ مسند الشیخین

اس میں شیخین یعنی حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے جو حدیثیں مروی ہیں، ان کو جمع کیا گیا ہے۔ مصنف نے "اختصار علوم الحدیث" میں اپنی ایک تصنیف "مسند عمر" کا ذکر کیا ہے۔ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آیا وہ مستقل علیحدہ کتاب ہے یا اسی کا حصہ ثانی ہے۔

۱۳۔ السیرۃ النبویہ

یہ سیرت پر بڑی طویل کتاب ہے۔

۱۴۔ الفصول فی اختصار سیرۃ الرسول

یہ سیرت پر ایک مختصر کتاب ہے۔ مصنف نے اس کا ذکر اپنی تفسیر "سورۂ احزاب" کے اندر غزوۂ خندق کے بیان میں کیا ہے۔ اس کتاب کا قلمی نسخہ مدینہ منورہ میں "کتب خانہ شیخ الاسلام" میں موجود ہے۔

(باقی بر صفحہ ۱۶)

(بقیہ مضمون صفحہ ۴۰ "حیاتِ ابن کثیر")

۱۵۔ کتابُ المقدمات

اِس کا ذکر مصنف نے "اختصار علوم الحدیث" میں کیا ہے

۱۶۔ مختصر کتابُ المدخل للبیہقی

اس کا ذکر بھی "اختصار علوم الحدیث" کے مقدمہ میں کیا ہے

۱۷۔ الاجتہاد فی طلب الجہاد۔

جب فرنگیوں نے قلعۂ ایاس کا محاصرہ کیا ہے، اُس وقت آپ نے یہ رسالہ امیر منجک کے لئے لکھا ہے۔ یہ رسالہ مصر سے چھپ کر شائع ہو چکا ہے۔

۱۸۔ رسالۃ فی فضائل القرآن

یہ رسالہ بھی تفسیر ابن کثیر کے ساتھ مطبع المنار مصر میں طبع ہو چکا ہے۔

۱۹۔ مُسند امام احمد

ابنِ حنبل کی مُسند کو بھی حروف پر مرتب کیا تھا۔ اور اُس کے ساتھ طبرانی کی معجم اور ابو یعلے کی مُسند سے زوائد بھی درج کئے تھے۔

امام ابن کثیر کی تمام تصنیفات میں یہ خوبی عیاں ہے کہ جو کچھ لکھتے ہیں نہایت تحقیق کے ساتھ لکھتے ہیں اور مفصل لکھتے ہیں۔ عبارت سہل اور پیرایۂ بیان دلکش ہوتا ہے +

مقدمہ
سبیل الرشاد

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا قومِ اتّبعونِ اھدِکم سبیلَ الرَّشادِ (پ۲۴،ع۹)

نہایت مفید اور جامع رسالہ

سَبِیْلُ الرَّشَاد

از

حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

حواشی وتعلیقات

حضرت مولانا محمد امیر علوی صاحب میرٹھی دامت برکاتہم العالیہ

ناشر

مکتبۃ الحق والمدنی

محمد حنیف بڑوتوی، اورنگ آباد نمبر ۶/۶۱۰، کراچی نمبر ۱۸۔

مقدمہ

حضرت مولانا محمد عبدالرشید صاحب نعمانی رحمۃ اللہ علیہ

رفیق مجلس الدعوۃ والتحقیق الاسلامی علامہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی اما بَعد

ہندوستان جنت نشان اس کرۂ ارضی کا وہ خطہ ہے، جہاں سب سے پہلے افرادانسانی کے ابوالآباء حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہبوط واقع ہوا۔ چنانچہ یہ مضمون کتب احادیث کی متعدد روایات سے ثابت ہے۔ حسان الہند علامہ غلام علی آزاد بلگرامی المتوفی ۱۲۰۰ ہجری نے اپنی گرانقدر تصنیف سبحۃ المرجان فی آثار ہندوستان کی فصل اول میں اس سلسلہ کی تمام روایات کو جمع کردیا ہے[۱]۔ اس بنا پر عالم انسانیت میں تعلیم ربانی کا آغاز اسی سرزمین سے ہوا ہے۔ لیکن یہ عالم انسانیت کا عہد طفولیت تھا۔ پھر جب یہ سوہنی دھرتی آدمیوں سے آباد ہونے لگی تو ان کی اصلاح و تعلیم کے لئے وقتاً فوقتاً خدا کے برگزیدہ بندے آتے رہے اور ان کو راہِ حق دکھلاتے رہے۔ چنانچہ قرآن عظیم کی تصریح ہے۔

وان من امۃ الاخلافیھا نذیر ٥ (الفاطر۲۴)

اور کوئی فرقہ نہیں جس میں کوئی ڈرسنانے والا نہ گذرا ہو۔

---

[۱] ملاحظہ ہو "سبحۃ المرجان" ص ۴ تا ص ۲۴، واضح رہے کہ علامہ موصوف نے اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ قلم بند فرمایا ہے جس کا نام ہے "شمامۃ العنبر فیماورد فی الہند عن سید البشر" اس رسالہ میں تفسیر واحادیث کی کتابوں میں جو کچھ ہندوستان کے متعلق مولانا غلام علی کی نظر سے گذرا تھا اس کو انہوں نے یکجا کردیا ہے۔ پھر اس رسالہ کو "سبحۃ المرجان" کا جزو بنا کر بتمام وکمال اس کی ابتداء میں نقل کردیا ہے "سبحۃ المرجان" ایک صدی ہونے کو آئی جب ۱۳۰۳ھ (باقی برصفحہ آئندہ)

یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہا اور کچھ ہند ہی کی خصوصیت نہیں بلکہ جہاں بھی عالم انسانیت نے جنم لیا، اللہ تعالیٰ کے پیغمبر، ہادی اور نذیر وہاں برابر آتے رہے، اور انسانوں کو دین حق کی طرف بلاتے اور اس کی تعلیم دیتے رہے، تاہم تعلیم و تعلم اور دعوت حق کا یہ سلسلہ مقامی، وقتی اور نسلی تھا کیونکہ عالم انسانیت ابھی عہدِ طفلی سے عہدِ شباب کی طرف گامزن تھا اور دنیا مختلف نسلوں، گروہوں اور جغرافیائی حد بندیوں میں بٹی ہوئی تھی۔ پھر جب عالم انسانیت نے شباب کی منزل میں قدم رکھا اور اس کے قوائے علمی و عملی میں بہار آنا شروع ہوئی اور ایسا وقت آ گیا کہ اب وہ امت واحدہ بن کر تکمیل دین اور اتمام نعمت الٰہی کی دولت سے مشرف ہو تو حق تعالیٰ نے حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرما کر عالم انسانیت کی روحانی ضرورت کو جس کا وہ زبان حال سے ملتجی تھا پورا فرمایا اور اعلان کر دیا گیا کہ

> الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا (المائدہ ۳)
>
> آج میں تمہارے لئے تمہارا دین پورا کر چکا اور تم پر اپنی نعمت کو میں نے پورا کر دیا اور تمہارے واسطے میں نے دین اسلام کو پسند کیا۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے بھی انبیاء اور رسل آئے وہ خاص خاص قوموں اور قبیلوں اور خاص خاص مقامات کی طرف بھیجے گئے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت روئے زمین کے تمام انسانوں کی طرف ہوئی۔ اس میں کالے، گورے، سرخ، سفید، اور زرد کی کوئی تخصیص نہیں۔ اس لئے رومی، شامی، فرنگی، حبشی، ترک، تاتار، تاجیک دیلم، چینی، جاپانی، ہندی، افغانی غرض تمام عرب وعجم اور ہر قوم اور ہر جنس کے لوگ آپ میں

برابر کے حقدار ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

وما ارسلنک الا کافة للناس (السباء ۲۸)

اور ہم نے تو آپ کو تمام ہی انسانوں کے لئے بھیجا ہے۔

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعاً (الاعراف ۱۵۸)

اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا پیامبر ہوں۔

صحیحین میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجھ سے پہلے جو نبی بھیجا جاتا تھا وہ خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا اور میں تمام دنیا کی طرف بھیجا گیا ہوں[1]" اس معنی کی روایتیں کتب حدیث میں بکثرت وارد ہیں، اور اس کی عملی دلیل مطلوب ہو تو سارے پیغمبروں کے حالات پڑھ جایئے سب کے ماننے والوں کو ان کی زندگی میں آپ اسی ملک اور قوم میں محدود پائیں گے۔ جس ملک اور قوم کی طرف ان کی بعثت ہوئی تھی لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والوں میں خود آپ ہی کی حیات طیبہ میں ہم کو بلال حبشیؓ صہیب رومیؓ اور سلمان فارسیؓ کے بھی نام ملیں گے اور شاہانِ عالم کے نام جو آپ نے دین اسلام کے دعوت نامے روانہ فرمائے تھے وہ بھی عموم دعوت کی ایک بڑی بھاری عملی دلیل ہے۔

بہار عالم حسنش جہاں را تازہ می دارد
برنگ اصحاب صورت را بہ بو ارباب معنی را

اس بنا پر دین اسلام وہ ابر رحمت تھا جو اس دنیا کے چپہ چپہ پر برسا مگر فیض ہر ایک نے بقدر استعداد اٹھایا۔

باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست
در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس

ہمارے ہندوستان کی قسمت میں بھی اس بارانِ رحمت سے فیض اٹھانا مقدر

---

[1] ملاحظہ ہو صحیح بخاری اور صحیح مسلم، کتاب المساجد

تھا۔ غازیانِ ہند کو فتح ہند سے کئی صدی پہلے بشارت دی جا چکی تھی۔

عصابتان من امتی احرزهما الله من النار. عصابة تغزوا الهند . وعصابة تکون مع عیسیٰ بن مریم

میری امت کے دو گروہ ایسے ہیں جن کو حق تعالیٰ نے آتشِ دوزخ سے بچالیا ہے ایک وہ جو ہندوستان کے غزوہ میں شریک ہوگا اور دوسرا وہ جو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔

اس روایت کو امام احمد نے اپنی مسند[1] میں، اور امام نسائی نے اپنی سنن[2] میں اور حافظ ضیاء مقدسی نے ''المختارہ''[3] میں نیز طبرانی نے بسند جید[4] حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

وعدنا رسول الله صلی الله علیه وسلم فی غزوة الهند فان استشهدت کنت من خیرا الشهداء وان رجعت فانا ابوهریرة المحرر (مسند امام احمد بن حنبلؒ) (ج۲ص۲۲۹)

ہم سے (یعنی مسلمانوں سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہندوستان کے غزوے کے بارے میں وعدہ فرمایا ہے، تو اگر میں اس میں شہید ہو گیا تو بہترین شہیدوں میں ہوگا اور اگر صحیح وسلامت واپس آ گیا تو (دوزخ سے) آزاد

---

[1] ج۵ص۱۷۸ [2] سنن نسائی کتاب الجہاد، غزوۃ الہند [3] ملاحظہ ہو ''الفتح الکبیر فی ضم الزیادہ الی الجامع الصغیر'' ج۲ص۲۲۹ طبع مصر [4] بہجۃ المرجان ص۲۱ حافظ نور الدین ہیثمی نے مجمع الزوائد کی کتاب الجہاد باب غزوۃ الہند میں اس روایت کو طبرانی کی المعجم الاوسط کے حوالے سے نقل کیا ہے تعجب ہے کہ حافظ ہیثمی نے اس روایت کو زوائد میں شمار کیا حالانکہ یہ روایت تو بعینہ ان ہی الفاظ کے ساتھ سنن نسائی میں موجود ہے اور زوائد میں ان روایات کا ذکر کیا جاتا ہے جو صحاح ستہ میں مذکور نہ ہوں۔ نیز حوالے میں صرف المعجم الاوسط کا ذکر کیا ہے مسند احمد کا نہیں حالانکہ مجمع الزوائد میں انہوں نے مسند احمد کے بھی زوائد کو جمع کیا ہے اور یہ روایت مسند احمد میں بھی موجود ہے۔

ابو ہریرہ ہوں گا۔

اور سنن نسائی میں اس روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

وعدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۃ الھند فان ادرکتھا انفق فیھا نفسی ومالی فان اقتل کنت من افضل الشھداء فان ارجع فانا ابوھریرۃ المحرر

(کتاب الجہاد)

ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ ہند کا وعدہ فرمایا ہے۔ سو اگر مجھے اس غزوے میں شرکت کا زمانہ ملا تو میں اس میں اپنی جان و مال قربان کردوں گا پھر اگر میں اس میں شہید ہو گیا۔ تو افضل شہیدوں میں ہوں گا اور اگر زندہ واپس لوٹ آیا تو میں دوزخ سے آزاد ابو ہریرہ ہونگا۔

واضح رہے کہ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ وعدہ عام امت محمدیہ سے تھا خاص افراد سے نہ تھا اس لئے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تردد تھا کہ خدا جانے اس غزوہ ہند میں مجھے شرکت کی سعادت نصیب ہو یا نہ ہو غور فرمائیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشین گوئی امام احمد بن حنبلؒ المتوفی ۲۴۱ ہجری کی مسند میں موجود ہے جو سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے "غزوہ ہند" ۳۹۲ ہجری سے تقریباً ہونے دو سو سال پہلے کی تصنیف ہے۔ مسند احمد ہی کی ایک کو دوسری روایت میں جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے مروی ہے "ہند" کے ساتھ "سند" کے الفاظ بھی آئے ہیں، یہ روایت حسب ذیل ہے۔

حدثنا یحییٰ بن اسحق حدثنا البراء عن الحسن عن ابی ھریرہ قال حدثنی خلیلی الصادق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال یکون فی ھذہ الامۃ بعث الی السند والھند فان انا ادرکتہ فاستشھدت

فذلک وان انا تذکر کلمة رجعت وانا ابوهریرة المحرر قد اعتقنی من النار (ج۲ص۳۶۹)

ہم سے یحییٰ بن اسحاق نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں ہم سے براء نے حسن بصریؒ کی روایت سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ حدیث بیان کی کہ مجھ سے میرے محبوب صادق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اس امت میں سندھ اور ہند کی طرف لشکرکشی ہوگی، سو اگر میں نے وہ زمانہ پایا اور شہید ہوگیا تو مراد برآئی اور اگر (اس کے بعد انہوں نے کچھ فرمایا جو یہ تھا کہ) میں زندہ لوٹ آیا تو اس حال میں لوٹوں گا کہ میں آزاد ابوہریرہ ہوں گا اللہ تعالیٰ نے مجھے دوزخ سے آزاد فرمادیا ہوگا۔

حافظ ابن کثیر ''البدایہ والنہایہ'' میں اس حدیث کو نقل کر کے فرماتے ہیں کہ تفرد به احمد[۱] یعنی اس حدیث کے راوی صرف امام احمد ہیں، مگر یہ کوئی قابل اعتراض بات نہیں، امام صاحب کی تو بڑی شان ہے، کسی ثقہ کا تفرد بھی قادح صحت نہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ اس روایت کا ایک راوی براء بن عبداللہ بن یزید الغنوی البصری القاضی جو امام حسن بصری سے اس روایت کو نقل کرتا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کو ضعیف لکھا ہے[۲]۔ مگر آئمہ جرح و تعدیل کی تصریحات جو اس کے بارے میں ہیں ان پر نظر کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ زیادہ ضعیف نہیں ہے۔ چنانچہ ابن عدی کہتے ہیں کہ هو عندا قرب الی الصدق عنه الی الضعف[۳] یعنی میرے نزدیک یہ ضعف کے بجائے صدق کے زیادہ قریب ہے اور امام بزار فرماتے ہیں کہ لیس بالقوی وقد احتمل حدیثه گو یہ قوی نہیں تاہم اس کی روایت قابل برداشت ہے اور ایک بار امام موصوف نے اس کے بارے میں یہ بھی کہا ہے کہ لیس به باس[۴] یعنی اس میں کوئی خرابی نہیں اور

---

[۱] ج۶ص۲۲۳ طبع ۱۹۶۶ء شائع کردہ دارالمعارف بیروت [۲] تقریب التہذیب

بعینہٖ یہی الفاظ امام ابوداؤد سجستانی سے بھی اس کے بارے میں منقول ہیں[1]۔ غالباً اسی لئے حافظ ابن کثیر نے براء کے بارے میں کچھ اظہار خیال نہ فرمایا، تاہم اس کے ضعف کی بناء پر شاید کسی کو یہ خیال آئے کہ روایت میں ''سند'' کا اضافہ ضعف حافظہ کا نتیجہ ہوگا مگر واقعات اس پیشین گوئی کی بھی صحت کے شاہد ہیں، بلکہ سندھ پر تو ہند سے بھی پہلے لشکر اسلام کا حملہ ہوا تھا۔ بہر حال غزوۂ ہند کی پیشین گوئی باسانید صحیحہ حضرت ثوبان و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں کی روایت سے ثابت ہے اور غزوۂ سندھ کی پیشین گوئی بسند حسن حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے روایت کا ضعف اتنا شدید نہیں ہے کہ جس کی بناء پر اس کو سرے سے نظر انداز کر دیا جائے بلکہ حافظ جلال الدین سیوطی نے تو ''جمع الجوامع'' کے دیباچہ میں یہاں تک تصریح کر دی ہے کہ:۔

وکل ما کان فی مسند احمد فھو مقبول فان الضعیف الذی فیہ یقرب من الحسن[2]

اور ہر وہ روایت جو مسند احمد میں ہے، مقبول ہے کیونکہ اس میں جو ضعیف روایت بھی ہے وہ حسن کے قریب قریب ہے۔

صادق مصدوق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے جو کچھ نکلا تھا وہ آخر پورا ہو کر رہا۔ خلیفہ ولید بن عبدالملک کے عہد میں ۹۲ ہجری میں محمد بن قاسم ثقفیؒ کی سرکردگی میں اسلامی فوج سندھ پر حملہ آور ہوئی اور ۹۵ ہجری میں اسلامی فتوحات کا سیلاب سندھ کے تمام حدود کو پار کر گیا جس کے نتیجہ میں سندھ کا تمام علاقہ اسلامی قلمرو میں داخل ہو گیا اور ایک عرصہ تک سندھ میں اموی اور عباسی خلفاء کی طرف سے والی مقرر ہو کر آتے رہے۔ پھر چوتھی صدی کے اواخر میں سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ نے ہندوستان کا رخ کیا اور سومنات کے بتکدے کو تاراج کر کے دم لیا۔ اب غزنین سے لاہور تک اسلامی راج تھا۔ محمود

---

[1] تہذیب التہذیب میں اس کا تذکرہ پڑھئے [2] ملاحظہ ہو ''کنز العمال'' ج ۲ ص ۳ دائرۃ المعارف

غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد ان کی اولاد تقریباً دوسو سال تک غزنین سے لاہور تک حاکم و متصرف رہے۔ غزنویوں ہی کے عہد حکومت میں ہمارے پاکستان کے مشہور بزرگ اور ولی اللہ حضرت علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۴۶۵ ہجری نے اپنے قدوم میمنت لزوم سے لاہور کو نوازا، حضرت ممدوح نے اپنی مشہور تصنیف ''کشف المحجوب'' میں جس کا شمار تصوف کی اعلیٰ ترین کتابوں میں ہوتا ہے اس سرزمین کے بارے میں اپنا جو ''رویائے صادقہ'' بیان کیا ہے وہ پڑھنے کے لائق ہے فرماتے ہیں:۔

ومن کہ علی بن عثمان الجلابی ام ''وفقنی اللہ'' بدمشق شام بودم برسرِ گومؤذن رسول خدائے صلی اللہ علیہ وسلم خفتۂ خود راہمکہ دیدم اندر خواب کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم از باب بنی شیبہ اندر آمدو پیرے رادر برگرفتہ، چنانکہ اطفال رادر برگیرند بشفقتے، من پیش رویدم، بردست و پایش بوسہ دارم، ودر تعجب بودم تا آں کیست و آں حالت چیست! وے بر باطن و اندیشہ من مشرف شد، مرا گفت ایں امام تو واہلِ دیار تست یعنی ابوحنیفہ، مرا بدان خواب امید بزرگست و با اہلِ دیار خود ہم، ودرست گشت ازیں خواب مرا کہ وے یکے از آناں بودہ است کہ از اوصاف طبع فانی بودند و باحکام شرع باقی و بدان قائم۔ چنانکہ برندہ دے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بودہ است و اگر دے خود رفتے باقی الصفت بودے، و باقی الصفت یا مخطی بود یا مصیب چوں برندہ وے پیغامبر صلی اللہ علیہ وسلم بود فانی الصفت باشد بقائے صفت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ، و چوں بر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم خطا صورت نگیرد برآنکہ بدو قائم بود نیز صورت نگیرد وایں رمز بطیف است[1]

---

[1] کشف المحجوب ص ۱۳۱ طبع سمرقند ۱۳۰۳ھ و ص ۸۶ طبع لاہور ۱۳۹۸ھ

Scanned with CamScanner

میں کہ علی بن عثمان جلابی ہوں ۔ اللہ تعالیٰ مجھے توفیق خیر دے ۔
شام کے شہر دمشق میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن حضرت
بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کے سرہانے سو رہا تھا، خواب میں کیا
دیکھتا ہوں کہ میں مکہ معظّمہ میں ہوں اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
باب بنی شیبہ سے ایک پیر مرد کو اپنی گود میں لئے اس حال میں
اندر تشریف لا رہے ہیں کہ جس طرح بچوں کو پیار سے گود میں
اٹھاتے ہیں ۔ میں دوڑ کر حاضر خدمت ہوا اور آپ کے ہاتھ
پاؤں کو بوسہ دینے لگا اور تعجب میں تھا کہ یہ کون صاحب ہیں اور
یہ کیا حالت ہے ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اندرونی
اندیشے کو دریافت کرلیا اور مجھ سے فرمایا یہ ابوحنیفہ ہیں جو
تمہارے بھی امام ہیں اور تمہارے اہل ملک کے بھی ۔ مجھے اس
خواب سے اپنے بارے میں بڑی امید ہے اور اپنے اہلِ دیار
کے بارے میں بھی ۔ اور مجھے اس خواب سے یہ بات بھی ثابت
ہوئی کہ امام اعظم ان حضرات میں سے ہیں کہ جو اپنے اوصاف
طبع کے لحاظ سے فانی اور احکام شرع کے لحاظ سے باقی ہیں اور
ان ہی کے ذریعہ قائم ہیں ۔ چنانچہ ان کو لے کر چلنے والے پیغمبر
صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اگر وہ اپنے آپ چلتے ہوتے تو باقی
الصفت ہوتے اور باقی الصفت غلط فیصلہ بھی کرسکتا ہے اور صحیح
بھی ، اور اب جب ان کو اٹھا کر چلنے والے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
ہوئے تو وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی بقائے صفت کی وجہ سے فانی
الصفت ٹھہرے اور چونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر خطا کی کوئی
صورت نہیں ، اس لئے جس کا قیام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات

عالی سے وابستہ ہو اس پر بھی خطا کی صورت نہیں بن سکتی (یاد رہے) یہ ایک لطیف رمز ہے۔

اب تک مسلمانوں کی حکمرانی لاہور تک تھی ۵۸۹ھ ہجری میں سلطان معزالدین سام غوری رحمۃ اللہ علیہ نے ہندوستان کے آخری فرماں روا پرتھی راج کو شکست دیکر دہلی کو دارالسلطنت قرار دیا۔ اس وقت سے لے کر ۱۲۷۳ھ تک اس برصغیر ہندوپاک کے علاقہ پر مسلمانوں کا تسلط واقتدار برقرار رہا۔ اب حدیث صحیح اور اس رویائے صادقہ کی روشنی میں اس کشور ہند کے تمام فاتحوں اور غازیوں کی تاریخ اور ان کے حالات پڑھ جایئے۔ محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر اورنگ زیب عالمگیر بلکہ سید احمد شہید بریلوی رحمۃ اللہ تک آپ کو کوئی غیر حنفی فاتح اور غازی نہیں ملے گا۔ اس ملک کے اولین غازی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کا صحیح مصداق ہیں۔ ان ہی حضرات کی برکت سے ظلمت کدۂ ہند نور اسلام سے جگمگا اٹھا۔ ہندوستان میں ان فاتحین کے قدم رکھنے کے ساتھ ساتھ صوفیہ، اہلدل اور علماء کی آمد شروع ہوئی اور مکان ہند جوق در جوق اسلام کے حلقہ بگوش ہوتے چلے گئے۔ عوام وخواص سب کے سب عقیدہ وعمل کے لحاظ سے حنفی مذہب کے پیرو تھے جو شریعت محمدیہ کی سب سے پہلی تشریح اور تمام مذاہب میں سنت کے زیادہ قریب ہے اور ایمان وعمل میں اخلاص کی دولت صوفیہ کی بدولت نصیب ہوئی۔ چنانچہ کشمیر کے بارے میں محمد قاسم فرشتہ کے الفاظ ہیں۔

رعایای آن ملک کلہم اجمعین حنفی مذہب اند۔[1]

اور اس سے قبل تاریخ رشیدی کے حوالے سے ناقل ہے۔

مرزا حیدر در کتاب رشیدی نوشتہ کہ مردم کشمیر تمام حنفی مذہب بودہ اند[2]

---

[1] تاریخ فرشتہ ص ۳۳۷ طبع نول کشور [2] تاریخ فرشتہ ص ۳۳۶

اور حضرت مجدد الف ثانی مغل امپائر کے فرماں روا کے بارے میں رقم طراز ہیں۔

''سلطان وقت خود را حنفی مذہب می گیرد واز اہل سنت میداند''[۱]

اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی تحصیل التعرف فی الفقہ والتصوف میں ارقام فرماہیں۔

''واہل الروم وماوراء النہر والہند حنفیون''[۲]

اہل روم، اہل ماوراء النہر اور اہلِ ہند سب حنفی ہیں۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں۔

روزے در حدیث لوکان الدین عندالثریا لنالہ رجال اور جل من ھولاء یعنی اہل فارس، وفی روایۃ، لنالہ رجال من ہولاء بلا شک مذاکرہ می کردیم۔

ایک دن اس حدیث پر ہم گفتگو کر رہے تھے جس میں آتا ہے کہ اگر دین ثریا پر بھی ہو تو اس کو ان میں سے یعنی اہل فارس میں سے کچھ لوگ یا ان میں سے ایک شخص ضرور حاصل کر کے رہے گا۔ اور ایک روایت میں بغیر شک کے ہولاء کا ہی لفظ مذکور ہے یعنی اہل فارس کے کچھ افراد ضرور حاصل کر کے رہیں گے۔

فقیر گفت، امام ابوحنیفہ دریں حکم داخل ہست کہ خدائی تعالیٰ علم فقہ را بر دست دی شائع ساخت و جمعے از اہل اسلام را بآں فقہ مہذب گردانید خصوصا در عصر متاخر کہ دولت ہمیں مذہب است و بس، در جمیع بلدان و جمیع اقالیم بادشاہان حنفی اند و قضاۃ و اکثر

---

[۱] مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب دوصد و پنجاہ و یکم حصہ چہارم ص ۶۰ مطبع مجددی امرتسر ۱۳۲۹ھ [۲] اس کتاب کا عکسی نسخہ برادر عزیز مولوی محمد عبدالحلیم چشتی سلمہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں ہے اور میں نے یہ عبارت اسی کے ص ۴۶ سے نقل کی ہے۔

مدرسان واکثر عوام حنفی [۱]

فقیر (یعنی میں) نے کہا کہ امام ابوحنیفہ اس حکم میں داخل ہیں کہ حق تعالیٰ نے علم فقہ کی ان کے ہاتھوں اشاعت فرمائی اور اہل اسلام کی ایک جماعت کو اس فقہ کے ذریعے آراستہ فرمایا خصوصاً پچھلے دور میں کہ بس یہی مذہب نری دولت ہے تمام شہروں اور تمام ملکوں میں بادشاہ حنفی ہیں۔ قاضی اور اکثر مدرسین اور اکثر عوام حنفی ہیں۔

اور تفہیمات الٰہیہ میں لکھتے ہیں:

وجمہور الملوک وعامۃ البدان

متمذہبین بمذہب ابی حنیفۃ [۲]

بیشتر سلاطین اور عام ممالک امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مذہب کے پیرو ہیں۔

واضح رہے کہ نجات ابدی کے لئے تین چیزیں ضروری ہیں۔ علم۔ عمل اور اخلاص۔ پھر علم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ علم جس سے مقصود مجرد اعتقاد اور یقین قلبی ہے اور جس پر ایمان کا دارومدار ہے اور جس کی تفصیل علم عقائد و کلام میں مذکور ہے، اور دوسرا وہ علم جس سے مقصود عمل ہے اور علم فقہ جس کے بیان کا متکفل ہے۔ اہل ہند عقائد و فقہ دونوں میں امام اعظم کے مسلک کے پیرو ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ عقائد و فقہ دونوں میں اسلامی دنیا کی اکثریت کے مقتداء ہیں، علم عقائد میں امام صاحب کی متعدد تصانیف یادگار ہیں جیسے (۱) کتاب الفقہ الاکبر (۲) کتاب العالم والمتعلم (۳) کتاب الرسالۃ الی عثمان البتی یہ سب

---

[۱] ملاحظہ ہو ”کلمات طیبات مجموعہ مکتوبات شاہ ولی اللہ مکتوب یازدہم ص ۱۷۷ طبع مطلع العلوم مراد آباد ۱۳۰۸ھ۔ واضح رہے کہ کاتب کی غلطی سے ”البلدان“ کی بجائے مطبوعہ نسخہ میں ”الیونان“ طبع ہوگیا ہے جو محض غلط ہے۔ [۲] تفہیمات الٰہیہ ج ۱ ص ۲۱۲ شائع کردہ مجلس علمی ڈابھیل ۱۳۵۵ھ

کتابیں مطبوع ومتداول ہیں۔امام طحاوی رحمتہ اللہ علیہ نے ائمہ حنفیہ کے عقائد کو ایک مستقل رسالہ میں اس نام سے جمع کر دیا ہے۔ بیان عقیدۃ فقہاء الملۃ ابی حنیفہ وابی یوسف ومحمد بن الحسن رحمہم اللہ، یہ رسالہ ''العقائد الطحاویہ'' کے نام سے مشہور ومتداول ہے۔امام طحاوی کے معاصر ماوراء النہر کے مشہور امام، امام اہل السنہ ابو منصور ماتریدی رحمتہ اللہ علیہ المتوفی ۳۳۲ھ نے جو امام الہدی کے لقب سے مشہور ہیں۔ان عقائد کو عقل ونقل کی روشنی میں بڑی تفصیل کے ساتھ مدون فرمایا ہے اور بڑی عمدہ تصانیف اس سلسلہ میں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔تمام حنفی دنیا اس بارے میں آپ کی مرہون منت ہے۔امام ابو جعفر طحاوی رحمتہ اللہ علیہ نے جس طرح اپنی بیش بہا تصانیف، احکام القرآن، شرح معانی الآثار بیان مشکل الآثار وغیرہ کے ذریعہ فقہ حنفی کی خدمت کی ہے، اور کتاب وسنت کی روشنی میں اس کو خوب مدلّل ومبرھن کیا ہے، بعینہ وہی کام امام ابو منصور ماتریدی نے اپنی گرانقدر تصانیف تاویلات القرآن، کتاب المقالات، کتاب التوحید وغیرہ کے ذریعے حنفی عقائد کے بارے میں انجام دیا ہے۔جزاہما اللہ تعالیٰ عنا وعن سائر المسلمین خیر الجزا۔ ہندوستان ماوراء النہر اور روم کا تمام خطہ بلکہ تمام حنفی عقیدۃً ماتریدی کہلاتے ہیں۔یہ واضح رہے کہ عقائد کے اعتبار سے گو اہل السنۃ والجماعۃ میں بنیادی طور پر کوئی اہم اختلاف نہیں ہے۔تاہم عقائد ماتریدیہ اس حیثیت سے ممتاز ہیں کہ ان کی تدوین فلسفہ کے اثر سے قطعاً پاک ہے اور ان کی بنیاد خالص کتاب وسنت پر ہے، چنانچہ مجدّد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ جو علم عقائد وکلام میں امامت واجتہاد کے منصب پر فائز ہیں فرماتے ہیں۔

> بریں فقیر ظاہر ساختہ اند کہ در خلافیات کلام حق بجانب حنفی است، تکوین را از صفات حقیقیہ می داند، ہر چند بظاہر رجوع بقدرت ارادت می نماید۔لیکن بدقت نظر ونور فراست معلوم می گردد کہ

صفت علیحدہ است علی ہذا لقیاس، و در خلافیات فقہی در اکثر مسائل حق بجانب حنفی است و در اقل متردد وایں فقیر را در توسط احوال حضرت پیغامبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات در واقعہ فرمودہ بودند کہ تو از مجتہدانِ علم کلامی، ازاں وقت در ہر مسئلہ از مسائل کلامیہ ایں فقیر را رای خاص است وعلم مخصوص، در اکثر مسائل خلافیہ کہ ماتریدیہ واشاعرہ درانجا متنازع اند در ابتداءِ ظہور آن مسئلہ حقیقت بجانب اشاعرہ مفہوم می گردد وچوں بہ نور فراست حدت نظر نمودہ می آید واضح میگردد کہ حق بجانب ماتریدیہ است۔

اس فقیر پر ظاہر کیا گیا ہے کہ علم کلام کے اخلاقی مسائل میں حق حنفیوں کی طرف ہے چنانچہ تکوین کو حق تعالیٰ کے حقیقی صفات میں جانتا ہوں اور ہر چند کہ بظاہر صفت تکوین قدرت وارادہ ہی کی طرف لوٹتی نظر آئی ہے۔ لیکن دقت نظر اور نور فراست سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مستقل صفت ہے علیٰ ہذ القیاس (اور مسائل خلافیہ کلام کا حال ہے) اور فقہی اختلافات میں اکثر مسائل کے اندر حق حنفی مذہب کی جانب سے اور بہت ہی کم میں متردد (کہ دوسری جانب بھی ان کے حق ہونے کا احتمال ہے)

اور اس فقیر کو اثناء احوال میں حضرت پیغمبر علیہ والہ الصلوٰت والتسلیمات نے واقعہ میں فرمایا تھا کہ تو علم کلام کے مجتہدین میں سے ہے اس وقت سے مسائل کلامیہ میں سے ہر مسئلہ میں اس فقیر کی ایک خاص رائے اور مخصوص علم ہے۔ اکثر وہ اختلافی مسائل کہ جن میں ماتریدیہ اور اشاعرہ کے مابین نزاع ہے، ان

میں مسئلہ کے ابتداء ظہور میں تو حقیقت اشاعرہ کی جانب معلوم ہوتی ہے لیکن جب نور فراست سے گہری نگاہ ڈالی جاتی ہے تو واضح ہوتا ہے کہ حق ماتریدیہ کی جانب ہے۔

درجمیع مسائل خلافیہ کلامیہ رای ایں فقیر موافق رائ علماء ماتریدیہ است والحق کہ ایں بزرگواران را بواسطہ متابعت سنت سنیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ شان عظیم است کہ مخالفانِ ایشان رابواسطہ خلط فلسفیات آن شان میسر نیست اگرچہ ہر دو فریق از اہل حق اند [1]

علم کلام کے تمام مسائل خلافیہ میں اس فقیر کی رائے علماء ماتریدیہ کے موافق ہے۔ اور سچ یہ ہے کہ ان بزرگوں کی اتباع سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی بدولت ایسی بڑی شان ہے کہ جو شان ان کے مخالفین کو فلسفہ کے مسائل کو ملا دینے کے سبب میسر نہیں، اگرچہ دونوں فریق اہل حق سے ہیں۔

اور دوسرے مقام پر رقم طراز ہیں:۔ و درمیان علماء اہلِ سنت طریق اصحاب شیخ الاسلام شیخ ابومنصور ماتریدی چہ زیبا است کہ اقتصار بہ مقاصد فرمودہ اندواعراض از تدقیقات فلسفہ کردہ۔ طریق نظر و استدلال بطریق فلسفی درمیان علماء اہل سنت و جماعت از شیخ ابوالحسن اشعری ناشی شدہ است، وخواستہ کہ معتقدات اہلِ سنت رابا ستدلال فلسفی تمام ساز دوایں دشوار است و دلیر ساختن است برطعن اکابردین و گزاشتن است طریق سلف راثبنا اللہ سبحانہ علی متابعۃ آرا اہل الحق المقتبسۃ من انوار النبوۃ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات اتمہا واکملہا [2]

---

[1] ملاحظہ ہو رسالہ "مبدا و معاد" از حضرت مجدد الف ثانیؒ ص ۳۹ طبع مطبع انصاری دہلی [2] ایضاً ص ۵۶

علمائے اہل سنت میں شیخ الاسلام شیخ ابومنصور ماتریدی کے اصحاب کا طریقہ کیسا زیبا ہے کہ مقاصد پر اکتفا فرماتے ہیں اور فلسفیانہ باریکیوں پر رخ نہیں کرتے۔ فلسفیانہ طرز پر بحث واستدلال کا طریقہ علمائے اہل سنت و جماعت کے درمیان شیخ ابوالحسن اشعری سے شروع ہوا ہے۔ ان کی خواہش تھی کہ اہل سنت کے عقائد کو فلسفیانہ استدلال سے مکمل کیا جائے اور یہ دشوار بات ہے اور اکابردین کے طعن پر جرأت دلانا اور سلف کے طریقے کو چھوڑنا ہے۔ اللہ سبحانہ آرا اہل حق کی پیروی پر کہ جو انوار نبوت سے جگمگا رہی ہے ہمیں ثابت قدم رکھے۔ ذات رسالت مآب پر اتم واکمل صلوات وتسلیمات۔

اور فقہ حنفی کے بارے میں حضرت مجدو رحمۃ اللہ علیہ ہی فرماتے ہیں۔

بے شائبہ تکلف وتعصب گفتہ می شود کہ نورانیت ایں مذہب حنفی بنظر کشفی در رنگ دریائے عظیم می نماید وسائر مذاہب در رنگ حیاض وجداول بنظر می در آیند و بظاہر ہم کہ ملاحظہ نمودہ می آید سواد اعظم از اہلِ اسلام متابعان ابی حنیفہ اند علیہم الرضوان، وایں مذہب باوجود کثرت متابعان اصول و فروع از سائر مذاہب متمیز است ودر استنباط طریق علیحدہ دارد، وایں معنی از حقیقت است [1]

بغیر کسی تکلف وتعصب کے شائبہ کے کہا جا سکتا ہے کہ نظر کشفی میں اس مذہب حنفی کی نورانیت ایک بڑے سمندر کی طرح معلوم ہوتی ہے اور بقیہ مذاہب ایسے نظر آتے ہیں جیسے کہ حوض اور نہریں، ہوتی ہیں اور ظاہر میں بھی دیکھا جائے تو اہل اسلام کا سواد اعظم

---

[1] مکتوبات امام ربانی دفتر دوم، مکتوب پنجاہ وپنجم ص ۱۴ حصہ ہفتم طبع امرتسر ۱۳۳۲ھ

اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔ امام ابوحنیفہ ہی کا پیرو ہے نیز یہ مذہب اپنے متبعین کی کثرت کے باوجود اصول فروع میں تمام مذاہب سے ممتاز ہے اور طرز استنباط میں جداگانہ طریقہ کا حامل ہے، اور یہ بات بھی اس کی حقانیت کی خبر دیتی ہے۔

اور شاہ ولی اللہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ فیوض الحرمین میں فرماتے ہیں:۔

عرفني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في المذاهب الحنفي طريقة انيقة هي اوفق الطرق بالسنة المعروفة التي جمعت ونقحت في زمان البخاري واصحابه[1]

مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ مذہب حنفی میں ایک بہترین طریقہ ہے جو اس سنت معروفہ کے سب سے زیادہ موافق ہے جو امام بخاری اور ان کے اصحاب کے زمانے میں مدون ومنقح ہوئی ہے۔

ایک اور وجہ مذہب حنفی کی حقانیت کی یہ بھی ہے کہ جب سے اس مذہب کا شیوع ہوا اسلامی دنیا کے غالب حصہ میں علمِ جہاد ان ہی کے ہاتھ میں رہا۔ قسطنطنیہ کے فاتح یہی ہیں، ہندوستان کے فاتح یہی ہیں اور اسی مذہب کے ذریعہ کم وبیش ایک ہزار سال تک دنیا میں اسلامی نظام نافذ رہا۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے فیوض الحرمین کے بالکل آخر میں ملتِ حقہ اور مذہب حق کی ایک شناخت یہ بھی لکھی ہے کہ:۔

بان يكون حفظة المذهب هم القائمون بالذب عن الملة اويكون شعارهم في قطر من الاقطار هو الفارق بين الحق والباطل (ص ۱۰۳ و ۱۰۴)

---

[1] فیوض الحرمین ص ۴۸ شائع کردہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند

اس مذہب کے پاسبان ہی ملت اسلام کی طرف سے دفاع کے
لئے کھڑے ہوں، یا ممالک میں سے کسی خاص ملک میں ان کا
شعار ہی حق و باطل میں فرق کرنے والا ہو۔

اب براعظم ایشیا کی پوری اسلامی تاریخ پڑھ جایئے آپ کو اسلامی اقتدار کا نشانہ حنفی ہی ملیں گے۔ بارہ سو سال سے اس براعظم میں علم جہاد ان ہی کے ہاتھ میں رہا ہے، یہی دین حق کے پاسبان اور ملتِ اسلام کے محافظ رہے ہیں۔ بالخصوص ہند و پاک اور سرزمین روم و ماوراء النہر میں ہر جگہ کفر سے نبرد آزمائی ان کا شیوہ رہا ہے اور کفار عجم کے مقابلے میں یہی ہمیشہ سینہ سپر رہے ہیں یہی تھے جو ان تمام ممالک میں حق و باطل کے ہر معرکہ آرائی میں ہر جگہ حق کا شعار اور صداقت کا نشان رہے ہیں۔

تیسری چیز اخلاص جو علم و عمل کے لئے بمنزلہ روح ہے اس کا حصول سلوک طریقہ صوفیہ سے وابستہ ہے سو الحمد للہ سرزمین ہند و پاکستان شروع ہی سے جب سے غازیان اسلام نے ادھر کا رخ کیا حضرات قدسی صفات کے قدوم میمنت لزوم سے مشرف ہوتی رہی ہے۔ دور غزنوی میں ان بزرگوں کی آمد کا یہ اہتمام تھا کہ ادھر حضرت حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ کا جنازہ لاہور سے نکل رہا تھا اور اُدھر حضرت علی ہجویری صاحب ''کشف المحجوب'' کا داخلہ ہو رہا تھا۔ غوریوں کے عہد میں جب قبۃ الاسلام دہلی یہاں کے مسلمانوں کے فرماں رواؤں کا دارالملک بنا تو پھر ان حضرات کی آمد میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا۔ مشائخ سہروردیہ، شیوخ فردوسیہ، بزرگانِ قادریہ۔ حضرات چشت اہل بہشت، سب کی آمد کا تانتا بندھ گیا۔ کشمیر فتح ہوا تو کبراء ہمدانیہ کا وہاں ورود ہوا۔ ان حضرات کی آمد سے اخلاص کا نور چمکا اور کفرزار ہند میں اسلام کو وہ فروغ ہوا کہ باید و شاید، ہندوستان جیسی سنگلاخ زمین کے جہاں کے باشندے اپنے آپ کو پوتر اور دوسروں کو ملچھ سمجھتے

تھے۔ جن کے نزدیک دوسروں کا مذہب قبول کرنا تو بڑی بات ہے ان سے ہاتھ ملانا تک گوارا نہ تھا بلکہ ان کے سائے سے پرہیز کرنا بھی ضروری خیال کیا جاتا تھا۔ آہستہ آہستہ بطوع و رغبت داخل اسلام ہوتے چلے گئے اور آج ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش میں جو بفضلِ تعالیٰ اہلِ اسلام کی تعداد پچیس کروڑ کے لگ بھگ ہے وہ ان ہی بزرگوں کی مساعی جمیلہ کا صدقہ اور ان ہی کے اخلاص کی برکت ہے اور گو اس میں شک نہیں کہ اس برصغیر میں اشاعت اسلام کے سلسلہ میں سہروردی۔ فردوسی، ہمدانی، قادری سب ہی سلاسل کے بزرگوں کی کوششوں کو بڑا دخل ہے لیکن یہ بھی ایک امر واقعہ ہے کہ ان بزرگوں کی برکات خاص خاص خطوں اور علاقوں تک محدود رہیں۔ ملتان کے حدود میں سہروردیہ کا اثر رہا، اوچ کے علاقہ میں قادریوں کا دلی اور بہار کے نواح میں فردوسیوں کا اور کشمیر میں ہمدانیوں کا لیکن پورے برصغیر پر جن بزرگوں نے علی العموم اقلیم دلی پر فرماں روائی کی وہ حضرات چشت اہل بہشت تھے۔ بعد کو مغل دور حکومت میں ان کی جگہ قافلہ سالاران اہل دل حضرات اکابر نقشبندیہ ہوئے جن کا اثر اس برصغیر سے نکل کر روم و عرب اور ماوراء النہر تک پہنچا، اور عالم اسلام کا بہت بڑا حصہ ان کے انوار سے معمور ہو گیا۔ حضرت مجدد رحمتہ اللہ علیہ نے بالکل بجا فرمایا ہے کہ:۔

> تخم از بخارا و سمرقند آوردہ در زمین ہند کہ مایہ اش از خاک یثرب و بطحا است کشتند و بآب فضل سالہا آن را وسیراب داشتند و بربیت احسان آنرا مربے ساختند، چون آن کشت وکار بکمال رسید این علوم و معارف ثمرات بخشید[1]

> بخارا و سمرقند سے تخم لا کر سرزمین ہند میں کہ جس کی اصل یثرب و بطحا کی خاک سے ہے اس کو بویا اور فضل خدا کے پانی سے برسوں

[1] مکتوبات امام ربانی، دفتر اول مکتوب ۲۶۰ از صد دوشستم ص ۹۲ حصہ چہارم طبع امرتسر۔

اس کو سینچا۔ اور اخلاص کی تربیت سے اس کی پرورش کی پھر جب یہ کھیتی باڑی اپنے کمال پر پہنچی تو یہ علوم و معارف پھل دینے لگے۔

اور ان کے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کی نقاب کشائی ان الفاظ میں فرماتے ہیں:۔

مخدوما در ہندوستان ہم ولایت میسر ست......امروز در ہندوستان آں میسر ست کہ در اکثر جا نیست، از کثرت فیوض و وارات رشک بقاع و بلاد است، واز مزج صباحت و ملاحت وشباہت تام بتربت یثرب و بطحا در حسن و لطافت وارد از انوار و برکات آن بیش از بیش امیدوار ست [1]

مخدوما ہندوستان میں بھی ولایت میسر ہے.....آج کل ہندوستان میں وہ چیز میسر ہے جو اکثر جگہوں پر نہیں ہے یہ فیوض و واردات کی کثرت سے دوسرے مقامات اور شہروں کے لئے باعثِ رشک ہے اور خوبروئی و نمکینی کی باہمی آمیزش کی بدولت یثرب و بطحا کی خاک سے حسن و لطافت میں شباہتِ تام رکھتا ہے (اور بندہ) اس کے انوار و برکات سے زیادہ سے زیادہ امید رکھتا ہے۔

یہ ہے اس ہندوستان جنت نشان میں شمع اسلام کے فروزاں ہونے کی مختصر سی داستان صداقت نشان، پھر دو وقت اس سرزمین پر ایسے بھی آئے جن میں یہ ڈر تھا کہ اسلام کی یہ شمع فروزاں جس کو غازیوں نے اپنے خون سے اور اہل دل نے اپنے شعلہ نفسیوں سے اب تک روشن رکھا تھا نصیب دشمناں کہیں ہمیشہ کے لئے بجھ نہ جائے۔ ایک اکبری دور الحاد کہ جس کے اثر بد کو حضرت مجدد رحمۃ اللہ

---

[1] مکتوبات معصومیہ جلد ثالث، مکتوب چہل ہشتم ص۔ طبع امرتسر ۱۳۴۰ھ

علیہ نے اپنی تربیت باطنی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی علمی کاوشوں کے ذریعہ زائل کیا۔ جزاہما اللہ تعالیٰ عنا وعن سائر المسلمین خیر الجزا۔
دوسرا انگریز کا عہد نحوست عہد بالخصوص ۱۲۷۳ھ کا ہنگامہ رست وخیز کہ جس میں اس ملک کے اندر مسلمانوں کے اقتدار کا بالکل خاتمہ ہو گیا اور ہر طرف مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جانے لگی۔ طرح طرح کے فتنوں نے سر اٹھایا۔ لامذہبیت، نیچریت اور قادیانیت نے جنم لیا۔ اہل بدعت نے زور باندھا اور ہر طرف سے اسلام اور مسلمانوں پر مصیبت ٹوٹ پڑی۔ لیکن حق تعالیٰ کو ابھی اس ملک میں اسلام کو باقی رکھنا منظور تھا۔ دہلی کے عربک کالج سے دو طالب علم نکلے جن کی علمی تربیت مولانا ملوک العلی اور مولانا عبدالغنی صاحب محدث مجددی رحمۃ اللہ علیہما نے کی تھی اور باطنی تربیت شیخ وقت حاجی امداد اللہ صاحب فاروقی مہاجر مکی رحمۃ اللہ نے اخلاص کی دولت اور چشتیہ ونقشبندیہ کی نسبت حاجی صاحب کے آستانے سے ملی اور مجددیہ کے برکات اور خاندانِ ولی الٰہی کے علوم وفیوض ان دونوں بزرگان مذکور الصدر کے خوان علمی ہے۔ میری مراد ان دونوں طالب علموں سے حضرت محدث گنگوہی مولانا رشید احمد اور حضرت متکلم اسلام مولانا محمد قاسم رحمۃ اللہ علیہما سے ہے۔ قدرت کو ان دونوں سے کام لینا تھا۔ آگے چل کر ان کے دل میں داعیہ پیدا ہوا۔ کہ ایک ایسی درس گاہ کی بنیاد رکھی جائے جو اس دورِ زوال وانحطاط میں مسلمانوں کے دینی علوم کی نشر واشاعت اور ان کی علمی و دینی تربیت کا مرکز ہو۔ حق تعالیٰ کے یہاں اخلاص کی قدر ہے۔ وہ مدرسہ جو ۱۵ر محرم ۱۲۸۳ھ میں جاری ہوا۔ دیوبند جیسی گمنام بستی میں، چھتہ کی مسجد کے اندر، انار کے درخت کے نیچے، جس کے پہلے مدرس مولانا محمود دیوبندی اور پہلے طالب علم مولانا محمود حسن (شیخ الہند) تھے اور ۲ر ذی الحجہ ۱۲۹۲ ہجری کو جس کی بنیاد کا پہلا پتھر مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری نے رکھا، اور بعد

میں جناب مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور مولانا محمد مظہر صاحب رحمتہ اللہ علیہم نے ایک ایک اینٹ رکھی اور جس کی پہلے سال کی آمدنی کل چھ سوانچاس روپے چار آنے تھی۔ کل دو مدرس ایک عربی اور ایک فارسی وریاضی کے مقرر ہوئے تھے اور کل بیس طالب علم شروع میں شریک ہوئے تھے، سوچئے آج ایک سو سال گزر جانے پر کس عظمت کا حامل ہے اور اس سے دین حنیفی و مذہب حنفی کی کیسی سرسبزی وشادابی ہوئی، بقول مناظر احسن گیلانی رحمتہ اللہ علیہ:۔

''ذرا سوچئے ان لوگوں کو جو تقریباً ایک صدی سے عالم دین بن بن کر دارالعلوم دیوبند سے نکل رہے ہیں اور ملک کے طول وعرض میں پھیل رہے ہیں اور خود وہی نہیں بلکہ کون نہیں جانتا کہ ان میں ایسے کتنے ہیں جن کے ماننے والوں اور ان سے اثر پذیر ہونے والے عقیدت مندوں کی تعداد لاکھوں سے تجاوز ہے۔ ان میں حکیم الامت مرشد تھانوی۔ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن، حضرت امام کشمیری، شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی، حضرت مولانا حسین احمد مدنی، مولانا خلیل احمد انبیٹھوی وغیرہم جیسے حضرات ہیں جن میں ہر ایک اپنے اپنے وقت اور حلقۂ اثر میں مستقل امام اور پیشوا مانے جاتے ہیں۔''[1]

مولانا نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ نے خواب میں دیکھا تھا کہ ''خانہ کعبہ کی چھت پر کسی اونچی شے پر بیٹھا ہوں، اور کوفہ کی طرف میرا منہ ہے اور ادھر سے ایک نہر آتی ہے جو میرے پاؤں سے ٹکرا جاتی ہے۔'' مولانا نانوتوی نے اس خواب کا تذکرہ حضرت شاہ اسحاق رحمتہ اللہ علیہ محدث دہلوی کے بھائی مولانا محمد یعقوب صاحب سے فرمایا۔ مولانا یعقوب نے اس خواب کو سن کر فرمایا کہ ''یہ خواب دیکھنے والے شخص سے مذہب حنفی کو بہت تقویت ہوگی۔ امیر شاہ خان صاحب جو اس خواب کے راوی ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے یہ خواب اور اس کی تعبیر خود مولانا

---

[1] سوانح قاسمی از مولانا مناظر احسن گیلانی۔ ج ۱۔ ص ۱۴۴ شائع کردہ دارالعلوم دیوبند ۱۳۷۳ھ

ناتوی سے سنی ہے۔[۱] اس خواب کی جو تعبیر دی گئی آج اس کی حقیقت اظہر من الشمس ہے۔ مولانا گیلانی نے اس سلسلہ میں بہت صحیح فرمایا ہے کہ:۔

''تیرھویں صدی کے آخر میں مسلمانان ہند کی اپنی زندگی کی وحدت کو جو شدید خطرہ فتنہ غیر مقلدیت کے طوفان کی وجہ سے پیش آ گیا تھا اور قریب تھا کہ یک جہتی کا یہ شیرازہ بکھر کر پراگندہ ہو جائے۔ شترِ بے مہاری کے اس سیلاب میں ڈر تھا کہ سلف کے سارے کارنامے شاید تہ و بالا ہو کر رہ جائیں، اس کڑے وقت اور کٹھن گھڑیوں میں درس حدیث کے قاسمی یا دیوبندی طریقہ نے خصوصیت سے کام کیا اور دین کی وہ تشریحی شکل جو امام ابو حنیفہ اور ان کے ماننے والے ائمہ وعلماء کی جدوجہد کی بدولت صورت پذیر ہوئی۔ یہ ان کا صدقہ ہے کہ دین کا یہ حنفی قالب شکست وریخت، ٹوٹ پھوٹ کے خطرے سے ہندوستان میں محفوظ رہا۔''[۲]

آخر میں جناب آل احمد سرور پروفیسر مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کا یہ محاکمہ بھی پڑھ لیجئے جو ان کے قلم سے ان الفاظ میں تراوش ہوا ہے۔

''ہر ایک تحریک اپنے اندر مختلف قسم کے اثرات چھپائے رکھتی ہے۔ علیگڑھ کی تحریک ایک انقلابی تحریک تھی، یہ ترقی پسند تحریک تھی، یہ بادشاہت کے نشہ کو اتار کر حقیقت کی تصویر دکھانا چاہتی تھی، مذہب میں عقلیت، سماجی زندگی میں رسم ورواسے بیزاری تعلیم وتربیت میں مغربیت اور اجتماعی اخلاق کی تلقین کے ذریعہ سے اس نے انقلابی خدمات انجام دیں۔ مگر ۱۸۹۰ء کے قریب اس تحریک کی مغرب دوستی انگریز پرستی بننے لگی تھی اور اس لحاظ سے یہ ان علماء کے مقابلے میں پیچھے تھی جو دیوبند کے ذریعے سے حریت اور سیاسی جدوجہد کے علمبردار تھے''[۳]

محمد عبد الرشید نعمانی

۲۳/ جمادی الثانی ۱۴۰۰ھ

---

[۱] ایضاح ا۔ص ۱۳۴ و ۱۳۵ [۲] ایضاً ص ۱۳۴ تا ۱۳۶ [۳] ملاحظہ ہو ''تنقید کیا ہے'' از پروفیسر آل احمد سرور شائع کردہ مکتبہ جامع دہلی ص ۸۳-۱۹۵۳ء

مقدمہ

تذکرہ علمائے ہند

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

تذکرہ علمائے ہند

تالیف مولوی رحمان علی مرحوم

مرتبہ و مترجمہ

محمد ایوب قادری بی۔ اے

لٹریری اسسٹنٹ، پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی

مع مقدمہ

ڈاکٹر سید معین الحق، ایم۔ اے، پی، ایچ، ڈی

شائع کردہ۔ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی۔ کراچی

تعارف

جناب مولانا محمد عبد الرشید صاحب نعمانی

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ مسلمانوں نے اپنے اعیان علماء کے حالات کو جس طرح محفوظ کیا ہے، دنیا کی تمام قومیں اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہیں، سب سے پہلے راویان حدیث کے تذکرے قلمبند ہوئے۔ صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور بعد کے لوگوں میں جن کا بھی کسی سلسلۂ روایت میں نام آیا، ان سب کے حالات زندگی نہایت تفتیش و تلاش سے جمع کئے گئے، پھر علم رجال کے سلسلہ نے اتنی وسعت اختیار کی کہ ہر شعبہ کے رجال علم کو محیط ہو گیا۔ چنانچہ فقہاء، قراء، مفسرین، حفاظ حدیث، مورخین، نحاۃ، ادباء، شعراء، صوفیہ، قضاۃ، اطباء، حکماء ان سب کے حالات پر اس کثرت سے کتابیں لکھی گئیں کہ ان کا شمار بھی مشکل ہے۔

علم رجال ہمیشہ سے فن حدیث کا ایک شعبہ رہا ہے اس لئے جس ملک اور جس قوم نے حدیث نبوی کی جتنی خدمت کی اسی قدر اس نے اپنے رجال علم کو محفوظ رکھا۔ برصغیر پاک و ہند میں اس مقدس علم کے ساتھ جیسا کہ اعتناء کرنا چاہئے سب سے آخیر میں کیا گیا یہی وجہ ہے کہ علم حدیث کی اشاعت سے پہلے یہاں صوفیہ اور مشائخ کے تذکرے تو مل جاتے ہیں لیکن خاص طور پر علماء کے حالات پر کوئی کتاب نہیں ملتی۔ علامہ غلام علی آزاد بلگرامی نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

اصل ایں است کہ مردم ہند در حفظ احوال مشائخ طریقت قدس اللہ اسرارہم اہتمامے داشتہ اند و بہ ضبط احوال دانشمندان کم پرداختہ، و کتابے مستقل دریں باب از سلف و خلف استماع نیفتاد۔ کتاب عین العلم ناطق است کہ مصنف او از اجلہ علماء و اتقیاء روزگار بود، بقول اصح ہندی الاصل است۔

اصل یہ ہے کہ ہندوستان کے لوگوں نے مشائخ طریقت کے حالات کو محفوظ رکھنے کا تو اہتمام کیا اور علماء کے حالات کو مدون کرنے کی طرف توجہ کم کی، اور کوئی مستقل تصنیف سلف و خلف کی اس بارے میں سنی نہ گئی، کتاب عین العلم جو اس پر ناطق ہے کہ اس کا مصنف اجلہ علماء اور اتقیاء روزگار میں سے تھا وہ بقول اصح ہندی نژاد ہے۔

ملا علی قاری در شرح عین العلم گوید ھو من
فضلاء الھند و صلحائھم علی ما صرح بہ
الشیخ ابن حجر فی شرح مقدمتہ) کسے از
سور خال احوال او را ضبط نہ کرد و با وجود ایں
تصنیف عالی گویا نامش از صفحۂ روزگار محو گردید۔
(ماثر الکرام تاریخ بلگرام ص ۲۲۳)

ملا علی قاری عین العلم کی شرح میں فرماتے ہیں کہ اس کا
مصنف جیسا کہ شیخ ابن حجر نے اس کتاب کے مقدمہ کی
کی شرح میں تصریح کی ہے ہندوستان کے فضلاء و صلحاء
میں تھا۔ تاہم مؤرخین میں سے کسی شخص نے اس کے
حالات کو جمع نہ کیا۔ اور ایسی عالی تصنیف کے ہوتے
ہوئے بھی گویا اس کا نام صفحہ ہستی سے مٹ گیا۔

مصنف عین العلم کی طرح خدا جانے اور کتنے فضلاء زمانہ اور علماء یگانہ ہوں گے کہ ہم اپنی بد مذاقی
کے سبب آج ان کے نام و نشان تک سے واقف نہیں، بہر حال علماء ہند میں سوائے ان چند خوش قسمت
افراد کے جن کا تذکرہ تاریخ ملوک کے ذیل میں ضمناً محفوظ ہو گیا۔ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ اکثر و بیشتر
گمنامی کی نذر ہو کر رہ گئے اور اس لئے اس امر کی شدید ضرورت تھی کہ یہاں کے رجال علم کے حالات کو جو
پردۂ خفا میں مستور ہو چکے تھے جستجو اور تلاش سے فراہم کیا جاتا اور اس پر مستقل کتاب لکھی جاتی سب سے پہلے اس
ضرورت کا احساس جس قلب میں پیدا ہوا وہ ایک محدث ہی تھا ہماری مراد اس سے
شیخ عبد الحق دہلوی ہیں، چنانچہ انھوں نے اس سلسلہ میں اپنی کتاب تالیف قلب الالیف بکتابۃ فہرست التوالیف کے
طویل مقدمہ میں جو تذکرۂ مصنفین دہلی کے نام سے حیدر آباد دکن سے شایع ہو چکا ہے متعدد مشاہیر اہل علم کی
نشان دہی کی ہے اور اس موضوع پر ایک مستقل کتاب تصنیف نہ کرنے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے یوں معذرت
فرمائی ہے:۔

کاتب سطور عصمہ اللہ اوقاتہ عن الضیاع والفتور
تذکرۂ ملوک و امراء در تاریخ نامۂ ایں دیار کہ مسمی
بذکر ملوک و متضمن تاریخ تصنیف است ضبط
نمودہ، ذکر مشائخ صلحاء در کتاب اخبار الاخیار کہ
موسوم بہ سمت شیوع و اشتہار است ذکر کردہ،
اما ذکر فضلا از علماء و شعراء بعد از جزم و یقین آنکہ

کاتب سطور نے (اللہ اس کے اوقات کو ضائع ہونے
اور فتور پڑنے سے بچائے) بادشاہوں اور امیروں کی
تذکرے کو اس دیار کے تاریخ نامہ میں کہ جس کا نام
"ذکر ملوک" ہے اور یہی نام اس کی تاریخ تصنیف پر بھی
مشتمل[1] ہے قلم بند کیا ہے۔ اور مشائخ صلحا کا تذکرہ کتاب
"اخبار الاخیار" میں جو شائع و مشتہر ہو چکی ہے ذکر کر دیا ہے۔

[1] ذکر ملوک ۔ تاریخی نام ہے جس سے ۱۰۰۵ھ / ۱۵۹۶ء نکلتے ہیں۔

بسیار بودند چوں نام ونشان ایشاں پیدا نیست و اعمال و آثار تصنیفات و تالیفات ہویدا نتوانست نوشت (تذکرہ مصنفین دہلی ص ۶ و ۷)

لیکن فضلاء کا ذکر خواہ وہ علماء ہوں یا شعراء باوجود اس جزم ویقین کے کہ وہ بہت ہوتے ہیں۔ چونکہ ان کا نام ونشان پیدا نہیں اور ان کی تصنیفات و تالیفات کے آثار ظاہر نہیں نہ لکھ سکا۔

بعد میں جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے علامہ غلام علی آزاد بلگرامی المتوفی ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۶ء سب سے پہلے شخص ہیں جنھوں نے برصغیر میں اس موضوع پر مستقل تصنیف کی اور اپنی مشہور کتاب "ماثر الکرام" لکھی جو فارسی زبان میں خاص طور پر قصبہ بلگرام اور عموماً برصغیر پاک وہند کے مشائخ وفضلاء کا تذکرہ ہے خود علامہ آزاد نے بھی اپنی اس اولیت پر فخر کا اظہار کیا ہے اور بجا کیا ہے۔ چنانچہ ماثر الکرام کے دیباچہ میں لکھتے ہیں :۔

جز من از یاران کیست کہ ایں قدر ہمت در احیاء اسم و رسم وطن صرف کردہ۔

میرے سوا دوستوں میں اور کون ہے کہ جس نے وطن کے نام ونشان کو زندہ کرنے کے لئے اس قدر ہمت صرف کی ہو۔

تاہم یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ علامہ آزاد بلگرامی نے اپنے معاصرین میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور علامہ مخدوم محمد ہاشم فقیہہ سندھ جیسے اعیان علماء کا تذکرہ کہ جن میں سے ہر ایک آسمان علم کا مہر وماہ ہے کس طرح نظر انداز کر دیا۔ حالانکہ ان سے بدرجہا فروتر علماء معاصرین کا تذکرہ ان کی کتاب میں موجود ہے۔

علامہ آزاد بلگرامی نے اپنی ایک اور عربی تصنیف "سبحۃ المرجان فی آثار ھندوستان" میں بھی متعدد اکابر اہل علم کا تذکرہ لکھا ہے۔ اس کے بعد فاضل لکھنوی مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحئی فرنگی محلی المتوفی ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۶ء کی ایک عربی تصنیف "اِبناء الخلان بانباء علماء ھندوستان" کا نام ان کی تصانیف میں آتا ہے لیکن افسوس ہے کہ یہ کتاب پوری نہ ہوسکی اور اس کا کوئی حصہ اب تک شائع نہ ہوا۔ یہ کتاب جیسا کہ خود مولانا نے مقدمہ "عمدۃ الرعایۃ" میں اپنے تذکرہ میں لکھا ہے دراصل اس موضوع پر ان کی تین کتابوں کے مجموعہ کا نام ہے (۱) "خیر العمل بذکر تراجم علماء فرنجی محل" جس میں علماء فرنگی محل کے حالات ہیں۔ (۲) "النصیب الاوفر فی تراجم علماء المائۃ الثالثۃ عشر" اس میں تیرھویں صدی کے علماء کا تذکرہ ہے۔ (۳) "رسالۃ فی تراجم السابقین من علماء الھند" یہ ہندوستان کے علماء متقدمین کے حالات میں ہے۔

اسی عہد کے ایک اور عالم محمد مہدی واصف مدراسی المتوفی ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء نے علماء مدراس وحیدرآباد دکن کے

حالات میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے "حدیقۃ المرام فی تذکرۃ العلماء الاعلام" یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور ۱۲۷۹ھ/۱۸۶۲ء میں مطبع مظہر العجائب مدراس میں طبع ہو چکی ہے۔ یہ زیادہ تر اپنے معاصرین علماء کے حالات پر مشتمل ہے اسی طرح شیخ خیر الدین محمد الہ آبادی نے علماء جون پور کے حالات میں تاریخ العلماء فی اخبار العلماء، اور مولانا عبد الباری فرنگی محلی نے علماء فرنگی محل کے حالات میں عربی زبان میں آثار الاول فی تراجم علماء فرنگی محل لکھی بعد کو اردو میں بھی اس موضوع پر بہت سی تصانیف آگئی ہیں جن میں (۱) تطییب الاخوان بذکر علماء الزمان (۲) تذکرہ علماء فرنگی محل (۳) تذکرۂ کاملان رام پور (۴) تذکرۂ علماء سہسوان (۵) مشائخ بنارس خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

یہ تذکرے زیادہ تر مقامی علماء کے حالات پر مشتمل ہیں، ضرورت اس کی تھی کہ ہندوستان کے عام علماء کا تذکرہ یکجا لکھا جاتا چنانچہ اس سلسلہ میں مولوی رحمان علی صاحب نے سبقت کی اور تذکرۂ علماء ہند کے نام سے ایک کتاب مرتب کی جو فارسی زبان میں ہے۔ اور آجکل نہایت مشہور و متداول ہے۔ مولوی رحمان علی اپنے معاصر علمائے بدایوں و بریلی سے حد درجہ متاثر تھے، اس لئے افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ دوسرے اکابر اہل علم کے ساتھ انھوں نے وہ معاملہ نہیں کیا جو ایک غیر جانب دار تذکرہ نویس کا فرض ہوتا ہے چنانچہ بعض حضرات کا تو سرے سے تذکرہ ہی نظر انداز کر دیا اور بعض کا ذکر بھی کیا تو بادل نخواستہ کیا، دو چار سطروں سے زیادہ نہ لکھ سکے۔

اس موضوع پر سب سے زیادہ جس نے کام کیا وہ مولانا حکیم عبد الحیٔ لکھنوی مصنف "گل رعنا" المتوفی ۱۳۴۱ھ ہیں۔ چنانچہ انھوں نے آٹھ ضخیم جلدوں میں عربی زبان میں ایک نہایت بیش بہا کتاب لکھی جس کا نام "نزہۃ الخواطر وبہجۃ المسامع والنواظر" ہے۔ اس کتاب کی اب تک سات جلدیں دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن سے شائع ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں۔ امید ہے کہ عنقریب آٹھویں جلد بھی شائع ہو جائے گی۔ یہ برصغیر پاک و ہند کے علماء کا سب سے عظیم الشان اور جامع ترین تذکرہ ہے۔ تاہم موصوف چونکہ تحریک اصحاب حدیث سے خاصے متاثر تھے اس لئے خالص فقہاء احناف کے تذکرہ میں ان کا قلم اس فراخ دلی کا مظاہرہ نہ کر سکا جو ان علماء کے تذکرہ میں کرتا ہے جن کا تعلق راست یا بالواسطہ دعوتِ عمل بالحدیث سے رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں کہیں کہیں آپ کو بعض ان علماء احناف کے خلاف جنھوں نے عدم تقلید پر قدغن کی ہے تعصب کا الزام ملے گا۔ اور کسی کسی جگہ کسی خالص حنفی عالم کو محض اس بناء پر کہ اس نے حدیث و سنت پر عمل کی طرف لوگوں کو دعوت دی تھی زمرۂ اہلِ حدیث میں پائیں گے۔

بہرحال جامع تذکرے یہی دو ہیں جن میں دوسرا زیادہ تفصیلی ہے۔ تاہم یہ مخفی نہ رہے کہ یہ دونوں تذکرے بھی زیادہ تر یو۔پی اور بہار کے علماء کے حالات پر مشتمل ہیں اور دوسرے صوبوں کے علماء کا تذکرہ ان میں بہت کم ہے۔ البتہ مولانا عبدالحیؒ صاحب کے یہاں گجرات کے علماء کا بھی اچھا خاصا تذکرہ آگیا ہے۔ اس لئے سندھ، سرحد، بلوچستان، پنجاب اور بنگال اور اسی طرح برصغیر کے دوسرے نواح کے علماء کا ایک جامع اور مفصل تذکرہ مرتب کرنے کا کام ابھی تشنۂ تکمیل ہے، اور جب تک یہ فرض ادا نہ ہو جائے، ہم اس فرض کی ذمہ داری سے سبکدوش نہیں ہو سکتے :۔

یہ امر باعث مسرت ہے کہ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی نے اس مفید کتاب کا ترجمہ شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلامی تاریخ اور ثقافت پر ریسرچ کے سلسلہ میں سوسائٹی نہایت گراں بہا خدمات انجام دے رہی ہے۔ کارپردازان سوسائٹی بالخصوص اس کے فاضل سکریٹری ڈاکٹر سید معین الحق کی مساعی جمیلہ قابل صد تحسین و آفریں ہیں۔ امید ہے کہ حکومت اور ملت دونوں اس تحقیقی و علمی ادارے کی ہر طریقے سے ہمت افزائی کریں گے۔

ہمارے دوستوں میں جناب محترم محمد ایوب صاحب قادری کو اس موضوع سے خصوصی شغف ہے، وہ عرصہ سے علماء روہیل کھنڈ پر کام کر رہے ہیں چنانچہ متعدد علماء پر ان کے تحقیقی اور پر از معلومات مقالات مجلہ العلم کراچی میں شائع ہو چکے ہیں، مولوی رحمان علی صاحب کی کتاب تذکرہ علماء ہند کا پیش نظر ترجمہ بھی ان ہی کے قلم کا رہین منت ہے۔ جس پر جابجا حواشی میں انھوں نے مفید معلومات کا اضافہ کر دیا ہے، اور مصنف پر تعقبات بھی کئے ہیں۔ قادری صاحب اپنی اس کوشش پر مستحق مبارکباد ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول فرمائے اور آئندہ کے لئے زیادہ سے زیادہ ان کو علمی کام کرنے کا موقع عطا کرے۔ آمین۔

کراچی

محمد عبد الرشید نعمانی

۲۷ رجب ۱۳۸۰ھ بوقت ظہر

مقدمہ

حالاتِ بزرگانِ دین

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

حالات بزرگان دین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

از حضرت مولانا محمد عبدالرشید نعمانی صاحب مدظلہ

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد

حق تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت جس کا شکر بندوں کی استطاعت سے باہر ہے حضرات انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی بعثت ہے۔ جو ترجمانِ غیب بن کر ہدایت خلق اللہ کے لئے اس خاکدانِ عالم میں تشریف لائے۔ اور دین کے ہر شعبہ کی اس تفصیل اور وضاحت سے تبلیغ کی کہ عالمِ انسانیت پر اللہ تعالیٰ کی حجت تمام ہو گئی۔ اب جس کا جی چاہے اُن کی دعوت قبول کر کے سیدھا جنت میں چلا جائے اور جس کا جی چاہے بالکل نہ مانے اور جہنم کی راہ لے۔ پھر حضرات انبیاء علیہم السلام کا وارث ان حضرات علماء ربانیین اور اہل اللہ کو بنایا کہ جو ہر دور میں دین حق کے حامل رہے اور احیاء سنت و رشد و ہدایت ان کا شعار رہا۔ پہلے خاص خطے، خاص علاقے اور مخصوص و متعین زمانے کے لئے انبیاء علیہم السلام کی بعثت ہوتی رہی۔ پھر جب دنیائے انسانیت نے عالم طفلی سے عالم شباب میں

قدم رکھا اس کی وسعتیں سمٹنے لگیں۔ اور سارے جہان میں دین کی دعوت کی راہ پیدا ہونے لگی تو حضور ختمی مرتبت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری دنیا کے لئے رسول بنا کر مبعوث فرمایا گیا۔

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی دعوت کی بنیاد و اساس تین چیزوں پر ہے۔

۱۔ "تصحیح عقائد" یعنی مبدأ معاد، مجازات، اور ایمانیات کے بارے میں انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات پر ایسا پختہ یقین و ایمان رکھنا کہ جس میں ذرا شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو۔ علمی اصطلاح میں یہ علم عقائد و کلام کہلاتا ہے اور اس فن کی تدوین متکلمین اہل سنت وجماعت نے کی ہے۔ نجات اس پر منحصر ہے کہ ان کی بتلائی ہوئی تفصیل کے مطابق عقائد کو درست رکھا جائے۔ شکر اللہ مساعیہم۔

۲۔ "تصحیح اعمال" یعنی طاعات و عبادات، باہمی معاملات اور زندگی کے تمام کاروبار میں شریعت کے مطابق اس طرح عمل کیا جائے کہ جو میزان شریعت پر بالکل درست اترے۔ یہ علم فقہ کہلاتا ہے۔ اور اس کی تفصیل و توضیح حضرات فقہاء کے ذمے ہے اور وہی اس فن کے متکفل ہیں۔

۳۔ تصحیح اخلاص و احسان جو دین حنیف کی اصل و اساس ہے، جس کے بارے میں ارشاد باری ہے۔

وما أمروا إلا ليعبدوا الله   اور ان کو اس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیا کہ

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَاءَ ۔ اللہ کی بندگی کریں اسی کے واسطے اپنی بندگی کو خالص کرکے (ابراہیم کی طرح) یکسو ہوکر۔

اور حدیث شریف میں وارد ہے۔

انما الاعمال بالنیات یہ ایک حقیقت ہے کہ سارے اعمال کے قبول ہونے نہ ہونے کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

اور احسان کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے سوال پر ارشاد فرمایا تھا۔

الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک

احسان یہ ہے کہ تم خدا کی اس طرح بندگی کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے تو وہ تو تم کو دیکھ ہی رہا ہے۔

عبادت میں اگر پہلی کیفیت نصیب ہو جائے تو اس کو اصطلاح فن میں "مشاہدہ" کہتے ہیں اور دوسری کو "مراقبہ" مقاصد شرعیہ میں یہ تیسری چیز سب سے ادق اور عمیق ہے اور اس کا شریعت میں وہی مقام ہے جو جسم میں روح کا ہے۔ اور لفظ میں معنی کا اس فن کی تفصیلات حضرات صوفیہ قدس اللہ اسرارہم کے ذمے ہے اور وہی اس فن کے متکفل ہیں۔ ظاہر ہے اگر طاعات و عبادات سے اخلاص نکل جائے تو وہ بے جان ہو کر رہ جائیں گی۔ اور ایمان اخلاص سے خالی ہو تو اس کا نام نفاق ہے اس میں

احسان نہ ہو تو اس کا ثمرہ بے عملی اور طاعات سے فرار ہے۔

یاد رہے علماء امت پر رضاء حق کا ترتب اسی صورت میں متحقق ہوتا ہے جبکہ وہ اپنی ساری توانائیاں اس نور کے باقی رکھنے میں صرف کریں جو انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم سے ماخوذ ہے اور اس کی اشاعت میں پوری سرگرمی سے حصہ لیں۔ تاکہ یہ امت نور ہدایت سے منور ہو کر قرب الٰہی کے مراحل طے کرتی چلی جائے۔ اور یہ محض حق تعالیٰ کا فضل ہے کہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں عہد نبوت سے لے کر آج تک ہر دور میں اور ہر ملک میں طبقۃً بعد طبقۃٍ علماء ربانیین اور اہل اللہ کا ایک گروہ کثیر۔ اللہ تعالیٰ کی اس پر ہزاروں نعمتیں نازل ہوں۔ (رحمتیں) اس فریضے کی ادائیگی میں بڑی جانفشانی اور تن دہی کے ساتھ منہمک رہا ہے۔ پھر ہندوستان جنت نشان (برصغیر ہندوپاک) جس کے بارے میں حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے یہ الفاظ آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں کہ

"دیار ہندوستان کہ مقام خاص غربا و محبان و دوستان است"[۱]

ان علماء ربانیین اور بزرگان دین سے کیونکر خالی رہ سکتا تھا۔ برصغیر ہندوپاک کی وسعت کو دیکھتے ہوئے ان ہزارہا اعیان حق کے تذکرے و تراجم پر بیسیوں کیا سینکڑوں کتابیں اب تک فارسی، اردو بلکہ عربی میں لکھی جا چکی ہیں۔ اور ان میں سے بہت سی چھپ کر بھی منظر عام پر آ چکی ہیں۔ جناب وحید اللہ صاحب نقشی قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے بھی ان اصحاب قلم کی

---

[۱] ملاحظہ ہو مقدمہ "اخبار الاخیار فی اسرار الابرار"، طبع مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۳۲ ہجری۔

بزم میں بار پایا۔ جنھوں نے اپنی سعادت اس کارخیر میں سمجھی کہ بزرگان دین کے حالات لکھے اور جمع کئے جائیں کہ

عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ بزرگوں کا تذکرہ ہو تو نزول رحمت ہوتا ہے۔

چنانچہ وہ حالات "بزرگان دین" کے نام سے اپنی کتاب کے دو حصے شائع کر چکے ہیں۔ اب تیسرا حصہ زیر اشاعت ہے۔ کتاب کا ہر حصہ دس بزرگوں کے حالات پر مشتمل ہے۔ یہ مصنف کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ جو کچھ اس کے قلم سے نکلے صحت کے معیار پر پورا اُترے۔ مجھے امید ہے کہ انھوں نے اس سلسلہ میں پوری محنت اور دیانت داری سے کام لیا ہوگا۔ کیا اچھا ہوتا جو یہ ہر بزرگ کے ترجمے میں اس کے ماخذ کا بھی تذکرہ کر دیتے۔ بہر حال میری دعا ہے کہ حق تعالیٰ ان کی اس سعی کو مشکور فرمائے۔ اور اس کو قبولیت سے نوازے آمین۔

اچھا تو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ بزرگوں کے حالات کو یا تو ان کے عہد کے اعتبار سے طبقہ وار مرتب کیا جاتا یا پھر حروف تہجی کی ترتیب سے ان کے ناموں کے لحاظ سے ان حضرات کا تذکرہ لکھا جاتا۔ مگر مؤلف کا ذوق یہ ہے کہ وہ ہر حصے کا آغاز ایک ایسے بزرگ کے تذکرہ سے شروع کرتے ہیں جن کی ولادت دسویں صدی میں ہوتی ہے اور وفات گیارہویں صدی میں۔ اور پھر جن نو بزرگوں کو ان کا ذوق تالیف منتخب کرتا ہے ان کا تذکرہ کیف ما اتفق لکھ کر کتاب کا ایک جز مکمل کر دیتے ہیں۔

چنانچہ اسی ذوق کے مطابق صدیقی صاحب نے تیسرے حصے کا آغاز حضرت شیخ امام عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے ترجمے سے کیا ہے۔

شیخ ممدوح کا شمار ہندوستان کے سرآمد علماء میں ہوتا ہے۔ اور حق یہ ہے کہ برصغیر کے علمی حلقوں نے جتنا فائدہ حضرت شیخ کی تصانیف بے بہا سے اٹھایا۔ ہے اتنا کسی ہندوستانی عالم کی تصانیف سے نہیں اٹھایا۔ شیخ ہی کی بدولت یہاں درس حدیث کا سلسلہ جاری ہوا۔ فاضل سیالکوٹی ہوں یا علماء فرنگی محل یا خانوادہ ولی اللٰہی سب ہی شیخ علامہ کے خوان علمی کے خوشہ چیں ہیں۔ شیخ ممدوح کے خاندان کو یہ فخر بھی حاصل ہے کہ ان کی وفات کے بعد بھی اس دودمان عالی شان میں محدث پیدا ہوتے رہے۔ اور علم حدیث کی خدمت کرتے رہے۔ یاد رہے شیخ کے بعد ہند و پاک میں حدیث شریف کی بعض کتابوں کی جو شرح لکھی گئی یا حاشیہ تحریر ہوا ان میں شیخ موصوف کی تصانیف سے ضرور بھی فائدہ اٹھایا گیا ہے۔

یہ بھی پیش نظر رہے کہ حضرت شیخ کا دور ایسا پر فتن اور پر آشوب دور تھا کہ جس میں اہل نظر کو بجا طور پر یہ اندیشہ لاحق تھا کہ کہیں اس ملک میں اسلام کی یہ شمع فروزاں جس کو غازیوں اور شہیدوں نے اپنے خون سے اور علماء ربانی نے اپنے نور علم سے اور اہل دل نے اپنی شعلہ نفسیوں سے اب تک روشن رکھا تھا، نصیب دشمناں کہیں ہمیشہ کے لئے بجھ نہ جائے۔ یہ تھا اکبری دور الحاد جس کے اثر بد کو حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ تعالےٰ نے اپنی مجاہدانہ سعی پیہم اور تربیت باطنی سے اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اپنی مسلسل علمی کاوشوں کے ذریعہ زائل کیا۔

اکبر کو جو جاہل محض تھا گمراہ کرنے کے لئے اس کے دین فروش درباری کیسے کیسے ہتھکنڈے اختیار کرتے تھے۔ ان کو سمجھنے کے لئے صرف ایک مثال

کافی ہے۔ مصنف دبستان نے لکھا ہے کہ

"گائے کو ذبح کرنے اور اس کے کھانے کو حرام قرار دیا گیا۔
کیونکہ اطباء نے کہا ہے کہ گائے کا گوشت خارش، داد، جذام
اور فیل پا جیسے امراض پیدا کرتا ہے اور روحی الھضم ہے۔
اور ہندوؤں نے الا پنا شروع کر دیا کہ گائے سے تو اتنے سارے
فائدے ہیں پھر اس کو جان سے مارنا بے انصافی ہے۔ اور
یزدانی (پارسی) کہنے لگے کہ بے آزار جانور کو قتل کرنا ظلم ہے۔
اور ظالم اللہ تعالیٰ کا دشمن ہوتا ہے۔"

یہ تو غیر مسلموں کا طرز عمل تھا، اور ان کا شکوہ بھی کیا کہ ان سے اس کے سوا اور توقع بھی کیا کی جا سکتی تھی۔ تعجب تو اس پر ہے کہ بعض لامذہب دانش فروش نام نہاد علماء بھی اس کارِ شر میں ان کے ہمنوا ہو گئے۔ چنانچہ مولف دبستان کے الفاظ ہیں کہ

وعلمائے وقت نیز کتاب "صراط المستقیم" امام مجدالدین محمد بن یعقوب بن محمد فیروز آبادی آوردہ نمودند کہ می گوید "آنکہ مشہور ست افضل طعام الدنیا والآخرہ اللحم ثابت نشدہ	اور علماء وقت نے بھی امام مجد الدین محمد بن یعقوب بن محمد فیروز آبادی کی کتاب "صراط مستقیم" کو نکال کر بتلایا کہ وہ اس کتاب میں یہ لکھ رہے ہیں کہ "یہ جو مشہور ہے کہ گوشت دنیا و آخرت کا بہترین کھانا ہے یہ ثابت نہیں۔

...... و حضرت خلیفۃ الحق	اور خود حضرت خلیفۃ الحق (اکبر بادشاہ)
خود ہم ملبشر گشت کہ گاؤ نباید	کو بھی بشارت ہوئی کہ گائے کو ذبح
گشت [1]	نہ کرنا چاہیئے۔

"صراط مستقیم" جس کا دوسرا نام "سفر السعادت" بھی ہے، ملحد نے تو اس سے اپنی مطلب برآری کا کام لیا، اور بادشاہ وقت کی خوشنودی

---

[1] ملاحظہ ہو دبستان مذاہب ص ۳۲۵ طبع نول کشور لکھنؤ ۱۲۹۸ ہجری۔ واضح رہے مولف دبستان کی تعیین میں اختلاف ہے۔ حضرت الاستاذ مولانا محمود حسن خاں صاحب ٹونکی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ جان مالکم نے "تاریخ ایران" میں، اور جس کا ترجمہ مرزا حیرت شیرازی نے کیا ہے۔ اس کا مصنف شیخ محمد محسن فانی کشمیری کو بتایا ہے لیکن مآثر الامراء (ج ۲ ص ۳۹۳) میں اس کے مصنف کا نام ذوالفقار اردستانی اور موبد تخلص لکھا ہے نیز صفحہ ۲۲ مآثر الکرام میں جہاں عثمان ہارونی کے ملفوظ پر بحث ہے وہاں بھی مؤلف دبستان کا یہی نام مذکور ہے۔ یہ کتاب گیارہویں صدی کے وسط میں لکھی گئی ہے۔ جس میں فارسی زبان کے بہت سے جدید الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ کتاب بڑی دلچسپ ہے۔ اس کا مصنف ایک سیاح درویش تھا۔ جس نے سارے ہندوستان کی سیاحت کر کے جملہ اہل مذاہب و ادیان سے جو کچھ اپنے اپنے مذہب کے بارے میں تفصیلات سنی تھیں قلمبند کر دی ہیں۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف "دبستان" غیر مسلم پارسی موبد تھا۔
نعمانی

حاصل کی۔ ان کا مقصد بادشاہ کے سامنے اس کتاب کو پیش کرنے سے صرف اس کے زیغ و ضلال کی تائید کرنا تھی لیکن شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جو اس وقت مرکز سلطنت قبۃ الاسلام دہلی میں تشریف فرما تھے اور جن کی نظروں کے سامنے اکبر کی بے دینی کے یہ سارے روح فرسا مناظر گزر رہے تھے۔ وہ بھلا کب جبین سے بیٹھ سکتے تھے۔ چنانچہ حضرت ممدوح نہایت ثبات و استقامت کے ساتھ پوری کوشش اس فتنہ الحاد کے ازالہ میں منہمک ہو گئے اور اپنی تمام توانائیاں اس کے اثرات بد کو زائل کرنے میں صرف کر دیں۔ حق تعالیٰ نے بھی ان کو عمر طویل عطا فرمائی اور ان کے کام میں بڑی برکت دی۔

ایک طرف ان کے حلقہ درس سے علماء ربانی کا ایک گروہ حدیث نبوی کی سند لے کر ملک کے اطراف و جوانب میں پھیل رہا تھا اور دوسری طرف ان کی گرانقدر تصانیف جن کا تعلق علم عقائد و کلام، سیرت نبوی، حدیث شریف اور تذکرہ اولیاء و مناقب ائمہ مجتہدین سے ہے مدون و مرتب ہو کر ملک کے گوشہ گوشہ میں رہی ہیں۔ شیخ ممدوح علیہ الرحمۃ کی ان مساعی جمیلہ نے جو پوری تندہی اور یکسوئی کے ساتھ بڑی خاموشی سے مسلسل جاری رہیں۔ نہ صرف یہ کہ اس سیلاب الحاد کو ختم کر کے رکھ دیا بلکہ ان کے آثار و برکات سے اس دور سے لے کر اس عہد تک کے مسلمان برابر نفع اندوز ہیں۔ شیخ علیہ الرحمہ کے قلم فیض رقم نے اس دور الحاد کے ہر زہر کا تریاق فراہم کیا ہے۔ مجد فیروزآبادی کی کتاب "صراط مستقیم" کی بھی حضرت ممدوح نے بڑی مفصل و مدلل شرح لکھی ہے جس سے مجد شیرازی کے علم کی پوری قلعی کھل گئی ہے۔ یہ کتاب

اپنے موضوع پر بڑی جامع اور بے بہا کتاب ہے۔ اور اہل علم کے لئے نعمت غیر مترقبہ۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ۔

اسی طرح گزشتہ صدی میں حضرت امام العصر مولانا انور شاہ محدث کشمیری رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کے ایسے بے نظیر عالم تھے جن کے بارے میں بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ ہند کے سرزمین سے اتنا بڑا محقق اور وسیع النظر عالم پیدا نہیں ہوا۔ اس حصے میں ان کے معاصرین میں جن حضرات کا تذکرہ آیا ہے وہ اگر آسمانِ علم کے درخشاں ستارے تھے تو حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ آفتاب۔ والحمد للہ اولاً وآخراً، اللھم لا تحرمنا اجرھم ولا تفتنا بعدھم۔

محمد عبد الرشید نعمانی
۲۲ر جمادی الاول ۱۴۰۸ھ شب پنجشنبہ

مقدمہ

پرویز کے بارے میں علماء کا متفقہ فتویٰ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

پرویز کے بارے میں
علماء کا متفقہ
فتویٰ

مع

اضافاتِ جدیدہ

شائع کردہ

شعبۂ تصنیف۔ مدرسہ عربیہ اسلامیہ۔ نیو ٹاؤن کراچی ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیشِ لفظ

تمام مذاہب عالم میں یہ فخر اسلام اور صرف اسلام کو حاصل ہے کہ وہ بغیر کسی ادنیٰ تغیر و تبدل کے آج بھی مسلمانوں کے پاس اسی طرح محفوظ ہے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عہد مبارک میں اس کو امت مسلمہ کے سامنے پیش کیا تھا۔

ہنوز آں ابر رحمت در فشاں است　　　خم و خمخانہ با مہر و نشان است

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی کی جو امانت امتِ مسلمہ کے سپرد کی تھی اسکی امتِ مسلمہ نے جس طرح حفاظت کی دنیا اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے۔ حفاظ نے آپؐ کی تعلیم کو زبانی یاد کیا قراء نے وجوہ قراءات، رسم خط اور الفاظ کی ادائیگی اور لہجہ کی حفاظت کی مفسرین نے اس کی تشریح و تفسیر کو ضبط کیا محدثین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال، اعمال اور احوال کو محفوظ رکھا، فقہاء نے تمام احکام کو مدون کیا، متکلمین نے ایمانیات و عقائد کو ہر قسم کی تحریف و تغیر سے بچایا، صوفیاء نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قلبی کیفیات اندرونی سوز و گداز اور نسبت احسانی کو باقی رکھا۔ اہل عربیت نے زبان عربی کا تحفظ کیا اور صرف و نحو اشتقاق اور لغت وغیرہ کی تدوین کی۔ غرض تعلیم نبوی کی حفاظت کیلئے جس گوشہ سے بھی کسی خدمت کی ضرورت تھی امت نے اس کی تکمیل کی۔

اور اس طرح گلشنِ اسلام ہمیشہ سدا بہار رہا کہ اسکی حفاظت کی ذمہ داری خود حق تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی تھی۔ لیکن جس طرح ہر باغ میں کچھ خودرو پودے اور بے کار درخت اور بیل بوٹے اگ آتے ہیں جن کا وجود اس باغ کی بہار پر اثر انداز ہوتا ہی اور اگر مالی ان کو بیخ و بن سے اکھاڑ کر نہ پھینکے تو باغ کی بہار کا ستیاناس ہو کر رہ جائے۔ اسی طرح اسلام میں بھی حاملین ملت کے بالمقابل ہر دور میں کچھ نوابت ملت پیدا ہوتے رہے جن سے باغ اسلام کی بہار پر برابر زوال کا خطرہ منڈلاتا رہا اور حاملینِ ملت ان نوابتِ ملت کا برابر استیصال کرتے رہے۔ جس سے اس باغ کی بہار ہمیشہ بے خزاں رہی۔ یہ "نوابت" یعنی خودرو خود ساختہ افکار و خیالات کے حامل کبھی اس امت میں اندر ہی سے پیدا ہوئے اور کبھی غیروں کے افکار و نظریات کو لیکر باہر سے اس امت میں آشامل ہوئے۔

پھر جس طرح باغ کے خودرو پودوں میں بعض کا ضرر کم ہوتا ہے اور بعض کا زیادہ اسی طرح ان نوابت میں بھی بعض کا ضرر کم تھا اور بعض کا زیادہ، ملل و نحل کی تاریخ جن لوگوں کے سامنے ہے وہ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مسلمانوں کے فرقِ باطلہ میں سے کس فرقہ کا اس امت پر کتنا ضرر مرتب ہوا ہے۔ ان تمام فرقوں میں سب سے زیادہ جس فرقہ سے مسلمانوں کو نقصان پہنچا وہ فرقہ باطنیہ ہے جس نے سارے اسلام کی تحریف کر کے یکسر اسے الحاد زندقہ اور اباحیت کا ہم آہنگ بنانے کی مذموم کوشش کی لیکن حاملین ملت نے فتنہ باطنیہ کا بیخ و بن سے استیصال کر کے رکھ دیا اور ان کے تمام افکار و خیالات کا قلع قمع کر کے ملت کو اس کے ضرر سے نجات دی۔

انگریز کے عہد نحوست مہد میں یہاں جو تحریکیں اسلام کو مسخ و محرف کرنے کیلئے اُٹھیں ان میں سب سے پہلی تحریک نیچریت کی ہے، پھر ایک طرف قادیانیت نے نئی نبوت کے روپ میں جنم لیا اور دوسری طرف چکڑالویت نے انکارِ حدیث کا فتنہ برپا کیا۔ اس کے بعد خاکسار تحریک نے سر اٹھایا اور پھر ان سب تحریکوں کا ملغوبہ مسٹر پرویز کے حصہ میں آیا اور ان سب پر کمیونزم کا تعفن اور مستزاد ہوا۔ چنانچہ پرویزی لٹریچر میں کمیونزم کا پورا معاشی ڈھانچہ اور اس کی مذہب بیزاری، نیچریت کی مادہ پرستی، قادیانیت کا انکار وجود، چکڑالویت کا انکار سنت، خاکسار کی تحریف و تاویل سب خرابیاں یکجا موجود ہیں اور مسٹر پرویز کے قلم کی روانی نے ان غلاظتوں میں اور اضافہ کر دیا ہے فزادہم رجساً علی رجسہم۔

علماء کرام نے اگرچہ فتنہ پرویزی کے نمودار ہوتے ہی اس کے خلاف آواز بلند کر دی تھی لیکن جب اس فتنہ کا زور بڑھنے لگا اور پانی سر سے اونچا ہو گیا تو تمام علماء کی خدمت میں مسٹر پرویز کے عقائد و نظریات کے بارے میں ایک استفتاء پیش کیا گیا اور ہر مکتب فکر کے علماء نے بلا کسی ادنیٰ اختلاف کے ان عقائد و نظریات کے کفر صریح ہونے پر مہر تصدیق ثبت کر دی اور صاف لکھ دیا کہ جو شخص اس قسم کے عقائد و خیالات کا اظہار کرے اس کے کافر و ملحد ہونے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ علماء کرام کا جب یہ متفقہ فتویٰ شائع ہوا تو مسٹر پرویز جو ساری عمر مسلمانوں کی کافر گری میں مشغول رہے اور ان کو اپنے خود ساختہ دین کی طرف دعوت دیتے رہے اپنی تکفیر پر اس قدر سخت برہم ہوئے کہ بارا ضبط نہ رہا اور لگے علماء کی تکفیر کرنے کہ ان کا تو کام ہی ہے لوگوں کو کافر بنانا۔ مسٹر موصوف سے غصہ میں اور کچھ نہ بن سکا تو وہی پرانا زنگ آلود حربہ نکال لیا جو ان سے پہلے ان کے پیش رو خاکسار استعمال کر چکے تھے اور خاکساروں کا بھی یہ حربہ

اپنا نہیں تھا بلکہ وہ اسے قادیانیوں سے مانگ کر لائے تھے۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جس وقت قادیانیوں کے خلاف تمام علماء کا متفقہ فتویٰ ان کی تکفیر کے متعلق شائع کیا گیا تو مرزا غلام احمد قادیانی کے مشہور چیلے محمد حسن امروہوی نے ایک رسالہ اس مضمون کا مرتب کیا کہ تکفیر تو ہمیشہ سے ہوتی چلی آئی ہے چنانچہ فلاں فرقہ نے فلاں فرقہ کیلئے یہ لکھا ہے اور فلاں شخص نے فلاں کو کافر کہدیا ہے لہذا اس فتویٰ تکفیر سے بالکل متاثر نہ ہونا چاہیے۔

پھر جب خاکساروں کے خلاف فتویٰ نکلا تو انھوں نے بھی اپنے مرکز نشر و اشاعت "ادارہ علیہ ہندیہ" سے ایک طویل مقالہ اسی مضمون کا شائع کیا اور اس میں وہ تمام باتیں بتمام و کمال دہرائیں جو محمد حسن قادیانی کے رسالہ میں مذکور تھیں۔ اب مسٹر پرویز کے خلاف کفر کا فتویٰ شائع ہوا تو انھیں بھی بمصداق اتواصو بہ بل ہم قوم طاغون اپنے پیش روؤں کی یہی غوغا آرائی دل سے پسند آئی اور لگے ان کی لے میں لے ملانے تشابہت قلوبھم قاتلھم اللہ انی یوفکون۔ چنانچہ مسٹر موصوف نے "ادارہ علیہ ہندیہ" کے مقالہ کی مدد سے[1] فوراً ایک مقالہ "کافر گری" کے نام سے لکھا اور اس کو جابجا شائع کیا تاکہ کسی نہ کسی طرح اس فتویٰ کی اہمیت کم کردی جائے۔ حالانکہ سیدھی سادی بات یہ ہے کہ اگر کسی نے کسی کی غلط تکفیر کردی تو اس سے یہ کب لازم آتا ہے کہ دنیا میں جب بھی کسی کی تکفیر کی گئی تو وہ غلط ہی کی گئی۔ اور جب بھی کسی کی تکفیر کی جائیگی تو وہ ہمیشہ غلط ہی ہوگی۔ روزانہ ڈاکٹروں سے علاج میں غلطی ہوجاتی ہے جج اپنے فیصلوں میں غلطی کرتے رہتے ہیں لیکن کتنا احمق ہے وہ شخص جو یہ کہنے لگے کہ ڈاکٹروں کا تو کام ہی ہے غلط علاج کرنا اور ججوں کا تو شغل ہی ہے ہمیشہ غلط فیصلے دینا۔ پھر ایک ہے کہ ایک دو ڈاکٹروں یا ایک دو ججوں کا غلطی کرنا اور ایک ہے تمام ڈاکٹروں اور تمام ججوں کا ایک فیصلہ پر متفق ہوجانا۔ جو شخص ان دونوں میں فرق نہ کرے وہ کتنا بیوقوف ہے۔ پھر جس طرح علاج کا ایک اصول ہے مقدمات کے جانچنے کا ایک طریق ہے اسی طرح کفر و اسلام کے امتیاز کا بھی ایک معیار ہے۔ مسٹر پرویز کا کفر اتنا واضح ہے کہ ہر عامی جو اسلام کے مبادیات سے واقف ہو ان کے خیالات و عقائد پر مطلع ہونے کے بعد ان کے کفر میں شک نہیں کرسکتا۔ چنانچہ مسٹر پرویز کے عقائد و نظریات آپ کے سامنے ہیں آپ پڑھ کر خود فیصلہ کرسکتے ہیں: اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ۔

محمد عبدالرشید نعمانی

۹ ربیع الثانی ۱۳۸۲ھ

---

[1] مسٹر پرویز نے اپنے اس مقالہ کی تیاری کے سلسلہ میں "ادارہ علیہ ہندیہ" کا جن الفاظ میں شکریہ ادا کیا ہے وہ یہ ہیں:۔ ـــــ "ہم نے ان فتووں میں سے بیشتر کو محترم پیر رشید الدولہ صاحب سجادہ نشین م

مقدمہ

شرح الکافیہ فی التصوف

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

شرح الکافیه فی التصوّف

از

میر عبدالواحد بلگرامی

مع

مکتوب میر عبدالواحد بخدمت شیخ الهداد در باب سماع

به تقدمه و تصحیح محمد عبدالرشید نعمانی

Scanned by CamScanner

نوادر

شرح الکافیہ فی التصوف از میر عبدالواحد بلگرامی

پیش لفظ

شاہجہاں نے جو اپنے زمانہ میں یہ کہا تھا کہ "پورب شیراز مملکت ما است" سو بالکل صحیح کہا تھا۔ اس زمانہ میں علم و فضل کے لحاظ سے ہندوستان میں پورب کا خطہ شیراز کی ہمسری کرتا تھا۔ بلگرام پورب کا ایک مردم خیز قصبہ ہے جس کی خاک سے بڑے بڑے صاحبان فضل و کمال پیدا ہوئے۔ علامہ سید غلام علی آزاد بلگرامی نے مشائخ و فضلاء بلگرام کے حالات میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ جس کا نام ہے "مآثر الکرام تاریخ بلگرام"۔ یہ کتاب دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ پہلی میں صوفیائے کرام کے حالات ہیں اور دوسری میں علماء عظام کے۔ مآثر الکرام ۱۳۲۸ھ میں مفید عام پریس آگرہ سے طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے۔

صاحب کمالان بلگرام میں ایک بزرگ گزرے ہیں میر عبدالواحد بن سید ابراہیم بن سید قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ جو اپنے عہد کے بہت بڑے صوفی اور صاحب علم تھے۔ موصوف نے علم تصوف میں بہت سی بیش بہا تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ آج سے آٹھ دس سال قبل کی بات ہے کہ کراچی میں ایک کتب فروش کی دکان پر چھوٹی تقطیع کا ایک مخطوطہ ملا جس پر تحریر تھا رسالہ مرج البحرین، ساتھ ہی کچھ اور رسائل بھی مجلد تھے۔ "مرج البحرین و جامع الطریقین" حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مایۂ ناز تصنیف ہے جس کا تعارف خود مصنف ہی کی زبان سے سننے کے لائق ہے فرماتے ہیں:

"ایں رسالہ ایست مسمی بمرج البحرین و جامع الطریقین جامع طریقہ فقہ و تصوف و شریعت و طریقت و ظاہر و باطن و صورت و معنی و قشر و لب و علم و حال و صحو و سکر و مذہب و مشرب و عقل و عشق اگر آں را صراط مستقیم و طریق قویم نام کنند جائز باشد و اگر دین خالص و سبیل اسلم اقبش نہند روا بود، و دعوت حق و منہج رشاد گویند درست افتد، و میزان عدل و دستور العمل گردانند راست آید۔ متفقہ را از انکار مشرب تصوف بازدارد و متصوفہ را در دائرۂ مذہب فقہ

درآرد و مستفید نگردد بودے مگر فقیہ محب متشرف احوال و صوفی محقق مفید باعمال، و محروم بود ازوے ہر متعسف متعصب عنید و متصوف متوغل بعید۔ مرج البحرین یلتقیان بینہما برزخ لا یبغیان (مقدمہ مرج البحرین)۔

مرج البحرین کا ایک نفیس مخطوطہ برادر عزیز مولوی محمد عبد الحلیم چشتی سلمہ اللہ تعالیٰ کے پاس بھی موجود تھا جس کو وہ ہندوستان سے اپنے ساتھ لائے تھے اور میں ہمیشہ اسے رشک کی نگاہ سے دیکھا کرتا تھا۔ اس وقت جو اس کتاب کا یہ دوسرا مخطوطہ نظر سے گزرا۔ نعمت غیر مترقبہ سمجھ کر فوراً اسے ہاتھوں ہاتھ خرید لیا۔ گھر آ کر اس مجموعہ کا جائزہ لیا تو اس میں بعض اور نادر چیزیں بھی ملیں۔ جن میں ایک رسالہ "عقل کل" ہے جو شاہ غریب ولد شاہ نصرت قادری کی تصنیف ہے۔ اور جس میں بعض حقائق تصوف کی تفصیل ہے۔ اور دوسرا رسالہ یہی "شرح کافیہ" ہے، جو علامہ عبد الواحد بلگرامی کی ذہانت و طباعی کا شاہکار ہے۔

'الکافیۃ فی النحو' فن نحو میں علامہ جمال الدین ابو عمرو عثمان بن عمر المعروف با بن الحاجب المالکی النحوی المتوفی ٦٤٦ھ کا مشہور متن ہے جو کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہ کتاب عہد مصنف سے لے کر آج تک برابر داخل درس ہے۔ اس پر سینکڑوں شرحیں لکھی گئی ہیں۔ اور ہر دور کے مصنفوں نے اس پر طرح طرح سے طبع آزمائی کی ہے۔ ان شروح میں ملا جامی کی شرح زبان زد خاص و عام ہے۔ علامہ عبد الواحد بلگرامی بھی اس متن کے شارحین میں شامل ہیں لیکن ان کی افتاد طبع نے اس بارے "میں ایک نئی راہ نکالی ہے جو شارحین کافیہ میں سے کسی کو آج تک نہ سوجھی تھی"[1] یعنی متن نحو سے تصوف کے مسائل کا استخراج کیا ہے اور ان کی اس شرح کو دیکھ کر یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا ابن حاجب کی کتاب فن نحو کا متن نہیں بلکہ علم تصوف کا خلاصہ ہے جس کو فاضل شارح اپنے زور بیان سے مفصل و مدلل کرتے چلے جا رہے ہیں۔ یہ وہ بات ہے جو خود مصنف کتاب شیخ ابن الحاجب کے حاشیہ خیال میں بھی نہ آئی ہو گی۔ علامہ بلگرامی کی یہ کارگزاری زور طباعی کے لحاظ سے کسی طرح بھی فیضی کی تفسیر بے نقط سے کم نہیں ہے۔ بھلا نحو کے مسائل سے تصوف کے مسائل کا نکالنا کوئی آسان کام ہے! یہ خدمت صرف وہی شخص انجام دے سکتا ہے جس کو قدرت نے غیر معمولی

---

(١) آزاد بلگرامی نے اس سلسلہ میں دو شخصوں کی اور نشاندہی کی ہے جو اس بارے میں میر عبد الواحد کے ہم عنان ہیں۔ ایک میر ابو البقاء اور دوسرے ملا موہن بہاری لیکن ان دونوں بزرگوں نے صرف غیر منصرف کی بحث تک اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ میر ابو البقاء نے عربی میں شرح لکھی ہے اور ملا موہن نے فارسی میں۔ میر ابو البقاء میر موصوف کے معاصر ہیں اور ملا موہن کا زمانہ ان کے بعد کا ہے۔

Scanned by CamScanner

طباعی اور ذہانت سے نوازا ہو۔

تیسری چیز جو اس مجموعہ میں ملی وہ ان ہی علامہ عبدالواحد بلگرامی کا وہ مکتوب ہے جو مسئلہ سماع میں انھوں نے اپنے ایک معاصر عالم شیخ الہ داد مفتی ساکن خطہ لکھنو کو لکھا تھا۔ علامہ بلگرامی نے مفتی صاحب کو جس انداز میں خطاب کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان کی جلالت علمی کے غیر معمولی معترف تھے۔ یہ مکتوب لائق مطالعہ ہے۔ ضروری نہیں کہ مسئلہ سماع میں علامہ بلگرامی سے اتفاق کیا جائے لیکن اختلافی مسائل میں علامہ کا جو انداز خطاب ہے وہ لائق اتباع ہے۔ اگر ہمارے زمانہ کے علماء بھی اختلافی مسائل پر اسی انداز سے قلم اٹھائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپس میں اس ناگواری کا مظاہرہ ہو جس سے آج کل ہم دوچار ہیں۔

ہم نے علامہ بلگرامی کے ان دونوں نوادر کو وقف عام کرنے کے لیے یہ مناسب سمجھا کہ ان کو "مجلۃ الجامعہ" میں شائع کر دیا جائے۔ میں جب کراچی سے بہاولپور آیا تھا تو یہ مخطوطہ بالکل صحیح سالم حالت میں تھا لیکن اب جو کراچی سے منگوا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ 'شرح الکافیہ' کی عبارت بعض مقامات پر کرم کتابی کی نذر ہو چکی ہے۔ یہ دیکھ کر بڑا افسوس ہوا کہ

ہمیں ورق کہ سیہ گشت مدعا اینجاست

مگر مشیت ایزدی میں کیا چارہ۔ رضینا بقضاء اللہ۔ بلکہ اس سے اشاعت کے خیال کو اور تقویت پہنچی کہ ابھی تو اس کا صرف ایک آدھ فقرہ یا ایک آدھ لفظ ہی ضائع ہوا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ پورا مخطوطہ ہی حوادث کی نذر ہو جائے، اور پھر اس کے ضیاع پر کف افسوس ملنا پڑے۔ ہمیں معلوم نہیں کہ اس شرح الکافیہ کا کوئی اور مخطوطہ بھی کسی کتب خانہ میں محفوظ ہے یا نہیں۔ اگر کسی صاحب کو اس کے دوسرے نسخے پر اطلاع ہو تو وہ براہ کرم اس خلا کو پُر کر دیں جو کرم کتابی کے اس ظلم کی بدولت پیدا ہوا ہے۔ ہم نے ان تمام مقامات پر جہاں شرح کافیہ میں کوئی عبارت پڑھی نہ جا سکی، بیاض چھوڑ دی ہے اور حاشیہ پر اس کی نشاندہی کر دی ہے کہ یہ عبارت یہاں پڑھی نہ جا سکی۔

یہ واضح رہے کہ علامہ بلگرامی نے شرح کافیہ صرف بحث مرفوعات تک لکھی ہے۔ یہ بھی پورے متن کی شرح نہیں بلکہ تعلیق بالقول ہے۔

علامہ عبدالواحد بلگرامی کی شخصیت اگرچہ علماء ہندوستان میں مشہور و معروف رہی ہے۔ اور بہت سے مصنفین نے ان کا تذکرہ لکھا ہے لیکن علامہ غلام علی آزاد بلگرامی نے جس تفصیل سے ان کا تذکرہ اپنی کتاب "مآثر الکرام" میں قلمبند کیا ہے اس طرح کسی نے بھی نہیں کیا۔ اور دراصل یہ حق بھی ان ہی کا تھا کہ عربی کی مشہور مثل ہے "صاحب البیت ادریٰ بما فیہ" گھر والا ہی گھر کا حال خوب جانتا ہے۔ لہٰذا آزاد نے جو کچھ

لکھا ہے ہم اسے بلا کم و کاست ذیل میں درج کیے دیتے ہیں:

"میر عبدالواحد بن سید ابراہیم بن سید قطب الدین بن سید ماہرو بن سید شاہ بڈھہ مذکور قدس اللہ اسرارہم قطب فلک ولایت و مرکز دائرہ ہدایت بود۔ صاحب آیات ظاہرہ و کرامات باہرہ از اجداد ایشاں سید ماہرو بعلاقہ حکومت از بلگرام بہ قصبہ سرہ رفت و در آنجا رحل اقامت افگند و سرہ مع بست و چہار موضع از پادشاہ وقت در انعام او مقرر شدہ بعد زمانے باز میندارات آنجا مخالفت روئے داد و مقاتلہ درمیان آمد۔ سید با بعضے اولاد شربت شہادت چشید۔ مرقد او در قصبہ سرہ است و ماہرو کھیڑہ متصل سرہ مشہور و آثار قلعچہ بنا کردہ سید در آنجا باقی است و بقیہ اولاد با دیگر متعلقان از قصبہ سرہ در مکان گنو گھاٹ آمدہ سکونت گرفتند۔ و آنجا ہم پائے اقامت افشردن نتوانستند ناچار از آنجا برآمدہ در قصبہ سانڈی کہ از بلگرام بر چہار کروہ است بار اقامت کشادند۔ یکے از احفاد سید ماہرو بہ تحصیل علم پرداخت و بعد فراغ تحصیل سند منصب قضاء قصبۂ باڑی از پادشاہ وقت حاصل کرد۔ سید ماہرو سہ پسر عقب گذاشت از آں جملہ اولاد دو پسر بتقریب منصب قضا در قصبہ باڑی رفتہ لنگر اقامت انداختند۔ و در عہد اکبر پادشاہ قصبہ باڑی در انعام ایشاں شد۔

میر عبدالواحد قدس سرہٗ از اولاد پسر سیوم است کہ در قصبہ سانڈی ماند و کد خدائی صبیۂ ایشاں با سید محمود اصغر جد اعلاے ما اتفاق افتاد و بنا بر الفتی کہ با فرزند خود داشت فرمود۔ "فلاں مرا بہ بلگرام طلبید" و در موطن آباء کرام تشریف آوردہ اول در محلۂ میدان پورہ قریب خانۂ سید محمود ساکن شد۔ بعد چندی بر کنار آبگیر سلہدہ رفتہ قدم اقامت افشرد۔ حق تعالےٰ در ذریت او خیر و برکت پدید آورد۔ و از اولاد او دراں محل بکمتر فرصت محلہ عظمیٰ معمور شد۔ و در اوائل بیعت بخدمت مخدوم شیخ صفی الدین سائی پوری بجا آورد و مورد التفات خاص گردید۔ و او ہژدہ سالہ بود کہ شیخ صفی ازیں عالم رحلت فرمود۔ بعد از واقعۂ شیخ بخدمت شیخ حسین سکندرہ پیوست و تربیت ہائے فراواں یافت۔ چنانچہ خود در سنابل می گوید:

"ایں فقیر مرید مخدوم شیخ صفی است و خلافت مخدوم شیخ حسین دارد۔ مخدوم شیخ حسین را با پدر ایں فقیر الفتی و محبتی تام بود و میان یک دیگر اختصاص کلی داشتند۔ و پدر فقیر نیز خلیفہ مخدوم شیخ صفی بود۔ بدیں سبب ایں فقیر رجوع بہ مخدوم حسین کرد و مخدوم شیخ حسین نیز عنایتہا و نوازشہائے فراواں ارزانی داشتند کہ بار زادۂ ماست و جامۂ خلافت نیز پوشانیدند اگرچہ فقیر را لیاقت ایں جامہ نبود۔ اما شکرانہ درگاہ باری تعالےٰ می گذارم کہ پیوند بیعت با ایشاں دارم:

عہد من با لب شیریں دہناں بست خدا ما ہمہ بندہ و ایں قوم خداوندانند"

(انتہی)

شیخ عبدالقادر بداونی در منتخب التواریخ می نویسد:

"شیخ عبدالواحد بلگرامی بسیار صاحب فضائل و کمالات و ریاضت و عبادات است۔ و اخلاق سنیہ و صفات رضیہ دارد و مشرب او عالی است۔ پیشتر ازیں بچند سال نقش و صوت بہ ہندی می بست و می گفت و حال می ورزید۔ دریں ایام خود را از ہمہ گذرانیدہ و شرحی بر نزہۃ الارواح نوشتہ محققانہ۔ و ہمچنیں در اصطلاحات صوفیہ بعضی رسائل نوشتہ۔ ازاں جملہ سنابل نام و غیر آں تصانیف لائقہ نیز دارد۔ اگرچہ مرید بجائے دیگر است اما بہرۂ تمام از صحبت شیخ حسین سکندرہ یافتہ و ہر سالی از بلگرام بجہت عرس شیخ می آمد۔ اکنوں کہ ضعف بصر پیدا کردہ نمی تواند رفت و در قنوج توطن میداشت۔ در سال نہصد و ہفتاد و ہفت کہ فقیر از لکھنؤ بہ بلگرام رسیدم شبے بہ عیادت آمد۔ و آں ملاقات اول بار بود کہ حکم مرہم داشت و گفت ایں ہمہ گلہائے عشق است و مخدومی شیخ عبداللہ بداؤنی نیز اتفاقاً چوں رجال الغیب از بداؤں ہماں جا تشریف آوردند یقین شد کہ اگر شب قدر دریافتہ باشم آں شب خواہد بود۔ و میر طبع نظم بلند دارد۔"

تا ایں جا عبارت شیخ عبدالقادر صاحب منتخب التواریخ است۔ و او میر عبدالواحد را شیخ عبدالواحد نوشت بہ اعتبار مشیخت و بزرگی۔ چنانچہ شیخ عبدالقادر جیلانی گویند آخر خود می نویسد کہ میر طبع نظم بلند دارد۔ و کلام شیخ کہ آں ملاقات اول بار بود دلالت می کند کہ ملاقات او با میر عبدالواحد مکرر واقع شدہ و شیخ عبدالقادر در آغاز حال از رفقائے حسین خاں بود و حسین خاں یکے از نوکران درگاہ اکبری است۔ چندی در لکھنؤ جاگیر داشت و شیخ عبدالقادر در لکھنؤ ہمراہ بود و او ملاقات خود با میر عبدالواحد در سال نہصد و ہفتاد و ہفت نوشتہ و در ضمن سنوات در وقائع سال مذکور می نگارد کہ

"دریں سال پرگنۂ لکھنؤ از حسین خاں تغیر شد و خان مذکور بہ تقریبی از راہ ولایت اودھ در حدود کوہ سوالک در آمد و با کفار کوہستان جنگ کرد و اکثر رفقای او شہید و مجروح شدند۔ و فقیر دریں سفر برخصت حسین خاں از لکھنؤ بہ بداؤں آمدم انتہی کلامہ ملخصاً"

کسے کہ از لکھنؤ قصد بداؤں کند بلگرام در عرض راہ می افتد۔ ظاہرا در ہمیں سفر در بلگرام با میر عبدالواحد ملاقات دست داد۔ و عبارت او کہ "شبے بہ عیادت آمد" می خواہد کہ بیمار باشد و نیز عبارت او کہ "حکم مرہم داشت و گفت ایں ہمہ گلہائے عشق است" می خواہد کہ زخمی باشد۔ اما کلام او در احوال حسین خاں ناظر است بریں کہ با حسین خاں بکوہستان نہ رفت و از لکھنؤ برخصت حسین خاں متوجہ بداؤں شد۔ دریں صورت از زخمیان

Scanned by CamScanner

جنگ کوہستان نمی تواز شد۔ و در وقایع سنہ ۹۷۹ھ تسع وسبعین وتسعمائہ بیان می کند کہ

"فقیر از کانت گولہ بتقریب زیارت مزار فیض الانوار بدیع الحق والدین شاہ مدار قدس سرہٗ بہ مکن پور رسید۔ و بدام عشق گرفتار گشت۔ غیرت الٰہی چندی از قوم معشوق را مسلط ساخت و نہ زخم شمشیر پیاپے بر سر و دستہا و دوش خورد و ہمہ پوست مال رفت مگر زخم سر کہ استخواں را شکستہ بمغز رسید و تہی مغزی بار آورد و رگ ہنصر اندکے بریدہ شد و آں جہاں را سیر کردہ آمد و بخیر گذشت و جراح حاذق در قصبۂ بانگرمؤ پیدا شد و در عرض یک ہفتہ زخمہا فراہم آمد۔" انتہی کلامہٗ ملخصاً

. . . .

عبارت سابق یعنی "حکم مرہم داشت وگفت ایں ہمہ گلہائے عشق است" با ایں واقعہ مناسبت تمام دارد۔ اما اختلاف سال ابا میکند و شیخ عبداللہ کہ از بداؤں آمدہ در شب بملاقات میر عبدالواحد شریک صحبت شد در نسخہ بجائے شیخ عبداللہ شیخ عبدالقادر بنظر در آمد غلط کاتب است صحیح شیخ عبداللہ است۔

ومیر علاء الدولہ بن میر یحییٰ سیفی قزوینی در نفائس المآثر آوردہ کہ:

"میر عبدالواحد از اکابر سادات قنوج است۔ و خالی از نشاء فقر و درویشی نیست و سلیقہ شعر خوب دارد۔"

و شیخ محمد غوثی مندوی در کتاب گلزار ابرار نوشتہ کہ: "سید عبدالواحد بن سید ابراہیم قنوجی خداوند مجاہدہ و مشاہدہ صاحب صحت حال و فصاحت مقال بر نزہۃ الارواح شرح الفی متین برنگاشتہ فراوان توجیہ و تاویل بکار بردہ جمیع مقاصد عبارات را متوجہ سمت حقیقت گردانیدہ است۔" (انتہی)

پوشیدہ نماند کہ حضرت سید در قنوج کہ خدا شد چندے در ان شہر اقامت داشت بنا بر آں درین ہر دو کتاب او را از قنوج نوشتہ اند و اقامت او در قنوج از کلام شیخ عبدالقادر بداؤنی ہم مستفاد می شود۔ و از جملہ تصانیف میر عبدالواحد حقائق ہندی و شرح قصیدہ چہار برادر و حل شبہات و شرح مصطلحات دیوان خواجہ حافظ شیرازی است۔ و اشہر تصانیف او کتاب سنابل است در سلوک و عقائد۔ دفتے در شہر رمضان المبارک ۱۱۳۵ھ خمس وثلثین ومائۃ والف مؤلف اوراق وارد دار الخلافہ شاہجہان آباد و خدمت شاہ کلیم اللہ چشتی قدس سرہٗ را زیارت کرد۔ ذکر میر عبدالواحد قدس سرہٗ درمیان آمد۔ شیخ مناقب و مآثر میر تا دیر بیان کرد و فرمود:

"شبے در مدینہ منورہ پہلو بر بستر خواب گذاشتم و در واقعہ مے بینم کہ من و سید صبغۃ اللہ بروجی معاً در مجلس اقدس رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باریاب شدیم۔ جمعی از صحابہ کرام و اولیاء امت حاضر اند۔ در آنہا شخصے است کہ حضرت با او بلب تبسم شیریں کردہ حرفہا می زنند و التفات تمام

دارند۔ چون مجلس آخر شد از سید صبغۃ اللہ استفسار کردم کہ این شخص کیست کہ حضرتؒ باو التفات باین مرتبہ دارند گفت میر عبدالواحد بلگرامی و باعث مزید احترام او این است کہ سنابل تصنیف او در جناب حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقبول افتاد۔"

حضرت میر در سنابل می گوید کہ:

"روزی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جملہ اموال خود را در راہ رضای خداوند تعالی تصدق کرد۔ حضرت رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام از وی پرسید ما خلفت لعیالک فقال اللہ و رسولہ۔ جبریل امین در رسید گفت یا رسول اللہ فرمان می شود بپرس از ابوبکر من تنہا بسنت نبودم کہ با نام من نام رسول را ہم ذکر کردی۔ سبحان اللہ وبحمدہ کثیراً این کدام منزلت و این چہ نسبت و قربت است کہ حق سبحانہ بر گرفتن نام رسول غیرت می برد۔ دانشہا و بینشہا این جا پیہے گم کنند۔ بخاطر رکیک این ضعیف می رسد کہ سر عتاب آنست کہ اے ابوبکر پایۂ معرفت تو بجائے رسیدہ است کہ رسول را از ما جدا نمی بینی زیرا کہ او در ما محو است و ما در وے ثابت پس چرا جدا ذکر کردی کہ گفتہ اند از عرش تا فرش محمد را غلام چون حق متجلی شد محمد کدام۔ ونیز بخاطر می رسد کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ جواب بر قدر مقام عیال و اہل بیت خود گفتہ است نہ بر وفق مقام خود چہ رسول علیہ السلام از و ما خلفت لعیالک پرسیدہ بود و اگر ما خلفت لنفسک پرسیدی جواب از مقام معرفت خود دادی یعنی اللہ وحدہٗ گفتی۔"

ونیز در سنابل می گوید:

"یکے از یاران مؤلف شیخ نظام نام داشت۔ دختر مغلے را تعلیم می کرد۔ دختر در غایت جمالی بود جوانی را نظر بر جمال او افتاد شیفتہ شد و حال نامرادی و دردمندی خود بشیخ نظام باز نمود۔ شیخ نظام گفت تو ہر روز ہمراہ من بیا۔ من او را تعلیم می کنم تو آنجا بنشین و می نگر بریں ماجرا مدتے گذشت۔ روزی آن جوان دردمند با شیخ نظام آہستہ گفت۔ این دختر را بگوئید کہ مرا آب بمن دہد۔ شیخ نظام دختر را گفت قدح آب خوردن بیار۔ دختر قدح پر آب آورد۔ گفت بدست این جوان بدہ۔ دختر قدح پیش جوان برد۔ جوان قدح از دست او گرفت و جان بہ جہان آفرین سپرد۔"

و از نوادر تصانیف او شرح کافیہ ابن حاجب است بطور حقائق تا بحث غیر منصرف[1]۔ دریں مقام نبذے

---

(۱) آزاد نے اس شرح کو غیر منصرف کی بحث تک بتایا ہے حالانکہ یہ بحث مرفوعات تک ہے۔

از اوائل آں نسخہ بطریق اختصار ایراد میرود :

"الکلمۃ لفظاً ای ملفوظ علی السنتنا وملحوظ علی قلوبنا ومحفوظ بہا بواطننا" یعنی کلمۂ توحید در مرتبۂ اقرار بر زبانہاء ما ملفوظ است و در مرتبۂ تصدیق بر دلہاء ما ملحوظ و در مرتبۂ احوال باطن ما از و محفوظ۔ مصنف رحمۃ اللہ علیہ اکتفا بذکر مرتبہ اقرار کردہ و مخذوف فروگذاشت بحکم آنکہ حکم کردن بر اسلام و سبب جریان تکالیف احکام منوط و مربوط بمرتبۂ اقرار است و قرینۂ حذف مفہوم از عبارت مصنف است کہ می گوید وضع لمعنی مفرد نہادہ شدہ است یعنی الازم گردانیدہ شدہ است قبول آں کلمۂ توحید بر رقاب و نواصی بجہت تحصیل معنی کہ فرد و مجرد است از کفر و نفاق و معاصی۔ پس لفظ مفرد قرینۂ حذف است زیرا کہ افراد سہ مرتبہ دارد۔ افراد از کفر، افراد از نفاق و افراد از معاصی۔ فالافراد من الکفر فی رتبۃ الاقرار والافراد من النفاق فی رتبۃ التصدیق والافراد من المعاصی فی رتبۃ الاحوال لان من نقی ربہ تعالیٰ موحداً یبدل اللہ سیئاتہ حسنات .... وہی اسم و آں کلمۂ توحید سہ نوع است۔ یکے اسم چہ اقرار و تصدیق فقط اسم توحید و صورت او ست۔ و فعل دوم فعل توحید و عمل او ست و آں دریافت احوال است و حرف سیوم حرف توحید است و ایں توحید عظمیٰ است کہ از استعداد انسانی بر طرف است و از علامات آں ہر دو توحید مذکور بے نشان و بے کیف کہ علامۃ الحرف خلوہ من علامات الاسم والفعل "

مخفی نماند کہ دو شرح دیگر ایں ارانت عربی و فارسی تا بحث غیر منصرف بطور حقائق در نظر فقیر رسیدہ نام شارح عربی میر ابوالبقا است ظاہر امعاصر میر باشد۔ و نام شارح فارسی ملا موہن بہاری کہ از میر متاخر است۔ و چوں سیف بزرگی میر عبدالواحد سامعہ افروز اکبر بادشاہ گردید۔ معتمدی را نزد میر فرستاد و از کمال تمنا درخواست ملاقات نمود۔ میر قصد ارادوے معطل کرد۔ و چوں بدرگاہ سلطانی رسید بادشاہ اعزاز و اکرام تمام بتقدیم رسانید۔ و پانصد بیگہہ زمین از بلگرام بطریق سیورغال نیاز کرد۔

شبے دزدی بخانہ حضرت میر درآمد نابینا گشت فریاد برآورد و حضرت میر او را توبہ داد و دعا کرد تا حق سبحانہ' و تعالےٰ حاسۂ بصر او را باز گردانید۔

و یکے از کفار جنیان بر دست حضرت میر بدولت اسلام مشرف اندوز شد ہمیشہ حاضر مے بود۔ خدمت بجا مے آورد۔ عمر گرامی از صد سال متجاوز بودہ۔ وصال ایشاں در شب جمعہ سیوم ماہ رمضان سنہ ۱۰۱۷ ہجری

Scanned by CamScanner

عشر والف اتفاق افتادہ۔ عزیزی در تاریخ گوید:

"چو رفت او واحد صوری و معنوی گفتم ہزار و ہفدہ شب جمعہ ماہ صوم ستوم"

مصراع ثانی تاریخ صوری و معنوی است۔ اما بست عدد بحساب جمل زائد می شود آں را بتعمیہ لطیف خارج کرد۔ یعنی واحد صوری کہ نوزدہ است و واحد معنوی کہ یک است مجموع بست عدد بر آمد۔ مرقد منوّر در بلگرام زیارت گاہ خاص و عام است۔

(مآثر الکرام از ص ۲۵ تا ص ۳۴)

محمد عبد الرشید نخانی
یکم صفر الخیر ۱۳۸۹ھ

Scanned by CamScanner

مقدمہ

اصول البزدوی

المو سوم بہ

ترجمۃ الامام البزدویؒ

از

محقق العصر

مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ

[كنز الوصول الى معرفة الاصول]

تاليف

الامام فخر الاسلام على بن محمد البزدوى الحنفى المتوفى سنة ۴۸۲ھ

" وهو كتاب عظيم الشان جليل البرهان محتو على لطائف الاعتبارات باوجز العبارات تأبى على الطلبة مرامه واستعصى على العلماء زمامه "

وبهامشه (كشف الظنون، حاجى خليفه)

تخريج احاديث اصول البزدوى

للحافظ قاسم ابن قطلوبغا الحنفى المتوفى سنة ۸۷۹ھ

ويليه

اصول الكرخى

مع ذكر امثلتها ونظائرها وشواهدها

من الامام نجم الدين ابى حفص عمر بن احمد النسفى

میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب آرام باغ کراچی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ترجمة الامام البزدوی

بقلم الفقیر الیه تعالیٰ محمد عبد الرشید النعمانی

هو علی بن محمد بن الحسین بن عبد الکریم بن موسی بن عیسی بن مجاهد ابو الحسن المعروف بفخر الاسلام البزدوی الفقیه الاصولی المحدث المفسر الامام الکبیر بما وراء النهر۔

و "البزدوی" بفتح الباء المنقوطة بواحدة وسکون الزاء وفتح الدال المهملة وفی آخرها الواو، هذه النسبة الی "بزدة" وهی قلعة حصینة علی ستة فراسخ من "نسف" علی طریق "بخارا" کذا ضبطه الحافظ السمعانی فی "الانساب" وقال الحافظ السید محمد مرتضی البلجرامی فی "تاج العروس من جواهر القاموس":

"(بزدة) ویقال "بزدوة" قد اهمله الجوهری وهی (بلدة من اعمال نسف) وهی قلعة حصینة علی ستة فراسخ منها (والنسبة) الیها بزدی وبزدوی" ۔

و "فخر الاسلام" لقب جماعة وعند الاطلاق یراد به صاحب الترجمة الامام البزدوی صرح به الحافظ عبد القادر القرشی فی کتاب الالقاب من "الجواهر المضیة" ۔

وهو من بیت علم وحدیث اجتمع لهم ریاسة الدنیا والدین ونالوا منهما الحظ الوافر الذی لم ینله غیرهم ۔

فاما ابوه ابو الحسن محمد بن الحسین بن عبد الکریم البزدوی فقد کان فقیهاً حنفیاً اماماً فاضلاً متکلماً اخذ الفقه والکلام عن جده عبد الکریم عن الامام ابی المنصور الماتریدی[1] ۔

[1] قال اخو صاحب الترجمة صدر الاسلام ابو الیسر محمد بن محمد بن الحسین بن عبد الکریم البزدوی فی "کتاب اصول الدین" ما نصه: (یتبع)

واما جدہ الاعلی عبد الکریم بن موسی البزدوی فکان اماماً فقیہاً محدثاً متکلماً۔ قال الکفوی: اخذ عن امام الہدی ابی منصور الماتریدی عن ابی بکر الجوزجانی عن ابی سلیمان عن محمد۔ قال الحافظ ابوسعد السمعانی فی "کتاب الانساب":

"وابو محمد عبد الکریم بن موسی بن عیسی البزدوی جد ابی الحسن روی عنہ ابو عبد اللہ الغنجار"

وقال الحافظ عبد القادر القرشی فی "الجواہر المضیۃ":

"عبد الکریم بن موسی بن عیسی ابو محمد الفقیہ البزدوی، تفقہ علی الامام ابی منصور الماتریدی، سمع وحدث، ذکر فی "تاریخ نسف" انہ مات سنۃ تسعین وثلاث مائۃ فی رمضان"

واما صاحب الترجمۃ فخر الاسلام ابو العسر واخوہ صدر الاسلام ابو الیسر فانہما کانا واسطی عقد البیت البزدوی، الیہما انتہت ریاستہم وبہما کملت سیادتہم وہما المعروفان بالصدرین البزدویین[۱]"

"وقد وجدت للشیخ الامام الزاہد ابی منصور الماتریدی السمرقندی کتاباً فی علم التوحید علی مذہب اہل السنۃ والجماعۃ وکان من رؤساء اہل السنۃ والجماعۃ صاحب کرامات، حکی لی الشیخ الامام والدی رحمہ اللہ من جدہ الشیخ الامام الزاہد عبد الکریم بن موسی رحمہ اللہ کراماتہ، فان جدنا کان اخذ معانی کتب اصحابنا وکتاب التوحید وکتاب التاویلات فی خلق من الشیخ الامام ابی منصور الماتریدی" (ص ۲ و ۳ طبع القاہرۃ ۱۳۸۳ھ)

وقال فی بحث خلق الایمان:

"لا یجوز الاطلاق بان الایمان مخلوق ونحن نختار ہذا القول فان مذہب ابی حنیفۃ وہو ما رواہ نوح بن ابی مریم الجامع عن ابی حنیفۃ رواہ لنا والدنا الشیخ الامام ابو الحسن محمد ابن الحسین بن عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ ہذا الحدیث عن نوح بن ابی مریم" (ص ۱۵۵)

وقال فی مسئلۃ البعث:

"وقد روی لنا الشیخ الامام محمد بن الحسین بن عبد الکریم حدیثاً متصلاً الی رسول اللہ علیہ السلام: من قتل عبدہ عبثاً عج الی یوم القیامۃ فیقول قتلنی ہذا عبثاً" (ص ۱۵۸ و ۱۵۹)

[۱] قال الحافظ القرشی فی "کتاب الانساب" من الجواہر المضیۃ:

"الصدرین البزدویین) ح بن وعلی ہکذا ذکرہما صاحب "القنیۃ" ہما الاخوان الامامان ابو الیسر (یتبع)

قال الحافظ السمعانی فی نسبة "البزدوی" من "کتاب الانساب" :

"والمشهور بالانتساب الیها ابوالحسن علی بن محمد بن الحسین بن عبدالکریم بن موسی بن عیسی البزدوی فقیه "ماوراء النهر" واستاذ الائمة وصاحب الطریقة[له] علی مذهب ابی حنیفة رحمه الله، سمع الحدیث من ...... (بیاض) ..... روی لنا عنه صاحبه ابوالمعالی محمد بن نصر بن منصور المدینی الخطیب بسمرقند، ولم یحدثنا عنه سواه."

وترجم له یاقوت الحموی فی "معجم البلدان" وابن الاثیر فی "اللباب فی تهذیب الانساب" وقالا عنه :

"الفقیه بماوراء النهر صاحب الطریقة علی مذهب ابی حنیفة رضی الله عنه روی عنه صاحبه

وابو العسر فابو الیسر هو محمد بن محمد وابو العسر هو الامام علی بن محمد."

وقال المولی احمد بن مصطفی المعروف بطاش کبری زاده فی مفتاح السعادة :

"وللامام فخر الاسلام البزدوی اخ مشهور "بابی الیسر" لیسر تصانیفه کما ان فخر الاسلام مشهور "بابی العسر" لعسر تصانیفه" (ج ٢ ص ٥٥)

[له] لفظة "الطریقة" تطلق علی الطریقة التی وضعها الائمة لسلوک طریق المناظرة والجدل. ثم اطلقت هذه اللفظة علی کل کتاب صنف فی هذا الباب - قال ابن خلدون فی "المقدمة" :

